سلمان سلیم

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

206

ماہنامہ عبقری ®

جولائی 2023ء ذی الحجہ/محرم الحرام 1444/45 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50/- روپے

عمر کا نقش

صفحہ نمبر 4 پر ملاحظہ کیجئے

حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ

SALMAN's CHOICE

صحابہؓ کا راشن! ستو اور کھجور لاجواب طاقت

گلے سڑے آڑو کے صحت مند فائدے

عزت، دولت، شہرت اور کائنات کے پوشیدہ راز پائیے!

گریڈ 5 کا ملازم غربت سے نکل کر کیسے تونگر ہوا؟ جانیے!

کمزور، چڑچڑے بچوں کو صحت مند بنانے کے گھریلو فارمولے

بخار، بدہضمی اور بلغمی امراض کے لئے آملہ کا لذیذ چورن

پرندے اور بکری! ڈیپریشن کا علاج! تحقیق سے ثابت

صحت بخش لذیذ شربت! خود بنائیے، گرمی بھگائیے!

نیک بہو کے قدم پڑتے ہی گھر کی ویرانیاں ختم!

ہر جائز خواہش صرف 9 بار پڑھنے سے پوری

پرانا کنواں ہماری خوشیاں اور رزق نگل گیا

الحمدللہ! آپ سب کے ہر دلعزیز ماہنامہ عبقری کو 17 سال ہو گئے! آپ کی محبتوں، دعاؤں اور اعتبار کا شکریہ!

اس سال مرادوں بھرے لڈو کی تیاری کا آغاز تسبیح خانہ لاہور میں 15 اکتوبر 2023ء سے ہوگا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم عبقری حسان o فبای اٰلاء ربکما تکذبان (القرآن)

بیاد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب رحمۃ اللہ علیہ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائی رحمۃ اللہ علیہ

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان ☆ فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور جولائی 2023ء

شمارہ نمبر 1 | جلد نمبر 18 | جولائی 2023ء ذی الحجہ/محرم 1444/45 ہجری

قیمت فی شمارہ -/50 روپے | سالانہ ممبر شپ (بمع ڈاک خرچ) 1260 روپے بیرون ملک سالانہ $64US

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن (عبقری ٹرسٹ)

شیخ الوظائف کے زیر سایہ چلنے والی عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن سالہاسال سے بلاتفریق ورنگ ونسل اور مذہب کے سفید پوش اور دکھی لوگوں کی خدمت میں دن رات مصروف ہے۔ ہر ماہ مستحقین میں راشن' امدادی رقوم' جہیز کا سامان' موسم کے حساب سے کپڑے' برتن وغیرہ باقاعدگی سے دیئے جا رہے ہیں۔

صدقہ جاریہ کے اس عمل میں آپ بھی شامل ہوں!

عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن نے درج ذیل شعبہ جات میں جس طریقے سے بلاتفریق رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت کی وہ اپنی مثال آپ ہے۔

عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن نے درج ذیل شعبہ جات میں جس طریقے سے بلاتفریق رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت کی وہ اپنی مثال آپ ہے۔

زلزلہ زدگان | سیلاب متاثرین | ماہانہ راشن تقسیم | واٹر فلٹر پلانٹ

صحت میڈیکل کی سہولیات | غریب بچیوں کیلئے جہیز کا سامان

MEEZAN BANK
Account Title: Ubqari Trust
Account Number: 0219-0101089043
IBAN: PK30MEZN0002190101089043

برائے رابطہ صرف میسج کیجئے 0343-8710009

رجسٹریشن نمبر: RP/6237/L/S/10/1534

شیخ الوظائف سے ملاقات کے ٹوکن کیلئے 0322-4688313

تجاویز و شکایات کے لیے 0343-8710009

گھر بیٹھے عبقری کتب وادویات منگوانے کیلئے 0332-4091206 0332-7552382

عبقری آفیشل وائس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے +92-332-7552382 +92-321-4343500

شیخ الوظائف کے اسسٹنٹ سے طبی وروحانی مشاورت کیلئے
042-37597605-37552384-37425801-3

فون کے اوقات: پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

اکابر پر اعتماد (عبقری وظائف کے مستند حوالہ جات جانیے) وائس ایپ گروپ جوائن کریں
+92-332-7552382 +92-321-4343500

خط وکتابت کا پتہ: دفتر ماہنامہ عبقری قرطبہ چوک عبقری اسٹریٹ مزنگ چونگی لاہور۔ ناغہ بروز اتوار

گوگل میپ پر Ubqari Dawakhana لکھیں

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریتی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

ایسی عظیم ہستی جن سے حق تعالیٰ خود مصافحہ فرمائیں گے

حضرت ابی بن کعبؓ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے جس سے حق تعالیٰ مصافحہ فرمائیں گے وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں اور وہ سب سے پہلے شخص ہیں جن کو حق تعالیٰ سلام فرمائیں گے اور سب سے پہلے شخص جن کے ہاتھ کو حق تعالیٰ پکڑیں گے اور جنت میں داخل فرمادیں گے۔ (ابن ماجہ حدیث:104)

حضرت عمر فاروقؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ جب تم بیمار کے پاس جاؤ تو اس سے کہو کہ وہ تمہارے لئے دعا کرے کیونکہ اس کی دعا فرشتوں کی دعا طرح قبول ہوتی ہے۔ (ابن ماجہ حدیث:1441)

رب سختی پر نہیں نرمی پر عطا فرماتا ہے!

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ (خود بھی) نرم و مہربان ہے (اور بندوں کے لئے بھی ان کے آپس کے معاملات میں) نرمی اور مہربانی کرنا ان کو پسند ہے نرمی پر اللہ تعالیٰ جو کچھ (اجر و ثواب اور مقاصد میں کامیابی) عطا فرماتا ہے وہ سختی پر عطا نہیں فرماتا بلکہ نرمی کے علاوہ کسی چیز پر بھی عطا نہیں فرماتا۔ (مسلم)

حضرت اماں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اس بات کا حکم فرمایا کہ ہم لوگوں کے ساتھ ان کے مراتب کا لحاظ کرکے برتاؤ کیا کریں۔ (مسلم)

حالِ دل — ایڈیٹر کے قلم سے

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

سیکھیں، سکھائیں اور ترقی پا جائیں!

ابھی پچھلے دنوں مری کا سفر ہوا' لوگوں سے میں نے ان کے مشاہدات تجربات پوچھے' مزاج پل پل سیکھنے والا ہے اور طبیعت میں چاہت ہے کہ میں ہر لمحہ لوگوں سے سیکھوں' لوگوں کو سکھاؤں اور سمجھاؤں۔ سیکھنا میری زندگی کا بہترین مشغلہ ہے کیونکہ انسان جب سیکھنے سے دور ہوجاتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں سکھانے والا ہوں اس کی ترقی رک جاتی ہے اور اس کی کامیابی ختم ہوجاتی ہے۔

ہر سال اربوں ڈالر کا نقصان

ایک صاحب نے بتایا کہ میں چوہوں سے تھک چکا تھا' جب سے آپ سے سورۂ ماعون کے بارے میں پتہ چلا کہ یہ: 1۔ چوہے' 2۔ ٹڈیاں 3۔ دیمک۔ 4۔ کیڑے مکوڑے۔ 5۔ بھڑ۔ 6۔ بچھو۔ 7۔ سانپ۔ 8۔ کاکروچ۔ 9۔ کھٹمل۔ 10۔ پسو۔ 11۔ چھپکلیاں۔ الغرض رینگنے والے یا کسی بھی قسم کے کیڑے ہوں ان کا بہترین علاج ہے اور بہت بہترین چیز ہے۔ یہ اعلیٰ قسم کی شاندار دوا بھی ہے' دفعیہ بھی ہے اور بہترین علاج بھی ہے۔ میں نے اس عمل کو آزمایا تو واقعی مجرب پایا۔ انہوں نے بات ختم کی تو میں نے ان سے عرض کیا کہ پوری دنیا کی ایک ریسرچ آج سے بارہ سال پہلے چھپی تھی کہ دنیا میں ہر سال چوہے اربوں ڈالر کا نقصان کرتے ہیں۔ ہمارے ایک دوست کراچی میں ہیں ایک دن وہ کہنے لگے کہ ہم نے مستوبشی کمپنی کی لفٹیں لگائی جو بہت لاجواب ہیں مگر چوہے ان کی تاریں کاٹ جاتے تھے' بہت تھک گئے تھے' میں نے انہیں بتایا کہ آپ لفٹوں میں سورۂ ماعون کی ریکارڈنگ لگائیں' بس انہوں نے ریکارڈنگ لگائی' آج کا دن ہے کہ پھر چوہوں نے نقصان نہیں کیا۔

کریانہ کی دکان میں یہ بات عام ہے

مری میں مجھے جو شخص اپنا مشاہدہ اور تجربہ بتارہا تھا وہ کہنے لگا کہ میں دکان پر بیٹھا سارا دن سورۂ ماعون کو کھلا پڑھتا رہتا تھا' بھول بھی جاتا تھا مگر پھر پڑھتا تھا' چند دن' چند ہفتے میں نے یہ سورۂ پڑھی' چوہے دکان سے کیا اب تو گلی میں بھی نظر نہیں آتے حالانکہ میری کریانہ کی دکان ہے وہاں سارا کھانے پینے کا نظام ہے' کھانے پینے کی جگہ پر چوہے کا آنا انوکھی نہیں عام سی بات ہے۔ چوہوں نے وہاں بہت زیادہ جو نقصان کرنا تھا مگر وہ بالکل ہٹ گئے اور آج وہ صاحب بالکل مطمئن ہیں۔

تمام اسباب اختیار کرلئے اور آخر بے بس ہوگیا

یہ بات سنتے ہی ایک اور بندہ نے اپنا تجربہ بتایا کہ چوہے میرے نوٹ کاٹ جاتے تھے' کئی قیمتی نوٹ چوہوں نے کاٹے' چورا چورا کردیئے اور نوٹ ختم ہوگئے' اتنا زیادہ چوہوں نے پریشان کیا کہ میں بے بس ہوگیا' میرے قیمتی اسٹام ڈاکومنٹس چوہے کاٹ گئے' گھر کے کپڑے' پلاسٹک کے برتن' پلاسٹک کے چمچ بھی کتر گئے' ایسے قیمتی ریشمی کپڑے جو بہت مہنگے تھے چوہوں نے انہیں بھی برباد کردیا۔ چوہے مار گولیاں اور چوہے مارنے کے لیے جو پھندا ہوتا ہے ہر قسم کے طریقے ہر قسم کی ترتیب استعمال کی مگر میں بے بس ہوگیا۔ آخر کار عبقری میگزین سے سورۂ ماعون کا عمل سنا اور میں نے کرنا شروع کردیا' سب گھر والوں نے صبح وشام سورۂ ماعون سات بار پڑھنا شروع کی' میں نے سارا دن وقفہ وقفہ سے اور ہر نماز کے بعد سورۂ ماعون سات مرتبہ پڑھتا رہا' حیرت یہ ہوئی کہ میرے گھر میں بچوں کے سروں میں جوئیں بہت زیادہ تھیں' جوئیں بھی ختم' چوہے بھی ختم' کاکروچ کے لیے ہمیں سرخ رنگ کی ادویات استعمال کرنا پڑتی تھی وہ بھی ختم ہوگئے' بعض اوقات ہمیں ٹڈیاں ملتی تھیں جس کیلئے ہمیں کیڑے مار پاؤڈر ڈالنا پڑتا تھا' یہ تمام چیزیں ختم ہوگئیں۔

ان تمام چیزوں کا بہترین علاج

قارئین! سورۂ ماعون ان تمام چیزوں کا بہترین علاج ہے اور جس گھر میں کوئی بھی ایسی خطرناک چیز ہو' جو کہ بچوں کے لئے نقصان دہ یا اس کے کاٹے جانے کا خطرہ ہو' اس کا لاجواب حل ہے۔ ایسی چیزوں سے آپ بالکل پریشان نہ ہوں بلکہ سورۂ ماعون کو سخت دھیان' توجہ اور پورے یقین سے پڑھنا شروع کردیں۔ جب آپ مکمل دھیان توجہ اور یقین کے ساتھ اس سورۂ کی تلاوت کریں گے تو ان شاء اللہ آپ کے گھر سے یہ تمام خطرناک چیزیں ایسے ختم ہوں گی کہ آپ گمان' خیال اور سوچ بھی نہیں سکتے۔

حروف | ا | ب | ج | د | ہ | و | ز
اعداد | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷
حروف کے مؤکل | اسرافیل | جبرائیل | کلکائیل | دردائیل | دورائیل | رفتمائیل
مزاج حرف | آتشی | بادی | آبی | خاکی | آتشی | بادی
منزل | شرطین | بطین | ثریا | ہنعہ
اسم الٰہی | اللہ | باقی | جامع | وبران | ولی | ذراعہ
عدد اسم الٰہی | ۶۶ | ۱۱۳ | ۱۱۴ | ۴۶ | زکی
دیان | ۶۵ | ہقعہ | حاوی | ۲۰ | ۳۷
نثرہ | حق | ۱۰۸
ح | ط | ی | ک | ل | م | ن
۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰
شرفائیل | تنکفیل | اسمائیل | سراکتائیل | حروزائیل | طلطائیل | روبائیل | حوابائیل
آبی | خاکی | آتشی | بادی | آبی | خاکی | آتشی | بادی
طرفہ | جبۃ | زہرہ | صرفہ | عوا | سماک
طاہر | یٰسین | کافی | لطیف | ملک | نور
۲۱۵ | ۱۳۱ | ۱۱۱ | ۱۲۹ | ۹۰ | ۲۵۶
الٰہی بحرمت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
الٰہی بحرمت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
حروف | س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت
اعداد | ۲۰ | ۸۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰
حروف کے مؤکل | ہمواکیل | لوحاحیل | سرہماکیل | اہجمائیل | عزرائیل
مزاج حرف | آبی | خاکی | آتشی | بادی
منزل | غفرہ | زبانہ | اکلیل | قلب
اسم الٰہی | سمیع | علی | فتاح | صبور
عدد اسم الٰہی | ۱۸۰ | ۱۱۰ | ۴۸۹ | ۲۹۸
۲۰۰ | ہمرائیل | امواکیل | آتشی | خاکی | بلدہ | نعائم | شفیع | رؤف | ۳۶۰ | ۲۸۶
عطرائیل | آبی | شولہ | قادر | ۳۰۵
ذابح | تواب | ۴۰۹
ث | خ | ذ | ض | ظ | غ
۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰
میکائیل | مہکائیل | ہرائیل | عطکائیل | تورائیل | لوخانیل
بادی | آبی | خاکی | آتشی | بادی | آبی | خاکی
بلعہ | سعود | اخبیہ | مقدم | موخر | رشا
ثابت | خالق | ذاکر | ضار | ظاہر | غفور
۹۰۳ | ۷۳۱ | ۹۲۱ | ۱۰۰۱ | ۱۱۰۶ | ۱۲۶۶
الٰہی بحرمت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
الٰہی بحرمت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
الٰہی بحرمت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
امیر المومنین فاروق اعظم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

صدیوں سے آزمودہ نقش کا عمل اور ہدایات ضرور پڑھیں ورنہ فوائد سے محروم رہ جائیں گے

(1) نقش عمرؓ کا خاص عمل: دن میں کسی بھی وقت اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص حضور نبی اکرم ﷺ آپ کے تمام گھرانے (آپ ﷺ کے گھرانے میں اہل بیت اطہار آپ ﷺ کے داماد امہات المومنین آپ کے بیٹے بیٹیاں شامل ہیں) حضرت عمرؓ، یاران عمرؓ (حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علی المرتضیٰؓ حضرت امام حسنؓ و حسینؓ امام زین العابدینؒ امام جعفر صادقؒ) ان کی آل اولاد عشرہ مبشرہ صحابہؓ اور ان کی آل اولاد کو ہدیہ کریں۔ مزید جب بھی رب سے کوئی حاجت مانگیں اول وآخر تین بار الٰہی بحرمت حضرت عمرؓ پڑھیں اور آخر میں ایک مرتبہ درود پاک پڑھ کر آمین کہہ کر منہ پر ہاتھ پھیرلیں۔

(2) یہ نقش حروف تہجی ان کے اعداد موکلات اسم الٰہی ان کے اعداد اور ساعتوں کے حساب سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس تعویذ ع، م، ر کے ہر حرف کے ساتھ اسم الٰہی کے الفاظ اعداد موکلات کی طاقتیں ہزاروں نورانی مخلوقات نیک جنات ستارے منزل کی مدد شامل ہے۔ نام عمرؓ کے اس اسم کے ساتھ نورانی موکلات اور طاقتیں ہمیشہ شامل رہی ہیں۔ صدیوں سے جس نے بھی اس نام کے وسیلے سے دعا مانگی وہ قبول ہوئی اور مرادیں پائی ہیں۔ اس تعویذ کے موکلات آپ سے بے پناہ محبت کریں گے اور دائیں بائیں آگے پیچھے اوپر نیچے سے ایسی حفاظت اور کفایت کریں گے کہ آپ دنیا کے ہر سہارے سے بے پرواہ ہوجائیں گے۔

(3) ہر ماہ حسب توفیق صدقہ کرکے حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کریں حضرت عمرؓ کے عظمتوں اور برکتوں والے نام کے ساتھ جو نوری مخلوق ہے وہ آپ کی مدد اور نصرت کے لئے ہمیشہ تیار رہے گی۔ ان شاء اللہ۔ نقش میں نوری مخلوق، موکلات ستارے، منزل وغیرہ صرف نام ''عمر'' کے ساتھ ہیں۔

(4) اس نقش کو دیکھ کر روزانہ صرف تین مرتبہ الٰہی بحرمت حضرت عمرؓ پڑھ کر اپنی حاجت رب سے مانگیں پڑھیں اس نقش کی برکات نسلوں میں چلتی رہیں گی نصیب مقدر بلند ہوں گے اور پورا سال رزق دولت کی فراوانی اور خوشحالی رہے گی۔

(5) 10،9 محرم کی طاقتور اور پُراثر گھڑی اور خاص ساعتیں شروع ہورہی ہیں، ان ساعتوں میں یہ نقش تسبیح خانہ لائیں اور اس کی قبولیت اور محبوبیت کی مہر لگوالیں۔

(6) جو شخص یہ تعویذ 11، 40، 90، 123 لوگوں تک پہنچائے گا تو ان سب لوگوں کے بقدر اس کی حاجتیں اور مرادیں پوری ہوں گی اور روحانیت میں اعلیٰ مقام پائے گا۔

(نوٹ: یہ نقش رسالے سے الگ کرسکتے ہیں مگر اس کی فوٹو کاپی ہرگز مت کروائیں۔)

نوٹ: نقش عمرؓ کا عمل وضو بے وضو ہر حالت میں کرسکتے ہیں۔ ہدیہ: جب بھی عمل کریں حسب توفیق کوئی میٹھی چیز یا 310 روپے گھر کے ہر فرد یا پورے گھر کی طرف سے ہدیہ دیں۔

نقش حضرت عمرؓ سے دعائیں قبول، حاجات پوری، نسلیں آباد و شاد محتاجی و تنگدستی ختم کروانے کے 8 کامیاب طریقے

حاجات پوری، کامیاب نقش

حاجات پوری کروانے کیلئے نقش عمرؓ کو خوشبو لگا کر تعویذ بنا کر لیمینیشن کروالیں، نقش کا عمل کریں، پھر دوران دعا اپنے ہاتھوں میں تھام کر رب سے اپنی حاجت طلب کیجئے، بہت جلد مراد ملتی ہے۔ بے گھر، گھر پاگئے، بے اولادوں نے اولاد پائی بے روزگار برسرروزگار ہوگئے۔ جو مانگو ان شاء اللہ ملتا ہے۔

لاعلاج بیماریوں اور وساوس کا خاتمہ

نقش عمرؓ کا عمل کرکے (تفصیلات میں درج ہے) نقش پر دم کریں اور اس کو اپنے چہرے سے لیکر سینے تک پھیریں اور دل کے مقام پر ایک منٹ رکھیں، تصور کریں کہ میری بیماری یہ نقش جسم سے کھینچ رہا ہے، روزانہ صبح و شام یہ عمل کیجئے۔ بے شمار آج شفاء یاب اور صحت مند زندگی گزار رہے ہیں۔

جادو جنات بندش نظر بد کا ہر جگہ سے خاتمہ

نقش عمرؓ کو رسالہ سے علیحدہ کرکے لیمینیشن کروا کر گھر کے ہر کمرے اور باہر دروازے پر اور اپنے کاروباری مقام پر لگائیں۔ روزانہ نقش عمرؓ کا بتایا گیا عمل کیجئے، بندش، نظر بد، جادو جنات، آسیب ختم اور دوبارہ کبھی نہ ہوگا۔ سسک سسک کر زندگی گزارنے والے خوش باش ہیں۔ (نقش عمرؓ کا عمل درج بالا ہے)

نافرمان نسل کو تابعدار کامیاب بنائیے

اولاد نافرمان، پریشان، ناکام ہے، پریشانی کیسی؟ اس نقش حضرت عمرؓ کو خوشبو لگا کر لیمینیشن کروا کر ایسی جگہ لگائیں جہاں اولاد کی روزانہ نظر پڑے اور روزانہ بچے خود یا آپ ان کی نیت کرکے اس نقش کا بتایا گیا عمل کیجئے چند دنوں میں نافرمان فرمانبردار اور ناکام کامیاب ہوجائیں گے۔ ان شاء اللہ

(نوٹ: نقش رسالے سے الگ کریں، فوٹو کاپی مت کروائیں) (نوٹ: نقش رسالے سے الگ کریں، فوٹو کاپی مت کروائیں) (نوٹ: نقش رسالے سے الگ کریں، فوٹو کاپی مت کروائیں)

تنگدستی، محتاجی، غربت یقین جانیے ختم

طاقتور ترین نقش عمرؓ کو جس نے پالیا وہ بامراد ہے اس نقش کا روزانہ دیدار کرتے ہوئے نقش کا عمل کرنا، تنگدستی، غربت، محتاجی سوفیصد ختم کرتا ہے ایسا عمل جس سے کئی رنگے گئے، کل کے محتاج آج لاکھوں زکوٰۃ دینے والے، نسلیں کاڑیوں میں گھومتی ہیں کل فاقے کاٹنے والے آج لنگر خانہ چلا رہے ہیں۔ یہ نقش رئیس بنانے کی چابی اور فارمولہ ہے۔

بیٹیوں کے نصیب مقدر جاگ گئے

بیٹیاں سسرال میں پریشان ہیں یا رشتے نہیں آرہے نقش عمرؓ کو رسالہ سے علیحدہ کیجئے عرق گلاب اچھی طرح لگائیے تعویذ بنا کر بیٹی کے ڈوپٹے میں سی دیں اس کو سر کے اوپر رکھے، صبح و شام نقش عمرؓ کا عمل تمام گھر کرے، چند دنوں میں خوشحالی خوش بختی دروازے پر دستک دیتی ہے۔ سسرال میں بیٹی نہیں کرسکتی تو اس کی نیت کرکے کوئی اور کرے۔

نورانی مخلوق اور ولی جنات دوست ومددگار

چاہتے ہیں ہر جگہ نورانی مخلوق اور نیک مخلوق دوست و مددگار ہو ایک نقش عمرؓ کو اپنے تکیہ میں رکھیں، تکیہ کو روزانہ خوشبو لگائیں، نقش عمرؓ کا بتایا گیا عمل صبح و شام کے معمولات میں شامل کریں، بہت جلد آپ محسوس کریں گے کہ آپ کی مدد ہورہی ہے نقصان کا آپ کو پہلے ہی اشارہ ہوجائے گا، کونسا قدم کامیاب اور کونسا ناکام؟ آپ پہلے جان جائیں گے نورانی مخلوق ہر قدم رہنمائی کیلئے تیار۔

سسک، سسک کر جینے والے خوش ہوجائیں

نقش حضرت عمرؓ کو روزانہ دن میں کسی بھی وقت اپنے سامنے رکھیں، خوشبو لگائیں اس کا عمل کریں پھر مسلسل نقش پر لکھا گیا ع م ر پہ شہادت کی انگلی پھیرتے ہوئے مسلسل الٰہی بحرمت حضرت عمرؓ پڑھیں اور اپنی پریشانیوں، بیماریوں، تنگدستی اولاد کی نافرمانی شوہر کی بے رخی/بیوی کی نافرمانی علت کوئی ذلت قرض کوئی قلت دنیا کی آخری کوئی مشکل کا تصور کریں حل ہوجائیگی۔

کمزور چڑچڑے بچوں کو صحت مند بنانے کے گھریلو فارمولے

ثمین اجمل، لاہور

والدین کے لئے بچے گھر کی رونق اور توجہ کا مرکز ہوتے ہیں۔ ان کو پہنچنے والی چھوٹی سی بھی تکلیف گھر میں موجود تمام افراد کو پریشان کردیتی ہے۔ خاص کر اگر کسی درد سے بچہ بے چین ہو تو ماں باپ کو بھی چین نہیں ملتا۔ موسم بدلتا ہے تو اکثر بچے بیمار ہوجاتے ہیں یا ان کا پیٹ خراب ہوجاتا ہے۔ جس کی وجہ سے والدین بہت مشکل میں آجاتے ہیں، یہ پیٹ کی خرابی کسی بیکٹیریا یا انفیکشن کی وجہ سے ہی ہوتی ہے۔ آج سے چند دہائیاں پہلے کی بات ہے کہ بچوں کو ناشتہ بدل بدل کر دیا جاتا تھا۔ چھٹی کے دن گھر میں حلوہ پوری، آلو کی ترکاری بن جاتی، میٹھی ٹکیاں تلی جاتی تھیں، رات کا سالن پراٹھے اور روٹی سے کھایا جاتا۔ ڈبل روٹی، جیم کا تصور بھی نہیں تھا، اسی لیے بچے بھی صحت مند رہتے تھے۔ اب تو بچوں کو سکول جاتے ہوئے ڈبل روٹی پر جیم لگا کر دے دیتے ہیں۔ تلے ہوئے خشک آلو، چاکلیٹ، بسکٹ کھانے والے ڈبے (ٹفن) میں ڈال دیئے جاتے ہیں جبکہ یہ خاموش زہر کا کام کرتے ہیں۔ جدید دور کی اکثر ماؤں کا وطیرہ یہ ہے وہ کسی کی بات سننے کو تیار نہیں۔ اپنے آپ کو عقل مند سمجھتی ہیں اور بزرگوں کی بتائی ہوئی ان غذاؤں کو عام اور ہلکا لیتی ہیں۔ اسی بے احتیاطی کی وجہ سے اکثر بچوں کے پیٹ میں کیڑے پڑ جاتے ہیں جس وجہ سے وہ تکلیف کی شکایت کرتے ہیں جو ہفتوں جاری رہتی ہے۔ ان حالات میں بچوں کو ایسی کیا چیز دی جائے کہ ان کی تکلیف فوری طور پر رفع ہوسکے۔

پیٹ کے کیڑوں کا علاج

پیٹ کے کیڑوں کیلئے کمیلہ مفید ہے۔ یہ بھورے رنگ کا سفوف ہوتا ہے۔ ڈیڑھ ڈیڑھ گرام کمیلہ کی پڑیاں بنوالیں۔ بارہ سال کے بچے کو عموماً تین گرام کمیلہ رات کو میٹھے دودھ سے دیا جائے اور صبح تین چمچے کیسٹر آئل کے دودھ میں ملا کر استعمال کروائیں۔ اس سے دست آئیں گے اور پیٹ کے سارے کیڑے نکل جائیں گے۔ آج کل آڑو کا موسم ہے، بچے کو روزانہ آڑو کھلایئے اس سے بچے کا ہاضمہ بھی درست رہے گا۔ اس کے علاوہ پیٹ درد کی صورت میں پودینہ کے پتوں کا قہوہ بنا کر بچوں کو پلایا جائے۔ سونف جو ہر گھر میں موجود ہوتی ہے کچھ مقدار میں استعمال کروائی جائے۔ اس سے بچہ پیٹ کے امراض سے حفاظت میں رہے گا۔

سفر میں قے اور متلی کا مسئلہ

کچھ بچوں کو سفر میں قے اور متلی کا مسئلہ ہوتا ہے۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ کبھی بھی بچے کو کھانا کھلا کر سفر پر نہ لے جائیں۔ پیٹ بھرا ہوا ہو تو قے آتی ہے۔ اگر ضرورت پڑ جائے تو گھر میں ہی ہلکا پھلکا کھانا تیار کرکے بچے کو کھلائیں باہر کے کھانوں سے مکمل پرہیز کروائیں۔

کمزور بچوں کے لئے صحت مند غذائیں

ایسے بچے جو کسی بیماری کی وجہ سے کمزور پڑ گئے ہوں، توانائی کی کمی ہو، بھوک نہ لگتی ہو، غذا دیکھ کر دل بھر جاتا ہو، کمزوری کی وجہ سے کھایا پیا نہ جائے، کوئی کام کرنے کو دل نہ چاہے اور ہر وقت سستی کا شکار رہیں، ان کیلئے یہ بہترین دوا اور غذا ہے۔ اچھی خشک خوبانیاں خریدیئے، رات کو سات خوبانیاں تھوڑے سے پانی میں بھگویئے۔ صبح ایک پاؤ دودھ میں خوبانیاں ڈال کر خوب پکائیں۔ دو یا تین چھوٹی الائچی کے دانے موٹے موٹے کوٹ کر ڈالیے اور چینی ملا کر اپنے بچے کو یہ ناشتہ کرائیں۔ ایک ہفتہ بعد نو خوبانیاں بھگوئیں اور پھر ایک ہفتے بعد گیارہ خوبانیاں، دودھ ایک پاؤ لینا ہے اور خوب پکا کر گاڑھا کرنا ہے۔ اس غذا سے چند ہفتوں میں آپ کا بچہ جلد صحت یاب ہوجائے گا۔ موسمی پھلوں کے ساتھ ساتھ گیہوں کا دلیہ کھلایئے۔ سکول جاتے وقت بچوں کو گھر سے ہی سکول کیلئے کھانا دیں۔ کباب بنا کر رکھیے، رات کے بچے ہوئے سالن سے سبزی اور بوٹی نکال کر اس کا سینڈوچ بنا سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ تازہ سبزیاں، دہی اور بالائی نکلا دودھ غذا میں شامل کریں، صبح شام کی سیر کو روز کا معمول بنالیجیے۔

عبقری سے بندش لگوایئے!

نیا سلسلہ

نام نہاد عاملوں کی چھٹی، گھر بیٹھے اپنا مقصد بالکل مفت حاصل کیجئے، بندش کا سرتاج عمل خود کیجئے! نیا سلسلہ

یہ عمل بندش کا سرتاج عمل ہے، جو کہ آپ کے مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے ہر ماہ شائع کیا جائے گا۔ ہر ماہ اس عمل میں شامل ہوں اور مختصر عمل کرکے درج ذیل بندشیں اپنے پیاروں پر لگا کر انہیں آفات، بلیات اور مصائب سے محفوظ رکھیں۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کیا کیا کام لیے جاسکتے ہیں؟ مختصراً درج ذیل کام لے سکتے ہیں۔

1۔ شوہر غیر کی محبت میں گرفتار ہے، بندش لگایئے!
2۔ عورت اور مرد پر بندش لگانا کہ وہ غلط راہوں پر نہ چلیں۔
3۔ دردسر باندھنا۔
4۔ عہدہ باندھنا کہ کوئی عہدہ نہ چھین سکے۔
5۔ ترقی باندھنا کہ کوئی ترقی عمل کرکے نہ چھین سکے۔
6۔ چوری کرنے کی عادت پر بندش لگانا۔
7۔ شراب نوشی کی عادت پر بندش لگانا۔
8۔ زبان پر بندش لگانا کہ گالی گلوچ نہ کرسکے۔
9۔ ہاتھ پر بندش لگانا کہ آپ پر کبھی نہ اٹھ سکے۔
10۔ طلاق پر بندش لگانا کہ شوہر کبھی طلاق نہ دے سکے۔
11۔ دشمنی پر بندش لگانا، کہ دشمن دوست بن جائے۔
12۔ نظر بد پر بندش لگانا کہ کبھی نظر بد نہ لگ سکے۔
13۔ کسی کے عمل بد پر بندش لگانا کہ وار نہ چل سکے۔
14۔ بچوں پر بندش لگانا کہ شرارتوں عادت بد سے محفوظ رہ سکیں۔
15۔ شوہر کی کمائی پر بندش لگانا کہ فضول خرچ نہ ہو۔
16۔ حاسد کے حسد پر بندش اس سے ہمیشہ محفوظ رہیں
17۔ بیٹی پر بندش کہ بھٹک نہ جائے اور ہمیشہ محفوظ رہے۔
18۔ صحت پر بندش کہ ہمیشہ صحت مند رہے۔
19۔ افسر کی زبان پر بندش، آپ کے خلاف نہ بولے۔
20۔ علاقہ، راستہ میں کھڑے اوباشوں پر بندش، کبھی بھی آپ کو نقصان نہ پہنچا سکیں۔

قارئین! یہ انتہائی طاقتور اور باکمال عمل ہے، آپ پریشان ہیں، درج بالا کسی مسئلے کا شکار یا آپ کا مسئلہ ایسا ہے جو یہاں نہیں لکھا جاسکتا تو آج ہی خط لکھیے اور اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھیں، اپنا اور اپنی والدہ کا نام اور پیدائشی تاریخ، مہینہ اور سال کے ساتھ۔ آپ کیلئے عمل اگلے شمارہ میں شائع کیا جائے گا اور اس عمل کی تمام قارئین کی اجازت ہوگی۔ قارئین! اس عمل کے عامل حضرات منہ مانگی رقم موصول کرتے ہیں مگر الحمدللہ! عبقری آپ کو بالکل مفت دے گا۔

ظلم سے چھٹکارا پائیں: حضرت عمرؓ کے دور حکومت میں اللہ نے زمین کو انصاف سے بھر دیا تھا، اس نقش پر حضرت عمرؓ کی خاص توجہات اور نظر ہے، اس کو عام کریں ظلم اور بربریت سے چھٹکارا پائیں (نقش صفحہ نمبر 4 پر)

قرآن سے دوری، جنات کا حملہ اور نیا گھر / ہم پیسوں سے کھیلتے، کنگال ہو گئے!

(محمد صادق خان، لاہور)

ہم جس علاقہ میں رہتے ہیں یہاں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ آباد رہے۔ یہاں کے بارے میں مشہور ہے اور حقیقت بھی کہ صدیوں سے یہاں جنات کے بسیرے تھے اور وہ لوگوں کو مختلف طریقوں سے تنگ کرتے رہتے تھے۔ اس بات کی شکایت کچھ اللہ والوں سے کی تو انہوں نے بتایا کہ جن جگہوں پر یہ مسائل ہیں وہاں کثرت سے قرآن پاک کی تلاوت کا اہتمام کیا جائے۔ لوگوں نے عمل کیا اور کافی حد تک یہ مسائل ختم ہو گئے۔

تمام گھرانہ مختلف علتوں اور مسائل کا شکار

اس علاقہ میں صرف ایک گھر ایسا تھا جہاں اب بھی شریر جنات نے قبضہ کیا ہوا تھا جس کی بنیادی وجہ اس گھر کے افراد کی قرآن سے دوری تھی۔ گھر کا کوئی بھی فرد مسجد میں نماز کے لئے نہ آتا اور نہ ہی کسی کو قرآن پاک کی تلاوت کرتے سنا اور دیکھا۔ بظاہر گھر کے تمام افراد مسلمان تھے مگر ان کا رہن سہن اور روزگار کا ذریعہ ایسا غلیظ ناقابل بیان جو مذہبی تعلیمات کے بالکل منافی تھا۔ اگر کوئی بھی شخص ان سے ایک بار مل لیتا تو وہ بیمار پڑ جاتا۔ ان مسائل کی وجہ سے علاقہ کے تمام لوگ ان سب سے سخت نفرت کرتے تھے۔ ان کے گھر کے باہر درخت تھا جہاں شیطانی جنات رہتے تھے جو رات کے وقت انسانی شکل میں راہگیروں کو مختلف طریقوں سے تنگ کرتے' جو شخص قرآن پاک کی تلاوت کرتا اور آیات کا ورد کرتا ہوا وہاں سے گزرتا وہ محفوظ رہتا اور اس کے برعکس جو ڈر جاتا اور خاموش رہتا اسے یہ جنات سخت نقصان پہنچاتے۔

ڈر تھا کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آجائے

اس علاقہ میں جو مسجد تھی وہاں کے امام صاحب صرف ناظرہ پڑھے ہوئے تھے۔ اس لئے رمضان المبارک میں میرے دادا ابو جو حافظ قرآن تھے انہوں نے اس علاقہ میں کم و بیش مسلسل دس سال نماز تراویح میں قرآن پاک سنانے کی سعادت پائی۔ انہوں نے بھی مجھے اس علاقہ کے شیطانی جنات کے بارے میں بتایا مگر دادا ابو کو وہ کبھی بھی نقصان نہ پہنچا سکے کیونکہ وہ راستے میں مسلسل قرآن پاک کی تلاوت کرتے تھے۔ دو سال ابا جان نے وہاں نماز تراویح پڑھائی اور پھر یہ سعادت میرے حصے میں آگئی۔ میری کوشش ہوتی کہ افطاری اسی مسجد میں جا کر کروں تاکہ میرے ساتھ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے۔ میرا معمول تھا کہ جب اس گھر کے پاس سے گزرتا جس کا ذکر کر چکا ہوں تو تلاوت کلام پاک کا ذکر جاری رکھتا۔ ایک دن اس گھر کے قریب سے گزرا تو درخت کے پاس سے کسی خاتون کی آواز آئی مگر میں نے توجہ نہ دی اور قرآن پاک کی تلاوت جاری رکھی جس کی برکت سے میں تراویح پڑھانے کے بعد باحفاظت گھر پہنچ گیا۔ مجھے اس گھر کا کوئی بھی مرد نظر آتا تو اسے سلام کرتا' قرآن پاک کی تلاوت اور مسجد میں آنے کی دعوت دیتا مگر لوگوں کا انہیں حقارت کی نظر سے دیکھنا' شریر جنات کے ظلم و ستم کی وجہ سے وہ مذہب سے بہت دور ہو چکے تھے جس وجہ سے وہ نامناسب باتیں کہہ دیتے۔

حرام کام کرتے اب کوئی شرم محسوس نہیں ہوتی

ایک دن ان کے گھر کے سربراہ محرومیوں کا تذکرہ کرنے لگے کہ پہلے ہم پیسوں سے کھیلتے تھے مگر اس گھر میں آنے کے بعد ہم کنگال ہو گئے۔ وہ بتانے لگے کہ لوگوں کے رویے' اولاد کی نافرمانی' بے راہ روی اور جنات کے حملوں کی وجہ سے زندگی سے تنگ آگیا ہوں' بوڑھا ہو چکا ہوں اور حرام کام کرتے اب کوئی شرم محسوس نہیں ہوتی۔ میں نے چچا جان اور دادا جانؒ کو جب اس معاملے سے متعلق بتایا تو انہوں نے مجھے کثرت سے تلاوت قرآن پاک اور بالخصوص سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بعد گڑگڑا کر اللہ سے ان کی ہدایت کا سوال کرو اور انہیں پیار و محبت سے دعوت دیتے رہو' ان شاء اللہ تمام گھرانہ راہ راست پر آجائے گا۔ میں نے اس مشورہ پر عمل شروع کر دیا۔ ایک دن راستہ میں دوبارہ اس شخص سے ملاقات ہوئی تو میں نے انہیں مسجد میں آنے کی دعوت دی مگر اس بار وہ غصہ میں آگئے۔ میں نے ان سے معذرت کی مگر ایسے ہی میرے منہ سے الفاظ نکل گئے کہ آج آپ مسجد میں ضرور آئیں گے۔ میں سورۂ فاتحہ پڑھتے ہوئے مسجد پہنچا اور دل ہی دل میں قرآن کے وسیلے سے مانگتا رہا۔ میں تراویح پڑھا رہا تھا ابھی سولہویں رکعت میں تھا کہ اچانک کسی نے آواز دی کہ ''حافظ صاحب جلدی نماز مکمل کر کے دم کر دو مجھے زہریلے بچھو نے کاٹ لیا ہے''۔ میں نے نماز مختصر کی اور مڑ کر دیکھا تو وہی شخص تھا جسے آج سے پہلے (باقی صفحہ 59)

پیران پیرؒ کی رواداری اور حسن سلوک

تاریخ کا مطالعہ کریں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ اولیاء کرامؒ کی خدمات سے اسلامی تعلیمات کا بہت فروغ ملا۔ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں نے اپنے حسن سلوک، خدمت اور فروغ علم کے ذریعے دین پھیلایا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کی مدد ان کی شاملِ حال رہی۔ آج بھی اولیاء کرام کی خانقاہیں سرچشمہ فیض ہیں۔ ان کی تعلیمات ہمارے لیے بھلائی اور نفع ہے۔ اللہ کے نیک بندوں نے سادہ زندگی گزاری اور انسانیت کی فلاح کیلئے کام کیا۔ انہی اولیاء کرامؒ میں پیران پیرؒ کی شخصیت اسلامی رواداری کا ایک عملی نمونہ ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے حسن سلوک' رواداری اور اخلاق کی وجہ سے مسلمان ہی نہیں بلکہ بے شمار غیر مسلم بھی متاثر ہوئے۔ یہی وجہ ہے کہ آپؒ کی ہر محفل میں مسلمانوں کے علاوہ غیر مسلم بھی شریک ہوتے اور ان میں سے متعدد حلقہ اسلام میں داخل ہوئے۔ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ ''حضرت شیخ (عبدُالقادر جیلانی) رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی محفل ایسی نہ ہوتی جس میں غیر مسلم، آپ کے دستِ مبارک پر دولت ایمان سے مشرف نہ ہوتے اور نافرمان، ڈاکو، گمراہ اور بد مذہب اَفراد، آپ کے ہاتھ پر تائب نہ ہوتے۔ جب پانچ سو (500) سے زیادہ غیر مسلم اور لاکھوں سیاہ کار آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ پر تائب ہو چکے اور بداَعمالیوں سے باز آچکے تھے''۔ (حوالہ: اخبار الاخیار' ص 38' 39)

پرندے اور بکری! ڈیپریشن کا علاج! تحقیق سے ثابت

پروفیسر ذیشان، کوئٹہ

دُکھ اور غم ہر انسان کے ساتھ ہوتے ہیں، ہر معاشرے میں دُکھ ہلکا کرنے کے انداز اور روایات ہوتی ہیں جو لوگ انہیں ترک کر کے غموں کا مقابلہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ سخت اُلجھن اور دباؤ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ غم مٹانے کی روایات اور طریقے غم کو اندر پلنے نہیں دیتے۔ ان طریقوں اور روایات کا تہذیبی اور ثقافتی اصولوں، طور طریقوں سے ہم آہنگ ہونا ضروری ہوتا ہے۔ مثلاً ساحلوں اور دریاؤں کے کنارے پر بیٹھ کر کسی نامناسب کام میں مشغول ہو کر آپ مستقل اور سچی راحت حاصل نہیں کر سکتے جو لوگ ایسا کر بھی لیتے ہیں ان کے ضمیر کانٹوں سے بھر جاتے ہیں جن کی چبھن دُور کرنے کیلئے نشوں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ اپنی روایات اور قیود کے مطابق لطف اندوز ہوئیے لیکن اپنی جیب کے مطابق اس سلسلے میں بے ٹھاٹ خرچ کر کے آنے والے دنوں میں جیب کی تنگی کی تلخیاں مول نہ لیجیے کہ کل کو آپ ان پریشانیوں اور مسائل کی وجہ سے مختلف ذہنی الجھنوں کا شکار ہو جائیں۔

اس دکھ کی کوئی دوا نہیں

پستی کے اکثر مریض وہ لوگ ہوتے ہیں کہ جو کسی کو اپنا ہمدرد نہ سمجھ کر اندر ہی اندر غم پالتے ہیں۔ وہ اپنے جذبات اور احساسات کا کسی کے سامنے ذکر نہیں کرتے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے دُکھ کی دوا کوئی نہیں کر سکتا حالانکہ اس قسم کے اسی فیصد دباؤ قابل علاج و نجات ہوتے ہیں۔ ضرورت صرف کسی ہمدرد کے سامنے اپنے دُکھ بیان کرنے کی ہوتی ہے۔ جب بھی یہ صورت درپیش ہو، تنہائی اور خاموشی کے بجائے کسی ہمدرد کے سامنے اپنا حال اور محسوسات بیان کیجیے، اس سے آپ کا جی ہلکا ہو جائے گا۔

عزیز و اقارب اور دوست احباب سے اختلافات دکھ، پریشانی اور ذہنی اذیت کا ایک بہت عام سبب ہوتے ہیں۔ لوگوں کی اکثریت کے دل میں یہی مخالفت شدید نفرتوں میں تبدیل ہو کر مورچہ بند ہو جاتی ہیں۔ اس کا سب سے بہتر علاج یہی ہے کہ اختلافات پر کھل کر بات کی جائے اور ایک دوسرے کے نقطۂ نظر کو کشادہ دِلی سے سمجھنے کی کوشش کی جائے۔ مثبت انداز میں گفتگو ہو تاکہ دونوں فریق ہی خود کو فاتح محسوس کریں۔ ایک دوسرے کو ذہنی اذیت پہنچانے کا انداز منفی اور نقصان دہ ہوتا ہے۔

مخلوق کے لئے آسانیاں پیدا کیجئے

تنہائی اور علیحدگی پسندی دکھوں اور پریشانی کی پرورش کرتے ہیں۔ اپنے عزیز و اقارب اور ہمدردوں کی قدر کیجیے اور ان سے کٹ کر نہ رہیے۔ کچھ نہ سہی اگر ممکن ہو سکے تو جانور اور پرندوں کو اپنا ساتھی بنا لیجیے۔ انہیں کھلایئے پلایئے۔ کہا تو یہی جاتا ہے کہ ''غم نہ داری بز بہ خر'' یعنی کوئی فکر نہ ہو تو بکری پال لو۔ بکری کی کمر پر صرف ہاتھ پھیریئے' ڈیپریشن اور ہائی بلڈ پریشر میں کمی ہوتی ہے' یہ بات تحقیق سے بھی ثابت ہے۔ اللہ کی مخلوق کے لئے آسانیاں پیدا کیجئے' آپ دیکھیں گے کہ کسی کے کچھ کام آ کر آپ راحت محسوس کریں گے۔ دِلی طمانیت اور سکون کا راز لوگوں کو کچھ دینے میں چھپا ہوتا ہے۔ غرض جس طرح بھی ممکن ہو سکے' دوسروں کے کام آیئے، دوسرے آپ کے کام آئیں گے۔

طمانیت اور بہتری کا احساس

ذہنی الجھنوں اور دکھوں میں مبتلا لوگ اعتراف کرتے ہیں کہ روزانہ باقاعدہ ورزش، سائیکلنگ، تیراکی، جاگنگ وغیرہ انہیں طمانیت اور بہتری کے احساس سے سرشار کر دیتی ہے۔ پابندی سے ورزش کیجیے جب بھی تنہائی اور کسی غم کا احساس ہو بشرط توانائی ورزش میں مصروف ہو جایئے۔ کیونکہ یہ پریشانی بالعموم خالی وقفوں ہی میں آ گھیرتی ہے۔ دورِ حاضر کے اس سخت پریشان کن مرض کا بہترین علاج عبادت ہے۔ ایک تازہ طبی تحقیق کے عبادت یعنی نماز اور مراقبہ نہایت کامیاب اور مؤثر علاج ہے۔ دستِ دعا اُٹھا کر یا سجدے میں جا کر اپنے دل کا بوجھ اپنے غم، مشکلات، اپنی کوتاہیوں لوگوں کی زیادتیوں کا اظہار بلاتکلف اپنے رب سے کر کے اس کی مدد طلب کیجیے۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہوں تو انہیں کمزوری نہ سمجھیے بلکہ خوب بہنے دیجیے۔ ان کے ساتھ آپ کا ڈپریشن بھی بہہ جائے گا۔ سینہ ہلکا، قلب و ذہن پُرسکون (باقی صفحہ 59)

پھیپھڑوں میں پانی! ڈاکٹرز پریشان' یہ وظیفہ کام کر گیا

محمد ظفر انصاری، کراچی

عبقری کی رسالہ کی بدولت ہمیں بہت خیریں اور برکات ملی ہیں۔ میرا بیٹا جس کی عمر دس سال ہے اس کی دائیں پسلیوں میں اچانک شدید درد ہوا جس سے ہم سخت پریشان ہو گئے۔ اُلٹی اور قے کا مسئلہ بھی شروع ہو گیا' دوا لی مگر آرام نہ آیا اور کئی دن گزر گئے آخرکار میڈیکل رپورٹ کروائی تو معلوم ہوا کہ پھیپھڑوں میں پانی ہے۔ ہماری پریشانی مزید بڑھ گئی۔ ہم نے عبقری رسالہ میں پڑھا تھا کہ اچانک پریشانی کے وقت "حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ" کا وظیفہ پڑھیں۔ ہم نے پریشان ہو کر مضطرب دل کی کیفیت سے یہ وظیفہ شروع کر دیا۔ ادھر بیٹا دو دن آئی سی یو میں رہا اور ڈاکٹر کہنے لگے کہ اس کے پھیپھڑوں میں پانی ہے جسے سرنج کے ذریعے نکالیں گے مگر ہمارا دل اس بات پر آمادہ نہ ہوا اور ہم بچے کو گھر لے آئے۔ جب دوبارہ درد اُٹھا تو ہم پھر ہسپتال لے گئے پھر رپورٹ کروائی تو ڈاکٹروں نے بتایا پھیپھڑوں میں پانی ہے جس وجہ سے بچہ اس تکلیف کا سامنا کر رہا ہے۔ ہم مسلسل جس دن سے بچہ بیمار ہوا حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ کا وظیفہ کرتے رہے۔ تین دفعہ ایکسرے کروائے مگر پھیپھڑوں سے پانی نہ نکل سکا۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ مسئلہ خطرناک حد تک بڑھ گیا ہے اس لئے بچے کو ٹی بی والے ہسپتال میں لے جائیں۔ ہم ہمت نہ ہاری اور اس یقین کے ساتھ وظیفہ جاری رکھا کہ ہماری پریشانی اسی سے ختم ہو گی۔ ہم نے یہ وظیفہ لاتعداد پڑھا اور اپنے بچے سے بھی کہا کہ یہی وظیفہ پڑھو۔ بیٹا بھی یہ وظیفہ پڑھتا رہا اور ہم بھی۔ پھر جب ہم ہسپتال پہنچے تو جس اسپشلسٹ ڈاکٹر سے ملنا تھا وہ ہسپتال میں موجود ہی نہ تھے اور ہمیں گھر واپس بھیج دیا گیا۔۔ ہم بچے کو گھر لے آئے اور وظیفہ مزید توجہ کے ساتھ پڑھتے رہے۔ ہر وقت ہر جگہ جہاں جاتے وہاں وظیفہ! پڑھتے، رو رو کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے رہے کہ ہمارے بچے کو صحت اور تندرستی عطا فرما۔ صبح ہم دوسرے ہسپتال گئے اور وہاں جب ٹیسٹ ہوئے تو انہوں نے کہا کہ اس کے پھیپھڑوں میں اب پانی نہیں ہے' صرف معمولی انفیکشن ہے' تین دن میں بیٹا صحت یاب ہو کر گھر آ گیا اور اب ماشاء اللہ بالکل تندرست ہے۔ وظیفہ کی بدولت اللہ تعالیٰ نے ہماری دعائیں قبول فرمالیں۔

صحت بخش لذیذ شربت! خود بنائیے گرمی بھگائیے!

ام سلطان، کراچی

شدید گرمی میں شربت بادام کے چند گھونٹ دل کی گھبراہٹ اور حدت سے بچاتے ہیں آیئے آپ کو اس شربت کے بنانے کی آسان ترکیب بتاتے ہیں

فرحت بخش ولذیذ بادام کا شربت

چھوٹے بڑے سبھی افراد بادام بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ یہ انسانی جسم کی تمام تر قوتوں کا نگہبان ہے۔ نظر دماغ اور اعصاب کو کمال توانائی فراہم کرتا ہے۔ قبض کو رفع کرتا ہے اور دماغ آنتوں اور جسم کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ شدید گرمی میں شربت بادام کے چند چمچ دل کی گھبراہٹ اور حدت سے بچاتے ہیں۔

ھوالشافی: بادام کی گری 70 گرام، روح کیوڑہ ایک چھوٹی شیشی (ہر پنساری سے عام مل جاتی ہے) چاروں مغز 70 گرام، پانی 750 گرام، چینی 750 گرام۔

ترکیب: رات کو سونے سے پہلے بادام کی گریاں اور چاروں مغز الگ الگ بھگو کر رکھ دیں اور صبح اٹھ کر انہیں باریک پیس لیں۔ اب ان میں پانی اور چینی شامل کر کے ایک دیگچی میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیں اور ہلکی آنچ پر پکنے دیں۔ جب شربت جیسا قوام تیار ہو جائے تو اتار لیں اور کچھ دیر بعد اچھی طرح ٹھنڈا ہونے پر روح کیوڑہ کی چھوٹی بوتل ڈال دیں اور مزید دس پندرہ منٹ تک پڑا رہنے دیں اور پھر اس کے بعد کسی صاف ستھری بوتل میں بھر لیں۔ آپ چاہیں تو روح کیوڑہ شامل نہ کریں۔ یہ انتہائی خوش ذائقہ اور فرحت بخش مشروب ہے جو پیاس کی شدت کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ دل اور دماغ کو بے حد تقویت دیتا ہے۔ آپ اس شربت کو سادہ پانی دودھ میں مکس کر کے بھی پی سکتے ہیں۔

شدید گرمی میں اگر آپ گھر سے باہر جا رہے ہیں یا واپس آئے ہیں تو ایک گلاس ہلکے ٹھنڈے پانی میں ایک سے دو چمچ یہ مشروب ڈال کر مکس کر کے گھونٹ گھونٹ پئیں' اس کا ایک ایک گھونٹ آپ کے جسم کو فرحت سے بھر دے گا' دماغ کو سکون' آنکھوں کو ٹھنڈک دے گا۔ اگر پی کر باہر جائیے تو باہر تیز دھوپ' لو' حبس کے اثرات سے محفوظ رہیں گے۔ بچے' بڑے' خواتین' بوڑھے ہر کسی کا دلعزیز اور من پسند شربت ہے' شوگر کے مریض اپنے ڈاکٹر کے مشورہ سے استعمال کریں۔

کٹے ہوئے تازہ پھلوں کی پلیٹ کے ساتھ چمکیلا رنگ دار مشروب آپ کو گرمی کے اس موسم میں کسی بھی چیز سے زیادہ تیزی سے پُرسکون رکھ سکتا ہے۔ ہم آپ کو اپنے گھر والوں اور دوستوں کی تواضع کرنے کے لیے گھر میں بننے والے موسم گرما کے مزیدار مشروبات بنانے کا طریقہ سکھائیں گے۔۔

آپ کے جسم سے فاسد مادوں کو خارج کر کے تازگی اور صحت مندی کو یقینی بنانے والا لیموں پانی ایک آزمودہ نسخہ ہے۔ گرمی کے دنوں میں آپ کا پورا کنبہ ان ٹھنڈے ٹھار، دلبہار مشروبات کو پسند کرے گا۔ ان میں سے اپنی پسند کا انتخاب کریں اور جگ بھر کر مزیدار مشروب بنائیں اور اپنے دوستوں کو حیرت سے دوچار کر دیں۔ ذکر کردہ ہر مشروب سے آپ پانچ سے چھ لوگوں کی تواضع کر سکتے ہیں۔

میٹھا رسیلا لذت سے بھرپور مشروب

زیادہ سے زیادہ دس منٹ میں یہ میٹھا، رسیلا اور لذت سے بھرپور مشروب بنائیں اور اپنے اہلخانہ کا دل جیت لیں۔ اسے بنانے کے لیے اپ کو کچھ تازہ لیموؤں کا رس درکار ہے۔ تقریباً آدھا کپ۔ تھوڑی سی چینی آدھا کپ، پانی کے دو کپ اور ونیلا یا اناناس کی آئس کریم چھ کپ۔ ایک جگ میں لیموں کا رس اور چینی مکس کریں اور اس وقت تک ہلائیں جب تک چینی پوری طرح تحلیل نہیں ہو جاتی۔ اس مکسچر میں پانی ڈالیں اور اچھی طرح ٹھنڈا کریں۔ ایک بلینڈر میں اپنی پسند کی آئس کریم اور ٹھنڈا لیمونیڈ شامل کریں۔ اس سارے مرکب کو بلینڈ کریں جب تک کہ یہ ہموار نہ ہو جائے۔ لیموں کے ٹکڑوں سے سجا کر پیش کریں۔ اس مشروب کو تیار کرنے میں صرف دس منٹ لگتے ہیں۔

آم کا ملک شیک

ان دنوں آم کا موسم چل رہا ہے آپ پکے ہوئے آم لیں' ان کا گودا اچھی طرح نکال کر گٹھلی اور چھلکا الگ کر لیں' ایک کپ گودا میں ایک گلاس ابلا ہوا دودھ ڈالیں' حسب منشاء چینی ڈالیں' بلینڈ کریں اور گھونٹ گھونٹ پئیں' یہ مشروب آپ کی توانائیوں کو بحال کرنے کا عجب نسخہ ہے۔ سارے دن کی گرمی' تھکاوٹ' پسینہ' الجھن' تھکا ذہن' چڑچڑا پن ہو تو صرف اس مشروب کو گھونٹ گھونٹ پیجئے' اس کا ہر گھونٹ آپ کو نئی توانائی' نیا جوش' نیا ولولہ' ذہنی سکون' جسمانی راحت دے گا۔

جلنے پر مرہم لگائیں! زخم ختم سکون پائیں اور نشان بھی نہ پڑیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانہ کی آگ شفاء بہت ہی قیمتی چیز ہے۔ میرے چار تجربات ہو چکے ہیں جن میں آگ شفاء استعمال کرنے سے فوراً اور سو فیصد فائدہ ہوا' نہ جلن رہتی ہے اور نہ ہی نشان پڑتا ہے۔ میری دکان پر لڑکا کام کرتا ہے وہ جنریٹر کی صفائی کر رہا تھا اس کا تیزابی پانی لڑکے کے چہرے اور جسم پر گر گیا میں نے فوراً آگ شفاء منگوا کر اس کے سارے چہرے اور جہاں جہاں جسم پر پانی لگا تھا وہاں لگا دی۔ اس کے بعد نہ اسے جلن محسوس ہوئی اور نہ ہی چھالے نکلے اور نہ ہی جلنے کے زخم کے نشان پڑے۔ ایک بار میں پیٹرول پمپ پر کھڑا تھا وہاں ایک آدمی کے اوپر ریڈی ایٹر کا گرم ابلتا پانی گر گیا میں اپنی گاڑی میں اسے عبقری دواخانہ لے آیا اور فوراً آگ شفاء لے کر اس کی متاثرہ جگہ پر لگا دی۔ کچھ دیر لگی رہنے سے راحت مل گئی۔ ایک بار ہمارے ادارے کی کینٹین میں کام کرنے والے آدمی کو آگ سے بہت نقصان پہنچا میں نے اسے بھی آگ شفاء اچھی طرح جلے ہوئے زخم پر لگا دی۔ جسم کی جو جگہ آگ سے جلی تھی' وہاں زخم بہت جلد ٹھیک ہو گیا۔ ایک دفعہ میری بھابھی کچن میں کام کر رہی تھیں کہ ان کے دوپٹے کو آگ لگ گئی انہیں پتہ نہ چلا اور پورے کپڑوں کو آگ نے پکڑ لیا، والدہ نے فوراً پانی سے آگ بجھائی اور گھر میں پہلے سے آگ شفاء کی ڈبیہ موجود تھی وہ والدہ نے جلی ہوئی جلد پر اچھی طرح لگا دی۔ کچھ دیر جلن ہوتی رہی جو مرہم لگانے کے بعد آہستہ آہستہ کم ہونا شروع ہو گئی۔ مسلسل مرہم لگانے سے زخم کا نشان بھی مندمل ہو گیا۔ (عبدالمجید، لاہور)

حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی توبہ قبول کب ہوئی؟

10 محرم الحرام تاریخی اعتبار سے بہت بابرکت اور مقدس دن ہے۔ اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا۔ اس دن حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی گئی اور اسی دن عرش، کرسی، آسمان، زمین، سورج، چاند، ستارے اور جنت پیدا کیے گئے۔ وہ بھی عاشورہ کا دن تھا۔

قبضہ شدہ چیز آزاد کروائیں: کسی نے آپ کی زمین پر قبضہ کیا ہے یا آپ کے مال یا کسی چیز پر قبضہ کر رکھا ہے، یہ نقش آپ کو ایسی روحانی قوت دلائے گا کہ ظالم آپ کے سامنے بے بس ہو جائے (نقش صفحہ نمبر 4 پر)

ماہِ محرم میں خواجہ معین الدین چشتیؒ کا مشورہ مان کر دنیا و آخرت سنوار لیں

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

محرم الحرام اسلامی سال کا پہلا مہینہ ہے۔ یہ مہینہ بڑا بابرکت اور مقدس ہے۔ تاریخی اعتبار سے بھی اس مہینہ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس مہینہ میں نفلی اعمال کی بہت فضیلت ہے جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

پہلی شب کے نوافل

حضرت خوجہ معین الدین چشتیؒ فرماتے ہیں کہ جو کوئی محرم الحرام کی پہلی شب کو دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھے (سورۂ یٰسین اگر زبانی نہ آتی ہو تو سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھ لیں اور سلام پھیرنے کے فوراً بعد دو مرتبہ سورۂ یٰسین دیکھ کر پڑھ لیں) تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں دو ہزار ایسے محل عطا فرمائے گا جس کے ہر محل میں یاقوت کے ایک ایک ہزار دروازے ہوں گے، ہر دروازہ میں ایک تخت سبز زبرجد کا بچھا ہوگا۔ ہر تخت پر ایک حور بیٹھی ہوگی اور اس نماز کے پڑھنے سے چھ ہزار بلائیں دُور ہوں گی اور چھ ہزار نیکیاں نامۂ اعمال میں لکھی جائیں گی۔

رزق میں خیر و برکت

جو کوئی یکم محرم الحرام میں کسی بھی وقت دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا مانگے: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللهُ الْاَبَدُ الْقَدِیْمُ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِیْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَابِرِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّ مِنَ الْبَلَاءِ وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُكَ الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰی هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالِ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْكَ یَا بَرُّ یَا رَءُوْفُ یَارَحِیْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ تو بفضلِ باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پروردگارِ عالم اس شخص کو شرِ شیطان سے محفوظ اور اپنی حفظ و امان میں رکھے گا' اس کے رزقِ حلال میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔

اس کے علاوہ ماہ محرم الحرام میں دس محرم (عاشورہ) کا دن ازل سے بہت ہی زیادہ فضیلت و برکت والا دن ہے۔ جس دن آسمان سے پہلی مرتبہ رحمت نازل ہوئی وہ یہی عاشورہ کا دن تھا۔ عاشورہ کے دن کی فضیلت کے بارے میں ایک روایت یہ ہے کہ جس نے عاشورہ کے دن اپنے گھر والوں اور اہل و عیال پر وسعت کی، اللہ تعالیٰ اس کے سارے سال میں وسعت اور برکت عطا فرماتا ہے۔ (بیہقی)

ہر حاجت پوری ہوگی

جو کوئی عاشورہ کے دن نمازِ عصر کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ذیل میں دی ہوئی دعا پڑھ کر اپنی حاجت کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی اور جلد ہی اس کی جائز حاجت بھی پوری ہوگی۔ یہ اس قدر مقبول عمل ہے کہ جو مراد بظاہر ناممکن ہو اور دل میں حسرت بن کر رہ گئی ہو اس دعا کی برکت سے اللہ وہ پوری کر دے گا۔ دعا یہ ہے: اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ الْحُسَیْنِ وَ اَخِیْهِ وَ اُمِّهٖ وَ اَبِیْهِ وَجَدِّهٖ وَ بَنِیْهِ فَرِّجْ عَمَّا اَنَا فِیْهِ وَصَلَّی اللهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

ہدیہ: عمل مکمل کرنے کے بعد ٹافیوں کا پیکٹ تقسیم کر دیجئے

10 محرم کو دنیا کی آخری نظر بد کا خاتمہ ہوگا!

ایسی نظر بد جس نے حسین چہرے مسخ کر دیے اور ایسے حسد کا زہر جو بیماری بن کر جسم میں اتر گیا' 10 محرم تسبیح خانہ میں اسم اعظم کا دم کروائیں اور دنیا کی آخری نظر بد کا سو فیصد کا خاتمہ کروائیں۔ تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر

مرادیں پوری، ناممکن ممکن ہوا! پیلی روشنی سے کالے مسائل حل

اس ماہ کی مقبول ساعتیں خوشیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں

آپ پریشان ہیں' سالہا سال سے بیمار ہیں' یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے اکاروبار کی بندش ہے یا گھریلو الجھنیں' جھگڑے' بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرائیے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں' خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

اس ماہ کی روحانی محفل

10 جولائی بروز پیر رات 7 بجکر 40 منٹ سے لے کر 8 بجکر 25 منٹ تک۔ 21 جولائی بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 23 جولائی بروز اتوار صبح 10 بجکر 50 منٹ سے لے کر 11 بجکر 35 منٹ تک یَامَتِیْنُ یَاوَاجِدُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں' ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

ہر محفل کے بعد ہدیہ ضرور کریں (اس ماہ کا ہدیہ 70 روپے)

(نوٹ:)۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آ جائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور میں اجتماعی نہیں ہوتی

ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

حضرت قاسم حربیؒ کے مجرب و مستند وظائف

درج ذیل وظائف میں سے جو بھی وظیفہ مکمل کریں، پورے گھر یا ہر فرد کی طرف سے 110 روپے عمل کا ہدیہ یا کسی ضرورت مند سفید پوش کو دیں

منہ کے چھالوں کا علاج

منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں یا جسم میں پھنسیاں ہوں تو تسمیہ کے ساتھ اول و آخر ایک بار درود شریف' سورۃ الضحیٰ (پارہ 30) اکتالیس بار چینی پر دَم کر کے کھالیں' ان شاء اللہ جلد پھنسیاں اور چھالے ختم ہوجائیں گے۔

دفع بلغم

جو شخص عارضہ بلغم میں مبتلا ہو اس کو چاہیے کہ وہ نمک کی سات چھوٹی چھوٹی کنکریاں لے اور ان میں ہر ایک پر سات مرتبہ ''آیت الکرسی'' پڑھے اور سات روز نہار منہ استعمال کرے، ان شاء اللہ اس عارضہ سے نجات پالے گا۔

عزت وقار اور نام پیدا کرنے کیلئے

عزت وقار اور شہرت پانے کے لئے اگر کوئی شخص صبح و شام 11 مرتبہ اول آخر تین بار درود پاک کے ساتھ درج ذیل آیات کے ورد کو اپنا معمول بنالے تو ان شاء اللہ ایسا شخص جہاں بھی جائے گا عزت' وقار اور اچھی شہرت پائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۝ وَ لَهُ الْكِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ۔ (سورۃ الجاثیہ، آیت: ۳۶۔۳۷)

فالج کا علاج

اگر کوئی فالج کے مرض میں مبتلا ہو تو آب زم زم سیاہی میں ملا کر قلم میں ڈالیں اور اس قلم سے بسم اللہ اور سورۃ الحشر کی آخری تین آیات (آیت نمبر 22 '23 اور 24) بغیر اعراب کے کسی مٹی کے برتن پر لکھیں اور آب زم زم سے دھو کر پی لیں۔ یہ عمل کچھ عرصہ مسلسل کریں' ان شاء اللہ فالج کے مرض سے نجات مل جائے گی۔

معدہ کی کمزوری کا علاج

اگر کوئی شخص معدہ کے مرض میں مبتلا ہو تو اسے سورۃ القدر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پلادیں۔ دن میں تین مرتبہ یہ دَم کیا ہوا پانی پینے سے ان شاء اللہ سات یوم کے اندر اندر معدہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہوجائے گی۔

برائے زیارت نبی کریم ﷺ

جو شخص خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے تو اس عمل کو منگل کے دن مغرب کی نماز کے بعد یعنی بدھ کی شب سے شروع کریں۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد 11 بار سو بار سورۃ الاخلاص پڑھے' جب نماز سے فارغ ہو جائے تو اس درود شریف کی ایک تسبیح پڑھیں: وَصَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔ ان شاء اللہ وہ آقائے دو جہاں ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ اس عمل کو پڑھنے کے وقت ان باتوں کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے کہ سوتے وقت جسم پاک ہو، کپڑے پاک ہوں، بستر پاک ہو' اپنے کپڑوں اور بستر پر کوئی اچھی سی خوشبو لگالیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کچھ عرصہ مسلسل یہ عمل کرنے سے جلد ہی زیارتِ سرورِ کونین ﷺ سے مشرف ہوگا، یہ عمل بہت مجرب ہے۔

فرعون کب غرق ہوا؟

10 محرم الحرام انتہائی بابرکت دن' اسی دن حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے، اسی دن انہیں آگ سے نجات ملی، اسی دن حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کی اُمت کو نجات ملی اور فرعون اپنی قوم سمیت غرق ہوا۔

یہ تاریخ یاد کرلیں، بگڑے کام بن جائیں گے

گزشتہ سال سورۂ اخلاص کی گیارہ جمعراتوں کی اختتامی دعا کے موقع پر شیخ الوظائف کی طرف سے مرادوں بھرے لڈو تقسیم کیے گئے۔ جو بھی اس خدمت میں شامل ہوا اس نے شیخ الوظائف کی خاص دعائیں سمیٹیں جس سے اس کے بگڑے کام بن گئے۔ اس سال مرادوں بھرے لڈو کی تیاری کا آغاز تسبیح خانہ لاہور میں 15 اکتوبر 2023ء سے ہوگا۔

جان لیوا خطرناک وباء میں سادہ سا نسخہ کام کرگیا!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! چند سال پہلے جب کرونا وائرس کی وباء آئی تو ان دنوں میری بھی طبیعت خراب ہوگئی۔ مجھے ڈسٹ الرجی کا مسئلہ ہوگیا جس کی وجہ سے منہ کے اندر تالو میں شدید خارش ہوتی۔ تالو پر کسی طرح خارش نہ کرپاتا مگر زبان کے ساتھ رگڑنے کی کوشش کرتا رہتا جس سے گلہ بھی خشک ہوجاتا۔ مجھے اس وقت کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کون سی دوا استعمال کروں اور کہاں چیک اپ کرواؤں۔ ان ہی دنوں آپ نے زیتون کے تیل کے فوائد بتائے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں اس پھل کی قسم کھائی اور اس میں شفاء رکھی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی برکت سے میرے ذہن میں یہ بات ڈالی کہ زیتون کے تیل کی اللہ نے قسم کھائی ہے تو یقیناً مجھے اس مرض سے شفا مل جائے گی۔ بس پھر میں نے زیتون کا تیل ایک چمچ صبح و شام پینا شروع کردیا اور کھانے میں بھی استعمال کرنا شروع کردیا۔ میری نیت یہی ہوتی کہ یا اللہ تو نے زیتون کی قسم کھائی ہے بس مجھے اس مرض سے شفاء دے۔ میں جیسے جیسے زیتون کا تیل استعمال کرتا گیا' ڈسٹ الرجی کا مسئلہ حل ہوتا گیا' چند ہی دنوں میں بالکل صحت یاب ہوگیا اور تالو پر جو خارش کا مسئلہ تھا وہ بھی ٹھیک ہوگیا۔ میں نے فیصلہ کیا تھا کہ اگر میں صحت یاب ہوگیا تو ان شاء اللہ عبقری قارئین کی خدمت میں اپنا یہ تجربہ ضرور لکھوں گا۔

دادی اُماں کا آزمودہ ٹوٹکہ

تیزابیت کے مرض کے لئے میری دادی اماں کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے کہ اس مرض میں رنگ برنگی ادویات استعمال کرنے کی بجائے اگر چند بار کچی لسی پی لی جائے تو تیزابیت ختم ہوجاتی ہے۔ ایک بار مجھے بھی تیزابیت کا مسئلہ ہوگیا تو میں نے کچی لسی کا استعمال کیا جس سے تیزابیت ختم اور دل کو سکون مل گیا۔ دادی صاحبہ کے اس ٹوٹکے کو کرنے سے من نِھار ہوگیا ہے۔ اگر کسی کو کچی لسی بنانی نہیں آتی تو اس کا طریقہ بھی میں بتادیتا ہوں۔ اگر آدھا گلاس دودھ ہے تو اس میں تین گلاس پانی ملا لیں اور حسب ضرورت نمک (بلڈ پریشر والے نمک کا استعمال ڈاکٹر کے مشورہ سے کریں) ڈالیں۔ دودھ اور پانی کا اچھی طرح مکس کرلیں۔ اگر کسی کو تیزابیت ہو تو یہ نسخہ آزمالیں ان شاء اللہ شفاء ملے گی۔

نوٹ: مئی 2023ء کے شمارہ میں صفحہ نمبر 11 پر سورۂ طہٰ کی آیات نمبر 68 اور 69 کا مشاہدہ لکھا گیا تھا مگر غلطی سے سورۂ اعراف کی آیات شائع ہوگئیں' قارئین تصحیح فرمالیں۔ شکریہ

نور احمد

بخار اور دماغی بیماریوں کیلئے پرانے حکماء کا نسخہ

آلو بخارا ایک خوش ذائقہ حیاتین سے بھرا پھل ہے۔ قدرت نے اس پھل کی شکل ایسی دلفریب بنائی ہے کہ دیکھتے ہی منہ میں پانی بھر آتا ہے۔ مالک الملک نے اسے گوشت بنانے والے روغنی اور نشاستہ دار اجزاء کے علاوہ فولاد، کیلشیم، پوٹاشیم، فلورین، فاسفورس، امینو ایسڈ، گلوکوز اور مقطر پانی کا صحت بخش غذائی نمونہ بنا دیا ہے۔ وٹامنز اے بی اور ڈی بھی اس میں پائے جاتے ہیں۔ وٹامن سی کے خزانہ سے بھرپور ہے۔ آلو بخارا کا مزاج سرد اور تر ہے اور معدہ کی تیزابیت دُور کرنے میں یہ لاجواب پھل ہے۔

کمزور مرد اور حاملہ خواتین کے لئے بہترین غذا

ایک پاؤ آلو بخارا میں دو چپاتیوں کے برابر غذائیت اور ڈیڑھ پاؤ دودھ کے برابر کیلشیم ہوتا ہے۔ گرم طبیعت والوں، دماغی کام کرنے والوں، بیماری سے اُٹھے ہوئے اور حاملہ عورتوں کیلئے اس سے بہتر کوئی غذا نہیں۔ یہ معدہ کی سختی، جلن اور اُپھارہ دُور کرتا، معدہ کی ہاضم رطوبات کے زیادہ خارج کرنے میں مدد دیتا اور بھوک لگاتا ہے۔ صدیوں سے حکیم صاحبان پیاس اور صفرا کا غلبہ توڑنے کیلئے اسے استعمال کراتے چلے آئے ہیں۔ آلو بخارا ایک بے ضرر، قبض کشا، زود ہضم پھل ہے۔ خون کے جوش کو ٹھنڈا کرنے کیلئے یہ عمدہ غذا اور دوا کا کام دیتا ہے۔ نیند کی کمی کی شکایت کرنے والوں اور دماغی کام کرنے والوں کیلئے ایک ٹھنڈی مقوی غذا ہے۔

جگر کی گرمی اور چڑچڑاپن دور

جگر کی گرمی، ہاتھ پاؤں کی جلن اور مزاج کا چڑچڑاپن دُور کرنے کیلئے صبح و شام آدھا پاؤ سے آدھا کلو پکا ہوا آلو بخارا استعمال کرنا بہت مفید ہے۔ یرقان کے مریضوں کو دن میں تین مرتبہ آلو بخارا بطور غذا کھانا اور اس کے ساتھ زیرہ سفید اور گوکھرو (خارخسک پنجابی بھکڑا) کا ہم وزن سفوف دو سے تین ماشے استعمال کرنے سے چند روز میں اس مرض سے چھٹکارا ہو جاتا ہے اس دوران گندم کی روٹی کا استعمال نہ کریں بلکہ ہلکی غذا مثلاً دلیا، دہی، دودھ، چاول، انار اور میٹھے وغیرہ استعمال کرنے ضروری ہیں۔ اکسیر جگر میں نوشادر، قلمی شورہ، ریوند چینی اور سفید زیرہ ہم وزن شامل کر کے سفوف بنا کر استعمال کرنا چاہیے۔

پتے کے ورم اور پتھری سے نجات

جلدی بیماریاں دُور کرنے اور خون صاف کرنے کیلئے آلو بخارا کھا کر دن میں ایک سے دو مرتبہ شربت عناب پینا فائدہ مند ہے۔ آج کل پتے کی بیماریاں عام طور پر کثرت سے ہو رہی ہیں۔ پتے کے ورم و درد کو ختم کرنے کے لئے اور پتے میں پتھری سے حفاظت کے لئے اس شفا بخش پھل کا دن کے کسی حصے میں بھی متواتر کچھ عرصہ تک استعمال جاری کرنے سے غذا کے ساتھ ان بیماریوں سے شفائی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔

بخار اور دماغی بیماریوں کے لئے پرانے حکماء کا نسخہ

پرانے حکماء کا تجویز کردہ ایک مشہور نسخہ بخار، درد معدہ، اپھارہ، زیادتی پیاس، بھوک کی کمی، دماغی خشکی، خارش اور جوش خون دُور کرنے کیلئے صدیوں سے کامیابی سے استعمال ہو رہا ہے۔ ان امراض سے نجات کے لئے خشک آلو بخارا سات سے اکیس دانہ اور املی تین سے دس تولے تک علی الصبح دو سے تین پاؤ پانی میں بھگو کر دن میں تین یا چار دفعہ مل چھان کر حسب طبیعت چینی یا نمک ملا کر پینے سے معمولی بیماریاں تو پہلے روز سخت اور پرانی بیماریوں چند روز کے استعمال سے اس کم قیمت دوا اور غذا کے استعمال سے ختم ہو جاتی ہیں۔

مہنگے امراض کا سستا علاج

ایسے لوگ جن میں وٹامن بی (12) اور وٹامن سی کی کمی ہو اور اسے پورا کرنے کے لئے انجکشن اور کیپسول کھانے پر مجبور ہوں۔ ایسے افراد آلو بخارا تازہ یا خشک جو بھی میسر ہو سکے دن میں چند دانے کھا لیں، چند ہفتے مسلسل استعمال کرنے سے مہنگی ادویات سے نجات مل جائے گی۔ سرد مزاج، بوڑھوں، نزلہ کھانسی کے مریضوں اور اعصابی درد رکھنے والے مریضوں کو آلو بخارا سے پرہیز کرنا چاہیے۔

قلم پر دم کر کے امتحان دیں اور اعلیٰ پوزیشن حاصل کریں

(ایک طالبعلم، لاہور)

امتحانات میں نمایاں نمبروں کے ساتھ کامیابی اور اچھی پوزیشن حاصل کرنے کے لئے میرے پاس نہایت مجرب عمل ہے۔ اس عمل کو میں نے بارہا مختلف سٹوڈنٹس کو بتایا جس کے شاندار نتائج موصول ہوئے۔ حال ہی میں ایک سٹوڈنٹ جس کے سالانہ امتحان قریب تھے اسے یہی عمل بتایا۔ اس عمل کی بدولت اس سٹوڈنٹ نمایاں نمبروں کے ساتھ پوزیشن حاصل کی۔ آج یہ عمل عبقری رسالہ کی نذر کر رہا ہوں۔ میری طالب علموں سے درخواست ہے کہ وہ اس عمل کی قدر کر لیں ان شاءاللہ تعلیمی میدان میں کبھی بھی ناکامی نہیں ہوگی اور کامیابیاں قدم چومیں گی۔ وہ عمل یہ ہے۔

1) جب بھی امتحانات قریب ہوں تو روزانہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ اس دعا کی ایک تسبیح پڑھیں۔ ’’یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ‘‘۔ 2) سورۃ القلم روزانہ ایک بار اپنے استعمال ہونے والے قلم، پین اور مارکر وغیرہ پر پڑھ کر کمرۂ امتحانات میں لے جائیں۔ 3) سوالیہ پرچہ دیکھنے سے پہلے سات بار سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ‘‘ پڑھ لیں۔ جب پیپر شروع کرنے لگیں تو تین بار اسی قلم پر یہ آیت ’’نٓ وَ الْقَلَمِ وَ مَا یَسْطُرُوْنَ‘‘ پڑھ کر استعمال کریں۔ (4) دوران امتحان اگر کچھ بھول جائیں یا دنہ آ رہا ہو تو قلم کان کے اوپر رکھ کر درود پاک پڑھیں ان شاءاللہ ذہن کی گرہیں کھل جائیں گی اور بھولی ہوئی بات یاد آ جائے گی۔ (5) پیپر مکمل ہونے کے بعد صفحے کے آخر میں انگلی کے اشارے سے ان شاءاللہ لکھیں۔ 6) انگلی کے اشارے سے دائیں صفحہ پر کھیعص اور بائیں صفحے پر حمعسق لکھیں۔ (7) جب تک رزلٹ تک نہ آئے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یَا حَسِیْبُ کی پڑھیں اس کے علاوہ کھلا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

مجھ پر ہر دوا بے اثر ہوچکی ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ہروقت طبیعت خراب رہتی ہے۔ معدہ خراب، پیٹ میں درد اور بھوک بھی نہیں لگتی۔ معدے کی دوائی کھاؤں تو اس سے مزید درد بڑھ جاتا اور طبیعت خراب ہوجاتی ہے۔ پٹھوں میں ہروقت درد رہتا ہے۔ کسی دوائی کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ہروقت بے چینی اور گھبراہٹ‘ ذہن میں وسوسے آتے ہیں۔ پیٹ میں ہروقت گیس اور درد رہتا، آپ کوئی ایسا عمل بتائیں کہ مجھے اللہ عزوجل صحت کاملہ عطا فرمائے۔ میں کسی قسم کی دوائی کھاتی جاؤں مزید طبیعت خراب ہوجاتی ہے۔ میرے اس مسئلے کے لیے مجھے کوئی وظیفہ بتایئے۔ (عذرا اکبر، واہ کینٹ)

جواب: دنیا کی لاعلاج بیماری یا روحانی روگ جس نے آپ کو بے بس اور مجبور کردیا ہو‘ بارش کے پانی کے اس عمل سے جسم کے گوشت پوست اور ہڈی ہڈی سے یہ بیماری نکل جائے گی۔ جب بارش ہو تو صاف برتنوں میں بارش کا پانی جمع کرلیں۔ اس کو نتھار کر کسی برتن میں محفوظ کرلیں۔ اب ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ستر ستر مرتبہ آخری تین قل پڑھ کر اس پانی پر دم کریں۔ سارا دن کھانے پینے میں یہی پانی استعمال کریں‘ یہ پانی کائنات کا انوکھا شفائی راز ہے۔

غیبی مدد اور قبولیت کیلئے فیصلہ کن عمل

میں فیکٹری میں ملازمت کرتا ہوں اور مکان بھی رینٹ پر ہے۔ میری بیٹی کی اگلے ماہ شادی ہے اور بیٹی کی شادی کرنے کا میرے پاس کوئی بندوبست نہیں ہے۔ سفید پوش ہوں کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلا سکتا‘ غیبی مدد اور جلد قبولیت کے لئے عمل بتایئے۔ آپ کی بہت نوازش ہوگی۔ (ظ۔ا، لاہور)

جواب: ناممکن کو ممکن بنانے کے لئے ایک نہایت مجرب عمل ہے جس نے کیا وہ کبھی نامراد نہیں ہوا‘ اللہ کے خزانوں سے اس کی جھولیاں بھر گئیں۔ مسلسل گیارہ دن تک روزے رکھیں اور روزانہ گیارہ سو مرتبہ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْر اول آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ یہ عمل فیصلہ کن عمل ہے۔ آپ کے لئے غیب سے اسباب پیدا ہوجائیں گے۔

تیس خاندان مجھے ٹھکرا چکے ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 36 سال ہے لیکن ابھی تک رشتے کا کوئی سبب نہیں بنا۔ مجھ سی چھوٹی تین بہنیں ہیں کسی کا بھی رشتہ نہیں ہورہا جو رشتہ کے لئے آتا ہے وہ کہتا ہے کہ عمر زیادہ ہے۔ دس سال سے ہم رشتوں کے لئے کوشش کررہے ہیں۔ اب تک میرا رشتہ دیکھنے تیس خاندان آچکے ہیں۔ آپ سے التجا ہے کہ کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس سے ہمارا یہ مسئلہ جلد حل ہوجائے۔ (پوشیدہ)

جواب: آپ اپنے وزن کے بقدر چاول لیں۔ ایک مٹھی چاولوں پر اللہ الصمد پڑھ کر باقی چاولوں میں مکس کرلیں اور دریا میں یا جہاں پانی زیادہ ہو اور مچھلیاں ہوں‘ وہاں ڈال دیں۔ اگر پہلی مرتبہ مراد پوری نہ ہو تو یہ عمل تین مرتبہ بھی کرسکتے ہیں۔

بیٹی ڈاکٹر بننا چاہتی ہے! مگر۔۔۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا اپنا کاروبار کرنا چاہتا ہے جبکہ بیٹی سیکنڈ ایئر پری میڈیکل کی طالبہ ہے۔ وہ ڈاکٹر بننا چاہتی ہے۔ ایسا وظیفہ عنایت فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ دونوں بچوں کو کامیابیاں عطا فرمائے اور نیک انسان بنائے۔ بیٹی کے ساتھ ایک مسئلہ ہے کہ اس کے سر میں اکثر درد رہتا ہے‘ ڈرتی بھی بہت ہے۔ اسے خواب میں چھپکلی اور بھینسیں ڈراتی ہیں۔ حقیقت میں بھی جب وہ کمرے‘ باتھ یا کچن کا دروازہ کھولتی ہے تو سامنے چھپکلی نظر آتی ہے۔ اس کے لئے وظیفہ اور دعا فرمادیجئے۔ (پروین رمضان، چیچہ وطنی)

جواب: اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچوں کا مستقبل بہترین ہو اور انہیں ہر میدان میں عزتیں، ترقیاں، کامیابیاں اور راحتیں ملیں تو گھر کے تمام افراد یا جتنے بھی ہوسکیں وہ سورۂ توبہ کی آخری دو آیات دن میں ایک تسبیح یا صبح و شام ایک ایک تسبیح توجہ دھیان سے پڑھیں۔ ان آیات میں دنیا آخرت کے خزانے اور نعمتیں ہیں۔ بیٹی پر جو شیطانی اثرات ہیں وہ بھی اسی وظیفے کی برکت سے ختم ہوجائیں گے۔

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

جادو سے تڑپتے سلگتے خط اور علاج

آپ بھی اپنے مسائل کیلئے خط لکھیں

رازداری کا خیال رکھا جائے گا

کند ذہن بچوں کے لئے انمول تحفہ!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزارش ہے کہ میرا بیٹا او لیول کے امتحان کی تیاری کررہا ہے‘ جو پڑھتا ہے اسے یاد نہیں رہتا‘ کند ذہن ہے۔ امتحان میں دو مہینے رہ گئے ہیں۔ مہربانی کرکے کوئی وظیفہ بتا دیجئے کہ میرا بیٹا اچھے نمبروں سے امتحان میں کامیاب ہوجائے۔ عین نوازش ہوگی۔ (عصمت خانم)

جواب: سورۂ مزمل کی آیت نمبر 8 وَ اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا روزانہ 101 مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرکے بچے کو پلائیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے کند ذہنی دور ہوجائے گی اور آپ کا بچہ ذہین ہوجائے گا۔

لڑکی پر جنات کی نظر بد کے اثرات!

میری چھوٹی بہن بہت بیمار رہتی ہے۔ پچھلے ماہ سے وہ شدید ذہنی دباؤ سے دوچار ہے۔ اس کی طبیعت اکثر عصر سے مغرب کے دوران شدید خراب ہوجاتی ہے۔ اس کو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے دَم گھٹ رہا ہے اور سانس بند ہورہا ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے اس کا دل پھٹ جائے گا اور اس کے ساتھ ہی ٹانگوں میں درد اور شدید بے چینی ہونی شروع ہوجاتی ہے۔ اب وہ بہت گم سم سی رہنے لگی ہے۔ (محمد توصیف، لاہور)

جواب: استخارے کے مطابق آپ کی ہمشیرہ پر خبیث جنات کی نظر بد کے اثرات ہیں۔ اس کا بہترین علاج روحانی غسل ہے۔ روحانی غسل کا طریقہ یہ ہے کہ آخری چھ سورتیں مع تسمیہ اول و آخر 3 دفعہ درود شریف کے ساتھ تین مرتبہ پڑھیں اور اسکے بعد بیت الخلاء کی دعا پڑھ کر بایاں پاؤں غسل خانے میں رکھ کر اندر چلے جائیں، سنت کے مطابق غسل کریں، نہاتے وقت مسلسل دل ہی دل میں بیت الخلاء کی مسنون دعا پڑھتے رہیں، زبان سے بالکل نہ پڑھیں اور اپنی بیماری اور پریشانی کا تصور کرتے رہیں کہ وہ بھی اس پانی کے ساتھ ڈھل رہی ہے اور اس کے بعد جب باہر آئیں تو سیدھا پاؤں باہر رکھیں اور پھر اسی ترتیب سے آخری چھ سورتیں پڑھیں جیسے پہلے پڑھیں تھیں۔ نوٹ: جنابت کی حالت میں نہانے سے پہلے چھ سورتیں نہ پڑھیں بلکہ نہانے کے بعد پڑھ لیں۔

ہاتھوں کی پشت پر ابھرنے والی رگیں کس بات کی علامت

فاطمہ رشید

ہاتھوں سے عمر کے اثرات زیادہ نمایاں نظر آتے ہیں۔ بڑھتی عمر کے ساتھ ساتھ چہرے پر کم مگر ہاتھوں کی اوپری جگہ شدید متاثر ہوتی ہے۔ اس لیے کہا جاتا ہے کہ اگر کسی بھی شخص کی اصل عمر کا پتہ چلانا ہو تو اس کے ہاتھوں کو دیکھنا چاہیے۔ ہاتھ ظاہری شخصیت یا جسمانی ساخت کا وہ حصہ ہیں جو ہر وقت سامنے رہتے ہیں' اس لیے اگر یہ بھدے اور جھریوں زدہ ہوں گے تو دوسروں پر ان کا برا تاثر قائم ہوگا۔ اس کی بنیادی وجہ بھی یہ ہے کہ ہر عمر کے افراد خصوصاً خواتین کم یا زیادہ مگر اپنے چہرے کا ضرور خیال رکھتی ہیں لیکن ہاتھوں کی حفاظت اور خیال کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

تیز دھوپ کا ہاتھوں پر اثر اور اس کا حل

ایسی چند اہم باتیں جن کی وجہ سے ہاتھ چہرے سے زیادہ عمر رسیدہ نظر آتے ہیں۔ ☆ عمر کے اثرات یا داغ ہاتھوں پر ظاہر ہونے والے اسپاٹ کا تعلق دراصل بڑھتی ہوئی عمر سے ہرگز نہیں ہوتا۔ یہ سورج کی شعاعوں کا نتیجہ ہوتا ہے جس کا اثر گرمی کے موسم میں زیادہ ہوتا ہے۔ ہاتھوں کی جلد سکڑنے لگتی ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ اعلیٰ قسم کا سکن اسکرب یا لوشن ہاتھوں کی پشت پر لگائیں خاص طور پر گرم موسم کی وجہ سے جب ڈرائیونگ کے دوران 90 سے 98 فیصد سورج کی الٹراوائلٹ تیز شعاعیں محسوس ہوتی ہیں۔ ہاتھوں کی جلد بہت جلد خشک ہو جاتی ہے بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے اس کی وجہ مختلف کیمیکل ڈٹرجنٹ کا استعمال کرنا ہے۔ ہاتھوں کی جلد کو نرم اور ملائم بنانے کے لیے ان کا روزانہ مساج کریں۔ اس ضمن میں اولیو آئل اور چینی کا اسکرب بہترین مساج کا کام دیتے ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک چوتھائی ٹی اسپون دونوں اشیاء زیتون کا تیل اور چینی کو باہم ملا کر ہفتہ میں ایک بار ہاتھوں کی پشت پر مالش کریں۔ اس سے ہاتھوں کی جلد نرم و ملائم ہو جائے گی۔

سمندری نمک اور لیموں کا استعمال

روزمرہ کے کاموں میں ہاتھوں کی صفائی کا بھی معمول اپنائیں اپنے ہاتھوں کی حفاظت اور ان پر پڑنے والی لائنوں، داغ، جھریوں اور اسکن کینسر سے بچانے کے لیے سمندری نمک اور لیموں کے رس کو ملا کر بہترین ہوم میڈ سکرب تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس سکرب کو کسی پرانے اور فالتو برش کی مدد سے ہاتھوں کی پشت پر مساج کریں اس طرح سکن کے مردہ خلیات کا خاتمہ ہوگا اور سکن جاندار لگنے لگے گی۔ ہاتھوں کی اوپری جلدی کا خراب حصہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ آپ کی غذا میں فیٹی ایسڈ جیسے کمپاؤنڈ کی شدید کمی ہے۔ چہرے کی طرح ہاتھوں کی جلد کو بھی اسی حفاظت کی ضرورت ہوتی ہے۔ کھانوں میں ایسے اجزاء کی مقدار بڑھائیں جن میں فیٹی ایسڈ موجود ہو جیسے گرمیوں میں پودینہ' ناریل' چیا سیڈز اور سردی میں مچھلی وغیرہ۔ اپنی غذا میں موسمی سبزیوں اور پھلوں کے استعمال کو بھی جاری رکھیں۔

بدنما اور ڈھیلے ہاتھوں کی جلد کا علاج

ہاتھوں کی پشت پر ابھرنے والی لائنیں اور رگیں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ آپ کی جلد شدید پانی کی کمی کا شکار ہیں۔ اس کے حل کے لئے دن میں کم سے کم دو لیٹر پانی ضرور پئیں۔ اس سے آپ کے ہاتھوں پر موئسچرائزر کا لیول ہموار رہے گا۔ گرمی کے موسم میں اپنے ساتھ ہر جگہ پانی کی بوتل رکھیں اور وقفہ وقفہ سے اس کے گھونٹ بھرتے جائیں۔ ایسی سبزیوں اور پھلوں کا استعمال بھی کرتے رہیں جن میں پانی کی مقدار پائی جاتی ہو۔ جیسے کھیرا، ٹماٹر وغیرہ۔ ہاتھوں کو دھونے کے بعد انہیں تولیہ سے خشک کرنے کی بجائے قدرتی ہوا میں خشک کریں۔ اس کے علاوہ ابلے ہوئے دو یا تین آلو کو اچھی طرح چھیلنے کے بعد میش کرلیں اور دودھ ملا کر ایک گاڑھا پیسٹ تیار کریں۔ پندرہ سے بیس منٹ تک ہاتھوں کی اوپری جلد پر لگائیں اور دھونے کے بعد زیتون کا تیل لگالیں۔ اس ماسک سے ہاتھوں کی جلد ٹائٹ ہونے کے ساتھ ساتھ نرم اور ملائم بھی ہو جائے گی۔

دہکتے سورج اور گرمی کے امراض کا حل' جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ مشروب

سخت گرمی کے دنوں میں ایک ایسی جگہ جانا ہوا جہاں نہ اے سی اور نہ کوئی کولر صرف پنکھا تھا جو جھلساتی ہوئی گرم ہوا پھینک رہا تھا۔ گرمی جسم کو مسلسل نچوڑ رہی تھی' وہاں جانے سے پہلے مجھے گرمی کا اندازہ تو تھا لیکن اس قدر تپتی اور جھلسا دینے والی گرمی ہو سکتی ہے اس کا اندازہ نہیں تھا۔ میں نے اس علاقے میں کچھ عرصہ قیام کرنا تھا اس لئے میں نے مشروب عبقری افزاء کی کچھ بوتلیں اپنے ساتھ رکھی ہوئی تھیں اور ایک پیکٹ میں بالنگو بھی ساتھ رکھ لئے تھے۔ میں جگ میں ٹھنڈا پانی بھرتا اور اس میں مشروب عبقری افزاء اور بالنگو گھولتا جاتا اور گھونٹ گھونٹ پیتا جاتا' ایسا محسوس ہو رہا تھا آگ سے نکل کر کسی ٹھنڈی ندی کے کنارے کسی باغ میں بیٹھا ہوا ہوں اور جسم میں گرمی کی حدت اور شدت کا اثر ختم ہو کر جسم بالکل فریش اور تروتازہ ہو رہا ہے۔ گرمی اور لُو کی اتنی شدت تھی کہ کچھ ہی دیر میں گرمی پھر جسم کو بے سدھ کرنے لگتی کیونکہ میرا جسم اس گرمی کا عادی نہیں تھا' مجھے کچھ اللہ والوں نے کہا کہ ہمارے ساتھ چلیں اللہ کے راستے میں کچھ وقت لگائیں۔ مجھے بھی ایسے قافلوں میں جانے کا شوق تھا میں نے بخوشی ہاں کر دی۔ جب وہاں پہنچے تو میرا جسم اچانک جھلسا دینے والی گرمی کو برداشت نہ کر پایا' لیکن ٹھنڈے اور میٹھے گرمی کے توڑ مشروب نے میرا خوب ساتھ دیا میں تقریباً تین دن وہاں رہا اور مشروب عبقری افزاء میں بالنگو گھول کر پیتا رہا اور سورج سے نکلتی آگ کا مقابلہ کرتا رہا اور اپنے ساتھیوں کو بھی یہی مشروب پلاتا رہا' جو بھی پیتا وہ بار بار مانگتا اور خوش ہو کر دعائیں دیتا۔ اس مشروب کا ایک اور فائدہ مجھے ایک دوست نے بتایا کہ اسے جریان کا مسئلہ تھا جس وجہ سے وہ کافی پریشان تھا لیکن مشروب عبقری استعمال کرنے بہت سکون ملا ہے۔ میں نے انہیں بھی عبقری کے بارے میں بتایا ہے حضرت حکیم صاحب کی بالنگو کے بارے میں زبردست تحقیق کے بارے میں بتایا کہ بالنگو صرف گرمی کا توڑ نہیں بلکہ جسم کو تندرست و توانا رکھنے کا راز ہے۔ بالنگو کو جب مشروب عبقری افزاء میں مکس کرتے ہیں تو یہ بہت باکمال غذا' شفاء اور دوا بن جاتا ہے کیونکہ مشروب عبقری کو خالص جڑی بوٹیوں سے تیار کیا گیا ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ گرمی میں لمبا سفر کرنے کے باوجود بھی اس کے پینے سے سفر کی تھکاوٹ ختم اور جسم بالکل تروتازہ رہتا ہے۔ (عبدالنصیر اعوان، خوشاب)

زندگی کیسے بدلی — پوشیدہ

بدبخت اور نحوست زدہ چہرہ دیکھنا ہے تو اِدھر آئیے!

قارئین! شیخ الوظائف کی محافل' موبائل (میموری کارڈ)' انٹرنیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں' انوکھی بات یہ ہے چونکہ دوران محفل اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں محفل سنی جاتی ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں' آپ بھی سنیں خواہ تھوڑی سنیں روزسنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت محفل چلے۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں' کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میرے بچپن میں ہی والد صاحب کا انتقال ہو گیا' والدہ بھی بیمار رہتی تھیں۔ بھائی شادی شدہ تھے' ان کی توجہ بیوی بچوں پر ہوتی۔ میں نے جب جوانی کی عمر میں قدم رکھا تو اس وقت میری تربیت کرنے والا کوئی نہیں تھا۔

گناہوں کی دنیا میں دھنستی چلی گئی

اس وقت جوانی کا حسن و جمال تھا، میرے رنگ، روپ اور چہرے کی خوبصورتی پر خاندان کے اندر اور باہر سب لوگ فدا تھے۔ مجھے اپنے آپ پر بہت ناز تھا۔ اس نوجوانی کی عمر میں ہی 12 سال پہلے کلینک میں آپ سے ملاقات ہوئی' آپ نے مجھے کچھ نصیحتیں کیں' آپ نے جن باتوں پر نصیحت فرمائی تھی وہ سو فیصد درست تھیں۔ لیکن شباب کے نشہ میں میں نے وہ تمام نصیحتیں ہوا میں اڑا دیں۔ وقت گزرتا گیا میں گناہوں کی زندگی میں بہت آگے نکل گئی۔ گھر کا ماحول جہالت میں ڈوبا ہوا تھا' ہر وقت لڑائی جھگڑا، گالم گلوچ عام تھی۔ ان سب چیزوں کو دیکھ کر مجھے گھر میں ہمیشہ گھٹن محسوس ہوتی' گھر کی فضا پر ہمیشہ خوف، بے اعتباری کی چادر چھائی رہتی۔

میرا پل پل گناہوں میں ڈوبا ہوا تھا

ان سب چیزوں کو دیکھ کر میں گناہوں بھری زندگی کا آسانی سے شکار ہو گئی اور پھر اس میں دھنستی ہی چلی گئی۔ کافی عرصہ میں غلط صحبت کا شکار رہی' ذہن لایعنی خیالات سے بھرا رہا۔ مجھے احساس نہ تھا کہ میں جس راستے پر چل رہی ہوں اس کا انجام رسوائی بدنامی کے سوا کچھ نہیں' میں جھوٹی خوشیوں اور نفسانی خواہشوں کے لئے اپنی دنیا اور آخرت برباد کرتی رہی۔ ان گناہوں کی نحوست کی وجہ سے نماز' روزہ اور اعمال ان تمام چیزوں سے دور ہو چکی تھی۔ پھر مجھے زمانہ کا تھپڑ ایسا پڑا کہ مجھے آپ کی 12 سال پہلے کی گئی نصیحتیں یاد آنے لگیں جو آپ نے میری اصلاح سے متعلق کی تھیں۔ مجھے اپنے آپ پر بہت شرمندگی ہونے لگی۔ بیماری نے آن گھیرا' ٹینشن' ڈیپریشن میں رہنے لگی' ایک پل کا بھی سکون نصیب نہیں ہوتا تھا۔ میرا جسم بیماریوں کا گھر بن گیا تھا۔ وہ حسن و جمال جس پر اپنے پرائے سب فدا تھے، سب ختم ہو گیا۔ معاشرے میں میرا مذاق بن کر رہ گیا۔ ہر بندہ میری تذلیل کرتا' غربت نے آن گھیرا۔ ہر طرف نفرتوں کے شعلے مجھے جلاتے رہے۔ اپنوں کے طعنے ملتے رہے۔ پہلے خاندان میں تمام لوگ جو تعریف کرتے نہ تھکتے تھے' اب دیکھنا بھی گوارا نہ کرتے۔ یہاں تک کہ میں بدبخت اور نحوست زدہ چہرے والی کہلانے لگی۔ ایسی باتیں سن کر' غم سہہ کر مزید بیمار ہو گئی اور نفسیاتی مریضہ بن گئی' سب رنگ و روپ جل گیا، چہرے کی رونق اور معصومیت ختم ہو گئی'' نحوست عیاں تھی اور خستگی نے مستقل چہرے پر ڈیرے جما لیے۔ ایک وقت تھا جب شادی کے لئے کئی رشتے آتے تھے مگر عالم یہ ہو گیا کہ لوگ رشتہ دیکھنے کے لئے آتے اور دیکھ کر چلے جاتے اور کوئی نہ کوئی وجہ بنا کر انکار کر دیتے۔

آخر میں نے رب کو منانے کا فیصلہ کرلیا

مجھے اپنے گناہوں پر سخت ندامت ہوئی' اپنی غلطیوں کا احساس ہونے لگا۔ آخر میں نے رب کو منانے کا فیصلہ کیا۔ تنہائی میں اللہ جل شانہ سے رو رو کر دعائیں کرتی اور معافی مانگتی' بہت عرصہ تک میں روتی رہی' ذکر اذکار کرتی اور پھر رب کو مناتی۔ اس دوران اچانک اللہ تعالیٰ نے میرے دل کو آپ کی نصیحتوں کی طرف متوجہ کیا۔ اس وقت پچھتاوے کے علاوہ کچھ نہ تھا کہ کاش میں آپ کی نصیحتوں پر عمل کر لیتی' گناہوں بھری زندگی کو چھوڑ کر اللہ سے رجوع کر لیتی۔ میں نے آپ کی روحانی محافل کو سننا شروع کیا جس سے زندگی بدلنا شروع ہو گئی۔ ایسا محسوس ہونے لگا جیسے آنسوؤں سے گناہوں کے داغ دھلنے لگے ہیں۔ ایک مرتبہ آپ نے روحانی محفل میں فرمایا: ''دراصل اعتراف جرم ہی معافی کا ثبوت ہے''۔ آپ کی اس بات سے کچھ تسلی ہوئی۔ روحانی محفل کی برکت سے زندگی میں بہت تبدیلی آچکی ہے۔ نیک اعمال والی زندگی نصیب ہوئی جس سے زندگی میں خوشحالی کے دن آنا شروع ہو گئے (باقی صفحہ 59)

جنات کی خباثتیں

خبیث جنات کے وار! عامل بھی عاجز آگئے

میرے ساتھ کافی عرصہ سے جنات کا مسئلہ ہے۔ یہ خبیث مختلف طریقوں سے تنگ اور پریشان کرتے۔ خواب کے ذریعے اور اکثر جاگتے ہوئے بھی ایسی خبیث حرکات کرتے جو کہ ناقابل بیان ہیں۔ جب عامل حضرات علاج کی کوشش کرتے تو جنات مجھے مزید تنگ کرنا شروع کر دیتے۔ خواب میں ڈراؤنی شکل کے جانور اور جنات نظر آنے لگتے۔

ایک آنکھ اور ناک والے جنات

جسم گندگی کے ڈھیر میں لپٹا ہوا نظر آتا۔ شروع میں یہ جنات سایہ کی شکل میں نظر آتے تھے مگر بعد میں جاگتی آنکھوں سے دکھائی دینے لگے۔ میں جب بھی آنکھ بند کرتی تو فوراً ایک آنکھ اور ناک والے جنات نظر آتے جو جسم کو بُری طرح نوچنے لگتے اور اس کے بعد مجھے اپنے کاندھوں پر بہت زیادہ بوجھ محسوس ہوتا۔ جب کبھی شادی وغیرہ کے موقع پر تیار ہونے کی کوشش کرتی ہوں تو میری آنکھیں بھاری ہو جاتی اور اس رات خواب میں کوئی بری طرح بالوں کے ساتھ کھیلتا ہوا باقاعدہ محسوس ہوتا۔ مجھے بیت الخلاء جاتے ہوئے بھی ڈر لگتا اور رات کے وقت کمرے میں بھی لائٹ آن کر کے سوتی۔

خباثتیں کم ہونے کی بجائے مزید بڑھ گئیں

گھر والوں نے جب میری شادی کے لئے رشتہ تلاش کرنے کی کوشش کی تو خواب میں جنات نے دھمکی دی کہ تمہاری شادی نہیں ہونے دیں گے۔ ماہانہ ایام میں ان کی خباثتیں مزید بڑھ جاتیں اور مزید تنگ کرنا شروع کر دیتے۔

ایک دن آپ سے کلینک میں ملاقات ہوئی' آپ نے دم کیا' دو رکعت نفل حاجات اور تین بار سورۂ یٰسین کا عمل' 21 جمعراتیں روحانی محفل میں حاضری' وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے جس کے پہلے گھونٹ میں اللہ شافی' دوسرے میں اللہ کافی اور تیسرے میں اللہ معافی پڑھتے ہیں' بیت الخلاء کی دعا اور روحانی محفل میں مسلسل حاضری دینے کا فرمایا۔ ان اعمال کی برکت سے جنات کی خباثتیں کم ہو گئیں' میں نے اعمال کو جاری رکھا جن کی برکت سے اگر کبھی خواب میں جنات آ بھی جائیں تو تڑپتے اور زنجیروں میں بندھے نظر آتے ہیں۔ اب نیک بزرگ ہستیاں خواب میں دم کرتی ہیں اور حرمین شریفین کی زیارت ہوتی ہے۔ ڈپریشن' وساوس اور خوف رہتا تھا اور محسوس ہوتا کوئی جادو کے وار کر رہا ہے مگر اب یہ مسئلہ ختم ہو چکا ہے۔ اللہ آپ کو برکت وصحت والی زندگی دے اور آپ کا سایہ ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین (ج' لاہور)

خطرناک حادثہ میں دعا کا کرشمہ ایک سچا واقعہ

(ع، ننکانہ صاحب)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو برکت والی لمبی زندگی دے اور آپ کو اور آپ کی نسلوں کو قیامت تک شاد و آباد رکھے اور آپ کا سایہ ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آپ کی وجہ سے ہمیں جینے کا طریقہ آیا۔ خشوع و خضوع کے ساتھ نماز پڑھنا آ گئی ہے اور آپ کی بتائی ہوئی ساری مسنون دعائیں پڑھتے ہیں۔ آپ کا بتایا ہر وظیفہ کرتے ہیں، زندگی میں سکون آ گیا ہے۔ ہم سب گھر والے آپ کا درس بہت شوق سے سنتے ہیں۔ گزشتہ سال آپ حج پر ایک مہینہ کیلئے گئے تو ہم تو اُداس ہو گئے۔ بس شدت سے انتظار تھا کہ کب آپ واپس آئیں اور آپ کا درس سنیں اور آتے ہی آپ کا پہلا درس سُن کر بہت سکون ملا۔ آپ کی وجہ سے مسنون دعائیں زندگی کا حصہ بنیں جن کی برکت سے نیکیاں بھی ملتی ہیں اور دعائیں بھی قبول ہوتی ہیں۔ اسی ضمن میں اپنا ایک سچا واقعہ پیش کرنا چاہوں گی۔

گھر میں اچانک سانپ گھس آیا

ایک دن میرے بھائی رات کے وقت بازار جا رہے تھے تو راستے میں اُن کے سامنے دو بہت بڑے خطرناک سانپ آ گئے۔ اس وقت بھائی کے ساتھ کزن بھی تھے انہوں نے وہ سانپ مار دیا اور میرے بھائی اور کزن کہنے لگے کہ دوسرا سانپ اچانک غائب ہو گیا' وہ نظر نہیں آیا' اس واقعہ کے بعد بھائی گھر آ گئے۔ ٹھیک چار یا پانچ دن بعد وہ سانپ جو بھاگنے میں کامیاب ہو گیا تھا وہ ہمارے گھر آ گیا۔ میں نے فوراً پہچان لیا کیونکہ بھائی نے اس سانپ کی رنگت اور نشانی بتائی تھی۔

بھائی کی جان کو خطرہ

میں اس وقت عشاء کی نماز پڑھ رہی تھی اور میرے بھائی چارپائی پر بیٹھے تھے۔ میں نے سلام پھیرا تو دیکھا کہ وہ سانپ ہمارے صحن میں دیوار کے ساتھ ساتھ کمرے کی طرف آ رہا تھا۔ اچانک میرے بھائی کی نظر پڑی تو وہ سانپ کی طرف بھاگے مگر اندھیرا ہونے کی وجہ سے وہ نظر نہ آیا۔ بھائی ٹارچ لے کر گئے۔ میں یہ تمام منظر دیکھ کر سہم گئی۔ کیونکہ رات کا وقت تھا' روشنی بھی نہیں تھی' خطرہ تھا کہ کہیں وہ سانپ ڈس نہ لے۔ اس دوران مجھے آپ کی بتائی ہوئی مسنون دعا اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ یاد آئی۔ یہ دعا صبح و شام میرے معمول میں شامل تھی۔ میں نے جائے نماز پر بیٹھے یہ دعا پڑھنا شروع کر دی اور دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ سے حفاظت کی دعا کرنے لگی۔ آپ نے فرمایا تھا کہ اس دعا کو پڑھنے سے اگر موت کا وقت ہو تو الگ بات ہے ورنہ انسان ہر شر سے محفوظ رہتا ہے۔ جب ٹارچ لائٹ کی روشنی جلائی تو دیکھا وہ دیوار کے ساتھ تھا۔ بھائی نے ڈنڈے کے ذریعے مارا تو وہ میرے بھائی کی طرف آیا اور کھڑا ہو کر پھنکارنے لگا۔

دل ڈوب گیا مگر ہمت نہ ہاری

اس وقت میرا دل ڈوبنے لگا' مجھ میں ہمت نہ ہو رہی تھی کہ کچھ کر سکوں' بس وہیں پر بیٹھے مزید توجہ کے ساتھ دعا پڑھنا شروع کر دی اور دل ہی میں اپنے بھائی کی زندگی کے لئے فریاد کرنے لگی۔ اسی اثناء میں وہ سانپ بھائی کی طرف لپکا لیکن بھائی نے بروقت اسے تین سے چار ڈنڈے مارے تو وہ گر پڑا اور مر گیا۔ بھائی نے غور سے دیکھا تو بتایا یہ وہی سانپ ہے جو کل بچ گیا تھا۔ وہ سانپ بہت خطرناک تھا مگر اس مسنون دعا کی برکت سے میرا بھائی اور ہم سب گھر والے اس کے شر سے محفوظ رہے۔

ہماری دعائیں رد نہیں ہوتیں

اس کے علاوہ ہمارا بارہا کا آزمودہ عمل ہے کہ ہم نے کوئی بھی کام کرنا ہو تو ہم یہ کہیں کہ یا اللہ پاک اگر آپ کو شیخ الوظائف پسند ہیں تو ہمارا یہ کام کر دے تو یقین کریں ہمارا کام ہو جاتا ہے اور دعا کبھی رد نہیں ہوئی۔ ہم تمام گھر والے روحانی محفل آن لائن سنتے ہیں۔ ایک دن انٹرنیٹ نہیں آ رہا تھا تو ہم نے اللہ سے اسی طریقہ سے دعا کی تو کچھ ہی دیر میں انٹرنیٹ آ گیا اور ہم تمام گھر روحانی محفل میں شریک ہو گئے۔

جنت کی آرزو میں دوزخ کا سفر

مولانا وحید الدین خان (مرحوم)

''ہر آدمی جنت کی تلاش میں ہے مگر ہر آدمی اپنی جنت کو دوزخ میں تلاش کر رہا ہے''۔ میری زبان سے بے ساختہ نکلا' لوگ کانٹوں میں پھول کو ڈھونڈ رہے ہیں، وہ اپنی زندگی کو کھنڈر کر رہے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ بہت جلد ان کیلئے ایک شاندار محل کھڑا ہونے والا ہے''۔ ہر آدمی اپنی زندگی کو سنوارنے میں لگا ہوا ہے۔ کوئی تجارت اور ملازمت کے میدان میں محنت کر رہا ہے، کوئی دنیا کے کسی شعبہ میں اپنا نام اونچا کرنے کیلئے سرگرم ہے۔ کسی کا دماغ خوبصورت الفاظ کا کارخانہ بنا ہوا ہے تاکہ وہ عوام کی بھیڑ کو زیادہ سے زیادہ اپنے گرد جمع کر سکے۔ ہر آدمی اپنے ذہن میں اپنے مستقبل کا ایک سہانہ خواب لیے ہوئے ہے اور ہر آدمی اپنے خواب کو واقعہ بنانے میں رات دن مصروف ہے مگر لوگوں سے قریب ہو کر ان کو دیکھیے تو معلوم ہو گا کہ اپنے خوابوں کی دنیا کو حاصل کرنے کے لئے لوگوں کے پاس عمل غیر صالح کے سوا کوئی سرمایہ نہیں۔

آدمی اپنے رشتہ داروں کے حقوق سے بے پرواہ ہو کر اپنے بچوں کا مستقبل سنوارنا چاہتا ہے۔ وہ اپنے پڑوسیوں کو دکھ پہنچا کر دور کے لوگوں میں خوش نام ہونے کی تدبیریں کر رہا ہے۔ وہ اپنے ذاتی معاملات میں بے انصافی کر کے باہر کی دنیا میں انصاف کا علمبردار بنا ہوا ہے۔ وہ اپنے خلاف ایک لفظ سننے کے لئے تیار نہیں مگر دوسروں کے خلاف سب کچھ کہنے اور کرنے کے لئے وہ اپنے آپ کو خدائی فوجدار سمجھتا ہے۔ خدا نے اپنی دنیا میں انسان کیلئے جو وہ چاہتا ہے وہ سب کچھ رکھا ہے۔ بلکہ اس سے زیادہ بھی' مگر خدا کی دنیا میں ہر اچھی چیز کو پانے کا ذریعہ اچھا عمل ہے۔ خدا کا انعام ان لوگوں کو ملتا ہے جو اپنے متعلقین کے حقوق ادا کریں جو اپنے پڑوسیوں کو اپنے شر سے بچائیں جو اپنے اہل معاملہ کے ساتھ انصاف کریں' خود پسندی کے بجائے خدا پسندی کے اوپر اپنی زندگیوں کو اٹھائیں۔ جو لوگوں سے حق اور عدل کی بنیاد پر معاملہ کریں نہ کہ اکڑ اور خودغرضی کی بنیاد پر' جو حق کے آگے جھک جائیں' چاہے وہ ان کے خلاف کیوں نہ ہو۔ جو اپنی انا کو خدا کے حوالے کر دیں اور خدا کی دنیا میں بے انا بن کر رہنے پر راضی ہو جائیں۔ لیکن اس کے برعکس لوگ جہنمی انگاروں میں کودتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ وہ خوبصورت پھولوں سے کھیل رہے ہیں۔ وہ دوزخ کے راستوں میں دوڑ رہے ہیں اور خوش ہیں کہ بہت جلد وہ جنت کے باغوں میں پہنچنے والے ہیں۔ آہ یہ وہ قافلہ ہے جس کے پاس جھوٹی خوش فہمی کے سوا اور کوئی سرمایہ نہیں۔ وہ لوگ ہیں جو خدا کی دنیا میں اپنے لیے ایک ایسی دنیا بنانا چاہتے ہیں جس کی خدا نے اجازت نہیں دی۔

دوستوں کیلئے شریک حیات کو نظر انداز کرنا' بھیانک غلطی

عبد المقتدر عرفان، اسلام آباد

جدید طرز زندگی نے ہمارے جینے کے طریقے بدل دیئے ہیں۔ بدلے ہوئے یہ طور طریقے رشتوں پر تیزی سے اثر انداز ہو رہے ہیں لیکن گھریلو زندگی کو بچانے کیلئے لازم ہے کہ ان طور طریقوں کو بدلے بغیر رشتوں اور محبتوں کے بندھن مضبوط کیے جائیں۔ زندگی روز بروز مصروف سے مصروف تر ہوتی جارہی ہے۔ معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کی غرض سے ہر شخص دیوانہ وار کام میں مصروف ہے۔ وقت محدود ہے اور مسائل لامحدود۔ ایک دوسرے سے رابطے کا فقدان مختلف نفسیاتی اور جذباتی مسائل کو جنم دیتا ہے۔ بیوی اور بچے جذباتی محرومی کا شکار اور آپس میں ذہنی دوری پیدا ہونے لگتی ہے۔ ایک مشہور ماہر نفسیات نے اس صورت حال کو اس طرح بیان کیا ہے کہ میاں بیوی ایک دوسرے سے لاتعلق ہو جاتے ہیں۔ ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ اپنے مسائل کے بارے میں کس کو اعتماد میں لیں۔ ان کی یہ مشکل اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب وہ آتش فشاں بن کر پھٹ پڑتی ہے۔ ماہرین نے اس پیچیدہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے چند اصول وضع کیے ہیں۔ ان تیر بہدف اصولوں پر عمل کیجئے اور ازدواجی زندگی کو پرلطف بنائیں۔

اپنی مصروفیت میں سے اہلخانہ کے لئے وقت نکالیں

چھوٹے اور بڑے یکساں طور پر مصروف ہیں۔ وقت کمیاب ہوگیا ہے اور سب ایک دوسرے کی رفاقت کو ترستے ہیں۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ اپنی مصروفیت میں سے کچھ وقت نکال کر گھر والوں کو دینا شروع کردیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ کسی کاروبار سے وابستہ ہیں جس میں آپ رات دیر تک مصروف رہتے ہیں تو اس کا آسان حل یہ ہے کہ اپنے روزمرہ کے اوقات سے ہٹ کر آدھا گھنٹہ پہلے کاروباری مصروفیات ترک کردیں اور اس کے علاوہ معمول سے ہٹ کر آدھا گھنٹہ دیر سے سونے کی ترتیب بنالیں' اس سے جو ایک گھنٹہ بچے گا وہ وقت اپنی بیوی اور بچوں کے ساتھ گزاریں۔ بہت سے لوگ اپنی ملازمت یا کاروباری اوقات کے بعد مختلف سماجی یا ذاتی ذمے داریاں قبول کرلیتے ہیں۔ سماجی طور پر الگ رہنے کے اپنے نقصانات ہیں' انہیں اچانک کم کر دینا یقیناً مشکل ہے مگر آپ یہ کام بتدریج کرسکتے ہیں۔

دوستوں کے لئے بیوی کو نظر انداز مت کریں

دوستوں کی اہمیت سے کون انکار کرسکتا ہے لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اکثر گھروں میں دوست تناؤ کا سبب بن جاتے ہیں۔ بچے عام طور پر شکایت کرتے ہیں کہ ان کے والدین اپنی شامیں دوستوں کے ساتھ گزارتے ہیں۔ بیوی کو اعتراض ہوتا ہے کہ ان کے شوہر انہیں نظر انداز کرتے ہیں اور اپنے دوستوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ سمجھدار شوہر اپنی بیوی اور بچوں کو نظر انداز کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ کیونکہ دوستوں کو زیادہ وقت دینے سے اہلخانہ احساس محرومی کا شکار ہو جائیں گے اور خود کو تنہا محسوس کرنے لگیں گے۔ بچے تنہائی سے راہِ فرار اختیار کرنے کیلئے مختلف راستے تلاش کریں گے اس عمل میں اگر وہ غلط راہ پر چل نکلے تو ان کی زندگی برباد ہو جائے گی۔ لہٰذا اپنے لطف کی خاطر اپنے بچوں کی زندگیاں برباد نہ کریں۔ بیوی کو بھی چاہیے کہ وہ مناسب وقت میں وقتاً فوقتاً ان باتوں کا شوہر کو احساس دلاتی رہے۔

پُراعتماد جذباتی ہم آہنگی

اکثر لوگ یہ کہتے ہوئے ملتے ہیں کہ ہماری گھریلو زندگی بہت متوازن ہے اور ہمارے درمیان افہام وتفہیم کی فضا پائی جاتی ہے اگر ایسے لوگوں سے تفصیلی گفتگو کی جائے تو معلوم ہوگا کہ وہ اپنی گھریلو زندگی کی روزمرہ ضرورتوں کو پورا کر کے اس گمان میں مبتلا ہیں کہ شاید آپس میں مفاہمت اور محبت کے جذبے فروغ پا رہے ہیں۔ یہ ایک ایسی خود فریبی ہے جس میں ہمیں اچھے خاصے پڑھے لکھے اور سمجھ دار لوگ بھی مبتلا نظر آتے ہیں۔ خوش گوار گھریلو زندگی کیلئے پُراعتماد جذباتی ہم آہنگی بہت ضروری ہے۔ یہ ہم آہنگی صرف اسی صورت میں پیدا ہوسکتی ہے جب گھر کے تمام افراد ایک دوسرے کو سمجھنے کیلئے شعوری کوششیں کریں۔

رات کا کھانا گھر والوں کے ساتھ کھائیں

آپ کتنے ہی مصروف کیوں نہ ہوں، یہ بات طے کرلیں کہ رات کا کھانا اپنے گھر والوں کے ساتھ کھایا کریں گے۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اپنی ناگزیر کاروباری (باقی صفحہ 59)

پرانی چیزیں دیں اور نئی لیں! عجب مارکیٹ کے نرالے اصول

داؤد حسین، لیہ

عبقری سے جب تعارف نہ تھا تو اس وقت ہم بے مقصد خدا کی نعمتوں کی بے قدری اور لایعنی زندگی گزار رہے تھے۔ جب کوئی چیز پرانی ہو جاتی 'اضافی کپڑے اور پرانے بیگ کاٹ کر پھینک دیتے تھے۔ الغرض ہر پرانی چیز کو توڑ کر ناقابل استعمال بنا کر پھینکتے تھے۔ جب اس متعلق شعور آیا تو یہ مسئلہ پیدا ہوا کہ یہ چیزیں کس کو دی جائیں؟ اس لیے نجانے کتنے نئے نئے جوڑے بھی کاٹ کر پھینک دیتے تھے۔ جب عبقری سے تعارف ہوا' رسالہ پڑھنا شروع کیا' روحانی محفل کو سننے لگے تو اس کی بدولت نعمتوں کی قدردانی کا جذبہ ملا۔ گھر میں اکثر رزق کی تنگی ہو جاتی تھی، کپڑے پرانے سے پرانے ہوتے جاتے، نئے لیتے تو کہیں اٹک کر پھٹ جاتے تھے۔ گھر کے کسی نہ کسی فرد پر کوئی نہ کوئی بیماری اور الجھن سوار رہتی تھی۔ اللہ پاک شیخ الوظائف کو برکت والی زندگی اور جزائے خیر عطا فرمائے' آمین۔ عبقری میگزین سے عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن کا پتہ چلا تو زندگی ہی بدل گئی۔ اس کے بعد پرانے کپڑے عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بھیجنا شروع کیے پھر عبقری سوشل میڈیا پر دیکھا کہ عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن نے انہیں مستحقین میں تقسیم کردیا۔ رفتہ رفتہ نعمتوں کی قدردانی' اعمال کی برکت، رزق کی قدر اور احتیاط پیدا ہوئی تو زندگی کے تمام معاملات بہتر ہونا شروع ہو گئے۔ معاشی نقصان اور بیماریاں کم ہونے لگیں۔ اگر کوئی آزمائش یا بیماری آ بھی جائے تو جلد ختم ہو جاتی ہے۔ اچانک کسی وجہ سے اکثر جو کپڑے پھٹ جاتے تھے الحمدللہ وہ سلسلہ ختم ہوگیا ہے۔ عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن میں ہدیہ دینے کی برکت سے اب کپڑے پرانے ہونے سے پہلے ہی نئے مل جاتے ہیں۔ بس کوشش کرتے ہیں کہ اگر نئے کپڑے ہیں تو مستحقین کو پہنچا دیئے جائیں۔ اب احساس ہوتا ہے کہ ہمارے ہر حصے میں ایک حصہ اللہ کی مخلوق کا ضرور ہوتا ہے اور وہ امانت ہے ان تک پہنچا دینا چاہیے۔ مخلوق کی اس خدمت سے رزق کی تنگی بھی ختم ہوگئی۔ بعض اوقات شرمندگی بھی ہوتی ہے کہ مستحقین کو نئے جوڑے اور چیزیں بھی دینی چاہئیں۔ اللہ سے مانگ رہی ہوں کوشش بھی جاری ہے۔

کانوں میں سیٹیاں بجتی ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ پندرہ بیس سال سے مجھے ایک عارضہ لاحق ہے کہ میرے کانوں میں ہر وقت سیٹیاں بجنے کی آوازیں آتی رہتی ہیں۔ مختلف علاج کیے لیکن افاقہ نہیں ہوا۔ اس مسئلے کے حل کیلئے کوئی رہنمائی فرمائیں۔ شکریہ۔ (محمد جاوید اعزاز، میرپور خاص)

مشورہ: کانوں میں آوازنے کی ایک بڑی وجہ معدہ کی خرابی ہے۔ اس کے لئے ایک تو آپ اپنی ناف کو ہر وقت کسی تیل سے تر رکھیں اور اس کے ساتھ یہ نسخہ استعمال کریں کانوں کی تکلیف دور ہو جائے گی۔ مغز تخم خیارین ۳ ماشہ، کاہو ۳ ماشہ، خرفہ ۳ ماشہ، مغز بادام شیریں ۷ عدد پیس کر شربت نیلوفر ۳ تولہ شامل کر کے پئیں۔

آسان غذائی وادویاتی علاج

بستر مرگ پر پڑے سسکتے تڑپتے آہ وبکا کرتے مریضوں کے خطوط

براہ راست شیخ الوظائف سے جانیئے نہ قطار نہ انتظار

مشورہ: پودینہ خشک دو سو گرام، عناب دو سو گرام (چیک کیجئے گا عناب کے اندر کیڑا نہ لگا ہو اور گلے ہوئے نہ ہوں)، سونف دو سو گرام اور بڑی الائچی ایک سو گرام۔ یہ تمام چیزیں ملا کر کوٹ لیں اور چائے کی پتی کی طرح موٹا سا پاؤڈر بنا کر رکھ لیں۔ روزانہ رات کے وقت ڈیڑھ پاؤ تیز گرم پانی میں ایک بڑا چمچ یہ پاؤڈر اور سات عدد خشک آلو بخارہ ڈال کر کھلی فضا میں کپڑے سے ڈھانپ کر رکھ دیں، اگر کھلی فضا میں نہ رکھ سکیں تو کہیں بھی کپڑے سے ڈھانپ کر رکھ دیں۔ صبح اس مرکب کو اچھی طرح ہاتھوں سے مل کر چھان لیں اور تھوڑا سا شہد ملا کر چھوٹے چھوٹے گھونٹ کر کے پئیں۔ چند ہفتے یہ نسخہ استعمال کر کے دیکھیں! اس کے کمالات آپ کے گمان سے بالاتر ہیں۔ یہ مردہ جسم میں جان ڈال دینے والا نسخہ ہے۔

چندن، گوند کیکر، کشنیز خشک، صندل سفید اصلی، تخم کاہو مقشر، دانہ الائچی خورد ہر ایک 50 گرام نہایت باریک کوٹ پیس کر ارجن کی چھال کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ دن میں دو سے چار بار 2 گولیاں پانی کے ہمراہ کھانے سے ایک گھنٹہ قبل لیں۔ آپ عبقری دواخانہ کی خون روک شفاء اور پوشیدہ کورس استعمال کریں۔

پتے کی پتھری کا شافی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی کے پتے میں پتھری ہے، وہ پریشان رہتی ہے، کافی دوائیاں کھائیں لیکن پتھریاں ختم نہیں ہوتیں۔ برائے مہربانی کوئی دوائی یا نسخہ تجویز کر دیں۔ حضرت حکیم صاحب میرا بھی معدہ خراب اور ہچکی رہتی ہے۔ الٹیاں آتی ہیں، میرے لئے بھی کوئی دوائی تجویز کر دیں۔ (محمد سلیمان ہری پور)

مشورہ: عبقری دواخانہ کی دوا ''پتہ پتھری شفاء'' بروشر پر لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں۔ یہ دوا کافی پر اثر ہے، بہت سے مریضوں کو شفاء ملی ہے۔ آپ معدہ کیلئے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''بدہضمی گیس تبخیر کورس'' استعمال کریں۔

شوگر کے شکار بچے اور پتے میں پتھریاں

فالج کی وجہ سے بازو بے کار!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزارش یہ ہے کہ میرے والد صاحب کو پچھلے تین سال سے فالج ہے۔ ان کی عمر 55 سال ہے۔ فالج کی وجہ سے ان کا بایاں بازو کام نہیں کر رہا اور انگلیاں بھی بے جان ہو گئی ہیں۔ وہ شدید محتاجی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ براہ کرم میرے والد کیلئے علاج تجویز فرمائیں۔ میں ہمیشہ آپ کا مشکور رہوں گا۔ (ایاز حیدر، ضلع بدین سندھ)

مشورہ: فالج، لقوہ اور رعشہ جیسی بیماریوں کے لئے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ معجون شفاء یابی اور معذور شفاء ٹانک نہایت مفید ادویات ہیں، کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ شفاء یابی نصیب ہوگی۔

سینے میں درد

مجھے دو سالوں سے ہائی بلڈ پریشر کا مسئلہ ہے اور میرے سینے میں دل کی طرف درد آتا محسوس ہوتا ہے۔ سیڑھیاں چڑھنے یا تیز چلنے اور وزن اٹھاتے ہوئے سینے میں درد محسوس ہوتا ہے اور سانس پھول جاتا ہے۔ (پوشیدہ، نوشہرہ)

سات سال کے بچے کو شوگر کا مرض!

میرے بیٹے کی عمر سولہ سال ہے جب سات سال کا ہوا تو اسے شوگر کا مسئلہ ہو گیا تھا۔ تب سے اسے انسولین لگ رہی ہے اور تقریباً آٹھ نو سال ہو گئے ہیں اس کی یہ حالت دیکھ کر بہت دکھ ہوتا ہے۔ میرے شوہر کو بھی تین سال سے شوگر ہو گئی ہے پہلے ان کی صحت قابل رشک تھی لیکن اب وہ بہت کمزور ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ مجھے یہ مسئلہ ہے کہ خاص ایام میں بہت زیادہ بلیڈنگ ہوتی ہے۔ پہلے مجھے بہت درد اور الٹیاں بھی ہوتی تھیں لیکن اولاد پیدا ہونے کے بعد درد کم ہو گیا ہے۔ میرا کہیں آنا جانا مشکل ہے۔ ان تمام مسائل کا حل بتا دیجئے۔ (پوشیدہ)

مشورہ: بیٹے اور شوہر کو شوگر کے لئے یہ نسخہ بنا کر استعمال کروائیں۔ ھوالشافی: گل سرخ ایرانی اصلی، اسرول یا چھوٹی

ڈسٹ الرجی اور چھینکیں آنا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بہت عرصہ سے ڈسٹ الرجی ہے۔ گرد و غبار، حبس، تیز خوشبو، ٹھنڈی ہوا اور الماری سے بستروں کے نکالنے سے بھی بہت چھینکیں آتی ہیں۔ ناک کی ہڈی بھی بڑھی ہوئی ہے کسی کا ہاتھ لگ جائے تو چھینکیں آنے لگتی ہیں۔ آٹھ نو سال سے یہ بیماری ہے۔ بہت ادویات استعمال کر چکی ہوں مگر زیادہ فرق نہیں پڑا۔ براہ مہربانی کوئی اچھا سا ٹوٹکہ یا دوائی تجویز فرمایئے۔ (بنت حوا، اٹک)

مشورہ: بادیان خطائی سو گرام، لونگ چالیس گرام، دار چینی پچاس گرام، الائچی خورد دس گرام، پودینہ دس گرام تمام اجزا کو باریک کر کے محفوظ کر لیں۔ اس میں سے آدھا چمچ لے کر ڈیڑھ کپ پانی میں ڈال کر قہوہ بنائیں، جب ایک کپ پانی رہ جائے تو دن میں کم از کم دو بار استعمال کریں۔ ناک کی الرجی، نزلہ زکام اور دماغی کمزوری کے لئے نہایت مفید ہے۔

بیوی کو خوش اخلاق بنائیں: جو بیویاں ایسی تھیں جنہوں نے سسرال کے ناک میں دم کر رکھا تھا ان کو جب حضرت عمرؓ کے نقش کا فیض پہنچا تو سارے عیب ڈھل گئے اور شوہر کی فرمانبردار بن گئیں (نقش صفحہ نمبر 4 پر)

پہلے شکوہ تھا دعائیں قبول نہیں ہوتی اب مانگتی ہوں اور قبول ہو جاتی ہیں

(س بتول، ملتان)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو اپنی رحمت کے سائے میں صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ پریشان حال لوگوں کے مسائل حل کرنے اور رب سے ملانے کے اس عظیم مقصد میں جو لوگ آپ کے ساتھ شامل ہیں اللہ تعالیٰ انہیں بھی ہمیشہ اپنی رحمتِ خاص کی چھاؤں میں رکھے اور ہر فتنے سے حفاظت فرمائے۔ آمین!

میں گزشتہ کئی سالوں سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں جس میں لوگوں کے مشاہدات اور مستفید ہونے کے بارے میں پڑھ کر بہت خوشی ہوتی۔ میری بھی خواہش تھی کہ اللہ تعالیٰ میرے لئے بھی آسانیاں پیدا کرے۔ عبقری کے ذریعے ہی میرا تسبیح خانہ سے تعارف ہوا اور میں روحانی محفل میں شریک ہونا شروع ہوئی۔ ان دنوں 625 مرتبہ بسم اللہ لکھنے والے تعویذ کا عمل ہوا۔ میں نے بھی وہ نقش لکھا۔ آپ کی باتوں میں اخلاص اور سچائی کے بول تھے جو دل میں اترتے جارہے تھے۔ محفل کے اختتام پر میں نے آپ سے بیعت کی۔ آپ سے نسبت کے بعد میری ایک نئی زندگی شروع ہوئی۔ ایسی روحانی کیفیات ملیں جس سے جسم اور روح دونوں کو سکون مل گیا۔

ہر وقت بے چینی اور پریشانی کا عالم

اس سے پہلے ہر وقت عجیب سی بے چینی اور پریشانی چھائی رہتی تھی' کچھ شیطانی اثرات بھی تھے۔ ذکر اور اعمال کی طرف رجحان نہ ہونے کے برابر تھا۔ آپ سے نسبت کے بعد اب دل ہر وقت عبادتِ الٰہی میں مصروف رہتا ہے۔ اب کوئی بھی غلط کام کرنے کو دل نہیں چاہتا اور نیکی کی طرف دل لگا رہتا ہے۔ روحانی اعمال اور آپ سے نسبت کی برکت ہے اب کوئی بھی پریشانی یا مسئلہ آنا ہو تو بذریعہ خواب یا حالات کے ذریعے پہلے سے ہی ادراک ہوجاتا ہے لیکن آپ سے نسبت اور اعمال کی بدولت آنے والی پریشانیاں اور آزمائشیں ٹل جاتی ہیں۔ پہلے شکوہ ہوتا تھا کہ دعائیں قبول نہیں ہوتیں مگر اب جو بھی دعا زبان سے نکلتی ہے وہ ضرور قبول ہوتی ہے۔ اگر کوئی میرے ساتھ بدتمیزی کرے تو غصہ نہیں آتا۔

مشکلات حل اور مرادیں پوری ہوگئیں

جب آپ سے بیعت ہوئی تو ایسے محسوس ہوا کہ میں غموں کی آگ سے نکل کر ٹھنڈی چھاؤں میں آگئی ہوں۔ ایک دن تسبیح خانہ سے واپس گھر آرہی تھی بس میں بیٹھی تھی مجھے نیم نیند کی حالت میں ایسا لگا کہ میری جھولی سے سانپ نکل رہے ہیں پھر گھر پہنچ کر بھی یہی کیفیت ہوئی ابھی اس بات پر غور کر رہی تھی کہ رات کو خواب میں آواز آئی ڈرو نہیں شیطانی اثرات ختم ہورہے ہیں۔

شیخ الوظائف کے داداجیؒ کا فیض

ابھی چند ماہ ہی گزرے تھے کہ میں اپنے بیٹے کے ساتھ تسبیح خانہ آئی۔ اُسے بھی بہت فیض ملا ہے۔ تسبیح خانہ میں موجود تبرکات ہال میں آپ نے اپنے داداجیؒ کا جو قرآن پاک رکھا ہے جسے وہ حج سے واپسی پر ساتھ لے آئے تھے اس قرآن پاک کو پڑھ کر میرے بیٹے نے دعا کی تھی کہ اللہ پاک عمرہ کی سعادت نصیب کرے۔ اس وقت ظاہری اسباب بھی نہیں تھے مگر دعا قبول ہوئی اور میرے بیٹے کو اللہ تعالیٰ نے چند ماہ بعد عمرہ کی سعادت نصیب فرمائی۔

شیخ الوظائف کی نصیحت، حکمت اور دعا کی طاقت شادی کے بعد سمجھ آئی

(عمارہ، قصور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہماری بہت سی گھریلو پریشانیاں تھیں اور اس کے علاوہ میری شادی کا بھی مسئلہ تھا کہ رشتہ میں رکاوٹ تھی۔ ان دنوں والدہ کے ہمراہ آپ سے کلینک پر ملاقات ہوئی۔ آپ نے مسائل کے حل اور شادی میں بندش کے خاتمہ کے لئے دم کیا' کچھ نصیحتیں کیں اور اس کے علاوہ ایک نصاب (سوالاکھ مرتبہ) یَا لَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھنے کا فرمایا۔ میں اور میری والدہ روحانی محفل میں بھی شامل ہوتے رہے۔ چند ماہ بعد آپ سے دوبارہ ملاقات ہوئی۔ میری خواہش تھی کہ آپ کو اپنی تمام روداد سناؤں مگر اس کا موقع نہ مل سکا اس دن بڑے لمبے انتظار کے بعد آپ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے صرف یہ فرمایا کہ وظیفہ جاری رکھو اور فرمایا میں دعا کروں گا۔ میں دلبرداشتہ ہوگئی اور روتے ہوئے واپس چلی گئی۔ اس کے بعد تسبیح خانہ آنا بھی چھوڑ دیا۔ مگر میری والدہ نے وظیفہ کو جاری رکھا اور ان کے اصرار پر میں بھی پڑھتی رہی جس کی بدولت چند ماہ بعد ہی مسائل حل ہونا شروع ہوگئے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور آپ کی دعاؤں سے خیرو عافیت کے ساتھ میری شادی ہوگئی۔ اس وقت مجھے آپ کی نصیحتیں' حکمت اور دعا کی طاقت سمجھ میں آئی۔ آپ نے فرمایا تھا کہ جس طرح پھول کو چُن لیا جاتا ہے اس طرح اللہ آپ پر کرم فرمائے گا'' بالکل اسی طرح اللہ پاک نے والدین کو میرے فرض سے سرخرو کیا۔ الحمدللہ شوہر اور سسرال بہت اچھا ہے۔ میں نے اپنے سسرال میں ''عبقری'' متعارف کروایا جو کہ بڑے شوق سے پڑھا جاتا ہے۔ یہ سب آپ کی دعا کی برکت ہے۔

چائے کی دکان سے اب کوٹھی کا مالک

میرا دوست جس کی لاہور میں چائے کی دکان ہے' وہ مالی طور پر کافی زیادہ پریشان تھا۔ ایک دن میری اس سے ملاقات ہوئی تو اس نے اپنی مشکلات اور مسائل کا تذکرہ کیا۔ میں نے اسے بتایا کہ آپ ہی کے شہر لاہور میں مزنگ کے علاقہ میں تسبیح خانہ ہے' وہاں ہر جمعرات کو مغرب کی نماز کے ساتھ ہی روحانی محفل ہوتی ہے جس میں مختلف شہروں سے لوگ آکر اپنی من کی مرادیں پاتے ہیں۔ آپ بھی تسبیح خانہ لاہور میں شب جمعہ کی روحانی محفل میں شرکت کرو اور محفل کے اختتام میں جو دعا ہو اس میں اپنی مراد مانگو۔ ان شاء اللہ اس بابرکت محفل کی بدولت سے مایوسی نہیں ہو گی۔ میرے اس دوست نے (باقی صفحہ 59)

عہدیداروں کے ظلم سے بچیں: عہدیداران جب ظلم اور ناانصافی سے کام لیں تو ماتحتوں کے لئے حضرت عمرؓ کے نام مبارک کا نقش انصاف پانے اور ظلم سے بچنے کا فیصلہ کن عمل (نقش صفحہ نمبر 4 پر)

سفید کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھ لیں' مرادپوری

قارئین کے لیے مجرب وظائف وعملیات لکھ رہا ہوں جو کہ میرے آزمودہ ہیں، میں گزشتہ 10 سال سے عبقری کا قاری ہوں مگر پہلی دفعہ لکھنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ یہ وظائف کئی نسلوں اور بزرگوں سے ہمارے خاندان میں چلے آرہے ہیں' جس نے بھی خلوص نیت سے وظائف کیے اسے فائدہ حاصل ہوا ہے۔ اپنا یقین کامل بنا کر یہ عمل کریں، ان شاء اللہ آپ کو بھی فائدہ ہوگا۔

حسب منشاء شادی

اگر کوئی چاہے کہ اس کا حسب منشاء جگہ پر رشتہ ہوجائے اور شادی کا پیغام آئے تو وہ ہر نماز کے بعد چالیس مرتبہ یہ آیات قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (۷۳) يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ O (آل عمران 74،73) پڑھیں اور اس کے علاوہ سفید کاغذ پر لکھے اور وہ اپنے بازو پر باندھ لیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد جائز مقصد میں کامیابی ملے گی۔

کامیابی نصیب ہوگی

اگر کوئی طالب علم آیت مبارکہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو امتحان شروع ہونے سے سات دن پہلے اور نتیجہ آنے تک بلا ناغہ ایک تسبیح صبح وشام روزانہ پڑھے تو اس قرآنی آیت کی برکت سے ان شاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی۔ اس کے علاوہ جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے سب کاموں میں مدد کریں' وہ شر اور برائی سے بچا رہے اور بندوں کے دل میں اس کی محبت ڈالے تو اس کو چاہیے کہ رات دن میں یہی آیت مبارکہ 450 دفعہ پڑھا کرے۔ جو کوئی دو دشمنوں کے مابین صلح ومحبت کرانا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کی پڑھے اور اس دوران اپنے مقصد کا سخت تصور رکھے' ان شاء اللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی، کام پورا ہونے تک یہ عمل جاری رکھا جائے۔

دل کا حال معلوم کرنا

جو کوئی اسم عَلَّامُ الْغُيُوْبِ کی بکثرت ریاضت کرتے ہیں اور یقین کے ساتھ اس عمل کو معمول کا حصہ بنا لیتے ہیں تو ان پر جلد ہی کشف کی دنیا کھلنا شروع ہوجاتی ہے۔

گمشدہ مال کی تلاش

اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا مال ضائع ہوگیا ہو تو بکثرت اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ کا ورد کریں تو ان شاء اللہ بہت جلد گمشدہ چیز واپس مل جائے گی اور اگر کوئی نقصان ہوگیا ہے تو جلد ہی اس کی تلافی بھی ہوجائے گی' ان شاء اللہ۔

غیبی مدد کا حصول

جو کوئی جمعہ کی نماز کے وقت جب امام منبر پر خطبہ دینے کے درمیان کچھ پل کے بیٹھتا ہے تو اس وقت یہ کلمات حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ يَا وَارِثُ يَا نَصِيْرُ کا چند بار ورد کرے تو اس عمل کی برکت سے وہ شخص دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا' دکھ درد دور ہوں گے اور خوشیاں حاصل ہوں گی۔ اس کے علاوہ اگر روزانہ اسی آیت کی ایک تسبیح روزانہ پڑھ لے تو تمام مصیبتوں اور مشکلات سے نجات ملے گی' مسائل غیبی طور پر حل ہوں گے۔ (سہیل اصغر' چشتیاں)

ایک جوان کی توبہ کا سچا اور حیرت انگیز واقعہ

روبینہ مسعود' پلندری

ایک نیک شخص کے گھر کی دیوار اچانک گر گئی۔ اسے بڑی پریشانی لاحق ہوئی اور وہ اسے دوبارہ بنوانے کے لئے کسی مزدور کی تلاش میں گھر سے نکلا اور چوراہے پر جا پہنچا۔ وہاں اس نے مختلف مزدوروں کو دیکھا جو کام کے انتظار میں بیٹھے تھے۔ ان میں ایک نوجوان بھی تھا جو سب سے الگ تھلگ کھڑا تھا، اس کے ایک ہاتھ میں تھیلا اور دوسرے ہاتھ میں تیشہ تھا۔ وہ نیک شخص دیوار کی دوبارہ تعمیر کروانے کے لئے اس نوجوان کے پاس گیا اور اسے ساتھ لے کر گھر آگیا۔ مزدور کو کام کی ترتیب بتائی اور پھر کسی کام سے باہر چلا گیا۔ جب شام کے وقت واپس آیا تو دیکھا کہ اس نے عام مزدوروں سے دوگنا کام کیا تھا۔ اس نے بخوشی اجرت ادا کی جس کے بعد مزدور چلا گیا۔ دوسرے دن وہ دوبارہ اس نوجوان کی تلاش میں نکلا مگر اس بار وہ نظر نہ آیا۔ اس نے دوسرے مزدوروں سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے بتایا کہ وہ نوجوان ہفتے میں صرف ایک دن مزدوری کرتا ہے۔ اس شخص کو احساس ہوا کہ وہ عام مزدور نہیں بلکہ کوئی بڑا آدمی ہے۔ اس شخص نے نوجوان کا پتہ معلوم کیا اور اس جگہ پہنچا تو دیکھا کہ وہ نوجوان زمین پر لیٹا ہوا تھا اور اسے سخت بخار تھا۔ اس شخص نے نوجوان سے کہا، "میرے بھائی! تو یہاں اجنبی ہے، تنہا ہے اور پھر بیمار بھی ہے، اگر پسند کرو تو میرے ساتھ میرے گھر چلو اور مجھے اپنی خدمت کا موقع دو۔" اس نے انکار کر دیا لیکن مسلسل اصرار پر مان گیا لیکن ایک شرط رکھی کہ وہ کھانے کی کوئی بھی چیز پیش نہ کرے گا' نوجوان کی یہ شرط منظور کر لی اور اسے اپنے گھر لے آیا جہاں وہ تین دن قیام پذیر رہا لیکن اس نے نہ تو کسی چیز کا مطالبہ کیا اور نہ ہی کوئی چیز لے کر کھائی۔

چوتھے روز اس کے بخار میں شدت آگئی تو نوجوان نے اس شخص کو اپنے پاس بلایا اور کہنے لگا، "میرے بھائی! لگتا ہے کہ اب میرا آخری وقت قریب آگیا ہے لہذا جب میں مرجاؤں تو میری اس وصیت پر عمل کرنا کہ، "جب میری روح جسم سے نکل جائے تو میرے گلے میں رسی ڈالنا اور گھسیٹتے ہوئے باہر لے جانا اور اپنے گھر کے اردگرد چکر لگوانا اور یہ صدا دینا کہ لوگو! دیکھ لو اپنے رب تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والوں کا یہ حشر ہوتا ہے۔" شاید اس طرح میرا رب عزوجل مجھے معاف کردے۔ جب تم مجھے غسل دے چکو تو مجھے انہی کپڑوں میں دفن کر دینا پھر بغداد میں خلیفہ ہارون رشید کے پاس جانا اور یہ قرآن مجید اور انگوٹھی انہیں دینا اور میرا یہ پیغام بھی دینا کہ، "اللہ عزوجل سے ڈرو! کہیں ایسا نہ ہو کہ غفلت اور نشے کی حالت میں موت آجائے اور بعد میں پچھتانا پڑے، لیکن پھر اس سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔" وہ نوجوان یہ وصیت کرنے کے بعد انتقال کر گیا۔ وہ شخص اس کی موت کے بعد کافی دیر تک آنسو بہاتا رہا اور غمزدہ رہا۔

پھر (نہ چاہتے ہوئے بھی) اس کی وصیت پوری کرنے کے لئے ایک رسی لی اور اس کی گردن میں ڈالنے کا قصد کیا تو کمرے کے ایک کونے سے ندا آئی کہ، "اس کے گلے میں رسی مت ڈالنا، کیا اللہ عزوجل کے اولیاء سے ایسا سلوک کیا جاتا ہے؟" یہ آواز سن کر اس کے بدن پر کپکپی طاری ہوگئی۔ یہ سننے کے بعد اس نے نوجوان کے پاؤں کو (باقی صفحہ 59)

عزت، دولت، شہرت اور کائنات کے پوشیدہ راز پائیے

آئیں عبقری سے عملیات سیکھیں!

جب بھی کسی چیز کو سیکھا جاتا ہے تو ابتداء اس چیز کی ABC ''ا، ب'' سے کی جاتی ہے۔ نوری عملیات کی ابتداء اور انتہا حروف تہجی ہیں! حروف تہجی کے لفظوں سے مل کر قرآن بنا ہے۔ تمام وظائف، مسنون دعائیں، اذکار اور اسم اعظم بھی انہی حروف کا مجموعہ ہیں۔ اس عملیاتی کلاس میں سب سے پہلے حروف تہجی کے عملیاتی رازوں کو افشاں کیا جائے گا۔ حروف تہجی کے خاص حروف کے چلے اور باموکل اعمال کی خصوصی اجازت دی جائے گی۔ جو شخص حروف کے ظاہر و باطن سے واقف ہو جائے وہ صد درجہ یقین اور مرتبہ مقربین تک پہنچے گا۔ حروف تہجی کے بعد پھر عملیات کا اگلا باب شروع کیا جائے گا۔ اس سنہری موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ یہ موقع شاید پھر نہ ملے!!!!

حرف ''م'' کی خاصیت

یہ حرف بردباری، سمجھ داری اور عزت و منزلت کا حامل ہے اس حرف کے اندر نیکی اور رواداری کا جذبہ پایا جاتا ہے۔ اس کا مزاج بھلائی کرنا اور فائدہ پہنچانا ہوتا ہے۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر دوسروں کے کام آنے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی بھی اچھے کام میں خلوص دل اور یقین کامل کے ساتھ اس حرف پر محنت کرے تو جلد کامیاب ہو جاتا ہے اور عزت پاتا ہے۔

عمل کی زکات سے اس کی تاثیر بڑھائیں!

حروف میں حرف ''م'' ابجد کا تیرہواں ہے اس کے عدد چالیس ہیں۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک یہ حرف آتشی ہے۔ آتشی حروف سے مل کر اسے تقویت ملتی ہے اور حروف بادی سے مل کر یہ قوی المزاج ہو جاتا ہے۔ حروف آب اس کے خلاف ہیں اس حرف کی طبع گرم خشک ہے، معمولی رطوبت بھی ہے۔ طریقہ زکات: جو حضرات اس حرف کی زکات ادا کرنا چاہیں تو جب چاند منزل عوا میں ہو تو اس کی زکات ادا کریں۔ چاند ہر ماہ اس منزل میں آتا ہے اور ایک منزل میں تقریباً چوبیس گھنٹے رہتا ہے۔ زکات کیلئے حرف کو باموکل پڑھا جاتا ہے۔ اَجِبْ یَا دُوْمَائِیْلُ بِحَقِّ یَا مِیْمُ اس طرح ۴۴۴ مرتبہ پڑھ لیں تو زکات اصغر ادا ہو جائے گی۔ اب آپ کو اختیار ہوگا کہ جب چاہیں اس حرف کے عملیات سے کام لے سکتے ہیں۔ عمل کا ہدیہ: حسب استطاعت کوئی بھی میٹھی چیز بچوں میں تقسیم کریں۔

کشف غیب اور ہیبت و عظمت کا خاص عمل

حرف ''م'' کا تعلق تین عالموں سے ہے یعنی عالم ملک، عالم ملکوت اور جبروت۔ جو شخص اس حرف کو چالیس مرتبہ مع اس آیت کے ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَ الَّذِیْنَ مَعَہٗ آخر تک'' (سورہ ہود آیت نمبر 29) لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ پوشیدہ راز اس پر روشن کرے گا اور عالم ملک اور ملکوت کا کشف عطا فرمائے گا۔ جو شخص اس حرف کو مع اسماء میمیہ کے جو کہ چالیس ہیں، لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کو ہیبت و عظمت عظیم اور قبولیت عالم علوی کے حاصل ہو۔

فتوحات اور کامیابی کے لئے

اگر کوئی اس حرف کو لکھ کر اس کو دیکھ کر روزانہ چالیس مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ ''قُلِ اللّٰہُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ ...بِغَیْرِ حِسَابٍ'' تک (سورہ آل عمران آیت نمبر 27,26) تو اس کو قدم قدم پر فتوحات اور کمالات حاصل ہوں گے۔

علم و حکمت کے متلاشی

جو حرف میم کو چالیس مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھے اور آب زم زم سے دھو کر پیئے تو حقیقت اعلیٰ علم و فہم اس کا زیادہ کرے گا اور حکمت کو اس کی زبان پر جاری کرے گا۔

لوگوں کے دلوں میں آپ کی محبت

جو کوئی حرف م کو لکھے اور اس کے ساتھ 80 مرتبہ لاالہ الا اللہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے یا اپنے عمامہ میں سی کر اپنے پاس رکھے تو حق تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دیں گے۔

قرض دار ادائیگی کر دے

اگر نوے مرتبہ ''م'' پڑھ کر قرض دار کا تصور کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک ماردیں اور اس عمل کو ۱۳ دن تک جاری رکھیں تو ان شاء اللہ قرض دار قرض ادا کر دے گا۔

تارامیرا کے بیج نہار منہ کھائے، ہائی بلڈ پریشر جڑ سے ختم

میں ہائی بلڈ پریشر کا مریض تھا، میں نے بہت سے علاج کیے لیکن کسی سے بھی مستقل آرام نہیں آیا۔ مجھے بلڈ پریشر کنٹرول رکھنے کے لئے روزانہ دوائی لینا پڑتی تھی۔ تقریباً ایک سال میں ایلوپیتھک ادویات کھاتا رہا جس کے بہت سے سائیڈ افیکٹ ہو رہے تھے۔ دوائیاں کھا کر میرا معدہ برباد ہو رہا تھا۔ ایک دن میں ایک کتاب کا مطالعہ کر رہا تھا کہ اچانک میری نظر ایک نسخے پر پڑی جو کہ ہائی بلڈ پریشر کے لئے تھا۔ میں نے استعمال کیا۔ صرف تین دن کے استعمال سے میری دوائی چھوٹ گئی۔ آج تقریباً دس ماہ ہو چکے ہیں دوبارہ مجھے دوائی کی ضرورت نہیں پڑی۔ ھوالشافی: تارامیرا کے بیج (کڑوی سرسوں جس سے کڑوا تیل نکلتا ہے) صبح نہار منہ ایک تولہ ہتھیلی پر رکھ کر پھانک لیں اور پانی سے نگل لیں (چبانا نہیں ہے)۔ میں نے یہ نسخہ صرف تین دن استعمال کیا اور آج تک دوبارہ بلڈ پریشر ہائی نہیں ہوا۔ الحمدللہ! (امیر افسر فاروقی، کوٹلی)

☆☆ کوئی نامراد نہ رہے گا: حضرت عمرؓ کا پہلا نقش شائع ہوا تو بے شمار نے خواب میں حضرت عمرؓ کی زیارت کی اور یہ بشارتیں ہوئیں، اس نقش کو رکھنے والا کبھی نامراد نہ رہے گا (نقش صفحہ نمبر 4 پر) ☆☆

کار ٹرالر سے ٹکرا کر تباہ، تمام سوار محفوظ! سنت کا کمال

ملک شہزاد، ملتان

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آپ روحانی محافل میں بارہا مسواک کی برکات اور کمالات ارشاد فرما چکے ہیں۔ میں نے روحانی محفل میں جب آپ سے یہ سنا کہ جہاں مسواک کی اور بہت سی برکات ہیں وہیں اسے اپنے پاس رکھنے سے جان و مال کی حفاظت ہوتی ہے۔ آپ نے روحانی محفل میں اس ضمن میں بہت سے واقعات ارشاد فرمائے ہیں کہ اگر آپ کے پاس استعمال شدہ مسواک موجود ہو تو اس سنت کی برکت سے بلائیں' آفات و بلیات اور حادثات سے حفاظت ہوتی ہے۔ اس دن سے میری کوشش ہوتی ہے کہ ہر وقت مسواک کو اپنے ساتھ رکھوں۔

تیز رفتار گاڑی ٹرالے سے ٹکراگئی

میں نے اپنے ایک عزیز کو مسواک کی اس برکت کے بارے میں بتایا تھا جس کے بعد انہوں نے بھی مسواک کو اپنے ساتھ رکھنا شروع کردیا' انہوں نے کہیں بھی جانا ہوتو وہ ہر وقت جیب میں مسواک رکھتا تھا۔ تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ ان کے ساتھ ایک واقعہ پیش آیا۔ وہ گھر سے سفر کے لئے روانہ ہونے لگا تو اسے یاد آیا کہ اگر جیب میں مسواک ہو تو سفر میں حفاظت ہوتی ہے۔ انہوں نے سنت وحفاظت کی نیت سے مسواک جیب میں رکھ لی اور اپنی کار میں سفر پر روانہ ہو گئے۔ دوران سفر انہوں نے ایک ٹرالے کو کراس کیا، جب وہ ٹرالے کو کراس کرتے ہوئے کچھ آگے پہنچے تو دیکھا کہ سامنے سے اچانک رانگ وے میں ایک ٹرالا ان کی طرف آرہا تھا۔ اب اتنا وقت نہ تھا کہ وہ گاڑی کی رفتار کم کرکے ٹرالے کے پیچھے چلے جائیں اور نہ ہی اتنا وقت تھا کہ گاڑی کی رفتار بڑھا کر دوسرے ٹرالے کو کراس کرلیا جائے۔ انہوں نے بریک لگائی لیکن گاڑی سامنے آنے والے ٹرالے سے ٹکرا گئی۔

حادثہ اتنا شدید کے کچھ نہ بچتا

اوورٹیک کرتے ہوئے گاڑی جب ٹرالے سے ٹکرائی تو اس وقت رفتار کافی تیز تھی۔ گاڑی کا فرنٹ کا شیشہ ٹوٹ گیا، ہیڈ لائیٹس ٹوٹ گئیں، بونٹ کا کور ٹیڑھا ہو گیا۔ ایکسیڈنٹ اتنا شدید تھا کہ پچھلے ٹائروں کے کورز میں دراڑیں پڑ گئیں۔ گاڑی کا ریڈی ایٹر بھی ٹیڑھا ہو گیا۔ گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر میرے عزیز اور ان کے والد صاحب بیٹھے تھے، اتنے خطرناک ایکسیڈنٹ کے باوجود ان دونوں کو ایک خراش تک نہیں آئی۔ گاڑی کی پچھلی سیٹ پر ان کی اہلیہ اور چند ماہ کا بیٹا لیٹا ہوا تھا۔ بیٹا سیٹ سے نیچے گرا تو اسکی کنپٹی پر معمولی سی چوٹ آئی جو ایک دو دن میں ٹھیک ہو گئی۔ اس کے علاوہ ان کی اہلیہ کو بھی معمولی سی چوٹ آئی۔

سب لوگ یہ منظر دیکھ کر حیران رہ گئے

جن لوگوں نے یہ حادثہ دیکھا تھا وہ سب حیران تھے کہ اس قدر خطرناک ایکسیڈنٹ کے باوجود سواریاں محفوظ کیسے رہیں۔ بات صرف یہاں تک ختم نہ ہوئی بلکہ انہیں مسواک کی برکت کا اتنا یقین ہو گیا تھا کہ انہوں نے اپنی فیملی سمیت اسی گاڑی پر مزید 60 کلومیٹر سے زائد سفر کیا اور عافیت کے ساتھ واپس اپنے گھر پہنچ گئے۔ اگلے دن جب مکینک کے پاس گئے تو جیسے ہی مکینک نے گاڑی کا ریڈی ایٹر ٹھیک کرنے کی کوشش کی تو وہ ٹوٹ گیا۔ بس وہ ریڈی ایٹر اتنا ہی چلا کہ میرے وہ عزیز اپنی فیملی کے ساتھ گھر پہنچ گئے۔ یہ سب مسواک کی برکت تھی کہ اس قدر خطرناک ایکسیڈنٹ کے باوجود کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ اللہ ہم سب کو بھی سنت کی قدردانی عطا فرمائے۔ آمین۔

مویشی پال حضرات کا بڑا مسئلہ حل! قیمتی موتی حاضر

غلام القادر ہرل مرحوم جھنگ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آج مویشی پال حضرات کے لئے ایک بہت ہی قیمتی موتی لے کر حاضر ہوا ہوں۔ مجھے یقین ہے جو لوگ اس شعبہ سے وابستہ ہیں انہیں بہت زیادہ نفع ہوگا۔ میری قارئین سے درخواست ہے کہ جو کوئی بھی اس نسخے کو آزمائے وہ فائدہ ہونے کے بعد مجھے اپنی دعاؤں سے ضرور نوازے۔

ایک دن میری ملاقات جانوروں کے ایک بہت بڑے نامور مستند معالج سے ہوئی۔ بندہ نے مویشی پال حضرات کے لئے کوئی بہترین اور تجربہ شدہ نسخہ طلب کیا تاکہ اسے ماہنامہ عبقری میں لکھوں اور لوگ استفادہ حاصل کریں۔ انہوں نے سخاوت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بکمال شفقت اپنا نسخہ نوٹ کرایا جوان کا متعدد بار کا تجربہ شدہ ہے۔

اگر مادہ جانوروں میں حوانہ کی بیماری ہو جائے جسے ساڑو بھی کہتے ہیں۔ ایک تھن سے دودھ بند ہو جائے یا دودھ میں گندگی اور بدبو آنے لگے تو ان مسائل کے لئے بہت ہی مجرب نسخہ ہے۔ دو کلو لیموں کا پانی لیں، دو کلو گائے کا دودھ، آدھا کلو السوں کا تیل (تارامیرا کا تیل)۔ ان تینوں اجزاء کو ملا کر ایک ہی خوراک بنائیں اور متاثرہ جانور کو پلا دیں۔ اس نسخہ کے استعمال سے جلد ہی ان شاء اللہ شفاء ہو گی' بیماری کا نام و نشان نہ رہے گا اور جانور بالکل صحت مند ہو جائے گا۔

آپ انسانیت کی بھلائی کا جو مشن لے کر چل رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس کی جزائے خیر عطا فرمائے' آپ کو اور آپ کی نسلوں کو تا قیامت آباد و شاد رکھے۔ آپ کا یہ مشن اور فیض نسل در نسل چلتا رہے اور دنیا اس سے استفادہ کرتی رہے' یہ صدقہ جاریہ آپ کے اعمال میں ذخیرہ ہوتا رہے۔ آپ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اپنے آمدن میں سے صدقہ کرتا رہتا ہوں جس کی برکت سے رزق میں برکت اور نعمتیں مل رہی ہیں۔ الحمدللہ کسی چیز کی بھی کمی نہیں ہے۔

آپ کا ٹوٹکہ قیامت تک کے لئے صدقہ جاریہ

قارئین! کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی' جانوروں یا فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھے ہیں تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا جو آپ کے لئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ بنے گا اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

معدہ کی ہر بیماری جڑ سے ختم! پرانے حکیم کا روباری راز لیجئے

(پوشیدہ، گجرات)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ سے جب سے تعارف ہوا ہے میری زندگی کی بہت سی مشکلات اور پریشانیاں ختم ہوئیں اور ہو رہی ہیں۔ اس رسالہ میں شائع ہونے والے ٹوٹکوں کی خاص بات یہ ہے کہ یہ بہت ہی سادہ اور عام فہم ہوتے ہیں جسے ہر شخص باآسانی گھر میں بنا کر استعمال کرسکتا ہے۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ جیسے میں نے عبقری کے ذریعے خیریں اور برکات سمیٹی ہیں' اسی طرح میں بھی عبقری رسالہ کے ذریعے مختلف الجھنوں اور مصائب میں مبتلا مخلوق کے لئے راحت کا ذریعہ بنوں۔ آج ایک ایسی بیماری سے متعلق اپنا تجربہ پیش کر رہا ہوں جس کا مریض ہر دوسرے گھر میں موجود ہے۔

چند سال پہلے کی بات ہے کہ میرا معدہ خراب ہوگیا۔ کوئی بھی چیز کھالیتا تو ہضم نہ ہوتی اور اکثر معدہ میں تکلیف کی شکایت رہنے لگی۔ میں نے مختلف جگہوں سے علاج کروایا' بہت سے معالج بدلے مگر کہیں سے بھی کوئی افاقہ نہ ہوا۔ زیادہ ادویات استعمال کرنے سے مسئلہ مزید خراب ہوگیا۔

ان دنوں میری ملاقات ایک پرانے حکیم سے ہوئی جن سے میری کافی جان پہچان تھی۔ میں نے انہیں اپنی بیماری کے متعلق بتایا۔ انہوں نے بیماری کی کیفیات اور میری صحت دیکھنے کے بعد بتایا کہ مسئلہ کافی بگڑ چکا ہے مگر ایک نسخہ بنا کر دیتا ہوں' اسے کچھ عرصہ مسلسل استعمال کرو ان شاءاللہ معدہ بالکل درست ہوجائے گا اور بیماری جڑ سے اکھڑ جائے گی۔ وہ مجھے اپنے مطب میں لے گئے وہاں جاکر انہوں نے چند پڑیاں میرے ہاتھ میں تھمادیں' انہیں چند دن استعمال کرنے سے ہی مجھے کافی افاقہ محسوس ہوا۔ جب تمام پڑیاں ختم ہوگئیں تو میں نے ان سے رابطہ کیا جس کے بعد انہوں نے مزید دو ہفتوں کے لئے دوائی بنا کر دے دی۔ میں نے کچھ عرصہ مسلسل وہ نسخہ استعمال کیا جس کے بعد میرا معدہ بالکل تندرست ہوگیا۔ بھوک لگنا شروع ہوئی' معدہ کی جلن اور تکلیف کا خاتمہ ہوگیا۔ میں نے ان سے درخواست کی اس نسخہ کے اجزاء اور تمام طریقہ کار بتادیں تاکہ میں خود تیار کروں اور جو لوگ معدے کے امراض کا شکار ہیں انہیں بھی دوں تاکہ میری طرح وہ بھی شفاء پائیں۔ انہوں نے میری درخواست پر وہ نسخہ مجھے بتادیا۔ میں نے یہ نسخہ معدے کے امراض میں مبتلا کئی لوگوں کو بتایا جس سے انہیں بھی صحت و تندرستی نصیب ہوئی۔ آج یہ نسخہ عبقری رسالہ کی نذر کر رہا ہوں تاکہ تمام قارئین جو معدے کے امراض کا شکار ہیں وہ بھی استفادہ حاصل کریں۔ **نسخہ: ھوالشافی:** سونٹھ یعنی خشک ادرک پانچ تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، نوشادر اڑھائی تولہ' ثنا مکی آٹھ تولہ' ریوند عصارہ آدھ تولہ شامل کریں۔ تمام اجزاء کو پیس کر 500 ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔ دو کیپسول ہمراہ پانی صبح و شام استعمال کریں۔ معدہ کے مسائل کے علاوہ اعصاب، متلی' گیس تبخیر، دماغی سستی اور جلن کے لئے لاجواب ہے۔ اب یہ ہمارے گھر کا جادوئی نسخہ ہے جو لوگوں کو بنا کر دیتے ہیں' استعمال کریں اور مجھے دعاؤں میں یاد رکھیں۔

نہاتے ہوئے جسم سے بلا نکلی' میں صحت یاب ہوگئی

(بنت حنیف، ہجیرہ گجرات)

میری دعا ہے اللہ علامہ لاہوتی صاحب اور شیخ الوظائف صاحب کی عمر میں برکت عطا فرمائے جن کی کاوشوں سے آج ہم سب مستفید ہو رہے ہیں اور اپنی دنیا و آخرت کو سنوارنے کی کوشش کررہے ہیں۔

میں نے بارہا عبقری رسالہ میں روحانی غسل کے بارے میں پڑھا تھا مگر کبھی یہ عمل آزمایا نہ تھا۔ گزشتہ رمضان کی بات ہے کہ تراویح پڑھنے کے دوران کئی دفعہ میری پسلی میں اتنا شدید درد ہوتا کہ سانس لینا اور نماز پڑھنا مشکل ہوگیا۔ میری ایک بہت اچھی دوست اور بہن بنی ہوئی ہیں وہ کسی عورت کو روحانی غسل کے بارے میں بتارہی تھیں تو میرے دل مین آیا کہ مجھے بھی اپنی اس تکلیف کے لئے روحانی غسل کرکے دیکھنا چاہیے کیونکہ عبقری رسالہ میں بھی کافی لوگوں کے مشاہدات پڑھ چکی تھی۔ میں نے روحانی غسل کرنا شروع کیا مگر اس دوران اکثر کوتاہی ہوجاتی اور میں عمل مکمل طریقے سے نہ کر پاتی۔ میری پسلی میں جہاں درد ہوتا تھا اُسی درد والی جگہ پر ایک دو مہینے سے موہکہ بھی بن گیا اور تکلیف میں بھی شدت آچکی تھی۔ اس تکلیف کا احساس اسی انسان کو ہوسکتا ہے جو اس سے گزرا ہو۔ میں نے کوشش جاری رکھی اور آخرکار روحانی غسل بتائے گئے طریقے کے مطابق کرنا شروع ہوگئی۔ میں نے جب تیسری بار روحانی غسل کیا تو اس وقت دل ہی دل میں بیت الخلاء والی مسنون دعا پڑھ رہی تھی اور اللہ سے مانگ بھی رہی تھی کہ اللہ تمام گناہ بھی دھو دے اور اس درد کو بھی ختم کردے' اللہ نے ایسا کرم کیا کہ میں خود حیران ہوگئی جس جگہ تکلیف ہوتی تھی جب میں نے وہاں ہاتھ لگایا تو میرے ہاتھ مارنے سے وہ موہکا باآسانی اُتر گیا۔ میں بڑی حیران ہوئی اور غور سے دیکھا تو وہ عجیب و غریب قسم کا عجیب رنگ کا موٹا سا کیڑا تھا' اس وقت میرا خوف سے بُرا حال ہو گیا۔ میں نے اُسی وقت اسے نالی میں بہادیا تھا۔

میں نے اللہ کا لاکھ شکر ادا کیا۔ روحانی غسل کی برکت سے اُس دن کے بعد میری پسلی میں درد نہیں ہوا۔ میرا گمان ہے کہ وہ کوئی بڑی بلا ہی تھی جو ٹل گئی ورنہ درد سے بُرا حال ہو جاتا تھا۔ کوئی گردے کی تکلیف بتاتا اور کوئی کچھ بتاتا مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کی برکت سے صرف تین مرتبہ روحانی غسل کرنے سے میری سخت تکلیف دور کردی۔

روحانی غسل کا طریقہ: آخری چھ سورتیں مع تسمیہ اول و آخر 3 دفعہ درود شریف کے ساتھ تین مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد بیت الخلاء کی دعا ''بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ'' پڑھ کر بایاں پاؤں غسل خانے میں رکھ کر اندر چلے جائیں، سنت کے مطابق غسل کریں، نہاتے وقت مسلسل دعا دل ہی دل میں پڑھتے رہیں، زبان سے بالکل نہ پڑھیں اور اپنی ہر بیماری اور پریشانی کا تصور کرتے رہیں کہ وہ بھی اس پانی کے ساتھ ڈھل رہی ہیں اور اس کے بعد جب باہر آئیں تو سیدھا پاؤں باہر رکھیں اور پھر اسی ترتیب سے قرآن پاک کی آخری چھ سورتیں پڑھیں جیسے پہلے پڑھی تھیں۔ آخری چھ سورتیں یہ ہیں۔: (1) سورۂ کافرون (2) سورۂ نصر (3) سورۂ لھب (4) سورۂ اخلاص (5) سورۂ فلق (6) سورۂ ناس۔

نوٹ: غسل جنابت کی صورت میں نہانے سے پہلے چھ سورتیں نہ پڑھیں بلکہ نہانے کے بعد جب باہر آجائیں تو بعد میں چھ مرتبہ پڑھ لیں۔

گلے سڑے آڑو کے صحت مند فائدے

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر)

آڑو کے بارے میں کبھی سوچا بھی ہے کہ یہ آپ کا کتنا بڑا دوست‘ کتنا بہترین ہم نشین اور کتنا باکمال شفائی مددگار ہے۔ آئیں! میں آپ کو آج آڑو کے تین واقعات اور تین تجربات بتاتا ہوں۔

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

پہلا واقعہ: مدت ہوئی ایک مریض میرے پاس آیا‘ کہنے لگا کہ میرے پاس بلڈ پریشر کی ہر گولی موجود ہے‘ ہر گولی کا نام موجود ہے اس کی قیمت جتنی بھی گولیاں میں نے کھائی ہیں وہ سب گولیاں میرے اوپر ناکام ہوگئی ہیں اور ہر گولی سے مجھے اب نفرت ہوگئی ہے‘ گولیوں کا اثر نہیں ہوتا لیکن اپنی نفسیاتی تسلی کے لیے میں گولی کھاتا رہتا ہوں اور گولیوں کو پھانکتا رہتا ہوں لیکن اس کے باوجود بھی میں مطمئن نہیں ہوتا۔ ان گولیوں کے بعد مجھے دس ایسے مسائل پیدا ہوگئے ہیں جن کے لیے مجھے اب کسی او علاج معالجہ کی ضرورت نہیں رہی۔

1۔ ہاتھ پاؤں کے ورم۔ 2۔ پھولا ہوا پیٹ۔ 3۔ ہر وقت سانس چڑھا رہتا ہے پھولا رہتا ہے اور کھچا رہتا ہے‘ سانس کھینچ کر لینا پڑتا ہے۔ 4۔ دائمی قبض۔ 5۔ کھٹے ڈکار۔ 6۔ گردوں کا کریٹنن بڑھ رہا۔ 7۔ یوریا اور یورک ایسڈ حد درجہ بہت زیادہ بڑھ رہا۔ ڈاکٹر کہتے عنقریب گردے فیل اور تم ڈائیلائسز میں چلے جاؤ گے۔ 8۔ خون کی کمی کی حد ہوگئی ہے۔ 9۔ چہرے پر رونق ختم ہوگئی ہے۔ 10۔ نظر ختم ہوگئی ہے‘ عینک کے شیشے کا نمبر مسلسل بڑھ رہا ہے۔ بیمار تو تھا ہی لیکن یہ روگ حد سے زیادہ بڑھتے چلے گئے۔ گولیوں نے اپنا کمال دکھایا اور میں مریض سے مریض تر ہوتا گیا اور مرض اتنا بڑھا کہ میرے گمان سے بالاتر اور میں تھک گیا کہیں سے عبقری رسالہ کا پتہ چلا وہاں میں نے آپ کے لکھے ہوئے آڑو کے فوائد پڑھے اور ساتھ یہ بھی لکھا ہوا تھا کہ مہنگے اور قیمتی آڑو نہیں لینے ایسے آڑو لینے ہیں جو دبے ہوئے ہوں کیونکہ جب آڑو بہت پک جاتا ہے تو وہ تھوڑی سی اونچ نیچ سے دب جاتا ہے اب ان دبے ہوئے آڑو کو ہم گلے سڑے آڑو کہتے ہیں حالانکہ گلے سڑے آڑو وہ ہیں جن میں گندی بدبو اور کیڑے ہوں‘ اس لیے گندے اور دبے ہوئے آڑو میں فرق جانیں اور پہچانیں۔ بس میں نے آڑو کو کھانا اور اس کا شیک پینا شروع کردیا اور اسے صحت مند زندگی کی طرح آزمانا شروع کردیا۔

آج میں آپ کے سامنے ہوں‘ کہاں گیا میرا پیٹ‘ کہاں گیا ویٹ‘ یوریا‘ یورک ایسڈ ختم‘ بلڈ پریشر کی گولیاں یہ گئیں اور وہ گئیں‘ صحت میرے قریب‘ آنکھوں کی چمک‘ نظر کی تیزی‘ صحت و تندرستی فٹنس‘ ایسی باکمال میں سوچ نہیں سکتا۔

تمام سرمایہ علاج کی نظر ہوگیا

دوسرا واقعہ: ایک صاحب کہنے لگے کہ میں گزشتہ 36 سال سے صرف ادویات کھا رہا ہوں کبھی معدہ‘ کبھی جگر‘ کبھی اعصاب‘ کبھی پٹھے‘ کبھی گولی نیلی‘ کبھی پیلی‘ کبھی سرخ‘ کبھی سفید‘ کبھی ٹیکہ‘ کبھی پھکی‘ کبھی معجون ایک مرض ختم نہیں ہوتا دوسرا‘ دوسرا ختم نہیں ہوتا تیسرا‘ ٹیسٹ اتنے کروائے کہ میرا گھر آدھا ختم ہوگیا‘ تمام رقم ٹیسٹوں میں چلی گئی‘ بیماریوں کے علاج میں اپنے آپ کو ضائع کر بیٹھا‘ طبیعت ہر وقت بیماریوں میں اتنی پڑگئی کہ ہر بیماری سننے کے بعد میں اپنے آپ کو مریض سمجھتا ہوں‘ سالہا سال سے یہ سلسلہ چل رہا ہے۔ ایک مرتبہ میں آڑو کے فوائد پڑھ رہا تھا تو اس میں لکھا تھا کہ جسمِ انسانی میں نوے فیصد بیماریوں کی وجہ پیٹ کے کیڑے ہوتے ہیں اور قبض ہوتی ہے۔ بس دو چیزیں میرے دل میں لگ گئیں‘ قبض تو تھی ہی‘ پیٹ کے کیڑوں کا مجھے احساس تھا جو کبھی کبھار میری اجابت اور پاخانہ میں نکلتے تھے‘ اس کے لئے میں نے پکے ہوئے آڑو کھانے شروع کردیئے‘ کبھی کھالیتا تھا اور اتنا کھاتا تھا کہ کھانا کھانے کی ضرورت نہ رہتی اور کبھی اس کا شیک پانی میں ڈال کر‘ تھوڑا میٹھا ڈال کر بناتا تھا اور کبھی آڑو کا ملک شیک بنا کر پیتا تھا۔ گلاسوں کے گلاس میں پی جاتا تھا۔ صرف دو سے چار دن ایسا کیا‘ مجھے احساس ہوا کہ میں صحتمند تندرست ہوں بیماری نام کی چیز اب جسم میں موجود نہیں‘ ادویات سے نجات ملنا شروع ہوگئی‘ حتیٰ کہ بعض اوقات سارا سارا دن دوائی استعمال کرنا مجھے یاد ہی نہ رہتی کہ میں اس سے پہلے دوائی کھاتا تھا یا نہیں کھاتا تھا‘ بیمار تھا‘ صحت مند تھا‘ تندرست تھا‘ کیا تھا‘ کیسے تھا؟ مجھے کوئی خبر نہیں۔ میں عبقری [illegible] کرتا ہوں جس نے مجھے آڑو کا راستہ دکھایا۔

لاعلاج مریض آخر صحت یاب ہوگیا

تیسرا واقعہ: یہ واقعہ صرف ایک بندے کے ساتھ نہیں جس طرح پہلے واقعات بھی بے شمار ہیں میں نے ایک ایک بیان کیا ہے اس طرح یہ واقعہ صرف ایک خاندان کے ساتھ نہیں بے شمار خاندان ایسے ہیں جن کے بچے کمزور‘ رنگت پیلی‘ آنکھوں میں حلقے‘ سر کے بال گر رہے‘ چڑچڑے‘ باہر کی غذائیں کھانے کا شوق‘ گھر کی غذائیں اپنے لیے بے کار سمجھتے ہیں۔ ایسے گھروں کے لیے میں ہمیشہ آڑو تجویز کرتا ہوں‘ بچوں کو کسی مشروب کی خوشبو اور رنگ ڈال کر شیک کر کے بچوں کو کھلائیں یا ویسے ہی آڑو کھلائیں لیکن شرط یہ ہے کہ سستے آڑو لینے ہیں‘ دبے ہوئے ہوں‘ نرم ہوں‘ جنہیں عموماً لوگ گلے سڑے آڑو کا لقب دیتے ہیں جس جس نے بھی بچوں کو یہ دوا دی ہے حتیٰ کہ مجھے اس وقت حیرت ہوئی جب ایک تھیلی سیمیا کا بچہ جس کو ہر ہفتے خون لگتا تھا اور خون کا گروپ بھی ایسا تھا جو ڈھونڈے نہیں ملتا تھا‘ انہوں نے اس بچے کو آڑو کھلایا اور بہت کھلایا‘ بہت پلایا۔ آج عالم یہ ہے کہ وہ بچہ صحت مند‘ تندرست‘ تنومند اور لاجواب۔ جس جس بچے نے بھی آڑو کا استعمال کیا وہ بچہ گول مٹول صحت مند تر و تازہ اور لاجواب ایسا کہ عقل حیران۔

لہٰذا اپنی زندگی میں اس سستے آڑو کو شامل کریں‘ مہنگے کو سستا بنایئے بس دبے ہوئے آڑو لیں‘ دھولیں اور کمال دیکھیں۔

میرے ایک مخلص نے تسبیح خانہ میں جمعرات کی محفل میں آڑو کے فوائد سنے‘ وہ بازار جاتا ہے ستر یا سو روپے کے بہت زیادہ دبے ہوئے جسے گلا ہوا کہہ کر ٹھیلے اور ریڑھی والا ایک طرف رکھ دیتا ہے آڑو لے آتا ہے اور خود بھی اور تمام گھر اس کو شیک کر کے ملک شیک کی طرح پیتے ہیں اور فوائد حاصل کرتے ہیں۔

ظالم افسر رحم دل بن گئے: ایسے لوگوں کے مشاہدات ملے جن کے افسر انہیں ناجائز تنگ کرتے اور اذیت پہنچاتے تھے لیکن نقش حضرت عمرؓ نے ایسے افسروں کو رحمدلی پر مجبور کردیا (نقش صفحہ نمبر 4 پر)

قصوروار گھر والے نہیں آپ خود ہیں!

نفسیاتی الجھنوں کا حل

قصوروار گھر والے نہیں آپ خود ہیں!

میرے والدین ہمیشہ سے ہر بات میری مرضی کے خلاف کرتے ہیں۔ مجھے یہ کہنا اچھا نہیں لگتا لیکن اب معاملہ مستقبل کا ہے۔ گھر میں سب ہی مجبور کر رہے ہیں کہ ملازمت کرو لیکن مجھے کاروبار میں دلچسپی ہے۔ ملازمت میں وقت کی پابندی نہ ہو سکے گی، اپنی مرضی سے سونے اور جاگنے کا عادی ہوں۔ (راحیل، فیصل آباد)

مشورہ: شاید آپ کو اندازہ نہیں کہ ملازمت کے مقابلے میں کاروبار میں کہیں زیادہ ہمت و حوصلہ اور محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہاں عادتوں کی قربانی بھی دینی ہوتی ہے۔ ہر لحاظ سے سٹریس زیادہ ہے لہٰذا گھر والوں کی بات مان کر ملازمت کرنے کے بارے میں فیصلہ کر لیں۔ وقت کی پابندی کامیابی کی کنجی ہے۔ وقت کی پابندی شخصیت میں بہتر تبدیلیاں لاتی ہے اور ناممکن بھی نہیں اس طرح آپ اپنے وقت کا بہترین استعمال کرنے کے قابل ہوں گے، سستی اور بے زاری سے نجات ملے گی۔

صرف سوچ لینے سے انسان بڑا نہیں بنتا!

میں نے سنا تھا ہم جو محسوس کرتے ہیں وہ ہونے لگتا ہے۔ مثلاً میں خود کو ان لڑکیوں جیسا محسوس کرنے لگی جو دولت مند ہیں اور واقعی میرے طور طریقوں میں، گفتگو اور لباس میں بھی تبدیلی آنے لگی مگر گھر میں امی اور بہن ناراض ہو رہی ہیں کہ میں ٹھیک نہیں کرتی اور مجھے کسی کا احساس نہیں رہا۔ یہ لوگ ایسا کیوں چاہتے ہیں کہ میں بھی ان کی طرح تھک تھک کر زندگی گزاروں۔ یہ لوگ مجھے خود کو اچھا محسوس کرنے سے روکتے ہیں۔ (اسما، ملتان)

مشورہ: کچھ کیے بغیر صرف اچھا محسوس کر کے زندگی کو بدلنا ممکن نہیں۔ آپ نے یہ نہیں بتایا کہ تعلیم کتنی ہے، جاب کرتی ہیں یا کوئی اور مصروفیت ہے۔ علم اور ہنر کے بعد زندگی میں آنے والی اچھی تبدیلیاں اہلِ خانہ کیلئے پسندیدگی کا سبب ہوں گی پھر آپ کو کوئی نہیں روکے گا کیونکہ اس وقت آپ نہ صرف اپنی زندگی میں بہتری لانے کے قابل ہو جائیں گی بلکہ دوسروں کی زندگی پر بھی اچھا اثر ہوگا۔

محنت کرنا مشکل لیکن جرم کرنا آسان!

پہلے مجھے حیرت ہوتی تھی کہ لوگ دوسروں کی چیزیں کیوں چھین لیتے ہیں ایسا کوئی واقعہ سُن کر غصہ آتا۔ لیکن اب میرے اپنے دماغ میں اس طرح کے خیالات آتے ہیں کہ دوسروں کی چیزیں استعمال کروں۔ (عمران، کراچی)

مشورہ: عام طور پر تخریبی انداز میں سوچنے والے لوگ فارغ ہوتے ہیں، ان کے پاس کرنے کا کوئی کام نہیں ہوتا یا یوں سمجھیے کہ وہ کام مشکل اور جرم کو آسان سمجھتے ہیں۔ یہ ان کی بھول ہوتی ہے کیونکہ منفی خیالات اور رویے انسان کی شخصیت اور زندگی تباہ کر ڈالتے ہیں۔ دماغ میں صرف مثبت خیالات کو لائیں اور منفی کو گزر جانے دیں۔ اس مرتبہ ایک لمحہ بھی نہ سوچیں، یقین کامل کے ساتھ نیک اور بلند مقاصد کیلئے کی گئی جدوجہد بہت سی خواہشات کی تکمیل کا ذریعہ ہوگی۔

فارغ نہ رہیں، خود کو مصروف رکھیں

میری عمر چھبیس سال ہے، ایم ایس سی کر چکا ہوں، مسئلہ یہ ہے کہ جہاں بھی جاب کیلئے جاتا ہوں وہ لوگ مسترد کر دیتے ہیں۔ ایک کمپنی میں انٹرویو دیا تو انہوں نے کہا کہ آپ میں کھل کر بات کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ دوسری جگہ کہا کہ ہمارا کام محنت کا ہے، آپ میں انرجی کم ہے۔ یونیورسٹی میں انٹرویو دیا تو انہوں نے کہا کہ طلبا آپ کے کنٹرول میں نہیں آئیں گے۔ حالانکہ میری ڈگری اور گریڈ اچھے ہیں اب اپنی صلاحیتوں پر شک ہونے لگا ہے۔ (ایم عاصم، اسلام آباد)

مشورہ: ہر شخص جو محنت کرتا ہے اس کو کامیابی ضرور ملتی ہے، شرط یہ ہے کہ مایوس نہ ہوا جائے۔ لوگ آپ کے بارے میں کچھ نہیں جانتے اس لیے ان کی باتوں کو اہمیت نہ دیں۔ اپنی صلاحیت، اہلیت اور قابلیت کا انسان کو خود بہتر اندازہ ہوتا ہے۔ یونیورسٹی میں نہیں پڑھا سکے تو کالج میں کوشش کریں، کسی کوچنگ سنٹر میں پڑھائیں، کسی بھی حال میں فارغ نہ ہوں۔ خود پر اعتماد بڑھتا جائے گا اور ایک ایسا دن ضرور آئے گا جب اپنی مرضی کے مطابق جاب مل جائے گی۔

مریض کی موت کا انتظار، ناک میں مکھن ڈالا اٹھ بیٹھا

قارئین! عرصہ پچیس سال سے میرا تعلق شعبہ طب و حکمت سے ہے۔ اس دوران میں نے بے شمار مریضوں کا علاج کیا۔ ہر مریض مجھے نیا تجربہ اور سبق دے جاتا ہے۔ اتنا عرصہ میں نے بہت سے نسخے، ٹوٹکے اور چٹکلے آزمائے جن کے حیرت انگیز اور فوری رزلٹ ملے۔ بعض اوقات تو پیچیدہ اور سمجھ نہ آنے والی بیماریاں جن کے علاج پر بے بہا پیسہ خرچ کیا گیا لیکن شفاء نہ ملی' ان بیماریوں کے لئے کوئی چھوٹا سا ٹوٹکہ کام آ گیا جس میں کوئی پیسہ لگا اور نہ ہی کوئی محنت ہوئی لیکن ٹوٹکہ سو فیصد شفاء یابی کا ذریعہ بن گیا۔

ایک مرتبہ عجیب واقعہ پیش آیا۔ ایک مریض جس کی ناک سے مسلسل خون بہہ رہا تھا۔ ایک ہفتہ ہسپتال میں داخل رہا' ہسپتال کا عملہ بھی حیران تھا۔ خون بند کرنے کے لئے اس کی ناک میں ایک کپڑا داخل کیا پھر بھی خون بند نہ ہوا۔ ہسپتال میں ڈاکٹر اپنے تمام حربے آزما چکے تھے۔ ڈاکٹر مایوس ہو گئے' مجھے اس مریض کے پاس لے کر گئے' میں نے اس کی حالت دیکھی مجھے بھی سمجھ نہ آئی کہ اس کا کیا علاج ہو سکتا ہے۔ میں گھر واپس آیا تو گھر میں خواتین کے پاس ایک بوڑھی خاتون آئی ہوئی تھیں۔ ان سے اس مریض کا تذکرہ کیا تو انہوں نے کہا تم نے اس کی ناک میں اصلی مکھن کیوں نہ ڈالا' ایسا کرنے سے خون رک جائے گا۔ میں نے مریض کے گھر والوں کو ایسا کرنے کو کہا۔ انہوں نے مریض کے ناک میں خالص مکھن ڈالا تو فوراً خون آنا بند ہو گیا۔ پھر میں نے کئی بار تجربہ کیا۔ ناک سے خون بند کرنے کیلئے یہ ٹوٹکہ آناً فاناً اثر کرتا ہے۔ (عبدالمالک، بلوچستان)

یہ بات سو فیصد درست ہے

میں نے گزشتہ ماہ عبقری رسالہ جہلم کے شہر میں موجود قلعہ روہتاس میں شیر شاہ سوری کی بنائی ہوئی شاہی مسجد کی انوکھی برکات کے بارے میں پڑھا۔ میں نے چند دن مسلسل وہاں جا کر اذان دی' نماز' نوافل اور ذکر کا اہتمام کیا۔ رسالہ میں جو کچھ لکھا تھا سو فیصد درست ثابت ہوا۔ کاروبار میں بہتری آئی' بیٹی کا رشتہ اچھی جگہ ہو چکا ہے اور مجھ پر جادو جنات کے اثرات تھے وہ بھی ختم ہو رہے ہیں۔ میں شاہی مسجد سے بامراد ہو کر لوٹا ہوں۔ (عظمت کلیم، جہلم)

نانی بن گئی لیکن امی کا نسخہ اب بھی نہیں بھولی!

(نسرین بی بی، لاہور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ایک بہت ہی مجرب عمل عبقری قارئین کے لئے پیش کر رہی ہوں۔ اس عمل کو میں نے آزمایا اور سو فیصد درست پایا ہے۔

ذہنی تناؤ اور سر درد کی تکلیف

آج کے جدید دور میں جہاں بہت سی سائنسی ترقیاں اور کامیابیاں ملی ہیں وہاں بہت سی نئی بیماریوں اور پیچیدہ مسائل نے بھی جنم لیا ہے۔ ان بیماریوں میں سب سے بڑا مسئلہ ذہنی پریشانی اور بے سکونی ہے جسے عام طور پر لوگ نفسیاتی مسائل بھی کہتے ہیں۔ ایسے لوگ جو کسی ذہنی پریشانی' نفسیاتی الجھن اور سر درد کے مسئلہ میں مبتلا ہوں تو ان کے لئے یہ عمل بہترین شفاء ہے۔ یہ عمل مجھے ایک ہمسائی نے بتایا تھا۔ میری بیٹی کو نفسیاتی مسئلہ تھا وہ ہر وقت ذہنی تناؤ اور پریشانی کا شکار رہتی جس وجہ سے سر میں بھی تکلیف کی شکایت ہونے لگی۔ میں نے سب سے پہلے یہ عمل اپنی بیٹی پر آزمایا اور واقعی اس عمل نے اپنا کمال دکھایا اور بیٹی بالکل ٹھیک ہو گئی۔ اگر کسی کو سر درد کی شکایت ہو تو یہی عمل کرتی ہوں جس سے سر درد بالکل ختم ہو جاتا ہے۔ اگر مسئلہ تھوڑا ہو یا سر میں درد ہو تو صرف ایک بار ہی عمل کرنے سے آرام آجاتا ہے' مسئلہ زیادہ خراب ہو گیا ہو تو گیارہ دن مسلسل یہ عمل کریں ان شاء اللہ آرام آجائے گا۔ عمل یہ ہے۔ مٹی کے پیالے میں پانی لے کر اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ سورۃ الناس پڑھ کر پانی پر دَم کر کے مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ تمام بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔

کلمہ طیبہ سے علاج

یہ وظیفہ بھی میری امی نے ہمیں بچپن میں بتایا تھا اب ماشاء اللہ میں خود نانی بن گئی ہوں۔ بتانے کا مقصد یہ ہے کہ یہ وظیفہ ہمارے گھر میں سالہا سال سے چل رہا ہے جب بھی کچن میں کام کرتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا کسی اور وجہ سے کوئی جسم کا حصہ جھلس جائے تو سی یا چیخ مارنے کی بجائے عادت بنالیں کہ فوراً منہ سے کلمہ طیبہ نکلے جب بھی ہاتھ یا جسم کا کوئی حصہ جل جائے' اس کے علاوہ جسم کا حصہ جلنے کے بعد کلمہ طیبہ سانس روک کر پڑھتے جائیں اور متاثرہ جگہ پر دم کرتے جائیں۔ چند منٹ میں یہ عمل کر لیں' ان شاء اللہ جلن ختم ہو جائے گی اور زخم بھی نہیں بنے گا۔

دعائیں قبول کیوں نہیں ہوتیں؟

ایک دفعہ ابراہیم ادھم بلخیؒ سے سوال کیا گیا کہ کیا وجہ ہے اللہ تعالیٰ ہماری دعائیں قبول نہیں فرماتا؟ آپ نے اس کی چند وجوہات فرمائیں جو درج ذیل ہیں۔

☆ تم اللہ جل شانہٗ کو جانتے ہو مگر اس کی اطاعت نہیں کرتے۔ ☆ رسول کریم ﷺ کو پہچانتے ہو مگر ان کی پیروی نہیں کرتے۔ ☆ قرآن کریم پڑھتے ہو مگر اس پر عمل نہیں کرتے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں کھاتے ہو مگر شکر ادا نہیں کرتے۔ ☆ بہشت اطاعت کرنے والوں کیلئے ہے مگر طلب نہیں کرتے ☆ شیطان کو دشمن جانتے ہو مگر اس سے دُور نہیں بھاگتے۔ ☆ عزیز و اقارب کو اپنے ہاتھوں سے دفن کرتے ہو مگر عبرت نہیں پکڑتے۔ ☆ موت کو برحق جانتے ہو، عاقبت کا سامان نہیں کرتے۔ ☆ دوسروں کی عیب جوئی کرتے ہو مگر اپنی بُرائیوں کو ترک نہیں کرتے۔ جس میں یہ عیب موجود ہوں بھلا ایسے شخص کی دعا کیسے قبول ہو؟ جو شخص چاہتا ہے کہ اس کی دعائیں قبول ہوں اسے چاہیے کہ وہ ان باتوں پر غور و فکر کرے' تعوذ پڑھیں' قبرستان جائے' عبرت حاصل کرے اور مرحومین کے لئے دعا کرے' اللہ سے ہمیشہ جنت الفردوس کا سوال کرے۔

(حکیم فاروق، چڑھوئے والا سانواں)

جادو اور سفلی عمل کے خطرناک وار اور اکابرینؒ کے مجرب اعمال

تحفظ سحر و جادو دُشمنان و شیطان سرکش و حادثات اتفاقیہ

ماہانہ تحفظ جان کا عمل

ایسا عمل جو صرف کسی کامل کی اجازت سے ہی کیا جائے۔

موجودہ دور مخدوش ہے' زندگی کے حادثات سے کوئی شخص محفوظ نہیں' تحفظ کے لیے اسماء نورانی سے یہ وظیفہ تیار کیا جاتا ہے جو حادثات' نظر بد' سحر' چوری' خوف' اغواء' جنات اور غرقابی سے محفوظ رکھتا ہے۔ میں نے برسوں اس عمل کے تماشے صدہا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں' قارئین کی فرمائش پر اس خاص عمل کو شائع کیا جا رہا ہے تاکہ دکھی' مجبور' در در کے بھکاری' بیماریوں سے عاجز زندگی کو سکھی بنا سکیں۔

کالی دیوی کا جادو اور سفلی عمل دنیا کے طاقتور ترین جادو میں سے ایک ہے مگر نورانی اور قرآنی عملیات کے آگے جو دلیوںؒ اور اکابرینؒ کی اجازت سے کیا جائے چند دنوں میں ٹوٹ جاتا ہے' سفلی عمل بار بار حملہ آور ہوتا ہے اور اس سے بچنے کیلئے مسلسل اوراد و وظائف' مسنون اعمال کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہٰذا ادارہ عبقری آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے ہر ماہ خاص ساعتوں کے حساب سے ایک خاص عمل' وظیفہ اور صدقہ بتائے گا جس کے کرنے سے آپ ان شاء اللہ زمینی و آسمانی مصائب سے محفوظ رہیں گے۔ لہٰذا ہر ماہ حفاظتی حصار کا عمل کرنا ہرگز نہ بھولیے۔

جولائی 2023ء کا حفاظتی حصار

فِیْ آمَانِ اللهِ فِیْ جَوَارِ اللهِ

صبح و شام صرف 21 مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ گھر سے نکلتے وقت مین گیٹ کو دیکھتے ہوئے مذکورہ بالا کلمات 3 بار پڑھیں۔ اس کے علاوہ گھر سے باہر نکلنے کے بعد گھر کے تمام افراد کی حفاظت کا تصور کرتے ہوئے یہی کلمات تین مرتبہ پڑھ کر انہیں دم کر دیں۔ ان شاء اللہ یقینی حفاظت رہے گی۔ گھر کے ہر فرد کی طرف سے صرف 21 روپے 40 روپے' 72 روپے یا 111 روپے ہدیہ کر دیں۔ حسب توفیق جتنا سہولت سے کر سکیں بتائی گئی رقم میں سے کوئی ایک کر دیں۔ کسی ایسے شخص کو دیں جو سوال نہ کر سکتا ہو' پیشہ ور بھکاری کو ہرگز نہ دیں۔ ان شاء اللہ ہمیشہ حادثات' ان دیکھی آفات و بلاؤں اور بیماریوں سے حفاظت رہے گی۔

خاص ساعتوں کے حساب سے اگلے مہینے کا حفاظت جان کا عمل "ماہ اگست 2023ء" کے شمارہ میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

تفصیلات صفحہ 65 پر۔

امرود کے درخت سے بندھے خونخوار کتے سے دوستی

میں سکول ٹیچر ہوں' میں نے عبقری سے بہت استفادہ حاصل کیا ہے۔ چند تجربہ شدہ اعمال عبقری کے قارئین کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔ محترم شیخ الوظائف صاحب کی کتاب ''بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف'' میں ایک عمل لکھا ہے۔

ناگوار شخص کو مجلس سے اٹھانے کا آزمودہ عمل!

کہ اگر مجلس میں کوئی ناگوار اور شرپسند شخص آجائے اور اُس کو بھگانا یا اُٹھانا مطلوب ہو تو سورۃ کہف کی آیت نمبر 45 کا یہ حصہ ''تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا'' دل میں چند مرتبہ پڑھیں تو وہ شخص اٹھ کر چلا جائے گا۔

اپنے اردگرد انسان کو حاسدین اور شرپسند لوگوں کا سامنا ہوتا رہتا ہے' میں نے یہ عمل کئی مرتبہ آزمایا اور سو فیصد رزلٹ ملا۔

چھٹیوں کے بعد ہمارے سکول کھلے تو ہم نے بچوں کو کتابیں دینا تھیں۔ جس کمرے میں کتابیں تھیں وہاں کافی بھڑ تھے۔

میں نے سوچا جب کسی ناگوار شخص کو اس آیت سے بھگایا جا سکتا ہے تو بھڑ کو کیوں نہیں۔ میں نے وہیں کھڑے کھڑے چند مرتبہ سورۃ کہف کی یہی آیت پڑھی' تھوڑی ہی دیر میں کمرہ بھڑوں سے بالکل خالی ہو گیا۔ اس سے پہلے کمرہ کھولتے ہوئے ایک بھڑ نے مجھے کاٹ لیا تھا۔ میں نے فوراً ''وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ'' گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا۔ جلن بھی ختم ہو گئی اور سوجن بھی نہیں ہوئی۔

ہمارے سکول میں ایک امرود کا درخت ہے جس سے بچے امرود توڑتے تھے۔ وہاں ہمارے سکول کے چوکیدار نے ایک کتا باندھ دیا تا کہ بچے قریب نہ آئیں۔ وہ کتا جس کو دیکھتا تو بھونکتا اور کاٹنے کو دوڑتا۔ میں نے اُس پر سورۃ الفاتحہ پڑھ کر پھونک دی اور کہا میں اُمتِ محمدی ﷺ میں سے ہوں اور تو مجھ پر بھونکتا ہے' آرام سے بیٹھ جا! اس دن کے بعد وہ کتا مجھ پر پھر کبھی نہیں بھونکا۔ میں اس کے ساتھ بھی کھڑی ہوتی ہوں تو کچھ نہیں کہتا' بیٹھا رہتا ہے اور اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے۔ اگر کوئی اور اُس کے قریب جاتا ہے تو کاٹنے کو دوڑتا ہے۔ اسی طرح ایک دن چھٹی کے بعد میں وین میں گھر واپس جا رہی تھی۔ وین بہت تیز سپیڈ میں تھی' مجھے خوف محسوس ہوا۔ میں نے دل ہی دل میں بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ دعا پڑھنا شروع کر دی اور ڈرائیور پر دم کر دیا' فوراً گاڑی کی رفتار اپنے معمول پر آ گئی اور میں خیریت سے گھر پہنچ گئی۔ (نصرت بشیر، شکر درہ)

 (نقش صفحہ نمبر 4 پر)

پرانا کنواں ہماری خوشیاں اور رزق نگل گیا

ہمارے گھر میں ایک کنواں ہوتا تھا اور ایک بہت پرانا نیم کا درخت تھا۔میرے والد پتھروں کی مدد سے وہ کنواں بند کر رہے تھے کیونکہ کنویں کی وجہ سے گھر بیٹھ رہا تھا۔جنات نے مختلف طریقوں سے روکنے کی کوشش بھی کی لیکن والد صاحب نے کنواں بند کر دیا۔جس گھر میں ہم رہتے ہیں یہاں پرانے وقتوں سے ہی جنات کا سایہ ہے۔جب کنواں بند کیا گیا تو پتھر لگنے سے جنات کا ایک بچہ فوت ہوگیا بس اس دن سے ہمارے گھر کا سکون ختم ہوگیا پھر وہ جنات میری بہنوں کو تنگ کرنے لگے۔گھر میں سے رزق ختم ہوگیا۔زندگی میں کسی کام میں کامیابی نہیں ملتی‘ ہر کام برباد ہوجاتا ہے۔گھر کی حالت خستہ ہوچکی ہے۔میرے والد اکیلے کمانے والے ہیں‘ ٹھیلا لگاتے ہیں۔میں بھی ایک سکول میں معمولی تنخواہ پر کام کرتا تھا۔ایک سال سے گھر فارغ بیٹھا ہوں۔والد صاحب نے مجھے اچھی تعلیم دِلوائی لیکن جہاں بھی انٹرویو یا ٹیسٹ دینے جاتا ہوں، ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملتا۔ہم نے کسی بزرگ سے علاج کے لئے رجوع کیا تو اس سے یہ فائدہ ہوا کہ جنات نے بہنوں کو تنگ کرنا چھوڑ دیا۔اب جنات میری بہنوں کو تنگ نہیں کرتے لیکن رات کو مردوں میں سے کسی کو سونے نہیں دیتے، رات کو کسی مرد کو جاگنا پڑتا ہے۔میرے والد پورا دن مزدوری کرکے لوٹتے ہیں تو تھکے ہوئے ہوتے ہیں وہ جاگ نہیں سکتے تو مجھے یا چھوٹے بھائی کو جاگنا پڑتا ہے اگر ہم سو جاتے ہیں تو کوئی چیز ہم پر گرتی ہے یا بلیاں لڑنے کی آوازیں شروع ہو جاتی ہیں جبکہ ہمارے گھر میں بلیاں نہیں ہیں یا دروازہ زور سے بجنے لگتا ہے۔ہم سکون سے سو نہیں سکتے۔ہمارا سکھ چین سب برباد ہو چکا ہے۔روزانہ رات کو سانپ کے بچے یا بچھو کے بچے نکلتے ہیں۔جس بزرگ سے ہم نے گھر میں پڑھائی کروائی انہوں نے بتایا کہ آپ سے ان کا بچہ قتل ہوا ہے یہ اس کا انتقام لے رہے ہیں‘ اس لئے کسی پرانے درخت کو کاٹنے یا ایسی جگہ جہاں سایہ ہو وہاں تبدیلی کرنے سے پہلے کسی اللہ والے سے مشورہ کرلینا چاہیے کیونکہ اکثر ایسی جگہوں پر جنات کا بسیرا ہوتا ہے۔(محمد اسحاق، کنڈیارو)

بندشوں اور ناکامیوں سے نجات اولیاء اللہ کے آٹھ آزمودہ عمل!

تسبیح خانہ لاہور کے ہال نمبر ایک میں مردوں کیلئے اور تسبیح خانہ لاہور ہال نمبر دو میں خواتین کیلئے ’’گوشہ طلسمات‘‘ بنایا گیا ہے۔جس میں اولیاءؒ کے 8 آزمودہ عمل دیئے گئے ہیں۔بندش توڑ تالے کا انوکھا عمل‘ چابی گھمائیں اور بندش کھلوائیں۔عملیاتی چرخہ اور حیرت انگیز طلسمات جس سے مشکلیں‘ بندشیں چند لمحوں میں دور۔صبح و شام لوگ بغیر کسی اپوائنٹمنٹ کے بالکل مفت اپنے روحانی مسائل کا حل پائیں۔گوشہ طلسمات روزانہ صبح 8 تا شام 6 بجے تک کھلا رہے گا۔(اجازت عام ہے۔)

16 لاکھ کی رقم واپس مل گئی!

دینے والا پہلے انکاری تھا اب معذرت کرکے دے گیا

میں نے عبقری سے بہت فیض پایا ہے جس سے میرے بہت سے جاننے والے احباب بھی مستفید ہو رہے ہیں‘ چند مشاہدات تحریر کر رہا ہوں۔ایک خاتون کی ڈلیوری قریب تھی‘ ڈاکٹروں نے بتایا تھا کہ دوران آپریشن ماں اور بچے کی جان کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔میں نے انہیں بتایا کہ جب آپریشن کے لئے لے جایا جائے تو اس سے پہلے سورۃ انشقاق کی آیت نمبر 4 اور 5 وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَ تَخَلَّتْ۝ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ۝ سفید کاغذ پر لکھ کر ران پر باندھ لیں‘ ان شاء اللہ آسانی اور عافیت والا معاملہ ہو گا۔وہ خاتون اس بات کو بھول گئی جب آپریشن تھیٹر میں لے جایا گیا تو اچانک یاد آیا جس کے بعد ان کی والدہ نے وہ آیات والا کاغذ ان کی بائیں ران پر باندھ دیا۔اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے آسانی والا معاملہ فرمایا‘ بغیر کسی پریشانی اور مسئلہ کے ڈلیوری ہوگئی جس کے فوراً بعد ہدایات پر عمل کرتے ہوئے انہوں نے آیات والا کاغذ اتار دیا۔ڈاکٹر خود حیران تھے کہ یہ کرشمہ کیسے ہوگیا۔انہیں جب سورۃ انشقاق کی آیات کے بارے میں بتایا تو ڈاکٹر نے ایک کاغذ پر وہ آیات لکھ کر اپنے پاس نوٹ کرلیں۔

قرضے کی وصولی

میرے پاس ایک شخص آیا‘ بہت پریشان تھا۔مجھ سے کہنے لگا کہ میرے ایک دوست نے کاروبار شروع کیا اور میں نے شراکت داری پر اس کے ساتھ کاروبار میں سولہ لاکھ لگائے مگر اس نے معاہدے کے مطابق کاروبار میں ہونے والے نفع کی رقم مجھے نہیں دی۔جب میں نے اس سے بات کی تو اس نے صاف انکار کر دیا۔میں نے کاروبار شروع کرتے وقت جو رقم دی تھی اس کا مطالبہ کیا تو وہ شخص مکر گیا اور کہنے لگا کہ میرے پاس آپ کی کوئی رقم نہیں ہے۔تین سال گزر چکے ہیں مگر وہ پیسے نہیں دے رہا۔میں نے اس شخص کو سورۃ انعام کی آیت نمبر 45 فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا-وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۝ پڑھنے کا بتایا۔اُس نے ایک مہینہ مسلسل اپنے مسئلہ کی نیت سے یہ وظیفہ پڑھا۔ایک ماہ بعد اس شخص سے ملاقات ہوئی‘ بہت خوش تھا مجھے بتانے لگا کہ جو وظیفہ آپ نے دیا تھا میں نے خوب توجہ دھیان سے پڑھا اور جو شخص میرے پیسے واپس کرنے سے صاف مکر گیا تھا‘ وہ خود چل کر میرے گھر آگیا‘ معذرت کی اور میرے سارے پیسے واپس کر دیئے۔(کیپٹن حبیب اللہ، گوجرانوالہ)

برے اور ڈراؤنے خوابوں کا علاج

اگر کسی شخص کو برے اور ڈراؤنے خواب آتے ہوں۔ان خوابوں کی وجہ سے نیند خراب ہو جاتی ہو تو ان کے لئے مجرب عمل ہے جس کی بدولت ان شاء اللہ برے خواب آنا بند ہوجائیں گے اور نیند بھی پرسکون آئے گی۔سونے سے پہلے کم از کم ایک صفحہ قرآن پاک کا ترجیحاً سورۃ البقرہ کا آخری رکوع‘ سورۃ الملک چاروں قل‘ سونے کی دعا پڑھیں اور دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ رات کو بُرے اور ڈراؤنے خواب نہ دکھائے۔سونے سے پہلے پیشاب کرکے اور باوضو سویا کریں۔اگر کبھی برا خواب آ بھی جائے تو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنے کا معمول بنالیں‘ ان اعمال کی برکت سے برے خواب آنا بند ہوجائیں گے اور پرسکون نیند آئے گی‘ ان شاء اللہ۔(ح‘ف‘ سنانواں)

دادا جی کو ذلیل کیا! ناکامیاں اور دکھ گلے پڑ گئے

(ش، جہلم)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو اور عبقری کی پوری ٹیم کو تاقیامت سلامت رکھے اور ترقی دے۔آمین!۔میں زندگی میں پہلی مرتبہ کسی ادارہ کو تحریر لکھ رہا ہوں یہ تحریر ایسے لوگوں کیلئے عبرت ہے جو اپنے بزرگوں کا ادب واحترام اور خیال نہیں کرتے۔ میں اس وقت اپنی آپ بیتی بتا رہا ہوں۔جب سے ہوش سنبھالا تب سے گھر میں دادا جی کو بڑا پایا۔ہمارا مشترکہ خاندانی نظام تھا۔ہم سب اپنے دادا جی کو ''ابا جی'' کہہ کر پکارتے تھے۔

مستقبل داؤ پر لگا لیا

وہ کچھ سخت مزاج تھے مگر اس سے زیادہ شفیق اور رحم دل بھی تھے۔والد صاحب کے بچپن میں دادی کا انتقال ہوگیا جس کے بعد دادا جی نے تمام بچوں کی پرورش اور دیکھ بھال کی۔وہ ایک پڑھے لکھے انسان تھے انہیں بیرون ملک سے ایک اچھی نوکری کی آفر ہوئی جسے انہوں نے قبول کر لیا۔تمام تر کاغذی کارروائی مکمل ہوگئی ویزہ بھی لگ گیا اور ٹکٹ بھی فائنل ہوگئی۔لیکن انہیں بچوں کا خیال آیا کہ نہ جانے خاندان والے بچوں کے ساتھ کیا سلوک کریں گے۔ لہٰذا انہوں نے بچوں کی خاطر اپنا مستقبل بھی داؤ پر لگا لیا۔پھر ساری عمر انہوں نے محنت ومشقت کر کے بچوں کو پالا اور ان کی شادیاں کیں۔گھر کے تمام افراد ان کا بہت ادب واحترام کرتے تھے۔

حقارت کی نظر سے دیکھتا

میرا رویہ ابا جی یعنی دادا جی کے ساتھ انتہائی غلط تھا۔اگر وہ میری کسی غلطی کی وجہ سے کسی بات پر اصلاح فرماتے تو میں بھی بے دھڑک جواب دیتا اور بدتمیزی پر اتر آتا۔امی ابو کی مار، ڈانٹ اور لاکھ سمجھانے کے باوجود میں باز نہ آیا۔جب بھی ان کا سامنا ہوتا تو نہایت غلط طریقے سے پیش آتا۔میں انہیں حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا۔ایک بار کسی حادثہ کی وجہ سے ان ٹانگ ٹوٹ گئی اور دماغ پر بھی چوٹ آئی۔پھر بیمار ہو کر وہ بستر پر پڑ گئے اور کافی کمزور ہو گئے۔یہ موقع ان کی خدمت کر کے دعائیں لینے کا تھا مگر اس دوران ان کے ساتھ میرا رویہ مزید بدتر ہوگیا۔ان دنوں میں نے ان کا بہت دل دکھایا۔میں یہ نہیں جانتا تھا کہ میرا رویہ انہیں دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے۔میں نے انہیں پریشان کرنے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیا۔چند ہی سالوں میں ایک اور حادثہ میں دادا جی کا انتقال ہوگیا۔جنازے کے اُٹھتے ہی میری امی مارے غم کے بے ہوش ہو گئیں۔اس دن کے بعد مجھ پر مکافات کا سلسلہ شروع ہوگیا۔آج ان کی وفات کو ایک عرصہ بیت گیا ہے مگر مجھے اس دوران ایک لمحہ کے لئے بھی خوشی نصیب نہیں ہوئی۔

ایک پل سُکھ کا سانس نصیب نہیں

غم، دُکھ درد، لڑائیاں، جھگڑے میرے نصیب میں لکھ دیئے گئے ہیں۔گھر کے اندر یا باہر کوئی بھی نقصان ہو جائے تو اس کا سارا قصور مجھ پر ڈال دیا جاتا ہے جس طرح میں اپنے دادا جی پر ڈال دیتا تھا۔زندگی میں ہر طرف ناکامیاں اور مایوسیاں ہیں۔ایک پل کے لئے سکھ کا سانس لینا بھی نصیب نہیں۔ میرے ساتھ ابھی تک مکافاتِ عمل چل رہا ہے۔

قارئین! میری التجا ہے کہ اپنے بزرگوں کا خیال کیجیے۔ ہر بات اطمینان سے سنیے، اُن کو وقت دیجیے اُن کی ہر خواہش پوری کیجیے ان کی خدمت کا موقع ہرگز نہ گنوائیں اور اگر وہ کوئی بات ایک سے زائد مرتبہ پوچھیں تو ہر بار اطمینان سے جواب دیجیے کیونکہ آج جو ہم کریں گے کل وہ ہمارے آگے آئے گا۔دعا کیجیے گا کہ اللہ پاک مجھے معاف فرمائے اور دادا جی کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔آمین!

کمزور، اپاہج نہیں بلکہ باکمال اور لازوال زندگی گزاریں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے اپنے والد محترم کو دیکھا کہ انہوں نے ہمیشہ اپنے کھانے پینے کا خاص خیال رکھا' کھانے میں وہ چیز استعمال کی جو موسم اور طبیعت کے موافق ہو تاکہ ان کو کبھی بھی بستر یا دوائیوں کا محتاج نہ ہونا پڑے۔وہ مختلف 'چیزیں' مربے اور معجون بنا کر استعمال کرتے رہتے اور اپنے آپ کو لمبی اور صحت مند زندگی کے لئے تیار کرتے۔وہ شروع سے نماز روزہ کے پابند ہیں بلکہ تہجد گزار ہیں' میں ان کے معمولات دیکھتے ہوئے بڑا ہوا' ان کی یہ صفات غیر محسوس طریقے سے میرے اندر بھی منتقل ہو چکی تھیں۔ مجھے بھی بچپن سے ہی وقت کی پابندی' نماز کے ساتھ ساتھ اچھے اور صحت مند کھانوں کا شوق تھا۔ جسمانی صلاحیتوں کو ہمیشہ بیدار رکھنے اور دیرپا بنانے کی اسی جستجو میں میرا عبقری سے تعارف ہوا' میں نے عبقری رسالہ ہر ماہ پڑھنا شروع کیا اور اس رسالے کی سخاوت اور فیض کی کشش تھی کہ میں ہر ماہ شدت سے اس کا انتظار کرتا ہوں۔ میرے والد پڑھنا نہیں جانتے لیکن وہ مجھ سے رسالہ میں شائع ہونے والے لوگوں کے مشاہدات سنتے ہیں۔موسم اور بیماریوں کے لحاظ سے غذائیں' پھل اور جڑی بوٹیوں کی وہ معلومات جو کہیں سے نہ ملیں وہ عبقری نے ہمیں دی ہیں۔ عبقری کی جس چیز نے ہمیں سب سے زیادہ متاثر کیا وہ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''معالج آٹا'' ہے۔میں نے اس کے بارے میں والد صاحب کو بتایا تو انہوں نے کہا کہ یہ آٹا ضرور استعمال کرنا ہے۔میں یہ آٹا عبقری ایجنسی سے خرید لایا' ہم اس کے اجزاء دیکھ کر حیران ہوئے کہ بہترین چیزوں کو ملا کر ایک مکمل جسمانی ضرورت کا سامان کر دیا گیا ہے۔ جو، مکئی، چنا، باجرہ، جوار، کلونجی، اجوائن سونف اور سفید زیرہ کے انوکھے امتزاج سے جسم کی تمام غذائیت پوری ہو جاتی ہے۔گھر میں ہم نے یہ آٹا استعمال کرنا شروع کیا تو میرے والد صاحب کے الفاظ تھے کہ سارے کشتے اور معجونوں کے فوائد ایک طرف ہیں اور اس آٹے کی افادیت، قوت، غذائیت، چاشنی اور لذت ایک طرف ہے۔یہ آٹا کھانے سے معدہ' جگر' دل' جوڑوں' اعصاب اور پورے جسم کو نئی طاقت اور حیات ملتی ہے۔ میں نے خود محسوس کیا ہے اس آٹے کے استعمال کے بعد جسم میں غیر معمولی طاقت اور ٹھنس ہے جو بڑی مقوی چیزیں کھانے سے بھی قوت نہیں ملتی وہ اس آٹے سے بنی روٹی کھانے سے ملتی ہے۔عبقری نے ہمیں شعور بھی دیا ہے اور راستہ بھی دیا ہے' مسائل بھی بتائے اور ساتھ ان کا حل بھی بتایا۔(ارسلان ندیم، ملتان)

صبح اٹھتے ہی سب سے پہلے نہانا صدیوں سے آزمودہ شفائی فارمولہ

طبِ محمد ﷺ و آلِ محمد سلام اللہ ورضوانہ علیہ

انتخاب

علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف کمی احمد پوری

فرمان حضرت امام محمد باقر سلام اللہ ورضوانہ علیہ

"نہار منہ غسل کرنے سے بلغم کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔"

میڈیکل سائنس کی ریسرچ

یونیورسٹی آف کنٹکی کالج آف میڈیسن کے پروفیسر ڈاکٹر "بریٹ کومر" کا کہنا ہے کہ بلغم تین اجزاء پانی، نمک اور اینٹی باڈیز (Antibodies) کا مجموعہ ہوتا ہے اور قدرت نے اسے جسم میں بیکٹیریا کے خلاف لڑنے اور جسم سے غیر ضروری جراثیم کو نکالنے کے لئے بنایا ہے۔ ان کی عدم موجودگی میں ہوا بغیر صاف ہوئے ناک کے راستے پھیپھڑوں میں چلی جاتی ہے اور مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ ہمارا جسم دن میں تقریباً 10 سے 30 گرام بلغم بناتا ہے۔ جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو بلغم کی مقدار دوگنی ہو جاتی ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارا جسم اس کے ذریعے جراثیم اور انفیکشن کو جسم سے باہر نکالتا ہے۔

گرمیوں میں فرحت و توانائی کا احساس

گرمیوں میں صبح کے وقت ٹھنڈے پانی کا مختصر سا غسل یا سردیوں میں نیم گرم پانی سے غسل کرنے سے فرحت و توانائی کا احساس، پٹھے مضبوط اور اعضاء کو طاقت ملتی ہے۔ غسل پورے جسم میں خون کی گردش کو تیز کر کے تمام بافتوں (ٹیشوز) کی کارکردگی کو درست اور تیز تر کرتا ہے۔ غسل سے دماغ کو تر و تازگی اور تخلیقی صلاحیتیں بہتر ہوتی ہیں، میٹابولزم تیز ہو جاتا ہے اور خون کے سفید خلیوں کی افزائش بڑھ جاتی ہے جس کے نتیجہ میں قوت مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے اور بیماریوں سے تحفظ و نجات ملتی ہے اور جسم میں بلغم بننے کی مقدار معمول پر آ جاتی ہے۔ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ تازہ یا نیم گرم پانی سے غسل کرنے سے جسم میں نائٹرک آکسائیڈ کی پیداوار بڑھتی ہے' نائٹرک آکسائیڈ میں اضافے سے خون کی رگوں کو سکون پہنچتا ہے اور بلڈ پریشر کم ہوتا ہے۔

مختلف بیماریوں کا فری علاج

یہی کیمیکل جسم میں اندرونی جلن کم کر کے ذیابیطس کی شدت کم کرنے کا کام بھی کرتا ہے۔ اس کے علاوہ سائنسی تحقیق نے نہار منہ نہانے کے ایسے بے شمار فوائد ثابت کر دیئے ہیں جو بڑے سے بڑا اور مہنگے سے مہنگا علاج کروانے سے بھی نہیں ملتے۔ ڈرماٹولوجی کی ایسوسی ایٹ کلینیکل مشہور پروفیسر کا کہنا ہے کہ "صبح کا شاور ایک طویل یا مصروف دن شروع کرنے سے پہلے غور کرنے اور دوبارہ منظم ہونے کا وقت دیتا ہے۔ یہ ذہن سازی کورٹیسول نامی ہارمون کی سطح کو برقرار رکھ کر جلد میں سوزش کو کم کر سکتی ہے۔" جلد کے خلیات، جو رات کے دوران آرام دہ رہتے ہیں، صبح کے شاور سے متحرک ہوتے ہیں اور خاص طور پر یہ امتزاج، تیل یا مہاسوں کا شکار جلد کے لیے اہم ہے۔

پٹھوں کی طاقت اور جسمانی سرگرمیوں میں مفید

تحقیق سے ثابت ہوا کہ گرمیوں میں تازہ یا ہلکے ٹھنڈے پانی سے نہانا جسم کے درد کو کم کرنے، گردوں کے کام کو بہتر بنانے، سوزش کو کم کرنے اور خود مختار اعصابی نظام کو منظم کرنے کا کام کرتا ہے۔ یہ پٹھوں کی طاقت اور ماس کو بھی بڑھاتا ہے، اور زیادہ جسمانی سرگرمیوں کی وجہ سے پٹھوں کے ریشوں کو پھاڑنے سے روکتا ہے۔

میڈیکل سائنسی ریسرچ کے مطابق ممکنہ طور پر غسل انسان کی مختلف جسمانی و ذہنی حالتوں کے لیے بہت مفید ہے جیسا کہ بلند فشار خون کے مسئلہ سے لے کر ذیابیطس کی دوسری اقسام کے علاج تک اور ڈپریشن سے لے کر انسانی جسم میں سوزش اور اشتعال کے مسائل اور اس کے علاوہ بہت سی پیچیدہ بیماریوں کا ممکنہ علاج موجود ہے۔

بغیر کسی وظیفہ کے مشکلات حل اور ناممکن ممکن ہو گیا

(الیاس خالد)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال آپ نے تین تعویذات کے مجموعہ لکھ کر عبقری کے دفتر بھیجنے کا حکم فرمایا جو کہ نومبر 2023 سوا ارب درود پاک کے چلہ پر تقسیم کیا جائے گا۔ میرے کچھ ذاتی مسائل اور پریشانیاں تھیں۔ میں نے یہ تعویذات اس نیت سے لکھنے شروع کیے کہ اس خدمت کی برکت سے اللہ تعالیٰ آپ سے ٹوکن پر ملاقات کروادے تاکہ آپ کو اپنے مسائل بتاؤں اور تعویذات لکھ کر خود آپ کو پیش کروں۔ اس سے پہلے بھی میں نے کافی کوشش کی مگر ملاقات کو ٹوکن نہ مل سکا۔ میں نے جس دن یہ خدمت شروع کی اتفاقاً اس سے اگلے ہی دن شیخ الوظائف سے ملاقات کا ٹوکن ملنا شروع ہوا۔ اس خدمت کی برکت سے میری کال مل گئی اور ٹوکن بھی مل گیا۔ چند دنوں بعد میری ملاقات ہوئی اس وقت تک میں نے اپنے مسائل کا تصور کرتے ہوئے اس خدمت کو جاری رکھا اور ملاقات کے وقت شیخ الوظائف کی خدمت میں یہ تمام تعویذات پیش کر دیئے۔ آپ نے حوصلہ افزائی فرمائی' دعاؤں سے نوازا اور اس خدمت کو جاری رکھنے کا فرمایا۔ میں نے آپ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے خدمت کو جاری رکھا' دو رکعت شکرانہ حاجات کے بھی پڑھتی رہی اور چند ہفتوں بعد ہی نتائج ملنا شروع ہو گئے۔ میرے مسائل اور پریشانیاں ختم ہونے لگیں اور ناممکن ممکن ہونا شروع ہو گیا۔ زندگی میں خوشیاں واپس لوٹ آئیں' یہ سب اس خدمت کی برکت سے ہوا۔

مقبول گھڑی کو کیش کریں اور ساری عمر عیش کریں

کائنات میں بڑے واقعات 10 محرم کو پیش آئے۔ اس دن کو ازل سے خاص مقام حاصل ہے۔ تسبیح خانہ قبولیت کی گھڑیاں کیش کروانا خوب جانتا ہے' جو زندگی میں کامیابی' ترقیاں اور عظمتیں چاہتا ہے وہ 9، 10 محرم تسبیح خانہ میں گزارے۔ (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

طبِ اصحابِ رسولﷺ

صحابہؓ کا راشن! ستو اور کھجور لاجواب طاقت

حضرت ابی بردہؓ سے روایت ہے کہ میں مدینہ منورہ آیا اور عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ میرے ساتھ گھر چلو' میں تمہیں اس پیالہ میں پلاؤں گا جس میں رسول اللہ ﷺ نے پیا تھا اور پھر ہم اس نماز پڑھنے کی جگہ نماز پڑھیں گے جہاں نبی کریم ﷺ نے نماز پڑھی تھی۔ چنانچہ میں ان کے ساتھ گیا اور انہوں نے مجھے سَتّو پلایا اور کھجور کھلائی اور میں نے ان کے نماز پڑھنے کی جگہ نماز پڑھی۔(صحیح بخاری:7342)۔ جنگ کے موقع پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا راشن ستو اور کھجور پر مشتمل رہا ہے اور اس غذا سے ان کو صحت میں اتنی تقویت حاصل ہوتی تھی کہ وہ سفر کی صعوبتیں برداشت کرنے کے علاوہ دشمن سے مقابلہ میں جسمانی طور پر بھی برتر ثابت ہوتے تھے۔

سَتّو میں پوشیدہ بے مثال طبی فوائد!

ستو کو جَو کی فصل سے حاصل کیا جاتا ہے۔ جَو کے دانوں کو پیس کر پاؤڈر بنالیا جاتا ہے اور اس پاؤڈر کو پانی میں شامل کر کے استعمال کیا جاتا ہے، جب کہ اس مشروب کا ذائقہ خوش گوار بنانے کے لیے اس میں شکر بھی شامل کی جاتی ہے۔

ستو کو فائبر، میگنیز ، اور سیلینیم کا بہترین ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ ستو میں کاپر، وٹامن بی 1 ، کرومیم، میگنیشیم، فاسفورس اور نیاسین کی بھی کافی مقدار پائی جاتی ہے۔ اگر آپ صحت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہت سے طبی مسائل کا شکار ہیں تو ستو کا استعمال آپ کے لیے بہترین آپشن ثابت ہوسکتا ہے۔

ستو آنتوں کی حرکت کو بہتر کرتا ہے۔ صبح خالی پیٹ ستو پینا جسم کے لیے ایک حیرت انگیز کام سمجھا جاتا ہے۔ یہ نظام ہاضمہ کو صحیح طریقے سے کام کرنے میں مدد کرتا ہے۔ ستو میں پایا جانے والا نمک، آئرن اور فائبر پیٹ سے متعلق مسائل کو کم کرتا ہے اور آنتوں کی حرکت کو بہتر بناتا ہے۔

شوگر کے مریضوں کے لئے نہایت مفید!

جو لوگ ضعیف، کمزور ہیں یا کسی بیماری میں مبتلا رہتے ہیں انہیں ستو ضرور پینا چاہیے کیونکہ یہ تیزی سے جسم میں گوشت کی مقدار بڑھاتا ہے اور قوت بخشتا ہے۔ اگر تیز دھوپ اور پسینے کے سبب آپ کو کمزوری محسوس ہورہی ہے اور آپ تکان سے چور ہیں تو ایک گلاس ستو پی لیں تھوڑی دیر میں فرحت اور تراوٹ محسوس کریں گے۔ گیہوں اور جَو میں مناسب کاربوہائیڈریٹ کے علاوہ ریشہ پایا جاتا ہے۔ جَو شوگر کے مریضوں کے لیے بھی مفید ہے جَو خون میں اچانک شوگر بڑھنے کی سطح کو قابو میں رکھتی ہے۔ شوگر کے مریض صبح جَو کا ستو استعمال کریں تو انہیں فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ جَو میں بھرپور زنک ہوتا ہے جو مردانہ ہارمون ٹیسٹی سٹیرون کی مقدار بڑھاتا ہے۔ اس میں سلینیم پایا جاتا ہے جو کینسر کا خطرہ کم کرتا ہے۔ اس میں اینٹی آکسیڈینٹ مادے پائے جاتے ہیں جو کینسر بڑھانے والے مادوں کا مقابلہ کرتے ہیں۔ اس میں موجود تانبہ، فاسفورس اور میگنیز ہڈیوں کو مضبوط کرتے ہیں اور جوڑوں کے مریضوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ ہمارے ہاں دیہاتوں اور بعض جگہ شہروں میں آج بھی ستو اور شکر سے تیار مشروب کا بہت زیادہ استعمال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ شدید گرمی میں سارا دن کام بھی کرتے ہیں اور ہشاش بشاش بھی رہتے ہیں۔ کسی قسم کی گرمی کا اثر نہ ان کی جلد پر نظر آتا ہے اور نہ ہی ان کی طبیعت میں۔ ستو! پیٹ کے جملہ امراض میں انتہائی مُفید ہے خاص طور پر معدے کی تیزابیت اور بھوک کی کمی کے لیے مجرب ہے۔ اطباء کے مطابق جَو کا ستو تقریباً سو بیماریوں میں مُفید ہے۔ بالوں کے مسائل سے چھٹکارا پانے اور ان کی نشوونما کو بہتر بنانے کے لیے ستو کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے، کیوں کہ اس کے استعمال سے جسم کو ضروری غذائی اجزاء فراہم ہوتے ہیں۔

خواتین کے لیے فائدہ مند

حمل اور خاص ایام کے دوران اکثر خواتین کو کمزوری اور جسمانی تھکاوٹ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس سے چھٹکارا پانے کے لیے مختلف وٹامنز اور سپلیمنٹس استعمال کیے جاتے ہیں، جب کہ ایام کی وجہ سے لاحق ہونے والی کمزوری سے نجات حاصل کرنے کے لیے ستو ایک بہترین آپشن ہے۔

ستو میں موجود پروٹین، وٹامنز، اور منرلز جسم میں مختلف غذائی اجزاء کی کمی کو دور کرتے ہیں، جس سے خواتین کے مسائل میں کمی آتی ہے۔ اس کے علاوہ ستو کو ملازمت کرنے والی خواتین کے لیے سپر فوڈ سمجھا جاتا ہے۔ کم وقت میں زیادہ توانائی حاصل کرنے کے لیے ستو کا استعمال نہایت مفید ہے۔

آنکھیں بند کریں اور صاحب مزار سے ہم کلام ہوجائیے

نذیر احمد قادری بی

اگر کوئی شخص اپنے مرحومین سے خواب میں ملاقات کا خواہاں ہو یا کسی نیک بزرگ ہستی کی خواب میں زیارت کرنا چاہتا ہو تو اس ضمن میں میرے پاس ایک بہت مجرب عمل ہے۔ یہ عمل ہر شخص اپنے شیخ کی اجازت کے ساتھ کرسکتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے جلد ہی خواب میں زیارت ہو جائے گی۔ وہ عمل درج ذیل ہے۔

روزانہ نمازِ عشاء ادا کرنے کے بعد آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر اپنے سینے پر پھونک ماریں' پھر دس بار سورۂ فاتحہ کی تلاوت کریں۔ تمام اسمائے الحسنٰی اور اسمائے النبی ﷺ ایک بار پڑھ کر دائیں پہلو کی جانب پھونک ماریں' پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر سر کی طرف پھونک ماریں اور سورۃ الم نشرح پڑھتے پڑھتے جس سے ملاقات کی خواہش ہو اس کا تصور کرتے ہوئے اپنے بستر پر لیٹ جائیں' سورۂ الم نشرح کا ورد مسلسل جاری رکھیں حتیٰ کہ اسی حالت میں نیند آجائے۔ بفضلِ تعالیٰ خواب میں مطلوبہ شخص اور نیک ہستی جس سے بھی ملاقات کی خواہش ہو اس کی زیارت نصیب ہوگی۔ یہ عمل مسلسل اکتالیس دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ اس سے پہلے ہی مقصد میں کامیابی مل جائے گی۔ جب اکتالیس دن کا عمل مکمل ہوجائے گا تو اس کی اتنی تاثیر مل جائے گی کہ جس صاحب مزار کے پاس باوضو دو زانو بیٹھ کر مراقبہ کریں گے تو اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے صاحبِ قبر کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا اور دل نور اور تقویٰ سے منور ہوکر ہر قسم کے زنگ سے مکمل طور پر پاک ہو گا جس کی برکت سے بزرگ سے ہم کلامی اور حصولِ فیض کی سعادت بھی نصیب ہوگی' ان شاء اللہ! جو شخص بھی یہ عمل کرے مجھے ہمیشہ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اس عمل کی شیخ الوظائف کی طرف سے اجازت ہے

آپ بھی شیخ الوظائف کی اجازت سے یہ عمل کیجئے' اپنے مرحومین سے ملاقات کریں اور عبقری میں ضرور لکھئے!۔
نوٹ: آپ کے پاس کوئی اور عمل ہو جس سے مرحومین سے گفتگو کلام کریں تو ضرور لکھیں' واقعہ ہو تو ضرور لکھیں۔

10،9 محرم تسبیح خانہ میں عظیم الشان مجالس کا انعقاد ہوگا' شاندار زندگی پانے کے لئے ایسے مقبول وظائف اور اعمال کروائے جائیں گے جن کی قبولیت میں کوئی شک نہیں (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

یہ نسخے بہت منت سماجت سے ملے ہیں قدر کرلیں!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنے دو آزمودہ نسخے عبقری رسالہ کے لئے تحریر کررہا ہوں۔ یہ نسخے بہت مشکل سے کسی کی منت سماجت کرنے کے بعد ملے ہیں۔ کیونکہ یہ نسخے صرف اس شخص تک محدود تھے جس سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے۔ میرے بارہا کا اصرار پر انہوں نے یہ نسخے بڑی مشکل کے بعد دیئے۔ آج عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کررہا ہوں' آپ سے درخواست ہے کہ انہیں عبقری رسالہ میں شائع کردیں لاکھوں کا بھلا ہوجائے گا۔

کھٹمل بھگانے کا نسخہ

آج کل اکثر علاقوں میں مچھروں اور کھٹمل کی بہت زیادہ بھرمار ہے' کئی افراد کی نیند ان کی وجہ سے پوری نہیں ہوتی اور رات کا اکثر حصہ جاگتے رہتے ہیں۔ اس کا نہایت آسان اور سادہ سا حل ہے۔ اپنے بستر بیڈ' چارپائی وغیرہ کی پائنتی (پیروں کی جانب) چند پوٹلیوں میں تھوڑی تھوڑی مقدار میں اجوائن ڈال کر باندھ دیں' اس نسخے سے مچھر اور کھٹمل بھاگ جائیں گے ان شاء اللہ

زخموں سے نجات

اگر کسی شخص کو جسم کے کسی حصہ پر کسی بھی قسم کا زخم ہوگیا ہو اور وہ بار بار علاج کروانے کے باوجود بھی ٹھیک نہیں ہورہا تو ایسی صورت میں اس ٹوٹکہ پر عمل کریں' ان شاء اللہ شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ ھوالشافی: زیتون کا تیل دو سوگرام' شہد دو سوگرام اور کلونجی پچاس گرام۔ کلونجی باریک پیس لیں اور زیتون کا تیل ڈال کر یکجان کرلیں' پھر شہد ڈال دیں اور تمام اجزاء کو مکس کرلیں۔ آپ کا ٹوٹکہ تیار ہوگیا اس پیسٹ کو ایک ہفتہ مسلسل زخموں پر لگائیں۔ شوگر کے مریض بھی زخموں کے لئے اس نسخے کو استعمال کرسکتے ہیں۔ ان شاء اللہ جو بھی یہ نسخہ استعمال کرے گا وہ فائدہ پائے گا۔ بس اس نسخے کو کچھ عرصہ مسلسل استعمال کرنا ہے۔ (ج' لاہور)

روحانی دم نہ ہوتا تو میرا دم ہی نکل جاتا!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کی نسلوں پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے اور تسبیح خانہ کے فیض کا یہ سلسلہ آپ اور آپ کی نسلوں کے ذریعے قیامت تک جاری وساری رکھے۔ میں بتا نہیں سکتی کہ میرے رشتے میں کتنی سخت رکاوٹ تھی' بہت مشکلوں سے رشتہ ہوا' لیکن جب بھی میرے والدین شادی کی بات کرتے تو میرے سسرال والے شادی کے لئے راضی نہیں ہوتے تھے۔ رشتہ طے ہوئے دو سال گزر گئے' ہم ان کے بہانوں سے تنگ آچکے تھے۔ پھر ہم سب تسبیح خانہ گئے' سہ روزہ چلہ میں شامل ہوئے اور اس کے بعد اتوار والے دن فجر کی نماز کے بعد اسم اعظم کا دم کروایا۔ زندگی میں آج تک کبھی اتنا سکون نہیں ملا تھا جتنا سکون اس دن ملا۔ دم کرواکر جب گھر واپس لوٹے تو گھر میں بھی ایک الگ سکون محسوس ہوا جیسے ہم نئے گھر میں آگئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سسرال والے جو شادی کا نام تک نہیں لے رہے تھے' وہ خود راضی ہوگئے اور میری شادی کی تاریخ طے ہوگئی۔ آخر الحمدللہ! میری بخیر وعافیت شادی ہوگئی۔ مجھے اولاد کی امید نہیں لگ رہی تھی۔ میں اپنے بھائیوں کے ساتھ ہجویری محل گئی' وہاں آستانہ منت مراد میں موجود تمام اعمال توجہ' دھیان اور یقین سے کیے اور اولاد کیلئے دعا مانگی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس در سے بھی اتنا جلد نوازا کہ اسی مہینے اللہ پاک نے امید لگا دی۔ اسم اعظم کے دم سے جو مزید برکتیں ملیں وہ یہ ہیں۔

روحانی پیکیج نمبر 1: خوشبو دار روحانی پھوار جو نظر بد کو توڑ کر رکھ دیتی ہے۔ واقعی ایسا ہی ہوا۔ **روحانی پیکیج نمبر 2:** اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ نمک۔ گھر لے جاکر کھانے پکانے میں استعمال کیا' کھانے میں لذت پیدا ہوئی اور شفاء ملی۔

روحانی پیکیج نمبر 3: جادو شکن ماچس! یہ ماچس جلانے سے زندگی کی تمام بندشیں ختم ہوگئیں۔ **روحانی پیکیج نمبر 4:** حزب البحر کے چلہ کا دم شدہ شفائیہ پانی یہ پانی آب حیات کی طرح کام کرتا ہے' جب ہم نے یہ پانی گھر میں استعمال کیا تو کوئی بیماری نہ رہی لاجواب صحت وتندرستی نصیب ہوئی۔

روحانی پیکیج نمبر 5: نورانی عمل شدہ آٹا' چاول' چینی' یہ چیزیں گھر لاکر راشن میں مکس کیں تو بہت زیادہ برکت ملی۔ **روحانی پیکیج نمبر 6:** بے اولادی اور پوشیدہ امراض کیلئے خاص عمل شدہ 16 چھوہارے: ہم نے اپنے ایک عزیز کو دیئے' جو بے اولاد تھے' ان کو کافی فائدہ ہوا۔ **روحانی پیکیج نمبر 7:** چار رنگی بدنی تعویذ! ہم سب گھر والے روز یہ تعویذ پھیرتے ہیں' جسم میں سکون' بیماریوں سے نجات اور راحت ملی۔ **روحانی پیکیج نمبر 8:** اسم اعظم کی دم شدہ روحانی اگربتی گھر میں لگانے سے لڑائی جھگڑے' ناچاقیاں اور آپس کی رنجشیں ختم ہوگئیں' الحمدللہ۔ (پوشیدہ)

اسم اعظم کے دم میں آنیوالوں کیلئے خوشخبریاں

شیخ ابن عربیؒ کے شجرے کے خاص عمل سے ہر دعا قبول

★ لنگر دل کھول کر لائیں۔ مسائل کے حل کیلئے یہ لنگر اسی مجمع میں تقسیم کردیں ★ دعا کے بعد شفائیہ نمک پر خاص دم' پھر یہ نمک ہر سعادت مند اور خوش قسمت اپنے ہمراہ لے جائیں' استعمال کریں اور دکھوں کو مٹتے دیکھیں۔

★ دایاں ہاتھ سر پر رکھوا کر چند لمحوں کا طاقتور ''ہجویری چلہ'' ہر مصیبت سے حفاظت۔ ☆ خاص عمل' پیاروں کی مغفرت' درجات کی بلندی اور آخری وقت میں کلمہ نصیب۔ یہ خاص الخاص عمل بھی ہوگا۔

نوٹ: اسم اعظم کا اگلا دم 10 محرم الحرام کی صبح تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ ان شاء اللہ

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے' بوڑھے' جوان' خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7'14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

خواتین میں بڑھتی احساس کمتری کا حل!

آنکھوں کے گرد حلقے

میڈیکل کی طالبہ ہوں، نیند بھی پوری لیتی ہوں۔ میری آنکھوں کے گرد حلقے پڑ گئے ہیں۔ یہ راتوں کو پڑھنے کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ کئی ماہ گزر گئے ٹھیک نہیں ہوئے، چہرے کی رنگت بھی صحیح نہیں رہی۔ پہلے رنگ صاف تھا اب کہیں سے گہرا اور کہیں سے ہلکا ہے۔کوئی نسخہ بتایئے جو آسان سا ہو اور میں عمل کرسکوں۔ (سعدیہ کاظمی، ٹنڈو جام)

مشورہ: آپ روزانہ سات بادام بھگو کر صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ کھایئے۔آپ میڈیکل کی طالبہ ہیں۔آپ کو باداموں کی اشد ضرورت ہے۔ایک ماہ بعد باداموں کی تعداد گیارہ کر دیجیے۔ گھیکوار کے پودے کی ایک دو شاخیں گھر میں لگایئے اس کا تھوڑا سا ٹکڑا لے کر بیچ میں سے کاٹ کر چہرے پر ملیے۔لیس دار لعاب ہوگا، آدھے گھنٹے بعد چہرہ دُھو لیجیے۔ تازہ ٹماٹر کے قتلے کاٹ کر آنکھوں کے نیچے آہستہ آہستہ ملیے دس منٹ بعد منہ دھو لیجیے۔رات کو سوتے وقت زیتون کا تیل انگلی پر لگا کر آہستگی سے حلقوں پر ملیے' کچھ عرصہ مسلسل ایسا کرنے سے حلقے ٹھیک ہوجائیں گے۔

جسمانی کمزوری کا شکار لڑکی!

میں بالکل سوکھے ڈنڈے کے مانند لگتی ہوں۔سب میرا مذاق اُڑاتے ہیں، چہرے کی ہڈیاں نکلی ہوئی ہیں اور چہرے پر داغ دھبے بھی ہیں ۔نسوانی حسن کی بھی کمی کا شکار ہوں' اخبارات میں اشتہار پڑھ کر اُلٹی سیدھی دوائیاں استعمال کیں، کوئی فرق نہیں پڑا۔ گھر میں کسی سے اس قسم کی بات بھی نہیں کرسکتی۔ (پوشیدہ)

مشورہ: آپ اُلٹی سیدھی کریمیں یا لوشن استعمال نہ کیجیے۔ان سے آپ کو الرجی بھی ہوسکتی ہے۔آج کل آم کا موسم ہے۔دو آم کھا کر ٹھنڈا دودھ پیا کیجیے۔آپ کا جسم ٹھیک ہوجائے گا۔ چہرے کے دھبوں کیلئے آپ آج کل آلو بخارے کھایئے۔ قبض نہ ہونے دیجیے۔ دہی کی بالائی داغوں پر ملیے۔آپ روزانہ سوتے وقت پانچ منٹ انگلیوں کی مدد سے عبقری کے نسوانی حسن شفاء کے تیل کی آہستہ آہستہ مالش کریں۔دو تین ماہ یہ عمل مسلسل کیجیے۔موسم گرما میں ٹھنڈے دودھ میں شہد ڈال کر اور موسم سرما میں نیم گرم روزانہ پیجیے۔

مرگی کے دورے

میری عمر سولہ سال ہے، مجھے مرگی کے دورے پڑتے ہیں۔ میں پانچ سال سے ڈاکٹری علاج کروا رہی ہوں۔ یہ بیماری کیا ہے؟ کیا یہ ٹھیک ہوسکتی ہے؟ (فریدہ بانو، سکردو)

مشورہ: مرگی کے دورے عموماً کسی دماغی حادثے کے بعد پڑنے لگتے ہیں۔ دماغ میں بعض دفعہ چوٹ لگنے، اندر ورم یا رسولی ہونے یا ہاضمے کی خرابی سے یہ تکلیف ہوجاتی ہے۔ مرگی کا ایک آسان گھریلو علاج ہے جس سے بہت سے مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔تمباکو کے پتے 4 ماشہ آدھا کلو پانی میں خوب اچھی طرح ابال لیں تقریباً ایک گھنٹہ پکائیں اچھی طرح چھان کر ایک کپ صبح' شام مریض کو کھانے کے بعد پلائیں انشاءاللہ بہت جلد فائدہ ہوگا مدت علاج ایک ماہ ہے۔مرگی میں تیز مرچ مصالحہ اور چٹ پٹی اشیاء سے پرہیز کرائیں اور مریض کو نرم غذا دیں۔

کپڑوں سے چائے کے داغ مٹائیں!

میرے شوہر اکثر کپڑوں پر کھانے یا چائے کے داغ لگا لیتے ہیں۔ میں ان داغوں سے پریشان ہوں بہت کوشش کی لیکن وہ نہیں اُترتے، ان داغوں کو صاف کرنے کا کوئی آسان حل بتایئے۔ قالین پر بھی چائے گرنے کی داغ جگہ جگہ پڑ چکے ہیں جو بہت برے نظر آتے ہیں' کئی بار صاف کرنے کی کوشش کی لیکن سب ناکام۔ (سیدہ رباب، کنگن پور)

مشورہ: چائے کپڑوں پر گرے یا چارپائی پر ہمیشہ پسا ہوا نمک جلدی سے چائے کے دھبوں پر ڈال دیجیے' پھر صابن سے دھو لیجیے تو داغ نہیں پڑے گا۔ بچے اکثر گھروں میں قالین پر چائے گرا دیتے ہیں۔خواتین کو چاہیے فوراً پسا ہوا نمک چھڑک دیں' بعد میں برش سے صاف کرلیں۔آپ یہ بھی کرسکتے ہیں کہ تھوڑا سا امونیا پانی میں ملا کر داغ والا حصہ اس میں بھگو دیں اور پھر صابن سے دھو لیں۔

چند دن میں ہر مقصد اور ہر مراد پوری

روحانی منزل بھوربن مری میں اپنے مقصد' پریشانی' جادو جنات' گھریلو الجھنوں' کاروباری بندشوں' نوکری' بے اولادی' اولاد کی بے راہ روی یا اس کے علاوہ جو بھی' پریشانی' مشکل ہو اس کا سخت تصور کرتے ہوئے سارا دن وضو بے وضو (خواتین ہر حالت میں) سوا لاکھ کی تعداد میں یَافَتَّاحُ پڑھیں۔اس وظیفہ کا ایک سوا لاکھ، تین سوا لاکھ' پانچ، سات گیارہ جتنے بھی سوا لاکھ پڑھیں۔اس کے علاوہ صلوٰۃ التسبیح پڑھیں۔روحانی منزل بھوربن مری میں آپ ایک دن، 3 دن، 5 دن، 7 دن، 11 دن، 21 دن، 41 دن یا 70 دن تک قیام کرکے درج بالا اعمال کریں۔آپ کا ہر مقصد اور ہر مراد پوری ہوگی' پریشانیاں اور جادو جنات جیسے مسائل حل ہوں گے' ان شاءاللہ۔

سر درد' بخار! آسانی سے نظر بد کا شکار ہوجاتا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بہت جلدی لوگوں کی نظر لگ جاتی ہے۔ اکثر مجھے بخار ہوجاتا ہے یا میرے سر میں درد شروع ہوجاتا ہے۔بعض اوقات تو مجھے نظر لگتے ہی فوراً ہچکیاں لگ جاتی ہیں اور پیٹ میں مروڑ اور درد شروع ہو جاتا ہے۔ نظر کا لگنا تو بالکل حق ہے' ہمارے نبی ﷺ نے بھی اس کے بارے میں امت کو آگاہ کیا ہے۔ میں نے اس سے حفاظت کے لئے عبقری کی طلسم توڑ کنگھی جیب میں رکھنا شروع کردی اور جب موقع ملتا ہے تو بالوں میں کنگھی پھیر لیتا ہوں اور رات کو ایک بار یہ کنگھی کپڑوں کے اوپر سے پورے جسم پر پھیرتا ہوں۔ اس عمل کی برکت سے میری نظر بد سے حفاظت ہوتی ہے اور میں تندرست رہتا ہوں۔ جب سے میں نے یہ طلسم توڑ کنگھی اپنے پاس رکھی ہے' میں بہت سکھ اور چین سے زندگی گزار رہا ہوں، اس سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے میں کسی حفاظتی حصار میں آجاتا ہوں۔ایک مرتبہ میں نہا دھو کر خوبصورت لباس پہن کر جمعہ کی نماز پڑھنے گیا تو واپسی پر میری طبیعت بگڑنے لگی، میں نے گھر آکر طلسم توڑ کنگھی تلاش کی تو وہ ان کپڑوں میں رہ گئی تھی جو میں نے نہانے سے پہلے اتارے تھے۔ میں نے طلسم توڑ کنگھی سے بالوں میں اور داڑھی میں کنگھی کی اور اپنے کپڑوں پر کنگھی پھیر دی۔ اس سے میری طبیعت فوراً ٹھیک ہوگئی۔ میں نے دوبارہ کنگھی کو اپنے پاس رکھنے میں احتیاط برتنی شروع کردی۔ (محمد نعیم، ملتان)

لاعلاج بیماریوں کے شکار پیاز سے دوستی کرلیں!

پیاز ایک ایسی سبزی ہے جو صدیوں سے کھانا پکانے اور دواؤں کے مقاصد کے لیے استعمال ہوتی رہی ہے۔ اس میں بہت سے ایسے مرکبات پائے جاتے ہیں جو انسانی جسم میں موجود ایسے جراثیم کو ختم کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں جو مختلف نقصان دہ غذائیں کھانے سے جسم میں داخل ہو جاتے ہیں۔ آیئے پیاز کے چند قیمتی فوائد کے بارے میں جانتے ہیں جو صحت کے لئے نہایت مفید ہیں۔

بدہضمی اور بھوک نہ لگنا: ایسے لوگ جو بھوک کی کمی کا شکار ہوں انہیں چاہیے کہ حسب ضرورت سرخ پیاز کاٹ کر اس پر لیموں کا رس نچوڑ کر اور نمک چھڑک کر کھانے کے ساتھ کھائیں' اس سے کھانا ہضم ہو جاتا ہے، قبض نہیں رہتی اور بھوک لگنے لگتی ہے۔ جنہیں پیٹ میں گیس کی شکایت ہو وہ پیاز کاٹ کر اس پر پسا ہوا کالا نمک چھڑک کر کھائیں' پیٹ سے گیس باہر نکل آتی ہے اور اپھارہ دُور ہو جاتا ہے۔

پیٹ میں کیڑے اور متلی کا مسئلہ حل: پیاز کاٹ کر اس پر نمک چھڑک کر کھانے سے ہچکیاں آنا بند ہو جاتی ہیں اور متلی بھی نہیں ہوتی۔ اگر پیٹ میں کیڑے ہوں تو دو دو گھنٹے کے وقفے سے ایک چائے کے چمچ کے برابر پیاز کا رس پینے سے پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔

ہیضہ کا علاج: ہیضہ ہو جانے پر پچاس گرام پیاز کے رس میں نمک ملا کر استعمال کریں یا لیموں کا رس ایک حصہ، سبز پودینہ اور پیاز کا رس آدھا آدھا حصہ ملا کر دو دو چمچ تھوڑی تھوڑی دیر میں مریضوں کو پلاتے رہنے سے ہیضہ کے مرض میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ پچیس گرام پیاز کا رس ایک کپ پانی' ایک لیموں کا رس، تھوڑی سی پسی ہوئی کالی مرچ اور تھوڑا سا نمک ملا کر روزانہ تین چار بار پینے سے بھی ہیضہ نہیں ہوتا۔

یرقان کا خاتمہ: پیاز کو چھیل کر اور کاٹ کر سرکے یا لیموں کے رس میں ڈال دیجیے اور اوپر سے تھوڑا سا نمک اور ذرا سی پسی ہوئی کالی مرچ ڈال دیجیے' اس طرح ہر روز صبح و شام ایک ایک پیاز کے ٹکڑے کو چھیل کر کھانے سے جلد ہی یرقان کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔

بواسیر کے مسے: جب بواسیر کے مسے پھولے ہوں' خون نہ نکلنے کی وجہ سے درد اور بے چینی ہو رہی ہو تو دو تین پیاز گرم گرم راکھ پر بھون کر پیس لیجیے پھر انہیں گھی میں سینک کر قابل برداشت گرم ہونے پر کسی پٹی کے ذریعے مسوں پر باندھ دینے سے مسوں کا منہ کھل جاتا ہے اور خون نکل جانے سے مریض کو چین ملتا ہے۔ اگر کوئی خونی بواسیر کے مرض میں مبتلا ہو تو سو گرام پیاز کے رس میں پچاس گرام چینی ملا کر پی لے' اس سے خونی بواسیر میں افاقہ ہوتا ہے۔

قے کے مرض سے پریشان یہ نسخہ آزمائیں: اگر کسی شخص کو قے کا مسئلہ ہو' الٹیاں آ رہی ہوں اور ادویات استعمال کرنے کے باوجود افاقہ نہ ہو رہا ہو تو اسے چاہیے کہ ایک چمچ پیاز اور ایک چمچ ادرک کا رس ملا کر چند بار پی لے' اس سے اُلٹیاں ہونا بند ہو جاتی ہیں۔

دانتوں کے امراض: اگر کسی کے مسوڑوں میں سوج اور درد ہو تو اسے چاہیے کہ پیاز کاٹ کر تھوڑا سا نمک لگا کر کھائے' اس سے افاقہ ہوگا۔ اگر کسی کے دانتوں میں کیڑا لگ جائے تو پیاز کھاتے رہنے سے نقصان دہ جراثیم کو ختم کر کے یہ دانتوں کو کیڑا لگنے کے عمل کو روک دیتا ہے۔

بلغمی کھانسی اور زکام: زکام کے مرض میں مبتلا افراد کے لئے پیاز بہت مفید ہے' اس کا پانی سونگھنے اور کچا پیاز کھانے سے زکام ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر بلغمی کھانسی ہو تو دو دو چائے کے چمچ بھر پیاز کا رس دن میں تین مرتبہ پینے سے بلغم نکل جاتی ہے اور کھانسی میں آرام پہنچتا ہے۔

ٹی بی کے مرض میں پیاز کا کمال: پیاز سے ٹی بی کی بیماری کے جراثیم ختم ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی شخص اس مرض میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ چند کچے پیاز کھانے کا معمول بنالے' اس سے بہت افاقہ ہوگا۔

گرمی کے امراض میں اکسیر: گرمی کے موسم میں بعض افراد مختلف بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 59)

ایک بیٹا مر گیا اور دوسرا موت کے قریب!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے دو بیٹے تھے جن میں سے ایک چند سال قبل کار حادثہ میں انتقال کر گیا۔ میں ابھی اس صدمے سے نہ نکل پایا تھا کہ گزشتہ سال میرا چھوٹا یعنی دوسرا بیٹا ڈینگی کے مرض میں مبتلا ہو گیا۔ ڈاکٹروں نے بتایا کہ اس کی جان خطرہ میں ہے' ہم اپنی طرف سے پوری کوشش کر رہے ہیں۔ میری راتوں کی نیند اڑ گئی' سارا دن اور رات پریشانی میں رہتا اور عجیب طرح کے وساوس آتے۔ میرے بیوی تو ہمت ہار چکی تھی مگر میں نے امید کا دامن نہ چھوڑا۔ میں گزشتہ دو سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہا تھا۔ میں نے لاہور شیخوپورہ روڈ پر واقع قلعہ ستار شاہ سٹاپ سے چند کلومیٹر اندر واقع ہجویری محل آستانہ منت مراد جانے کا فیصلہ کیا۔ وہاں پہنچ کر میں نے بیٹے کی نیت سے ''اسمائے اصحاب کہف' اونٹ کی ہڈی' ٹھوٹھیوں (مٹی کی کٹوری) والا عمل' لاہوتی رومال' اسمائے الحسنیٰ کے جلوے' یا قہار والے اعمال کیے اور عصر کی نماز ادا کرنے کے بعد خوب گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے اپنے بیٹے کی زندگی کے لئے دعا مانگی۔ بیٹے کو ہسپتال میں داخل ہوئے سات دن ہو چکے تھے۔ دو دن بعد جب دوبارہ ٹیسٹ کیے گئے تو اس بار بلڈ ٹیسٹ رپورٹ پہلے سے بہتر تھی۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور اس کے علاوہ آستانہ منت مراد میں موجود شیخ الوظائف کے خلیفہ صاحب نے 300 بار اللہ اکبر 300 اونٹ صدقہ کی نیت سے پڑھنے کا فرمایا' اس عمل کو بھی جاری رکھا۔ ان اعمال کی برکت سے چند ہی دن میں بیٹا مزید صحت یاب ہو گیا اور چلنے پھرنے کے قابل ہو گیا جس کے بعد اسے ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے روحانی اعمال کی برکت سے میرے بیٹے کو ایک نئی زندگی عطا کی۔ (فرحان نبیل' سیالکوٹ)

ہر جائز خواہش صرف 9 بار پڑھنے سے پوری

(طاہر اسلام' اسلام آباد)

محترم شیخ الوظائف صاحب اسلام علیکم! میری دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو ہمیشہ خوش اور خوشحال رکھے' آپ کی نسلوں کو خوب سرسبز وشاداب کرے۔ اللہ آپ کے نظام میں مزید ترقی عطا فرمائے' آپ کی جان' مال اولاد اور تسبیح خانہ کے تمام نظام کی غیب سے حفاظت فرمائے' آمین!

میں نے عبقری رسالہ میں سورۂ والضحیٰ کے عمل کے کچھ مشاہدات پڑھے تو میرے اندر بھی یہ تجسس پیدا ہوا کہ اپنے مسائل کے لئے یہی عمل کروں۔ سورۂ والضحیٰ کے عمل کا طریقہ یہ ہے۔ سورۂ والضحیٰ میں ٹوٹل نو بار حرف ''ک'' آیا ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک بار سورۂ والضحیٰ اس طرح پڑھیں کہ جب بھی ''ک'' آئے تو نو مرتبہ اسمائے حسنیٰ 'یَا کَرِیْمُ'' پڑھیں اور اسی ترتیب کے ساتھ سورہ مکمل کریں۔

میں اپنی گاڑی فروخت کرنا چاہتا تھا۔ میں نے بہت کوشش کی اور کافی لوگوں سے رابطے بھی کیے۔ اول تو گاڑی خریدنے کے لئے کوئی بھی گاہک نہ آتا اور اگر مشکل سے آ بھی جاتا تو بہت کم قیمت لگاتا۔ اس مسئلے کی وجہ سے میں کافی پریشان تھا۔ میں نے سورۂ والضحیٰ کا عمل ہر فجر سے پہلے اور ہر نماز کے بعد کرنا شروع کردیا۔ میں نے دو سے تین ہفتے یہ عمل مسلسل کیا اور اس کے بعد ایک دن اپنی گاڑی مارکیٹ میں بیچنے کے لئے لے کر گیا تو میں حیران رہ گیا کہ اس عمل کی وجہ سے صرف دس منٹ میں گاڑی فروخت ہوگئی اور اہم بات یہ تھی کہ میں جیسے چاہتا تھا ویسا ہی ہوا یعنی جس قیمت پر چاہتا تھا الحمدللہ اسی قیمت پر گاڑی فروخت ہوئی۔

میرا بیٹا نوکری کے لئے دربدر پھر رہا تھا مگر کہیں بھی اچھی نوکری نہیں مل رہی تھی۔ وہ چاہتا تھا کہ کوئی ایسی نوکری ہو جس سے وہ اپنی تعلیم بھی جاری رکھے اور ساتھ نوکری بھی کرتا رہے۔ اس لئے اسے روزگار کی سخت ضرورت تھی، کافی جگہ پر سی وی جمع کروائی مگر کہیں سے بھی انٹرویو کے لئے کال تک نہ آئی۔ میں نے بیٹے کے اس مسئلہ کے لئے بھی سورۃ والضحیٰ والا عمل شروع کردیا۔ ابھی چند ہی ہفتے گزرے تھے کہ ایک اچھی کمپنی سے انٹرویو کے لئے کال آئی۔ اس کا انٹرویو بھی ہوگیا اور نوکری مل گئی۔ اس عمل کی برکت سے اسے اتنی اچھی نوکری ملی اور تنخواہ بھی ہمارے گمان سے بہت زیادہ ہے۔ میں نے سوچا بھی نہ تھا کہ نوکری کے آغاز میں ہی اتنی اچھی تنخواہ ملے گی۔ یہ سب عبقری کی برکت ہے۔ آپ کا انسانیت کے لئے درد' توجہ اور مہربانی ہے کہ آپ اعمال کے ذریعے اللہ اور اس کے حبیب ﷺ سے بندوں کا تعلق بھی جوڑ رہے اور مسائل بھی حل ہورہے ہیں۔ اللہ کرے یہ نظام سدا یوں ہی پھلتا پھولتا رہے' آمین!

بیری کے پتوں سے بے رونق بال خوبصورت اور چمکدار

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا پرانا قاری ہوں۔ میں کافی سالوں سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ اس رسالہ میں شائع ہونے والے مختلف ٹوٹکے اور وظائف آزمائے ہیں۔ ان وظائف اور ٹوٹکوں سے زندگی کی بہت سی الجھنیں سلجھی' ناکامیاں کامیابیوں میں بدلی' بیماریاں اور پریشانیاں ختم ہوئی ہیں۔ آج میں اپنے بھی چند تجربات عبقری قارئین کے لئے تحریر کررہا ہوں۔

میرے بال بے بہت رونق' کمزور اور خراب ہوچکے تھے۔ اسی مسئلہ کی وجہ سے سر کے بال چھوٹے رکھتا تھا تاکہ خراب بال ظاہر نہ ہوں مگر اس کے باوجود بھی مطمئن نہ تھا کیونکہ زیادہ چھوٹے بال بھی اچھے نہ لگتے تھے۔ بالوں کے ان مسائل کے بارے میں ایک ٹوٹکہ پڑھا' میں نے وہ ٹوٹکہ مسلسل چالیس دن تک استعمال کیا۔ اس ٹوٹکے نے کمال کردیا چند ہی ہفتوں میں میرے بالوں میں چمک' خوبصورتی اور مضبوطی آگئی اور میرا یہ پرانا مسئلہ حل ہوگیا۔ قارئین آپ بھی نسخہ آزمائیں' ان شاء اللہ میری طرح آپ کو بھی فائدہ ہوگا۔ نسخہ بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ بیری کے کچھ پتے لے کر باریک باریک پیس لیں۔ جب تمام پتے پیس لیں تو ان پتوں کے سفوف کو کسی برتن میں ڈال لیں۔ اس میں تھوڑا سا پانی ڈال کر پیسٹ بنالیں اور پھر اپنے بالوں میں چالیس دن تک روزانہ لگائیں۔ ہر روز پیسٹ نیا بنانا ہے یعنی روزانہ نیا نسخہ تیار کرنا ہے۔ یہ ٹوٹکہ آزمائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اگر کسی کے دانت کمزور ہوں تو روزانہ ایک کچا انڈا کھانے سے دانت مضبوط ہوجاتے ہیں۔

ناخنوں پر رنگ لگنے کا حل

اکثر لوگ جب بالوں میں کلر (رنگ) لگا رہے ہوتے ہیں اس دوران کلر بالوں کے لگاتے لگاتے ناخنوں پر بھی لگ جاتا ہے جو کئی دن تک نظر آتا رہتا ہے۔ اس مسئلہ کے حل کے لئے میرے پاس بہت ہی آسان سا ٹوٹکہ ہے۔ جب ناخنوں پر کلر لگ جائے تو فوراً برتن دھونے والے صابن کو کپڑے پر اچھی طرح لگا کر ناخن پر رگڑے دو تین بار رگڑنے سے ناخن صاف ہوجائیں گے۔ یہ بھی میرا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ (کامل حیدر' کلاسن)

پھوڑے اور پھنسیوں سے نجات چاہتے ہیں تو یہ مرہم لگائیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے پاس پھوڑے اور پھنسیوں کا نہایت ہی مجرب نسخہ ہے جو بارہا کا آزمودہ ہے۔ ایسے لوگ جو ادویات استعمال کر کر کے عاجز آچکے تھے انہیں جب یہ نسخہ استعمال کروایا تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انہیں پھوڑے پھنسیوں سے نجات ملی۔ آج عبقری رسالہ کے لئے یہ نسخہ تحریر کر رہا ہوں امید ہے آپ میرے اس آزمودہ نسخے کو عبقری رسالہ میں ضرور شائع کریں گے۔ وہ نسخہ درج ذیل ہے۔

سندور چار تولہ، تلوں کا تیل دس تولہ، نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ تیل کو لوہے کے برتن میں ڈال کر لکڑی کی آگ پر جلائیں جب خوب گرم ہو جائے تو اس میں سندور ڈال دیں اور مسلسل جوش دلوائیں بار بار جوش اس طریقے سے دلوائیں کہ جب دوا باہر کی طرف نکلنے لگے تو فوراً برتن کو آگ سے اُتار لیں اور چند سیکنڈ کے بعد جب محلول کچھ سرد ہو کر اپنی سطح پر آجائے تو دوبارہ برتن کو آگ پر رکھ دیں جب دوا کا رنگ سیاہ ہو جائے تو نیلا تھوتھا باریک پیس کر ڈال دیں دوبارہ جوش دیں اور پھر برتن کو اُتار کر رکھ دیں۔ کسی لکڑی وغیرہ کی مدد سے اس محلول کو کچھ دیر مسلسل ہلاتے رہیں۔ یہ محلول جب سرد ہوگا تو سیاہ رنگ کی مرہم تیار ہو جائے گی۔ اس مرہم کو کسی بھی زخم پھوڑے پر براہ راست بھی لگا سکتے ہیں ورنہ ضرورت پڑنے پر پھایہ کے ذریعے لگائیں۔ غرض جس طرح بھی سہولت ہو اس مرہم کو متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ ان شاء اللہ کچھ عرصہ مسلسل یہ مرہم استعمال کرنے سے پھنسی اور پھوڑے بالکل ختم ہو جائیں گے۔

ستر بیماریوں کا علاج

ایسی خواتین جو مختلف بیماریوں لیکوریا، بے اولادی، جوڑوں کا درد اور کمر درد میں مبتلا ہوں انہیں چاہیے کہ یہ نسخہ استعمال کریں اور شفاء پائیں۔ اس کے علاوہ یہی نسخہ منہ سے متعلق ستر بیماریوں کا علاج ہے۔ ان شاء اللہ اس نسخے کے استعمال سے ان تمام مذکورہ امراض سے یقینی شفاء نصیب ہوگی۔ نسخہ نوٹ فرمالیں۔ سپاری چکنی دکنی دس تولہ کوٹ کر پیس لیں اور دو کلو گائے کے دودھ میں ڈال کر دھیمی آنچ پر پکائیں۔ جب تمام دودھ خشک ہو جائے اور سفوف باقی رہ جائے تو مائیں خورد پانچ تولہ، مائیں کلاں پانچ تولہ، کمرکس پانچ تولہ اور مصری دس تولہ کوٹ کر باریک پیس لیں چھان کر گرم کی ہوئی سپاری میں ملائیں اور جب سرد ہو جائے تو استعمال کریں۔ خوراک دو ماشہ صبح، دو ماشہ شام گرم دودھ کے ساتھ ان شاء اللہ کمر درد، لیکوریا، جس کو حمل نہ ہوتا ہے، جوڑوں کے درد، منہ کی تمام بیماریوں کا مجرب علاج ہے۔

آپریشن کے باوجود گردوں میں پتھری بن جاتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے گردوں میں بار بار پتھری بن جاتی کئی مرتبہ آپریشن بھی کروایا لیکن اس کے باوجود پتھری کا مسئلہ پھر سے ہو جاتا۔ میں بے بس ہو چکا تھا اس مرض کی جڑیں ختم نہیں ہو رہی تھیں۔ میں نے کئی مرتبہ دیسی دوائیاں بھی استعمال کیں لیکن مسئلہ حل نہ ہوا۔ میں بہت تکلیف میں تھا پتھری کی وجہ سے کبھی اچانک جان لیوا تکلیف بھی ہونے لگتی۔ میری زندگی اجیرن ہو چکی تھی۔ میں نے اپنے کھانے پینے میں بہت احتیاط کر رکھی تھی۔ ایک دن میں اپنے کاروبار کے سلسلے میں کسی دوسرے شہر گیا ہوا تھا وہاں ایک گیسٹ ہاؤس میں ٹھہرا۔ وہی ہوا جس کا ڈر تھا رات کے وقت پھر گردوں میں شدید درد اٹھا۔ گیسٹ ہاؤس کی انتظامیہ کو پتہ چلا تو فوراً ہسپتال لے کر گئے اور انجکشن لگنے کے بعد مجھے سکون ہوا۔ جب واپس رہائش گاہ پر پہنچے تو مجھ گیسٹ ہاؤس کے وارڈن کہنے لگا کہ آپ ہربل دوائی استعمال کر کے دیکھیں ہمارے ایک عزیز ہیں انہیں بھی گردے کی تکلیف تھی انہیں اسی دوا سے مکمل شفاء ملی ہے۔ میرے استفسار پر انہوں نے بتایا کہ عبقری دواخانہ کا پتھری ڈائیلاسز کورس استعمال کریں۔ میں نے عبقری کا نام سنا تو چونک اٹھا کیونکہ میں سوشل میڈیا پر عبقری کو فالو کر رہا تھا لیکن عبقری کی ادویات کے بارے میں علم نہیں تھا۔ میں نے ان سے کہا کہ میں ابھی چند دن یہیں رہوں گا آپ مجھے یہ دوا منگوا دیں۔ میں نے وہیں یہ دوا استعمال کرنا شروع کر دی۔ میری پتھری بغیر کسی تکلیف کے پیشاب میں ریت بن کر نکل گئی۔ اس کے بعد مجھے دوبارہ گردوں کی تکلیف یا پتھری کا مسئلہ نہیں ہوا۔ (شیخ عبدالجبار، لاہور)

موتیا کا علاج اب ہوا بہت آسان!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مارکیٹنگ کا کام ہے۔ باہر سڑکوں پر پھرنا اور سفر کرنا میرے کام کا حصہ ہے۔ آلودگی کی وجہ سے آنکھوں پر بھی برا اثر پڑتا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے مجھے نظر میں کچھ رکاوٹ محسوس ہوئی میں نے پریشان ہو کر ادھر ادھر بھاگ دوڑ کی آنکھوں کے ماہر ڈاکٹروں کے پاس پہنچا مجھے موتیا کی تشخیص کی گئی اور آپریشن تجویز کیا گیا۔ میں نے آپریشن سے بچنے کے لئے آخری کوشش کے طور پر عبقری دواخانہ جا کر حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب کو چیک کروایا انہوں نے مجھے آنکھ شفاء ڈراپ تجویز کیا۔ میں نے آنکھ شفاء ڈراپ لیا اور گھر آگیا اس کا استعمال شروع کیا تو پہلی بار آنکھ میں قطرے ڈالتے ہی مجھے بہت سکون ملا۔ مجھے امید کی کرن نظر آئی کہ اب یہ معاملہ آپریشن کے بغیر ہی حل ہو سکتا ہے۔ میں مستقل مزاجی سے آنکھ شفاء ڈراپ استعمال کرتا رہا۔ جیسے جیسے دن گزرتے گئے میری خوشی بڑھتی گئی کیونکہ موتیا پہلے کی نسبت بہت کم رہ گیا تھا۔ ورنہ جب یہ مرض شروع ہوا تھا تو آنکھوں کی بصارت میں بھی خاصی کمی آگئی تھی۔ الحمدللہ آنکھ شفاء ڈراپ کی وجہ سے کچھ عرصے بعد میری آنکھ سے موتیا ختم ہو گیا اور مجھے شفاء مل گئی اب میں جسے بھی بتاتا ہوں وہ یقین نہیں کرتا کیونکہ سب جانتے ہیں اس کا حل صرف آپریشن ہے۔ لیکن عبقری کے ایک سستے سے ڈراپ نے کمال کر دیا اور مجھے آپریشن سے بچا لیا۔

پہلے میری آنکھوں میں اکثر جلن ہوتی تھی وہ بھی اس ڈراپ کے استعمال سے ختم ہو گئی اور میں نے محسوس کیا میری نظر پہلے سے بھی صاف ہو گئی ہے اور آنکھوں میں چمک اور روشنی میں اضافہ ہوا ہے۔ (محمد حامد نذیر، لاہور)

بخار، بدہضمی اور بلغمی امراض کے لئے آملہ کا لذیذ چورن

حکیم محمد انور، رحیم یار خان

جدید تحقیق کے مطابق آملہ وٹامن سی اور ڈی اس کے علاوہ دیگر ضروری غذائی اجزاء سے بھی بھرپور ہوتا ہے جو اچھی صحت کے لئے بہت مفید ہے۔ آملہ کے استعمال سے بال گھنے، لمبے اور مضبوط ہوتے ہیں۔ آملہ کو غذا میں مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے جیسا کہ آملہ کا اچار ڈالا جاتا ہے، اِس کا مربہ بھی بنایا جاتا ہے اور آملہ کو خشک کر کے بھی غذا میں شامل کیا جاتا ہے۔ آملے کو مختلف بیماریوں سے نجات کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ آملہ کو ہم وزن ہلدی کے ساتھ سفوف بنا کر نو ماشہ روزانہ ہمراہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے پیشاب کی نالی کی سوجن کیلئے از حد مفید ہے۔ نکسیر روکنے کیلئے اس کا گاڑھا لعاب ماتھے پر لگائیں اور آنکھ کے پھولے کیلئے تازہ آملے کا رس آنکھ میں ڈالیں۔

بال سیاہ کرنے کا مفید ٹوٹکہ

یہ نسخہ بالوں کو سیاہ کرنے کے لئے انتہائی مفید اور آسان ہے۔ چار چمچ آملے کے پاؤڈر میں دو چمچ پانی اور ایک عدد لیموں کا رس شامل کرلیں اس آمیزے کو اچھی طرح مکس کر کے پیسٹ بنالیں' تقریباً ایک گھنٹے کیلئے اسے پڑا رہنے دیں۔ اب یہ پیسٹ بالوں پر لگانے کیلئے تیار ہے۔ اس پیسٹ کو بالوں میں اچھی طرح لگا کر 20 سے 25 منٹ تک لگا رہنے دیں اور اس کے بعد پانی سے اچھی طرح دھولیں۔ خیال رہے کہ صابن یا شیمپو استعمال نہ کریں اور کوشش کریں کہ اس نسخے کے استعمال کے دوران صابن یا شیمپو سے پرہیز کریں۔ پیسٹ کو بالوں کی جڑوں تک ضرور پہنچائیں۔ بال دھوتے وقت خیال رہے کہ آنکھیں محفوظ رہیں۔ اس پیسٹ کو ہر چار دن بعد استعمال کریں کچھ مہینوں میں آپ کے بال مکمل طور پر سیاہ ہوجائیں گے۔

دماغی کمزوری کا مزیدار شربت

اگر کوئی شخص دماغی کمزوری کا شکار ہو یا کسی پریشانی کی وجہ سے ذہن الجھا ہوا رہتا ہو تو وہ آملہ کا یہ شربت بنائے اور استعمال کرے۔ آملہ کا پانی ایک لٹر، گائے کا دودھ دو کلو' دونوں کو ملا کر قلعی دار برتن میں آگ پر رکھیں جب دودھ پھٹ جائے تو اُتار کر چھان لیں اور شکر سفید برابر آملہ کے پانی سے ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔ دو تولہ شربت، عرق سونف چھ تولہ یا خمیرہ گاؤزبان عنبری تین ماشہ کے ساتھ استعمال کریں۔ دردِ سر میں مفید ہے۔ دماغ میں تازگی، فرحت اور قوت پیدا کرتا ہے۔

آنکھوں سے پانی بہنا

اگر کسی کی آنکھیں خراب ہوں اور پانی بہتا ہو تو ان کے لئے بہت مجرب نسخہ ہے۔ مغز بیج آملہ اور مغز بیج ہریڑ زرد، ہم وزن لے کر تین پہر تک پانی میں کھرل کر کے نخود کی گولیاں بنالیں۔ رات کو سوتے وقت دو گولیاں روزانہ کھائیں، ان کے استعمال سے آنکھوں سے بہتا پانی رُک جاتا ہے۔

آملہ کا لذیذ شفائی چورن

آملہ کا یہ چورن ہر قسم کے بخار کے لئے فائدہ مند ہے' اس کے علاوہ قبض کشا اور ہاضم ہے۔ بلغم اور بدہضمی جیسے امراض کو رفع کرتا ہے، بھوک خوب لگاتا ہے، پاخانہ صاف لاتا ہے، بخار میں یہ چورن نہایت مفید ہے۔ آملہ (گٹھلیاں نکال کر) مگھاں، چھلکا جڑ چترک، چھلکا ہریڑ زرد، نمک سیندھا، ان تمام اجزاء کو ہم وزن لیں' پیس کر سفوف بنالیں' خوراک دو سے تین ماشہ تک ہمراہ نیم گرم پانی دن میں دو سے تین بار دیں۔

معدے کے امراض کا علاج

اگر کوئی شخص معدے کے امراض میں مبتلا ہو تو وہ یہ نسخہ چند دن تک مسلسل استعمال کرے' یہ معدہ کو تقویت دیتا ہے، دل کی تیز حرارت کو دُور کرتا ہے اور صفراوی دستوں کو ختم کرتا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ ھوالشافی: آملہ آٹھ تولہ اور قند سفید ایک کلو لیں۔ آملہ کو ایک سیر گائے کے دودھ میں چوبیس گھنٹے تک تر رکھیں۔ بعدازاں آملہ کو دھو کر پانی میں جوش دے کر مل چھان کر اسی پانی میں چینی شامل کر کے قوام بنائیں۔ خوراک: چھ ماشہ صبح و چھ ماشہ شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی دیں۔ دیر ہضم اور بادی غذا سے پرہیز رکھیں۔ یہ کھانسی، دمہ اور کمزوری کے لئے بھی مفید ہے۔

انبیاءؑ اور اولیاءؒ کی سرزمین کا تحفہ! کاش مجھے بھی مل جائے

(پوشیدہ، اسلام آباد)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال آپ عراق کے روحانی سفر پر گئے اور وہاں بڑی بڑی ہستیوں انبیاءؑ اہلبیت و صحابہؓ اور اولیاءؒ کے مزارات پر حاضری کے دوران آپ نے تسبیحات اور تعویذات پر دم کیے۔ اس طرح ان متبرک ہستیوں کا فیض اور دعا بھی ان تبرکات میں شامل ہوگئی۔ میں نے عبقری یوٹیوب چینل پر جب یہ ویڈیوز دیکھیں تو دل میں حسرت تھی کہ کاش یہ تبرکات کسی طرح مجھے بھی نصیب ہوجائیں۔ آپ کی جب واپسی ہوئی تو یہ اعلان ہوا کہ طاقتور تعویذات کا پانی اور تسبیحات کے متبرک دانے ہجویری محل میں 13 مارچ 2022ء کو تقسیم کیے جائیں گے۔ میری خوشی کی انتہا نہ تھی اور بہت طلب کے ساتھ اس دن کا انتظار کرتی رہی۔ آخر وہ دن آگیا۔ ہجویری محل میں ہونے والی اس بابرکت محفل میں حاضری دی' اسم اعظم کا دم ہوا' تعویذات کا پانی اور متبرک تسبیح کے دانوں کا تحفہ ملا۔ میں نے جب سے ان طاقتور تعویذات کا پانی استعمال کیا ہے اللہ کے کرم سے بہت فائدہ ہوا ہے، صحت ملی' بیماریاں ختم ہوئی اور زندگی سے تمام پریشانیاں ختم ہونے لگیں۔ میں نے اس پانی کو اپنے جاننے والے احباب میں بھی تقسیم کیا۔ میری ایک رشتہ دار ہیں جن کو بریسٹ کینسر ہے، وہ بیماری کی وجہ سے بہت خوفزدہ تھیں کیونکہ کیموتھراپی کی بہت تکلیف ہوتی ہے اور ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے جسم میں آگ لگ جاتی ہے۔ میں نے یہ شفائیہ پانی اُن کو دیا اس کی برکت سے اُن کو ذرا بھی تکلیف نہیں ہوئی اور وہ بتاتی ہیں کہ جب بھی وہ تکلیف محسوس کرتی ہیں' وہ یہ پانی پی لیتی ہیں اور ان کی ساری تکلیف ختم ہوجاتی ہے اور جب سے تسبیح کے دانے میرے پاس آئے ہیں اللہ نے رزق میں برکتوں کے خزانے اور عزتوں کے تاج پہنائے ہیں۔ انبیاءؑ اہلبیت و صحابہؓ اور اولیائے کرامؒ کی سرزمین سے آئے ہوئے ان تبرکات سے برکتیں، عزتیں اور بہت کچھ پا رہی ہوں۔ اللہ کی غیبی مدد متوجہ ہوئی ہے۔

(متبرک پانی پانے کیلئے صفحہ نمبر 65 ملاحظہ فرمائیے!)

بڑے بھائی کیساتھ مسافر جناتی گھرانہ کی شرارت

محمد طاہر صدیق، لاہور

موسم گرما کا آغاز ہو چکا ہے' ہمارے علاقہ میں لوگ رات کو کھلے آسمان کے نیچے سونا پسند کرتے ہیں اور ہم بھی بچپن میں اپنی بڑی اسی چھت پر چارپائیاں ڈال کر سوتے تھے۔

انٹرنیٹ کیا ہوتا ہے ہماری بلا جانے

ہماری ذمہ داری میں شامل تھا کہ عصر کے بعد چھت پر پانی کا چھڑکاؤ کیا جاتا' مغرب تک چھت ٹھنڈی ہونا شروع ہو جاتی اور عشاء کو جب تمام گھر والے چھت پر آکر ٹیبل فین کے آگے لمبی سی لائن چارپائیوں کی بچھا کر بیٹھتے' سارے دن کی باتیں ہوتیں' بچے شرارتیں کرتے' ڈانٹ بھی پڑتی' آم کا سیزن آتا تو بڑے سے ٹب میں آم ٹھنڈے کیے جاتے اور ہمارے سب سے بڑے بھائی سب کو اس کے حصے کے مطابق آم دیتے' جب بچ جاتے تو پھر کاٹ کر آم دیئے جاتے تاکہ کسی کے ساتھ ''ناانصافی'' ہرگز نہ ہو۔ رات نو بجے ویسے ٹی وی بند' موبائل تھا نہیں' موبائل پیکیج' انٹرنیٹ کیا ہوتا ہے ہماری جانے بلا۔ ہم تھے اور ہمارے اپنے تھے' مسکراہٹیں تھیں' قہقہے تھے' انہی قہقہوں میں کھلے آسمان کے نیچے ٹھنڈے فرش پر ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں میں آنکھ لگتی تھی اور صبح فجر کی اذان جو کہ بغیر کسی رکاوٹ مسجد کے مینار سے سیدھا ہمارے کان پر آکر دستک دیتی تھی اور اتنی تیز ہوتی کہ نہ اٹھنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا اور ہاں اگر کبھی کان کے اوپر سرہانہ رکھ کر سونے کی کوشش بھی کرتے تو والدہ یا والد جب تک اٹھ نہ جاتے چھوڑتے نہ' گرمیوں میں چھت پر سوتے وقت جھگڑا صرف ایک بات کا ہوتا اور وہ تھا آج پنکھے کے آگے کس کی چارپائی ہوگی؟

شام کے وقت بچوں کو باہر مت نکالیں

خیر قارئین یہ ماضی کی یادیں تھی جو آپ کو نجانے کیوں بتا بیٹھا' میرا موضوع آج کچھ اور تھا اور وہ یہ ہے کہ ہمارے بڑے بتاتے تھے کہ رات کو جنات سفر کرتے ہیں مغرب کے بعد بچوں کو باہر نہ نکلنے دیا کریں' آپ میں سے اکثر لوگ گرمیوں میں کھلے آسمان کے نیچے سوتے ہیں' نبی کریم ﷺ نے ہمیں اس جناتی مخلوق کی شرارتوں سے بچانے کیلئے مسنون حفاظتی اعمال دیئے ہیں' جن کو سوتے وقت کرنا ہرگز نہ بھولیے گا۔ اس کا سچا مشاہدہ آج میں آپ کی نذر کر رہا ہوں:۔ جیسا کہ میں نے پہلے بتایا ہم موسم گرما کی راتیں چھت پر سوتے تھے' چھت پر دن کے وقت چارپائیاں رکھنے کیلئے ہم نے ایک چھوٹا سا کمرہ بنایا ہوا تھا جس میں دن کے اوقات میں چارپائیاں رکھتے تھے۔

اِدھر اُدھر دیکھا تو حیران رہ گیا

ہمارے سب سے بڑے بھائی جن کو میں نے شروع سے ہی تہجد گزار دیکھا ہے' یہ بھائی چھت کے اوپر جو کمرہ بنا تھا اس کی بھی چھت پر جا کر جس کے گرد دیواریں بھی نہ تھیں زمین پر چٹائی بچھا کر سویا کرتے تھے' بتاتے ہیں کہ ایک رات میں غنودگی میں تھا کہ میں نے دیکھا کہ میرے اردگرد چند مرد' خواتین اور بچے کھڑے ہیں' ایک بچہ کہتا ہے کہ اس کو چھیڑیں' ان کا والد کہتا ہے کہ نہیں سونے دو' ایک عورت کی آواز آئی کہ چلو تھوڑا سا چھیڑ لینے دو' مجھے محسوس ہوا کہ میرا آزار بند کوئی کھول رہا ہے اور شلوار سے نکال رہا ہے' مجھے ہنسنے کی' ازار بند شلوار سے نکالنے کی آوازیں آرہی ہیں اور میں سب کچھ سن رہا ہوں' محسوس کر رہا ہوں' خیر تھوڑی دیر بعد آوازیں بھی بند ہوگئیں اور میں بھی سو گیا جیسے کوئی خواب ہوتا ہے مگر جب میں صبح اپنے وقت پر اٹھا تو مجھے محسوس ہوا کہ میری شلوار میں آزار بند نہیں ہے' میں نے ادھر ادھر دیکھا تو دیکھ کر حیران رہ گیا کہ ان چیزوں نے اتنے بہترین طریقے سے آزار بند کو تہہ لگا کر میرے تکیہ کے بالکل ساتھ رکھ دیا کہ مجھے صبح ڈھونڈنے میں پریشانی نہ ہو' مجھے آج تک آزار بند کی وہ تہہ نہیں بھولتی' بھائی مزید بتاتے ہیں کہ خیر میں اٹھا' شلوار کو ایک ہاتھ سے پکڑا' دوسرے ہاتھ میں آزار بند لیا اور نیچے اپنے کمرے میں جا کر دوسرے کپڑے پہنے' وضو کیا اور تہجد کیلئے کھڑا ہو گیا۔

سونے سے پہلے یہ کام ضرور کرلیں

قارئین! واقعی رات کو جنات سفر کرتے ہیں' ان میں شریر جنات بھی ہوتے ہیں' نیک بھی ہوتے' خبیث اور غلیظ بھی ہوتے ہیں۔ لہٰذا میری خاص طور پر خواتین سے عرض ہے کہ اگر آپ رات کو چھت پر کھلے آسمان کے نیچے سوتی ہیں تو سونے کی مسنون دعا' آیۃ الکرسی' چاروں قل اول و آخر درود پاک پڑھ کر اپنی چارپائی کے اردگرد' خود پر اور تمام گھر والوں کی نیت کر کے دم کر کے سویا کریں اور سوتے وقت خود پر مکمل چادر لیے بغیر ہرگز نہ سوئیے۔ بے شمار واقعات ہیں کہ جب ایسی جنات کی شکار عورتوں کے قابض جنات نے دوران علاج عامل حضرات کو بتایا کہ ہم گزر رہے تھے ہماری اس پر نظر پڑی اور ہم اس پر یا اس کے بالوں پر عاشق ہوگئے۔ اگر آپ خواتین مسنون اعمال کر کے سوئیں گے تو یہ کسی غیبی مخلوق کو نظر نہ آئیں گی اور نہ کوئی شریر شرارت کر سکے گا نہ نقصان پہنچا سکے گا۔

حضرت یوسفؑ گہرے کنویں سے کس دن نکلے

10 محرم الحرام کے انتہائی بابرکت دن ہی حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے نکالے گئے، اسی دن حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی لوٹائی گئی، اسی دن حضرت یوسف علیہ السلام گہرے کنویں سے نکالے گئے، اسی دن حضرت ایوب علیہ السلام کی تکلیف رفع کی گئی۔

چوٹ کی تکلیف سے نجات کا آسان ٹوٹکہ

عبقری کے گزشتہ شماروں میں خشک پتی کے تجربات کے بارے میں پڑھا۔ میرے پاس بھی خشک پتی کے مشاہدات ہیں جن میں سے ایک تجربہ عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ ان شاء اللہ آئندہ مزید بھی لکھتا رہوں گا تاکہ میرے یہ تجربات لوگوں کے لئے آسانی کا ذریعہ بنیں۔

اگر کسی شخص کو جسم کے کسی حصہ پر چوٹ لگ جائے' خون جم جائے اور زخم کی جگہ پر شدید تکلیف کا سامنا ہو تو اس مسئلہ کے لئے میرا آزمودہ تجربہ ہے۔ جس جگہ پر چوٹ لگی ہو وہاں چند دن صبح و شام استعمال کی ہوئی خشک پتی کسی پٹی کے ذریعے چند گھنٹوں کے لئے باندھ دیں۔ ایسا کرنے سے ان شاء اللہ جلد ہی جما ہوا خون نکل جائے گا اور درد بھی ختم ہو جائے گی۔ میرا مشورہ ہے کہ جو شخص بھی اس تکلیف میں مبتلا ہو وہ اس ٹوٹکے کو ضرور استعمال کرے' ان شاء اللہ انہیں فائدہ ہوگا۔ (محمد رمضان، کوٹ سلطان)

قارئین آپ نے پتی کے تجربات بھیجے' آپ کی امانتیں آپ کو لوٹا رہے ہیں۔ آئندہ بھی لکھتے رہیں۔

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

سلسلہ وار آپ بیتی | قسط نمبر 163 | علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے۔

جناتی بچوں کی شرارتیں

میں جنات کی ایک دعوت پر بیٹھا تھا' بڑے اور بوڑھے سب اکٹھے بیٹھے تھے۔ بچے کھیل رہے تھے میں بچوں کو غور سے دیکھ رہا تھا مجھے حیرت ہوئی کہ بچے تو بچے ہی ہوتے ہیں' وہ جنات کے ہوں' انسان کے ہوں' بکری کے ہوں یا بندر کے ہوں' بچے شرارتیں بھی کرتے ہیں' کھیلتے بھی ہیں' مارتے بھی ہیں' چیخ و پکار بھی ہوتی ہے' واویلے بھی ہوتے ہیں' طاقتور کمزور پر غالب آتا ہے' بچوں کی شرارتیں دیکھ رہا تھا اچانک ہنسی نکل گئی' ساتھ بیٹھے بوڑھے جن نے مجھ سے پوچھا خیریت ہے کیوں ہنسے؟ میں نے کہا بچوں کی معصوم شرارتیں آنکھ مچولی اور ایک دوسرے کے ساتھ لڑائی' لیکن اس سب میں نفرت نہیں ہے' یہی انسانوں کے بچوں کے ساتھ ہوتا ہے' خوب لڑتے ہیں' پل میں صلح ہوجاتی ہے' ہنستے مسکراتے ہیں دوست بن جاتے ہیں۔ یہی سب سے بڑا راز' یہی سب سے بڑی زندگی کی خوشی ہے اور اسی میں کائنات ساری کی ساری ڈوبی ہوئی ہے۔ معصومیت' محبت' پیار' انسانوں کے بچوں میں ہو یا جنات کے بچوں میں دیکھ کر سکون ملتا ہے' پھر میں نے وہاں جوان جنات بھی بیٹھے تھے اور بوڑھے جنات بھی بیٹھے تھے ان سے جنات کے بچوں کی خصلتیں عادات' مزاج اور طبیعت پوچھی۔

بچپن میں شریر بڑا ہو کر شریف

سب کہنے لگے شریر بھی ہوتے ہیں شریف بھی ہوتے ہیں لیکن جو جتنا شریر ہوگا بڑا ہو کر اتنا باکمال' قابل اور کامیاب بنے گا اور جو بچپن میں شریف ہوگا بڑا ہو کر قابل اور باکمال نہیں بنے گا بلکہ خطرہ یہ ہے کہ شریر بن جائے گا۔ جنات کے بچوں کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ وہاں کا نظام برعکس ہے۔ بچپن اگر شریر ہوگا جوانی اور بڑھاپا بہت شریف ملنسار' محبت' پیار' الفت' غم خواری' دکھ درد میں شامل ہر کسی کے مسائل کو اپنا غم اور دکھ سمجھنا اور اگر ان کا بچپن شریف ہوگا تو خطرہ ہے کہ بڑے ہو کر شرارتی' غصیلے' لڑاکے' حتیٰ کہ مجرم تک بن جاتے ہیں اور بڑے بڑے جرائم کرنا ان کے لیے کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔

جناتی بچوں کا تعلیمی نصاب

جنات کے بچوں میں پڑھائی بہت زیادہ ہے' تعلیم پر بہت اہمیت ہے لیکن حیرت انگیز طور پر وہ دنیاوی تعلیم کو کچھ نہیں سمجھتے' ان کی ایک اپنی تعلیم ہے اور ان کا ایک اپنا نصاب جس کو وہ سب کچھ سمجھتے ہیں جس میں روحانیت' قرآن و حدیث' ان کے لیے بہت اہم چیز ہے۔ اس طرح اگر کافر جن بھی ہے تو وہ بھی اپنے مذہب کی تعلیم کو سب کچھ سمجھتا ہے اور مذہب کی تعلیم کو پوری اہمیت دیتا ہے۔ جنات میں مذہب کی تعلیم اور روحانیت کی تعلیم' حیرت انگیز طور پر بہت زیادہ ہے۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ پرانے علوم وہ جو دنیا سے ختم ہوچکے ہیں' پرانی زبانیں جن کا وجود مٹ گیا ہے' وہ جنات کے ہاں بہت رائج ہے اور جنات ان کو بہت زیادہ توجہ دیتے ہیں' اپنی نسلوں کو سکھاتے ہیں حتیٰ کہ حروف کے طلسمات' حروف کے راز' مٹی کے نیچے چھپے راز' پہاڑوں کے اندر چھپی دنیا اور راز یہ سب چیزیں ایسی کمال اور حیرت انگیز ہیں کہ جن کا وجود صرف جنات کے پاس ہے اور جنات انہیں دن رات بچوں کو سکھاتے ہیں' خود سیکھتے ہیں' ان کے پاس حیرت انگیز اس کے ماہرین ہیں' بات جنات کے ماہرین کی چلی تو یہ ایک بات بتاتا چلوں۔ جنات کے پاس ماہرین اس لیے زیادہ ہیں کہ ان کی صدیوں عمر ہے' صدیوں سے وہ لوگ علم کو سیکھتے ہیں' پھیلاتے ہیں' تجربات لیتے ہیں' وہ انسانوں سے بھی لیتے ہیں' کائنات کے رازوں سے بھی ایسی انوکھی مخلوق سے جو ہمیں بھی نظر نہیں آتے' وہ اپنے فن میں باکمال اور بے مثال ہوجاتے ہیں پھر یہ حال ہوتا ہے کہ ان کی زندگی میں علم' فن' کمال اور کسی چیز کا عروج ایسا کہ کوئی بندہ نہ اس کو سوچ سکتا ہے نہ اس کو پاسکتا ہے' سوچ اور جذبوں سے زیادہ۔

جناتی علوم اور صدیوں پرانی زبانیں

میں ایک چھوٹا سا آپ کو واقعہ سناتا ہوں ایک مرتبہ ہم سب بیٹھے ہوئے تھے تو جنات کے بچے بیٹھے پڑھ رہے تھے اور ایسی آواز زبان سے نکال رہے تھے جس کو میں نہیں سمجھتا تھا تو میں نے جنات سے پوچھا بچے کیا پڑھ رہے اور کون سی آواز نکال رہے ہیں؟ جنات کہنے لگے: یہ بولی حضرت دانیال علیہ السلام کی ہے' انہی کے دور کی آواز' انہی کے دور کے الفاظ ہیں' آج ہزاروں سالوں سے اس کا وجود مٹ چکا ہے' لوگ نہ اس کو جانتے ہیں' نہ پہچانتے ہیں' لوگوں کو کوئی خبر نہیں کہ یہ چیز کیا ہے؟ لوگ اس حقیقت سے آشنا نہیں ہیں اور حتیٰ کہ اس علم کو جو دنیا بالکل بھول چکی اور انہیں علم بھی نہیں' نہ ہی کتابوں میں معلومات موجود ہے مگر جنات وہ علوم جانتے ہیں۔ جنات کے پاس ستاروں کا علم بہت زیادہ' چاند سورج کا علم حد سے زیادہ' زمین میں نیچے معدنیات کہاں ہیں؟ جن میں سونا' چاندی' جواہرات' ہیرے' لعل' زمرد' عقیق' مرجان' زبرجد اور ہر قیمتی پتھر وہ سب کا علم رکھتے ہیں' صرف علم نہیں ان کی تاثیر' کمالات سے واقف ہیں اور ان سے دوائیں کون سی بنتی ہیں ان پتھروں کی ذاتی تاثیر اور فوائد کیا ہیں؟ یہ سب جنات خوب جانتے اور سمجھتے ہیں۔ ان کے فوائد ان کے علم میں ہیں۔ میں تو حیران ہوتا ہوں کہ ان کا بچہ جب تھوڑا سا بھی شعور میں آتا ہے اس کے پاس علم کے وہ سمندر ہوتے ہیں جو ہمارے نوے سال کے آخری دانشور کے پاس بھی نہیں ہوتے جس نے ساری عمر کسی فن میں کھپائی' علم میں گھولی وہ چیز اس کے پاس بھی نہیں ہوتی جو اس جناتی بچے دانشور کے پاس ہوتی ہے۔ جناتی بچوں کے پاس تنکے کا علم ہے' درخت کا علم ہے حتیٰ کہ مجھے ایک دفعہ یہ دیکھنے کا بھی موقع ملا کہ جنات کے کچھ بچے چراغ کی لو کو بہت غور سے دیکھ رہے ہیں' میں نے پوچھا کتنے دن سے دیکھ رہے ہیں' کہا تین دن سے زیادہ ہوگئے ہیں یہ صرف اسی کو دیکھ رہے ہیں' ان کے منہ میں خوراک ڈال دی جاتی ہے اور یہ دیکھتے رہتے ہیں' پوچھا کیوں دیکھ رہے' کہا اس لیے کہ اس لو کے اندر طاقت کیا ہے' کائنات کیا ہے حتیٰ کہ کچھ وقت کے بعد اس لو کے اندر ایک دنیا ایک جہان نظر آتا ہے اور دنیا جہان ایسا نظر آتا ہے کہ انسان اس کو چھو نہیں سکتا' سمجھ نہیں سکتا اور اس کے اندر ایک پورا انظام چلتا ہے جس کا نظارا کرتے کرتے کئی بیہوش ہوجاتے ہیں' کئی دیکھ نہیں پاتے اور کئی دیکھتے ہیں تو حیرت زدہ رہ جاتے ہیں اور حیرت کا سامان اور سمندر ان کے ساتھ ہوتا ہے۔

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ "لاہوتی نقش نمبر9" عبقری شمارہ ستمبر 2023ء کے صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ فرمائیں۔نوٹ: یاد رہے پہلا نقش ستمبر 2021ء دوسرا نقش دسمبر 2021ء اور تیسرا نقش مارچ 2022ء اور چوتھا نقش جون 2022ء، پانچواں نقش ستمبر 2022 کے شمارہ میں، چھٹا دسمبر 2022ء، ساتواں نقش مارچ 2023ء اور آٹھواں نقش جون 2023ء کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔کُل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔ ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے گزشتہ کسی نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر 2021، دسمبر 2021، مارچ 2022ء، جون 2022ء، ستمبر 2022 اور دسمبر 2022ء، مارچ 2023 اور جون 2023 کا شمارہ کسی بھی ایجنسی ہولڈر، یا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمایئے اور اس خاص عمل میں شامل ہو کر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پایئے تا کہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔(نوٹ: نقش کیساتھ اسکی خاص ہدایات بھی شائع ہوتی ہیں ضرور پڑھیں ورنہ فائدے سے محروم رہ جائینگے۔ گھر کے ہر فرد کیلئے الگ سے نقش ہوگا جو وہ خود پُر کریگا اگر نہیں کر سکتا تو گھر کے کسی دوسرے فرد سے پُر کروالے۔نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروایئے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔)

جنات نے پرانے علوم کا ورثہ سنبھال رکھا ہے

آج بھی اگر کوئی یہ کہے کہ پرانے علوم دفن ہو گئے ہیں تو میں ان سے اتنا کہوں گا کہ واقعی دفن ہو گئے ہیں، ختم ہو گئے ہیں لیکن جنات نے ان پرانے علوم کا ورثہ سنبھالا ہوا ہے اور ان پرانے علوم کو ٹٹول ٹٹول کر رکھا ہوا ہے حتیٰ کہ اپنی نسلوں کو سکھاتے ہیں، نسلوں کو بتاتے ہیں اور نسلیں واقعی اتنا زیادہ کہ ہم سوچ نہیں سکتے۔قطرہ کا علم جانتے ہیں، دانے کا علم، پتھر کا علم، کنکر، ریت، لعل و جواہر، پہاڑ کے باہر کیا ہے، پہاڑ کے اندر کیا ہے، جانوروں اور ان کے مزاج، عبرانی، سریانی زبان جن کے صرف نام باقی رہ گئے ہیں ان کی تمام حروف تہجی ان پر لکھی جانے والی کتابیں حتیٰ کہ حضرت دانیال علیہ السلام کی زبان جس کا نام تک نہیں آتا وہ ان کے عالم ہیں، حافظ ہیں ازبر ہیں۔ان کا ہر بچہ سکالر ہے، سائنسدان ہے، ان کا ہر بچہ باکمال بے مثال ہے، علوم کا فن جانتا ہے، علوم کا راز و نیاز جانتا ہے، یعنی وہ ایسی پرانی بولیاں بھی جانتے ہیں آپس میں بیٹھے ہوئے ایسی زبان میں بات کرتے ہیں جس زبان کو کوئی نہیں سمجھتا اور ان کی بات بھی پوری ہو جاتی ہے۔ وقت کا معیار اور مقدار آداب کی چال اور ترتیب، حتیٰ کہ لہجوں اور لفظوں کے اندر کے راز جو اس سے پہلے ہم نے صرف مصر کے سنے تھے وہ سارے علوم جنات کے پاس ہیں اور یہ جنات وہ سارے علوم کو جانتے ہیں علم کیا ہے علم کا سمندر ہے۔

ایک مرتبہ میں نے کچھ بچوں کو دیکھا آپس میں ایک چیز پر بحث مباحثہ کر رہے تھے میں نے پوچھا یہ کیا کر رہے ہیں؟ کہا کہ یہ صبح سے لیکر شام تک جتنی گھڑیاں آتی ہیں ہر گھڑی میں کون سی ساعت نیک، کون سی ساعت موافق، کون سی گھڑی اور ساعت میں مصیبت، کہاں تکلیف، کہاں پریشانی، کہاں مسائل اور مشکلات ان سب گھڑیوں کا علم ایک دوسرے کو سمجھا رہے ہیں اور ایک دوسرے سے پوچھ رہے ہیں۔ مجھے جنات کی دنیا میں خود بچوں سے سیکھنے کا بہت موقع ملا میں نے جنات کے بچوں سے بہت سے علوم سیکھے اور بہت سی حیرت انگیز دنیا ایسی سیکھی جس کا مجھے ابھی علم نہیں اور وہ بھی میں نے سیکھی ہے ابھی میں باکمال نہیں بنا وہ باکمال ہیں بے مثال ہیں، اور ان کا علم اور ان کا مقام بہت زیادہ ہے، اتنا کہ گمان سے اور خیال سے بالاتر۔

جنات کی نسلوں میں فطری غذائیں

میں جنات کی نسلوں کو دیکھتا ہوں تو ان کے مزاجوں میں فطری غذائیں ہیں ان کے ہاں صحت و تندرستی ہے، ان کی طبیعتوں میں اکثر راز و نیاز ہے، ان کا وجود اگر نیک جنات ہیں تو خوشبودار ہے، یہی چیز وہ اپنی نسلوں کو بتاتے اور سکھاتے ہیں اور یہی چیز ان کی نسلیں ان سے لیتی ہیں، ہر لمحہ ہر لحظہ ان کا علم کے ساتھ گزرتا ہے، معلومات کے ساتھ اور بے پناہ بے مثال معلومات جہاں ان کی زندگی کے شب و روز اور ان کی دنیا کے شب و روز ایسے کہ انسان سوچ نہیں سکتا، پل پل تحقیق، دقیق، عمیق اور ایک ایک چیز کی تفتیش کیا بتاؤں؟ مجھے تو الفاظ نہیں مل رہے کہ میں جنات کی نسلوں کی دنیا کیسے واضح کروں؟

صدیوں کے بعد یہ دروازہ کھلا

ایک بار ایک جن کے بچے نے دیوار پر کسی زبان کے الفاظ لکھے اور لکھے بھی انگلی سے، الفاظ کا لکھنا تھا کہ یک دم دیوار پھٹی اندر سے دروازہ نکلا اور اب وہ دروازہ بند تھا۔اس نے تین بار دروازے پر ہلکے سے مکے مارے اور پھر انگلی سے ایک لفظ لکھا یک دم دروازہ کھلا پھر اس کے اندر اور دروازہ تھا، ساتھ سیڑھیاں اتر کر میں بھی اس کے ساتھ تھا یہ پہلا دروازہ سونے کا تھا جب دوسرے دروازے کی طرف بڑھا جو سات سیڑھیاں اتر کر تھا وہ چاندی کا تھا اس پر اس نے اپنی ایک انگوٹھی پہنی ہوئی تھی وہ صرف رگڑی اس کے رگڑتے ہی وہ دروازہ کھلا پھر مزید چودہ سیڑھیاں ہم اترے، آگے ایک اور دروازہ تھا جو پتھر کا بنا ہوا تھا اور کوئی قیمتی پتھر تھا۔اس نے اپنی دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے اس پر گول دائرہ بنایا پھر اس کے اندر ایک اور دائرہ بنایا پھر اس کے اندر ایک اور دائرہ بنایا۔تھوڑی دیر کے بعد وہ دروازہ کھلا پھر اکیس سیڑھیاں تھیں اکیس سیڑھیوں کے بعد ایک خوبصورت جواہرات سے مرصع دروازہ تھا وہ کھلا، اب تین دروازہ اس کے مطابق اور ہیں ایک تانبے کا ایک پیتل کا اور ایک لوہے کا اس نے تین دروازے بھی ایسے ہی کھولے اسکے پاس کوئی علم تھا کچھ طلسمات تھے کوئی قدرت کے غیبی علوم کے نظام تھے، بس یونہی دروازہ کھلتا چلا گیا اور چیزیں آپس میں جڑتی چلی گئیں۔

حیرت کی بات یہ ہے محسوس یہ ہوتا تھا کہ یہ دروازہ صدیوں کے بعد کھلا ہے اور آج سے پہلے کبھی کھلا نہیں تھا،

صندوقوں سے بھرا طلسماتی ہال

جب اس کمرے میں داخل ہوئے بہت بڑا کمرہ تھا ہال تھا جس میں ہر طرف پرانے صندوق پڑے ہوئے تھے میرا خیال تھا کہ صندوقوں میں لعل، جواہر اور قیمتی موتی ہوں گے لیکن نہیں اس صندوق میں ساری کتابیں تھیں اور ہاتھ کی لکھی ہوئی کتابیں تھیں، کچھ کتابوں کے ورق چمڑے کے کچھ کے ورق لکڑی کے کچھ کے ورق ایسی درخت کے پتوں کے جو ٹکڑے ٹکڑے نہیں ہو رہے خراب نہیں ہو رہے۔ کچھ کتابیں تانبے کے ورق کی، کچھ سونے کے ورق کی، کچھ چاندی کے ورق کچھ ایسی دھات کا ورق تھا جو مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کچھ موٹے کاغذ تھے، الغرض کتب ہی کتب تھیں اور ان پر خفیہ علوم اور خفیہ جواہرات لکھے ہوئے تھے جو عام عقل انسانی اور شعور میں سمجھ نہیں آ رہے، مجھے حیرت بھی (باقی صفحہ 53 پر)

گریڈ 5 کا ملازم غربت سے نکل کر کیسے تونگر ہوا؟ جانیئے!

(راجہ خالد محمود خان، آزاد کشمیر)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ' آپ کی نسلوں اور عبقری کی تمام ٹیم کو عافیت اور برکت والی لمبی عمر عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ سدا یوں ہی دکھی انسانیت کی خدمت کا ذریعہ بنائے رکھے آمین!۔

تینوں بیٹے بیروزگار

میں 2011ء سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں اور مستفید ہو رہا ہوں۔ اس کے علاوہ ہر سال درود پاک کے چلہ میں بھی شامل ہو رہا ہوں جن کی برکات نے مجھے رنگ دیا ہے۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ اگر کسی پریشان حال انسان کو دیکھوں تو اسے عبقری سے ملا کوئی وظیفہ بتا دوں تا کہ اللہ کے نام کی برکت سے اس کے دکھ ٹل جائیں۔ آج میں دفتر میں اپنے ماتحت ایک ملازم کا واقعہ لکھ رہا ہوں جو غربت اور مفلسی کی زندگی سے نکل کر تونگر ہو گیا۔ وہ گریڈ 5 کا ملازم ہے اس کے چھ بچے اور تین بچیاں ہیں اس کی ماہانہ تنخواہ بھی کم تھی۔ اس شخص کی عمر تقریباً پچپن سال ہے' اس کے تینوں بڑے بیٹے بیروزگار اور صرف ایک بیٹی شادی شدہ تھی' باقی بیٹیاں زیر تعلیم تھیں۔ اُس شخص کے گھریلو حالات بہت خراب تھے۔ بڑے بچے جہاں بھی ملازمت کے لئے جاتے' ان کا کام نہ ہوتا اور مایوس ہو کر واپس آ جاتے۔

زندگی سے تنگ آ گیا ہوں

تقریباً ڈیڑھ سال پہلے کی بات ہے میں نے ان سے گھریلو حالات پوچھے تو اُس نے مجھے بتایا کہ میرے گھریلو حالات بہت خراب ہیں۔ بچے عرصہ دراز سے بیروزگار ہیں، تنخواہ سے میرے اخراجات ہی پورے نہیں ہوتے، فقر و فاقہ جیسے حالات ہیں' زندگی سے ہی تنگ ہوں۔ مکان بھی پرانا اور بوسیدہ ہے، تنخواہ نہایت کم ہے اور ہم گیارہ لوگ گھر میں کھانے پینے والے ہیں۔ ہر طرف پریشانی ہی پریشانی ہے۔ میں نے اس شخص کو ''دو انمول خزانے'' کا کتابچہ دیا اور کہا کہ اس کو خود بھی پڑھو اور تمام گھر والوں کو بھی پڑھنے کا کہو۔ ان شاء اللہ مسائل ختم اور آپ کے حالات بہتر سے بہتر ہوتے چلے جائیں گے۔

ٹوٹا' کچا اور بوسیدہ مکان

اس شخص نے اور اس کے تمام گھر والوں نے انمول خزانہ نمبر ایک اور دو یقین کے ساتھ پڑھنا شروع کیا۔ صرف دو ماہ کی قلیل مدت میں اس کا ایک بیٹا آرمی میں اچھے رینک پر منتخب ہو گیا۔ ان کے حالات بہتر ہونا شروع ہو گئے' چند ماہ بعد باقی دو بیٹے بھی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آرمی میں بھرتی ہو گئے۔ ان کے تمام بیٹوں کو اچھا روزگار مل گیا۔ اس شخص کی اپنی تنخواہ بھی بڑھ گئی جس سے گھر سے تنگدستی اور فاقوں کا مسئلہ حل ہو گیا' اللہ تعالیٰ نے اس گھرانے کو تونگر بنا دیا۔ ان کا مکان ٹوٹا ہوا، کچا اور بوسیدہ تھا ''انمول خزانہ'' پڑھنے کے بعد پکا مکان ڈبل سٹوری بنا لیا۔ اس شخص نے بتایا کہ میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ اتنی قلیل تنخواہ سے میں اپنا ڈبل سٹوری مکان بنا سکتا ہوں۔

گھر میں چین اور سکون آ گیا

ان دونوں میاں بیوی کے درمیان بغیر کسی وجہ کے ہر وقت جھگڑا رہتا تھا۔ ایک دوسرے کی شکل دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے تھے۔ بات کوئی بھی نہ ہوتی تھی، چھوٹی چھوٹی باتوں پر جھگڑا شروع ہو جاتا۔ ''انمول خزانہ'' پڑھنے کا یہ بھی فائدہ یہ ہوا کہ میاں بیوی کے درمیان گھریلو جھگڑے ختم ہو گئے، نفرت محبت میں بدل گئی اور پورے گھر میں (باقی صفحہ 59)

دن رات فاقوں میں ڈوبا خاندان دولت مند کیسے ہوا؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں' ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا دولت مند ہوا' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ نے انسانیت کی جو خدمت کی ہے اور جس طرح آپ نے لوگوں کے دکھ درد دور کرنے میں دلوں کے راز عام کیے ہیں اس کی مثال آج کے دور میں تو دور تاریخ میں بھی بہت کم ملتی ہے۔ بے شک ایسی بے لوث سخاوت اور خدمت وہی شخص کر سکتا ہے جس پر پروردگار کا خاص کرم اور عنایت ہو۔ میں اپنا ایک خاص عمل بتانا چاہتا ہوں جس کی برکت سے مجھے بارش کی طرح بے حساب رزق ملا۔ مجھے کسی نے عبقری کا ایک کتابچہ ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' دیا۔ اس میں سے دیکھ کر میں نے ایک عمل کیا جس نے میری غربت کو مالداری میں بدل دیا۔ ہم لوگ باپ، دادا، پڑدادا سے کسمپرسی کی زندگی گزار رہے تھے' رزق کی فراوانی اور خوشحالی کو ترس گئے تھے۔ جب مجھے یہ کتابچہ ملا اور میں نے یہ عمل کیا تو اللہ نے میرے لئے رزق کے دروازے کھول دیے اور میں خود پریشان ہو گیا کہ اللہ اپنے نام کی برکت سے انسان کو وہاں سے دیتا ہے جہاں سے گمان بھی نہیں ہوتا۔ میں نے پھر سینکڑوں کی تعداد میں یہ کتابچے لے کر تقسیم کرنا شروع کر دیے۔ اس سے تو سونے پر سہاگہ والا کام ہوا اور بھی زیادہ مال و دولت آنا شروع ہو گئی' ایسے جیسے دولت میری عاشق ہو گئی ہو۔ میں اپنے خاندان کا پہلا شخص ہوں جسے اللہ نے بہترین ذاتی گھر عطا کیا۔ میری دو نیکیوں نے میری تقدیر بدل دی' ایک تو اس کتابچے میں سے دیکھ کر میں نے سورہ کوثر 129 مرتبہ صبح و شام اول آخر درود پاک 7 مرتبہ کا عمل کیا اور دوسرا یہ کہ میں نے یہ کتابچہ بہت زیادہ تقسیم کیا۔ بس یہ خیر پھیلانے کا نتیجہ ہے اور خیر کے کام میں لگنے کی بھلائیاں ہیں۔ میری اولاد میرے والدین اب خوشحال زندگی گزار رہے ہیں ورنہ ہم پھل خرید کر نہیں کھا سکتے تھے ہماری روٹی ہی مشکل سے پوری ہوتی تھی۔ (محمد انس، کراچی)

تھوڑی سی توجہ! صحت مند اور خوش وخرم زندگی گزاریں

تقدیس ملک

ہر کوئی چاہتا ہے کہ وہ خوش وخرم زندگی گزارے لیکن اس کے باوجود دیکھا گیا ہے کہ لوگ مایوس اور تھکے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یہاں تک کہ بہت اعلیٰ عہدوں پر بیٹھے لوگ جنہیں کوئی معاشی مسئلہ یا پریشانی بھی نہیں ہوتی ان میں بھی زندگی کی چمک دمک نظر نہیں آتی۔ اگر آپ خود پر تھوڑی سی توجہ دیں تو کام کاج کے باوجود تروتازہ اور ہشاش بشاش رہا جا سکتا ہے۔ سب سے پہلے تو ناشتہ بھرپور کیجیے۔ اس کا ایک فائدہ یہ ہوگا کہ جلدی بھوک نہیں لگے گی اور آپ کی توانائی دیر تک بحال رہے گی۔ توانائی حاصل کرنے کے لئے دہی بھی ایک عمدہ غذا ہے۔ آپ کسی بھی پیشے سے منسلک ہیں' اس میں توانائی تو بہرحال خرچ ہوگی اگر ذہنی کام یا مصروفیات زیادہ ہیں تو تھکان یا اعصابی تناؤ کا ہونا لازمی ہے۔ ذیل میں صحت مند اور خوش وخرم رہنے کے کچھ مشورے پیش خدمت ہیں۔

ایک ہی انداز میں ہرگز نہ بیٹھیں

دفتر' دکان یا گھر میں ممکن ہو تو حرکت کرتے رہیں اور ہر پندرہ بیس منٹ کے بعد اٹھ کر پوزیشن تبدیل کرلیں۔ دوستوں اور ساتھیوں سے مختصراً بات چیت بھی کرتے رہیں۔ ملازم سے پانی منگوانے کی بجائے خود پانی لا کر پئیں۔ اس طرح خون کی گردش معمول پر رہے گی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ مستقل ایک ہی انداز میں ہرگز نہ بیٹھے رہیں۔ گھنٹوں مسلسل ایک انداز میں بیٹھے رہنے سے آپ زیادہ تھک سکتے ہیں اور آپ کتنے ہی توانا کیوں نہ ہوں، تھکاوٹ بہرحال محسوس کریں گے اگر آپ دفتر' دکان وغیرہ میں ایسے شعبے سے منسلک ہیں کہ زیادہ چل پھر نہیں سکتے تو کھڑے ہو کر، ہاتھوں اور بازوؤں کو ورزش کے انداز میں پھیلا سکتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ جسم پر چھایا ہوا جمود ٹوٹ جائے۔ دفاتر میں کام کرنے والوں کا ایک بڑا مسئلہ یہ بھی ہے کہ ایک جگہ نظر جما کر کام کرنے سے آنکھوں میں تھکاوٹ اور جلن سی محسوس ہونے لگتی ہے' اس طرح اعصاب بری طرح متاثر ہوتے ہیں اور رفتہ رفتہ بینائی بھی متاثر ہونے لگتی ہے۔

آنکھوں کی ورزش

آنکھوں کی قدرتی اور فطری چمک غائب ہوجاتی ہے اس کیلئے ایک پنسل یا پین لیں اور آنکھوں سے تقریباً آٹھ انچ کے فاصلے پر رکھ لیں اس کو دیکھیں پھر تقریباً پانچ سیکنڈ کے بعد پنسل سے نظریں ہٹا کر کسی دور کی چیز کو دیکھیں۔ یہ عمل کئی بار کریں۔ اس سے آنکھوں کی ہلکی سی ورزش ہوگی اور کچھ ہی دنوں میں آنکھیں پہلے سے زیادہ روشن و چمکدار ہوجائیں گی اور تھکاوٹ بھی نہیں ہوگی۔

بیٹھنے کا بہترین انداز

اکثر لوگ کرسی پر بیٹھے بیٹھے خاص کر خواتین فربہ یعنی موٹاپے کا شکار ہوجاتی ہیں۔ انہیں چاہیے کہ واک کا اہتمام ضرور کریں اس کے علاوہ کرسی پر تن کے بالکل سیدھے بیٹھیں اور جب بھی محسوس ہونے لگے کہ جھک رہے ہیں تو پھر سے سیدھے بیٹھنے کی کوشش کریں اس دوران گہری سانسیں لیتے رہیں۔ گہری سانس لینے سے توانائی ذخیرہ ہوتی ہے اور آپ چاق و چوبند ہوجاتے ہیں۔ گھر' دکان یا دفتر جہاں بھی ہوں پانی زیادہ پئیں، پیاس نہ بھی ہو تو دن بھر کم از کم دس بارہ گلاس پانی پینا ضروری ہے۔ پانی محض جسم کی ضرورت ہی نہیں، یہ حسن و دلکشی اور تازگی بھی فراہم کرتا ہے اور گہرے سانس لینے کی عادت سے آکسیجن جسم کے خلیوں میں باآسانی پہنچ جاتی ہے جو آپ کو تروتازہ رکھنے میں مدد دیتی ہے۔

سانس کی ورزش، آسان بھی علاج بھی

سانس کی ورزش کرنے والے ماہرین کے خیال میں اس سے نہ صرف ہمیں بہتر آکسیجن ملتی ہے بلکہ صحت پر اس کے بھرپور اثرات بھی مرتب ہوتے ہیں۔ یہی نہیں اس سے نفسیاتی اعتبار سے بھی ہماری شخصیت میں بہتری آتی ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ اگر ہم یہ سمجھیں کہ بیماریوں کی لہریں یا جراثیم ہماری ناک اور سانس کے ذریعے ہمارے جسم کے اندر منتقل ہوتے ہیں تو پھر ان کا علاج بھی آسان ہوجائے گا۔ اب آپ ان بیماریوں کو سانس کے ذریعے باہر بھی خارج کرسکتے ہیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ رات کو سونے سے قبل اور صبح بہت سویرے سورج نکلنے سے قبل کسی کھلی اور صاف فضا میں ایسی جگہ بیٹھ جائیں یا کھڑے ہوجائیں کہ جہاں تازہ آکسیجن زیادہ سے زیادہ ہو مثلاً کوئی صحن، مکان کی چھت، کھیت یا کوئی کھلا میدان بھی ہوسکتا ہے۔ اب آنکھیں بند کرلیں اور ناک کے ذریعے بہت ہی آہستہ آہستہ سانس اپنے اندر کھینچیں اور یہ تصور کریں کہ فضا سے صحت اور تندرستی کی لہریں ناک کے ذریعے آپ کے اندر جارہی ہیں اور اندر جاکر پورے جسم میں جذب ہوگئی ہیں۔ پھر اسی طرح آہستہ آہستہ منہ کے ذریعے سانس باہر خارج کرتے ہوئے یہ تصور قائم کریں کہ بیماری اور کثافت کی لہریں منہ کے ذریعے سانس کے ساتھ ساتھ باہر خارج ہورہی ہیں۔ اگر کسی ایک مخصوص بیماری کا علاج کرنا مقصود ہو تو اسی بیماری (باقی صفحہ 59)

خطرناک جلدی امراض کا تیل، گھر بنائیے فوری شفاء پائیے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں دو افراد کو انگلی اور ہاتھ میں سخت تکلیف تھی۔ انگلی اکڑی ہوئی' کھردری سی ہو چکی تھی۔ اس کے علاوہ وقفہ وقفہ سے تھوڑا تھوڑا خون بھی بہتا رہتا تھا اور انگلی پر مسلسل تکلیف کا سامنا تھا۔ جب ڈاکٹر کو چیک کروایا تو پتہ چلا کہ یہ چنبل ہے۔ ڈاکٹر نے فوری طور پر کچھ دن کے لئے صابن، سرف کے استعمال' سبزی کاٹنے سے منع کردیا اور چنبل کے زخم کے لئے کچھ ادویات کھانے اور ایک ٹیوب زخم پر لگانے کے لئے دی۔ ان ادویات کے استعمال سے وقتی طور پر فرق پڑا لیکن مکمل آرام نہ آیا۔ میں ماہنامہ عبقری شروع دن سے پڑھ رہی ہوں۔ الحمدللہ! میرے پاس عبقری پہلے شمارہ سے لے کر اب تک کے تمام شمارے محفوظ ہیں' جس سے وقتاً فوقتاً مستفید ہوتی رہتی ہوں۔ عبقری کے ایک شمارہ میں چنبل کے زخموں سے نجات کا ایک نسخہ دیکھا۔ یہ نسخہ بنایا اور استعمال کروایا جس سے شفاء مل گئی اور چند دنوں میں چنبل کا نام ونشان بھی باقی نہ رہا۔ اگر کوئی شخص چنبل کے مرض میں مبتلا ہے تو وہ یہ نسخہ ضرور استعمال کرے۔ **ھوالشافی:** ایک کلو سرسوں کا تیل، ایک چھٹانک چھوٹی الائچی، ایک چھٹانک لونگ، ایک چھٹانک نمک۔ الائچی کو پیس لیں اور پھر تمام اجزاء کو سرسوں کے تیل میں ڈال کر ہلکی آنچ پر تین گھنٹے پکائیں۔ ٹھنڈا ہوجائے تو چھان کر محفوظ کرلیں اور زخم پر لگائیں' کم بنانا ہو تو ان چیزوں کی مقدار آدھی کرلیں۔ (ذکیہ' کوئٹہ)

اُجڑے گھرانے پتھر دل پگھلانے کا عمل لے لیں!

نثار احمد، بہاولنگر

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! بندۂ ناچیز نے پہلی مرتبہ عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ہونے والی روحانی کلاس میں حاضری کا شرف حاصل کیا۔ عبقری حویلی میں آپ کے زیر سایہ تین دن گزارے اور روحانی وظائف کا فیض حاصل کر کے اپنے گھر واپس آیا۔ آپ نے فرمایا تھا کہ جس وظیفہ سے بھی فائدہ ہو تو بذریعہ خط ضرور تحریر کریں تاکہ باقی مخلوقِ خدا اس وظیفے سے فائدہ حاصل کریں۔ آج اپنا ایک فائدہ تحریر کر رہا ہوں جس سے بہت نفع پایا ہے۔

میرے پاس ایک دوست آیا۔ وہ دوست شادی شدہ تھا، چند سال قبل اس کی شادی اپنے قریبی رشتہ داروں میں ہوئی۔ شادی کے چند ہفتوں بعد ہی گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے۔ ہر بار خاندان کے کچھ افراد مل کر صلح کروا دیتے۔ اسی طرح وقت گزرتا گیا حتیٰ کہ شادی کے چودہ ماہ بعد اللہ پاک نے بیٹے سے نوازا۔ تین سال بعد میاں بیوی کے درمیان شدید لڑائی جھگڑا ہوا اور اس شخص کی بیوی ناراض ہو کر اپنے میکے چلی گئی۔

میرا گھر ٹوٹ جائے گا

کچھ دنوں کے بعد وہ بیوی کو لینے اپنے سسرال گیا تو لڑکی کے والدین نے صاف کہہ دیا کہ ہم اپنے بیٹے کی شادی آپ کی بہن سے کرنا چاہتے ہیں' اگر آپ بھی اس پر راضی ہو تو ٹھیک ورنہ ہم اپنی بیٹی کو بھی تمہارے ساتھ نہیں بھیجیں گے۔ اس شخص نے گھر آ کر اپنے والدین سے بات کی کہ میرے سسرال والے صرف اس صورت میں بیوی کو ساتھ بھیجیں گے اگر اپنی بہن کی شادی ان کے گھر کردوں مگر دوست کے والدین اس بات پر راضی نہ تھے۔ وہ بہت پریشان تھا، ہر وقت روتا تھا کہ میرا گھر ٹوٹ جائے گا۔

میں نے اسے تسلی دی اور ایک عمل بتایا کہ یہ عمل ہر نماز کے بعد اپنی بیوی کو ہدیہ کرنا شروع کردو اس عمل سے ان شاء اللہ جلد مسئلہ حل ہو جائے گا۔ وہ عمل یہ ہے کہ اوّل و آخر درود شریف' درمیان میں ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھ کر مطلوبہ شخص کو ہدیہ کریں۔ مزید میں نے چینی پر 786 مرتبہ بسم اللہ پوری پڑھ کر دم کر کے دی۔ آدھی چینی اس شخص کو کھانے کو کہا اور آدھی چینی بہت مشکل سے کسی کے ذریعے اس کے سسرال کے گھر پہنچا دی۔

بیوی کو ہدیہ کرنا شروع کر دیا

آپ یقین جانیے اس شخص کے سسرال والوں نے ضد چھوڑ دی' بیوی کے رویے میں لچک پیدا ہوئی۔ وہ شخص وظیفہ پڑھ کر اپنی بیوی کو ہدیہ کرتا رہا۔ آخر ایک ہفتے کے بعد اس کے سسرال والوں نے کسی کے ذریعے پیغام بھیجا کہ گھر آ کر اپنی بیوی کو لے جاؤ۔ جب مجھ تک خبر پہنچی تو میں نے اس شخص سے کہا کہ بے فکر ہو کر جاؤ' ان شاء اللہ خیر ہو گی۔ چنانچہ وہ اپنے سسرال گیا' تمام گھر والے نہایت شفقت کے ساتھ پیش آئے اور بغیر کسی شرط اور مطالبے کے اس کی بیوی کو اس کے ساتھ بھیج دیا۔ یہ سب اس عمل کی برکات ہیں جس کی وجہ سے پتھر دل پگھل گئے۔

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کب واپس اٹھائے گئے!

10 محرم الحرام کے مبارک دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا کیے گئے۔ اسی دن انہیں آسمانوں کی طرف اُٹھایا گیا۔ اسی دن حضرت ادریس علیہ السلام کو مقامِ بلند کی طرف اٹھایا گیا اسی دن حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کوہِ جودی پر ٹھہری،

بواسیر اور جسم کی فالتو چربی کا شافی اور کافی علاج!

میری والدہ کا جسم کافی عرصے سے موٹاپے کا شکار تھا لیکن چند ماہ پہلے انہیں بواسیر کی تکلیف بھی شروع ہو گئی۔ انہیں ڈاکٹر کے علاج سے زیادہ فائدہ نہ ہوا، بواسیر کی وجہ سے انہیں بہت تکلیف ہوتی تھی ان کی حالت دیکھ کر میں بھی بے چین ہو جاتی۔ ایک قریبی رشتہ دار نے والدہ کو عبقری کی نورتن شفاء استعمال کروانے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے ایک رشتہ دار کو بھی بواسیر کا مسئلہ تھا انہیں بھی نورتن شفاء سے آرام آگیا تھا۔ انہوں نے مجھے ادویات کی گھر پر ڈیلیوری منگوانے کے لئے عبقری رسالے سے دیکھ کر فون نمبر دیا۔ میں نے وہیں بیٹھے بیٹھے نورتن شفاء کا آرڈر بک کروالیا۔ انہوں نے مجھے ایک وظیفہ بھی بتایا، میں نے اور والدہ نے وظیفہ بھی پڑھنا شروع کر دیا۔ چند دن بعد پارسل مل گیا، میں نے نورتن شفاء کا بروشر پڑھا تو ایسا لگا کہ یہ دوا تو قدرت کا کوئی کرشمہ ہے جس میں اتنی بیماریوں کا علاج ہے۔ والدہ کو استعمال کروانا شروع کی تو ہر خوراک کے ساتھ ان کے مرض میں کمی واقع ہونا شروع ہو گئی۔ حتیٰ کہ ان کا وزن بھی کم ہونا شروع ہو گیا۔ بیماری کی وجہ سے والدہ کے جسم میں خون کی کمی ہو گئی تھی چہرہ بالکل زرد پڑ گیا تھا لیکن نورتن شفاء کے استعمال سے دن بہ دن والدہ کی طبیعت ٹھیک ہونے لگی۔ تقریباً ڈیڑھ ماہ میں بواسیر کا مرض مکمل ختم ہو گیا اور جسم سے فالتو چربی اور موٹاپا بھی بہت حد تک کم ہو گیا اور جسم میں خون کی کمی بھی پوری ہو گئی۔ اب والدہ صحت مند ہیں اور گھر کے کام بھی کرتی ہیں۔ (ریحانہ سہیل، میانوالی)

بے اولادی کا غم! بچوں کی آواز کو کان ترس گئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری خالی اور ویران جھولی کو اللہ نے عبقری کی برکت سے خوشیوں اور راحتوں سے بھر دیا۔ میری شادی کو دس سال ہونے کو تھے لیکن اولاد کی نعمت سے محروم تھا۔ میری ایک کالج کے پرانے دوست سے کافی عرصے کے بعد ملاقات ہوئی، وہ پہلا شخص تھا جس نے مجھے تسلی دی اور عبقری کے بارے میں بتایا کہ آپ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ بے اولادی کورس استعمال کریں' سو فیصد گارنٹی ہے اس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہے۔ اللہ پاک ضرور اولاد سے نوازدیں گے ان شاء اللہ۔ دوست نے بتایا کہ ہمارے شہر میں عبقری کی ایجنسی ہے وہاں سے پتہ کرو، میں نے وہاں سے پتہ کیا تو بے اولادی کورس ختم ہو چکا تھا لیکن انہوں نے چند دن میں مجھے یہ کورس منگوا دیا، میں نے استعمال کیا تو مجھے اپنی جسمانی حالت میں بہتری محسوس ہونا شروع ہو گئی۔ میں نے دو ماہ یہ دوا استعمال کی۔ پھر میں نے اہلیہ کو بھی عبقری کا پوشیدہ کورس استعمال کروایا۔ اس سے جسم میں تمام کمیاں پوری ہو گئیں اور اللہ نے اولاد کی امید لگا دی اور مجھے بیٹی عطا کی۔ اس بات کو چار سال ہونے والے ہیں اور اب میرے ۳ بچے ہیں، اللہ نے مجھے بیٹی کی رحمت کے بعد دو خوبصورت بیٹے بھی عطا کیے۔ ہماری زندگی میں خوشیاں' رونقیں اور بہاریں آگئیں ورنہ گھر میں بچوں کی آوازیں سننے کو کان ترس گئے تھے۔ اب میں بھی ہر کسی کو عبقری دواخانہ کی شفاء یابی کا سچا پیغام ضرور دیتا ہوں۔ (پوشیدہ)

ہائی بلڈ پریشر کا آزمودہ علاج — فشاری

میرے خاوند کا بلڈ پریشر ہائی ہو جاتا تو انہیں چکر آنے لگتے اور اکثر وہ آپے سے باہر ہو جاتے' بلاوجہ غصہ ہونے لگتے' میں نے عبقری کی فشاری گولیاں استعمال کروائیں جن سے ان کی طبیعت ٹھیک ہو گئی۔ (ندا شہاب)

زندگی سے تنگ آچکے ہیں ہر طرف سے مصائب پریشانیاں ہیں۔ خودکشی کرنے سے پہلے 9، 10 محرم تسبیح خانہ میں گزاریں آپ کے لئے زندگی کی نئی راہیں کھلیں گی کامیابی کے در کھلیں گے (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

ماہ جولائی کیلئے

سلب بیماری کیلئے صدقہ، وظیفہ اور غذا

بیماریاں	دن	صدقہ، ہدیہ	غذا	وظیفہ
دماغی، اعصابی اور آنکھوں کی بیماریاں	ہر پیر کے دن	سفید رنگ کے مرغے کو دودھ میں گوندھے آٹے کی روٹی ڈالیں	سیب اور دیسی گندم کا آٹا	روزانہ 21 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیے!
ناک، کان اور گلے کی بیماریاں	ہر ہفتے والے دن	قبرستان میں موجود کالے کیڑوں کو شکر اور چاول ڈالیں	آلو بخارہ سبز الائچی ملا دودھ	سورہ رحمن کی ایک مرتبہ تلاوت کریں
منہ، زبان، دانت اور مسوڑوں کی بیماریاں	ہر جمعرات والے دن	آزاد کبوتروں کو گندم اور باجرہ مکس ڈالیں	گنڈیریاں چوسیں نیم کے نیم گرم پانی سے غرارے	سورۂ نصر (پارہ 30) سات مرتبہ پڑھیں
سینے، پھیپھڑے اور دل کی بیماریاں	ہر جمعہ والے دن	کیڑے مکوڑوں کو میوہ (کشمش) ڈالیں	جو کا دلیہ، مربہ آملہ سیب، آڑو کا استعمال کریں	عصر کی نماز کے بعد آیت الکرسی تین مرتبہ پڑھیں
پیٹ، جگر اور آنتوں کی بیماریاں	ہر اتوار والے دن	حسب توفیق گوشت مرغی، گائے یا بکرا صدقہ کریں	پودینے کی چٹنی اور خوبانی استعمال کریں	يَاشَافِيَ الْأَمْرَاضِ 40 مرتبہ کسی بھی وقت پڑھیں
پتے، گردے اور مثانے کی بیماریاں	ہر منگل والے دن	کتے یا بلی کو ان کی پسندیدہ خوراک ڈالیں	شہد ملا دودھ بادام چھیل اور بھگو کر استعمال کریں	يَامَالِكُ يَاقُدُّوسُ يَاسَلَامُ 21 مرتبہ
جسمانی کمزوری جوڑوں اور ہڈیوں کی بیماریاں	ہر پیر والے دن	سفید رنگ کے کبوتروں کو حسب توفیق دانہ ڈالیں	کیلا کھائیں اور شہد یا آم ملا دودھ ایک گلاس	يَاقَوِيُّ يَامَتِيْنُ 71 مرتبہ
خون، چہرے اور جلد کی بیماریاں	ہر بدھ والے دن	چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں۔	شربت عناب دودھ میں ملا کر استعمال کریں	يَااَللّٰهُ يَاقَادِرُ 49 مرتبہ
بالوں سے متعلق اور بچوں کی بیماریاں	ہر اتوار والے دن	مچھلیوں کو سمندر، دریا، جھیل یا نہر میں اجناس ڈالیں	مربہ آملہ اور دیسی گندم کا آٹا	سورۂ واللیل (پ 30) ایک مرتبہ
بے اولادی، مردوں اور عورتوں کی پوشیدہ بیماریاں	ہر جمعہ والے دن	گائے، بھینس یا بکری کو سبز چارہ یا پالک ڈالیں	سیب کا جوس، خالص شہد تلبینہ کا استعمال کیجئے	يَاخَالِقُ يَامُصَوِّرُ کی ایک تسبیح پڑھیں
شوگر، کینسر اور لاعلاج بیماریاں	ہر منگل والے دن	آزاد کبوتروں کو گندم اور باجرہ مکس ڈالیں	ہلدی ملا دودھ اور آڑو	يَااَللّٰهُ يَاكَبِيْرُ 40 مرتبہ پڑھیں
موٹاپا، وبائی امراض اور نفسیاتی بیماریاں	ہر بدھ والے دن	مسجد کے پانی کا بل اس ماہ کا اپنے ذمے لیجئے	آلو بخارہ لوکی اور مربہ گاجر	درود پاک 40 مرتبہ پڑھیں

حدیث مبارکہ: ''صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے''۔ صدقہ انسان کو بری موت سے بچاتا ہے۔ صدقہ سے روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ قرض ادا ہو جاتا ہے۔ عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ ستر قسم کی بری اموات سے بچاتا ہے۔ جو شخص صبح کو صدقہ دے گا اس دن وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر رات کے پہر صدقہ دے تو اس رات وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ درج بالا صدقات علم النجوم کے حساب سے آپ کے برج کو سامنے رکھتے ہوئے رکھے گئے ہیں۔ ہر ماہ اپنے صدقہ کی تفصیل شمارہ عبقری میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیے۔ صدقہ ہمیشہ حسب توفیق دیجئے۔ چاہے پانچ روپے ہو اس دن ضرور دیں۔

لوٹ: شیخ الوظائف سے بیعت ''سلسلہ قادری ہجویری'' کا شجرہ طیبہ پڑھنے کا صبح و شام معمول بنالیں، ہر بیماری، الجھن، پریشانی، تکلیف، جادو جنات سے پورا سال محفوظ رہیں گے۔ یہ صدیوں سے آزمودہ عمل ہے، نسلوں کو ویرانی، بربادی سے بچاتا ہے۔

مشکلات کا فوری حل! تمام بیماریوں کا جدید علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

مراقبہ دور جدید کی تمام ضدی بیماریوں کا آزمودہ علاج ہے، خاص طور پر ٹینشن، ڈیپریشن، ذہنی، جسمانی دباؤ، کھچاؤ، نیند کی کمی کا پوری دنیا میں مانا ہوا علاج ہے، بڑے بڑے ماہر نفسیات ان تمام بیماریوں کا علاج مراقبہ سے ہی کر رہے ہیں، جدید سائنس آج اسے امراض کا یقینی علاج قرار دے رہی ہے۔ Meditation یعنی مراقبہ ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل يَاظَاهِرُ يَابَاطِنُ پڑھیں، اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے پورے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

(نوٹ: مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔)

ہچکچائیں مت ضرور اطلاع کریں!

ایڈیٹر نے ہمیشہ اعتراف کیا ہے کہ میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں، کسی کتاب میں حوالہ رہ گیا ہو، کوئی کمی ہو، ایڈیٹر نے اپنی کتاب کے لیے کسی کتاب کا حوالہ لیا ہو، وہ نہ لکھ سکے ہوں، کیونکہ اب سے پہلے کتب ادارے چھاپتے تھے اب عبقری خود چھاپتا ہے جہاں کوئی کمی، غلطی، آپ کی نظر سے گزرے آپ ادارہ کو ضرور اطلاع دیں، کیونکہ بندہ ہر پل اصلاح کا محتاج ہے۔

ایک چمچ نسخہ استعمال کیا اور مہروں کا پرانا مسئلہ حل ہوگیا

راشدہ بشیر، شیخوپورہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں شائع ہونے والے بہت سے طبی اور روحانی ٹوٹکوں سے فوائد پائے ہیں۔ اپنے چند مشاہدات تحریر کررہی ہوں۔

مہروں کا مسئلہ

مجھے مہروں کا پرانا مسئلہ تھا کمر میں شدید درد رہتی تھی۔ آپ کا بتایا ہوا ٹوٹکہ پڑھا استعمال کیا جس سے بہت فائدہ ہوا۔ ٹوٹکہ یہ ہے۔ دیسی اجوائن پچاس گرام، کیکر گوند پچاس گرام اور سوہانجنا پچاس گرام تمام اجزاء پیس کر صبح وشام ایک چمچ چائے والا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

معدے میں تکلیف

بیٹی کے معدے میں تکلیف رہتی تھی جب بھی کھانا کھاتی درد شروع ہوجاتا۔ خشک آلو بخارے کے چند دانے دن میں تین سے چار مرتبہ چوسنے سے معدہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔

زیتون کے تیل کا کمال

میں نے اسم اعظم کے دم کے دوران زیتون کے تیل پر دم کروایا ہوا ہے۔ اس تیل کو میں نے بارہا آزمایا جب بھی جسم کے کسی حصہ میں بھی درد ہو تو اس تیل کی مالش سے درد ختم ہوجاتا ہے فوراً آرام ملتا ہے۔

سورۂ فاتحہ سے شفاء

میرا معدہ بہت خراب رہتا تھا جب سے کھانے کے دوران دوران سات بار سورۃ الفاتحہ پڑھنا شروع کی ہے تو معدہ بالکل ٹھیک رہتا ہے۔ اگر کبھی پڑھنا بھول جاؤں تو معدے کو پتہ چل جاتا ہے یعنی معدہ خراب ہونے لگتا ہے اور پھر سورۂ فاتحہ کا عمل یاد آجاتا ہے۔

کمر درد کا خاتمہ

مجھے کچھ عرصہ پہلے ڈسک پرابلم ہوئی، بہت علاج کروایا مگر مکمل آرام نہ مل سکا۔ جب سے میں نے اپنی نماز کے دوران قومہ میں ''حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ'' پڑھنا شروع کیا تو میری کمر کی تکلیف بالکل ختم ہوگئی، میں بالکل ٹھیک ہوگئی ہوں، اب سیڑھیاں بھی چڑھ لیتی ہوں۔

شوہر کا غصہ ختم

نماز میں التحیات کے بعد رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ والی دعا پڑھتی ہوں اس کے پڑھنے سے اولاد آنکھوں کی ٹھنڈک بن گئی۔ اس سے پہلے گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا تھا اس دعا کی برکت سے شوہر کے مزاج میں بھی کافی تبدیلی آئی ہے۔ انہیں بہت غصہ آتا تھا اب بالکل ختم ہوگیا ہے۔

چہرے پر رونق اور نورانیت

ہر نماز کے بعد اول وآخر تین بار درود پاک کے ساتھ ایک تسبیح یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیْلُ کی پڑھتی ہوں، اس کے پڑھنے سے چہرے پر نورانیت آتی ہے۔ میاں بیوی اور بچوں کے آپس میں پیار ومحبت کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔

رزق میں برکت

وضو کے دوران والی مسنون دعا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اپنے خزانوں سے بہت وسیع رزق دیا ہے، پتہ ہی نہیں چلتا کہ رزق کہاں سے آرہا ہے، ماشاء اللہ! اللہ نے ہمارا رزق وسیع کردیا ہے۔

آسمان سے پہلی بارش کب برسی؟

دس محرم الحرام کے متبرک دن ہی آسمان سے زمین پر سب سے پہلی بارش اس دن نازل ہوئی، اسی دن حضرت داؤد علیہ السلام کو تاج بخشا گیا، اسی دن حضرت سلیمان علیہ السلام کو جن وانس پر حکومت عطا ہوئی۔ جس دن آسمان سے پہلی مرتبہ رحمت نازل ہوئی وہ بھی عاشورہ کا دن تھا۔

آخری وقت ہے اب کفن دفن کا انتظام کرلو

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں آج ''المسبّع اور اذان'' والے عمل کا انوکھا فائدہ بتانا چاہتا ہوں جو کہ میں نے خود آزمایا۔ میری والدہ بہت سخت بیمار تھیں جیسے بندہ آخری وقت میں ہوتا ہے۔ مجھے جب یہ خبر ملی تو فوراً اپنی بیوی کے ساتھ اپنے آبائی گاؤں جہاں والدہ قیام پذیر تھی روانہ ہو گیا۔ وہ تھوڑی بہت بیمار تو اکثر رہتی تھیں لیکن اس باران کی طبیعت کچھ زیادہ بگڑ گئی اور وہ سخت بیمار ہوگئیں اور ایسے محسوس ہورہا تھا جیسے نزع کا عالم ہو۔ گھر والے سارے کہنے لگے کہ شاید آخری وقت آگیا ہے اب دعا کریں اور کفن دفن کا انتظام کرلیں۔ جبکہ میں نے اور میری بیوی نے کہا کہ ہم انہیں شہر کے کسی بڑے ہسپتال لے کر جاتے ہیں، ان شاء اللہ یہ ٹھیک ہوجائیں گی۔ آخر میرے اصرار پر سب راضی ہو گئے، میں اور میری بیوی والدہ کو گاؤں سے لاہور لے آئے۔ دوران سفر ان پر ہم دونوں میاں بیوی نے مسلسل سورۂ مومنون (پارہ 18) کی آخری چار آیات اور اذان سات بار پڑھ کر وقفہ وقفہ سے دم کرتے رہے۔ اس عمل کی برکت سے والدہ کو ہوش آیا اور طبیعت میں کچھ بہتری ہوئی۔ ہسپتال والوں نے بھی کچھ دیر بعد گھر بھیج دیا۔ المسبّع اور اذان کا یہ عمل ہم نے صبح وشام سات سات بار کرنا شروع کردیا۔ آپ یقین کریں کہ تیسرے دن سے میری والدہ نے بولنا بھی شروع کردیا اور آہستہ آہستہ تھوڑا بہت کھانا بھی شروع کردیا۔ ایک ہفتے کے بعد جب بھائی اور بہن انہیں ہمارے پاس دیکھنے آئے تو سارے حیران ہوگئے کہ وہ ہمارے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھارہی تھیں۔ یہ محض قرآنی اور مسنون اعمال کی برکت ہے جو آپ نے ہمیں دیئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے آپ کو اور آپ کی نسلوں کو ان نیکیوں کے صلے عطا فرمائے آمین۔ آپ کے ہم پر بہت احسان ہیں، ہم آپ کو سوائے دعاؤں کے اور کچھ بھی نہیں دے سکتے، اللہ آپ اور آپ کی نسلوں سے سدا راضی رہے اور کبھی کسی کا محتاج نہ کرے آمین۔ (محمد رشید، لاہور)

اہلیان سندھ کے لئے خاص سعادت، دیر ہرگز نہ کریں!

صوبہ سندھ میں جتنے تاریخی مقامات ہیں یا ہاتھ کی لکھی ہوئی قلمی کتب ہیں، آپ کے علم میں ہے، ہمیں ضرور خط یا ٹیلی نار کے نمبر پر اطلاع دیں اور تفصیل سے بھیجیں۔ ان شاء اللہ دسمبر میں شیخ الوظائف کا اندرون سندھ کا سفر ہوگا اور وہ وہاں تشریف لائیں گے۔ عبقری سے عشق و محبت کرنے والے ہی توجہ کریں گے۔ درج ذیل نمبر پر صرف ایس ایم ایس یا واٹس ایپ کریں۔

03438710009

شوہر ظالم ہے اور بات بات پر ذلیل کرتا ہے! بس 9، 10 محرم کے بعد ایسا کبھی نہیں ہوگا شوہر بیوی کے تمام ناز نخرے اٹھانے پر مجبور ہوجائے گا بس دو دن مشکل کشا عمل کرلیں (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

تسبیح خانہ میں 9 اور 10 محرم کی محفل کا فیض!

دکھ ختم کاروبار وسیع اور نئی گاڑی ملی

عذرا بی بی، ایبٹ آباد

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو اپنی رحمتوں، خیروں اور عافیتوں کے سائے میں رکھے اور آپ کا سایہ ہم پر سدا قائم رکھے آمین۔

ایک مسئلہ ختم اور دوسرا شروع

آج کے اس پرفتن دور میں جس طرح آپ ہماری راہنمائی کر رہے ہیں اس کی دنیا میں کہیں اور مثال نظر نہیں آتی۔ ورنہ دکھوں اور مصائب میں مبتلا لوگ اپنے مسائل کو حل کروانے کے لئے ایسی جگہوں اور لوگوں کے پاس جانے پر مجبور ہو چکے ہیں جس کے نتیجے میں وہ نہ صرف اپنے ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں بلکہ ایسے کام کر گزرتے ہیں جو اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کی نافرمانی کا سبب بن کر اپنی دنیا و آخرت برباد کر لیتے ہیں۔ ہم بھی کچھ عرصہ سے انہی مسائل اور مشکلات کا شکار تھے۔ مختلف پریشانیاں اور مصائب زندگی کا حصہ بن چکے تھے۔ ایک مسئلہ ختم ہونے سے پہلے ہی دوسرا شروع ہو جاتا تھا۔ گھر کے تمام افراد مایوسی کا شکار نظر آتے تھے۔ ہمارا کاروبار دن بدن تنزلی کا شکار ہوتا جا رہا تھا۔ ان ہی دنوں میرا عبقری سے تعارف ہوا۔ میں نے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا۔ اس رسالہ میں تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والی 9 اور 10 محرم الحرام کی روحانی محفل اور پیکیجز کے ساتھ ساتھ ستر حاجات کے تعویذ کے بارے میں پڑھا۔ اللہ نے میرے دل میں بات ڈالی کہ اس حرمت والے مہینے کی عظیم گھڑیوں اور اللہ کے نام کی برکت سے میرے مسائل حل ہو جائیں گے۔ میں نے ستر حاجات والا نقش پُر کیا اور محرم الحرام کا شدت سے انتظار کرنے لگی۔ اللہ سے دعائیں کرتی تھی کہ کوئی وسیلہ بن جائے اور میں تسبیح خانہ جاؤں۔

آخر وہ دن آہی گیا

انتظار کا وقت ختم ہوا اور آخر وہ دن آہی گیا' آٹھ محرم الحرام کو میں اپنی فیملی بھائی اور بھابی کے ساتھ روانہ ہوئی اور رات تقریباً دو بجے تسبیح خانہ پہنچے۔ رات دیر سے پہنچنے کے باوجود تسبیح خانہ کے خادموں نے بہت اچھے انداز میں استقبال کیا۔ ان کے اچھے اخلاق اور رویے سے ہم بہت متاثر ہوئے' ہم اپنی پریشانیوں کے بھول گئے اور دل ٹھنڈا ہو گیا۔ آپ کی نگرانی میں ستر حاجات والے نقش پر عمل ہوا اور پھر نظر بد کا سالانہ دم ہوا۔ کالی دنیا' کالے لوگ' کالے روگ اور دعائے حضرت علیؓ اور بہت طاقتور روحانی اعمال ہوئے۔ دعا کے وقت ایسی کیفیات ملیں جس سے یقین ہو گیا کہ اب ہماری دکھی زندگی آسودہ جائے گی۔ تمام لوگوں میں بہترین لنگر پیش کیا گیا۔ آپ نے ایسے انتظامات کیے تھے اور ایسا روحانی ماحول تھا کہ گھر واپس جانے کو دل نہیں کر رہا تھا۔ اس با برکت محفل کی وجہ سے ہمارے دن بدلنے شروع ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے ایسے اسباب عطا کیے کاروبار تنزلی سے ترقی کی طرف گامزن ہوتا چلا گیا۔ اس محفل کا ہی فیض تھا کہ ہم نے نئی گاڑی خرید لی جس کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔ میری دعائیں اب قبولیت کا درجہ پا چکی ہیں' جو بھی دعا مانگتی ہوں اللہ قبول کر لیتا ہے۔

جیسا چاہتی تھی ویسا ہو گیا

میرا بیٹا کچھ علتوں میں مبتلا تھا۔ میں نے 10 محرم محفل کی اختتامی دعا میں اس کا تصور کر کے دعا مانگی' چند ہفتوں میں ہی اللہ تعالیٰ نے اس کا دل بدل دیا' جیسے میں چاہتی تھی ویسا ہو گیا۔ اب ہر ماہ عبقری کے شمارے کا انتظار رہتا ہے' خود بھی پڑھتی ہوں اور لوگوں میں بھی تقسیم کرتی ہوں' لوگوں کے مسائل حل ہوتے ہیں اور وہ دعائیں دیتے ہیں۔ عبقری کی ادویات سے بہت فائدہ ہوتا ہے' بیماریوں سے شفاء ملتی ہے۔

سورۂ قریش کے چلہ سے زندگی آسودہ

گزشتہ سال شیخ الوظائف نے ماہ صفر میں سورۂ قریش کا چلہ (اپنے مقام پر رہتے ہوئے چالیس ہزار' ستر ہزار یا سوا لاکھ) پڑھنے کی خاص اجازت دی۔ اس عمل کی برکت سے بے شمار گھرانے جو فاقوں اور مختلف مسائل میں مبتلا تھے ان کی دکھی زندگی آسودہ ہوگئی۔ شیخ الوظائف کی طرف سے اس سال بھی ماہ صفر میں اس عمل کی خاص اجازت ہے۔ اختتامی دعا 12 ربیع الاول کو تسبیح خانہ لاہور میں ہوگی۔ ہدیہ: 11' 12 ربیع الاول کو تسبیح خانہ لاہور میں دل کھول کر لنگر تقسیم کریں۔

سرخ وسفید رنگت پہلوانوں جیسی طاقت! آزمودہ نسخہ

محمد ارشد، لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آج عبقری قارئین کے لئے موسم کی مناسبت سے بہت زبردست نسخہ لے کر حاضر خدمت ہوا ہوں۔ اس ٹوٹکے کو میں نے خود آزمایا اور بہت نفع پایا ہے۔ اس کے علاوہ جس جس کو بھی بتایا اس نے ٹوٹکہ کو آزمایا اور بہت تعریف کی۔ وہ ٹوٹکہ عبقری قارئین کی خدمت میں حاضر ہے۔

قارئین! اگر آپ چاہتے ہیں کہ گرمی کے موسم میں بھی جسم میں خوب طاقت پیدا ہو اور آپ کا چہرہ کابلی پٹھانوں کی طرح سرخ وسفید ہو' جسم مضبوط' تر و تازہ اور تندرست ہو جائے تو پھر آپ یہ سادہ نسخہ خود بھی استعمال کریں اور اپنے گھر والوں کو بھی استعمال کرائیں' ان شاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

ھوالشافی: مغز بادام چھلے ہوئے دو تولہ، مغز خربوزہ دو تولہ، مغز کھیرا دو تولہ، مغز ککڑی دو تولہ، مغز تربوز دو تولہ، مغز کدو دو تولہ، منقیٰ یا کشمش دس تولہ، مغز سونف دو تولہ۔ یہ تمام چیزیں صاف ستھری کر کے اور کونڈی میں ڈنڈے کے ساتھ پیس کر اچھی طرح باریک کر لیں۔ پھر اس سفوف کو کھلے منہ کی شیشے والی بوتل میں بھر لیں۔ روزانہ صبح کے وقت چار تولہ یہ سفوف لیں اور اس میں تھوڑا تھوڑا کر کے ایک گلاس پانی کونڈی میں ڈال کر لکڑی کے ڈنڈے کے ساتھ خوب اچھی طرح اس قدر رگڑیں کہ پانی کا رنگ دودھ جیسا ہو جائے۔ پھر اس میں تھوڑا سا روح کیوڑہ ملا کر پی لیں۔

یہ ایک گلاس کا نسخہ ہے۔ گھر کے جتنے آدمی ہوں ہر ایک کیلئے چار تولہ یہ نسخہ اور ایک گلاس پانی کے حساب سے ہر روز خوب رگڑ کر پلا دیا کریں۔ مذکورہ فوائد کے علاوہ اس نسخے کے استعمال سے قبض بھی دور ہوگی، بھوک بھی خوب لگے گی اور جسم بھی چست رہے گا اور پیاس بھی نہیں لگے گی' موسمی بخار اور بیماریوں کا خطرہ بھی نہیں رہے گا۔ اگر کوئی شخص نسخے میں دودھ کا اضافہ کرنا چاہے تو وہ بھی کر سکتے ہیں اس سے زیادہ فائدہ ہوگا۔ مجھے یقین ہے جو شخص بھی اس نسخے کو استعمال کرے گا' فائدہ پائے گا اور مجھے دعاؤں سے نوازے گا۔

☆ کرایوں کے گھر سے تنگ ہیں' اپنا ذاتی گھر چاہتے ہیں تو 9، 10 محرم تسبیح خانہ میں گزاریں اور وسیع گھر اور رزق پانے والے مقبول وظائف کروائے جائیں گے (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر) ☆

اس بیماری نے جوانی میں بوڑھا بنادیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم !ایک سال پہلے جب ڈاکٹروں نے میرے بارے میں اپنی بے بسی کا اظہار کردیا تو میں پہلی بار تسبیح خانہ آیا۔ میری حالت بد سے بدتر ہوگئی تھی۔ آخری سہارا سمجھ کر مجھے تسبیح خانہ لایا گیا۔ میری کہانی یہ تھی کہ دوسال پہلے میری بیماری معدے سے شروع ہوئی اور پورے جسم کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ میں بیمار ہوکر بستر کا ہوکر رہ گیا۔ کسی نے تسبیح خانے کا بتایا تو ہر جمعرات شیخ الوظائف کی روحانی محفل میں آنا شروع کیا۔ میرا بھائی مجھے سہارا دے کر یہاں لے کر آتا۔ ہر جمعرات جب روحانی محفل میں آنا ہوتا میری طبیعت زیادہ خراب ہونے لگتی لیکن جب روحانی محفل میں شرکت کے بعد واپس جاتا تو میں خود کو بہت بہتر محسوس کرتا' یہ بات مجھے بعد میں سمجھ آئی کہ جو کالی چیزیں ہیں وہ ہمیں کسی ایسی جگہ جانے سے روکتی ہیں جہاں سے فائدہ ہوتا ہو کیونکہ وہاں جانے سے ان کالی چیزوں کا خاتمہ ہونا ہوتا ہے اس لئے وہ اپنا پورا زور لگا کر تکلیف پہنچاتی ہیں کہ یہ وہاں نہ جاسکے۔ ایک دن روحانی محفل سے واپسی پر ہمیں کسی نے گوشہ طلسمات کے بارے میں بتایا۔ ہم نے ان سے گوشہ طلسمات کے کھلنے اور بند ہونے کے اوقات معلوم کیے اور گھر آ گئے۔ میں نے بھائی سے کہا کہ ہم کل ہی گوشہ طلسمات جائیں گے۔ اگلے دن میری حالت کچھ بہتر تھی کیونکہ جمعرات کی مسلسل حاضری کے بعد اس قابل ہو چکا تھا کہ اپنے کام بغیر کسی کے سہارے کے کرسکوں۔ اگلے دن بھائی کے ساتھ گوشہ طلسمات آیا' میں نے گوشہ طلسمات کے تمام عمل کیے۔ جب سکندری شیشے کے سامنے کھڑا ہو کر عمل کیا تو جسم میں چیونٹیاں چلنے جیسی کیفیت محسوس ہونے لگی لیکن پھر کچھ دیر جسم بالکل پر سکون ہوگیا۔ میں چند دن تک مسلسل گوشہ طلسمات آتا رہا۔ کچھ دن بعد میں نے اکیلے آنا شروع کردیا۔ جیسے جیسے دن گزرتے گئے میری صحت بہتر ہوتی گئی، ایسا لگتا گوشہ طلسمات میں میرے علاج کے سیشن چل رہے ہیں اور ہر سیشن کے بعد میری صحت بہتری کی طرف مائل ہورہی ہے۔ میرے اوپر جو مصیبت اور آفت بیماری کی شکل میں مسلط ہوئی تھی' وہ مجھ سے ختم ہونے لگی۔ شیخ الوظائف بالکل سچ فرماتے ہیں کہ ہم دیکھے دشمن سے تو حفاظت کے لئے اسباب اختیار کرتے ہیں لیکن اَن دیکھے دشمن سے حفاظت صرف اعمال کے ذریعے ہوسکتی ہے۔ تسبیح خانہ ہمیں یہی اعمال اور برکات دے رہا ہے جس سے مسائل حل ہورہے ہیں۔ (محمد عقیل، لاہور)

چند منٹ کے مختصر عمل سے اپنی خوشیوں کو گرہن لگنے سے بچالیں!

(کسوف وخسوف) سورج، چاندگرہن 2023ء

2023ء کے سورج چاند گرہن کے اثراتِ بد سے محفوظ رہنے' اپنی نسلوں کو محفوظ رکھنے' گھر کاروبار کو محفوظ رکھنے کیلئے نحس لمحات میں آپ کیلئے یہ ماہ جولائی 2023ء کیلئے چنا گیا ہے۔

نحوست بھرے لمحات سے نجات (ماہ جولائی)

1۔ ماہ جولائی کے ہر جمعہ والے دن شام 6 بجکر 15 منٹ سے لے کر 8 بجکر 30 منٹ تک کسی بھی وقت کسی برتن کے اندر زعفران کی روشنائی سے (عبقری کی تیار کردہ زعفرانی روحانی روشنائی ہو تو زیادہ بہتر' اس میں زعفران' آبِ زمزم' بارش کا پانی اور بہت سی برکات موجود ہیں) سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ۝ لکھیں۔ اس برتن کو پانی سے بھر لیں اور یہی آیت 21 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی کو سارا ہفتہ پینے' غسل اور سالن وغیرہ بنانے میں استعمال کریں۔ اس عمل کی برکت سے آفات وبلیات سے نجات اور حفاظت ہوگی۔ ان شاءاللہ۔

2۔ ماہ جولائی میں روزانہ عصر کی نماز کے بعد کسی بھی وقت 11 بار سانس روک کر یَافَتَّاحُ کا ورد کریں' مختصر سے عمل کی برکت سے حفاظت اور کفایت کا نظام متوجہ ہوگا۔

3۔ ماہ جولائی میں ایام بیض کے دنوں میں (چاند کی 13' 14 اور 15 تاریخ) میں عشاء کی نماز کے بعد کسی بھی وقت آنکھیں بند کر کے 7 مرتبہ یَاسَتَّارُ یَاکَرِیْمُ یَاوَهَّابُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں اور جسم پر پھیر لیں۔ یہ تین روحانی عمل آپ کو اس ماہ کی نحس گھڑیوں سے حفاظت میں رکھیں گے اور غم دور ہوں گے۔ عمل کا ہدیہ: 100 روپے یا 550 روپے کا دانہ لے کر پرندوں کو ڈالیں۔

سال کا دوسرا سورج گرہن!

14 اور 15 اکتوبر کی درمیانی شب لگنے والا گرہن رنگ آف فائر کے نام سے جانا جائے گا۔ اس کا نقطہ آغاز 14 اکتوبر رات 8 بجکر 03 منٹ 50 سیکنڈ جبکہ باقاعدہ آغاز رات 9 بجکر 10 منٹ 11 سیکنڈ۔ نقطہ عروج رات 10 بجکر 59 منٹ 32 سیکنڈ جبکہ آغاز اختتام گرہن 15 اکتوبر رات 12 بجکر 49 منٹ 01 سیکنڈ اور مکمل خاتمہ 01 بجکر 55 منٹ 16 سیکنڈ پر۔ گرہن 26.56 درجہ پر لگے جس کا دورانیہ تقریباً 5 گھنٹے 52 منٹ رہے گا۔

اس کے سال بھر کے اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے عبقری میں ہر ماہ آنے والے چھوٹے چھوٹے اعمال کرنا ہرگز نہ بھولیے۔

سال کا آخری چاند گرہن! دن یاد رکھیے!

سال کا آخری جزوی قمری گرہن 28 اور 29 اکتوبر کی درمیانی شب 28 اکتوبر انتہائی نقطہ آغاز 23 بجکر 01 منٹ 44 سیکنڈ پر جبکہ باقاعدہ آغاز 00 بجکر 35 منٹ 18 سیکنڈ ہو جس کا نقطہ عروج 29 اکتوبر 01 بجکر 14 منٹ آغاز خاتمہ گرہن 29 اکتوبر 01 بجکر 52 منٹ 37 سیکنڈ جبکہ مکمل خاتمہ گرہن 03 بجکر 26 منٹ 19 سیکنڈ پر ہو تو یہ 10.52 درجہ پر لگنے والا 4 گھنٹے اور 25 منٹ طویل گرہن پاکستان میں بھی دیکھا جاسکے گا۔

زندگی اجیرن ہوچکی‘مجھے سکون چاہیے!

م‘پوشیدہ

میرے بھائی کی شادی رشتہ داروں میں ہوئی‘شادی سے پہلے اور شادی کے بعد کافی مشکلات پیش آئیں اور آخر کار طلاق ہوگئی۔ بھائی کے سسرال اور میرے سسرال والے بھی آپس میں قریبی رشتہ دار ہیں‘انہوں نے میرے سسرال والوں کو میرے خلاف بھڑکانہ شروع کردیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سسرال والے مجھ سے بدظن ہوگئے۔ میری ساس بہت سخت‘رعب اور دبدبے والی ہیں۔ پہلے دن سے گھر کا سارا کام اور بوجھ مجھ پر ڈال دیا گیا اور پھر ان کاموں میں بے جا کیڑے نکالے جاتے ہیں۔ میری نند اور ساس دونوں نے میرا جینا حرام کیا ہوا ہے‘مجھ پر طرح طرح کی پابندیاں لگادیں‘شوہر کے ساتھ بھی آنے جانے نہیں دیتے۔ میرے خلاف منصوبہ سازی کرکے مجھے ذلیل کرنے کے بہانے ڈھونڈتی ہیں۔ انہیں راضی رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہوں مگر وہ مطمئن نہیں ہوتے۔ میری اور میرے شوہر کی بات کی کوئی حیثیت ہی نہیں ہے۔ جب سے میرے بھائی کا رشتہ ٹوٹا ہے تب سے میری ساس اور نند مجھے طعنے دیتی ہیں‘کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتیں۔ میری ساس چھوٹی چھوٹی باتوں پر مجھے گھر سے نکال دیتی ہے‘کبھی میرے گھر والوں کو فون کرتی ہیں کہ اس کو اپنے پاس ہی رکھو اور یہاں سے ہمیشہ کے لئے لے جاؤ‘تو کبھی میرے شوہر کو کہتی ہے کہ اس کو اس کی ماں کے گھر چھوڑ آؤ۔ دل کو جلا دینے والی ایسی باتیں کی جاتی ہیں کہ بعض اوقات میرا دل خود اس گھر سے نکلنے کو کرتا ہے۔ ان کے دلوں میں میرے لیے نفرت ہی نفرت بھری ہوئی ہے۔ دو سال پہلے میرے دیور کی شادی ہوئی۔ میں نے سوچا تھا کہ دیور کی شادی کے بعد شاید میری زندگی میں سکون آئے گا لیکن لڑائیاں پہلے سے زیادہ ہوگئی ہیں۔ میرے دیور کو اپنی ماں اور بہن کی زیادتیوں کا علم ہے‘اس لیے وہ اپنی بیوی کیلئے ڈھال بن جاتا ہے اور آخر پھر زیادتیوں اور ظلموں کے تیروں کا رخ میری طرف آجاتا ہے۔

ساتھ دینے پر شوہر کو بھی گھر سے نکال دیا

اب گھر میں لڑائی جھگڑے ختم ہونے کا نام نہیں لے رہے‘دن بہ دن بڑھتے جارہے ہیں۔ ہر مرتبہ لڑائی کی نوعیت پہلے سے زیادہ سخت ہوتی۔ میری والدہ نے معاملات کو سلجھانے کی کوشش کی‘ساس کی منت کی‘لیکن وہ نہ مانی‘ایک پل سکون سے نہیں رہنے دیتیں۔ گزشتہ سال آدھی رات کے وقت مجھے مار پیٹ کر اور ذلیل وخوار کرکے گھر سے نکال دیا گیا۔ شوہر نے جب ساتھ دیا تو انہیں بھی گھر سے نکل جانے کا کہا۔ اب کئی ماہ گزر چکے‘اپنے شوہر کے ساتھ میکہ میں ہوں۔ ان زیادتیوں کے باوجود میں بھی چاہتی ہوں کہ میرا گھر بسا رہے۔ میری ساس اور نند رحم دل ہوجائیں‘وہ مجھے قبول کرلیں۔ شادی کو چھ سال ہوچکے‘بہت علاج کروایا مگر ابھی تک اولاد سے محروم ہوں۔ مجھ پر آنے والی آزمائشوں کی ایک وجہ یہ بھی ہے۔ آپ سے درخواست ہے کوئی ایسا عمل بتائیں کہ اولاد مل جائے‘گھر بھی بس جائے اور یہ تمام مسائل حل ہوجائیں۔

ایسے دکھی حالات کو خوشیوں اور راحتوں میں بدلنے کا وظیفہ

اپنے سسرال والوں کا تصور کرتے ہوئے صبح وشام اول وآخر درود شریف کے ساتھ ایک ایک تسبیح رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ٥ کی پڑھیں۔ اس کے علاوہ دن میں کسی بھی وقت اول وآخر درود شریف کے ساتھ 21 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر حضرت عثمان غنیؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کریں۔ نوٹ: ان مسائل میں مبتلا ہر شخص یہ عمل کسی بھی حالت میں کرسکتا ہے۔ عمل کا ہدیہ: چالیس دن بعد 110 روپے کسی مستحق کو صدقہ کردیں۔

کتابیں پیک کرکے گھر سے روانہ کیں اور مسائل حل

مجھے کتابوں سے انس اور لگاؤ بچپن سے ہے۔ میرے پاس مختلف موضوعات پر بہت سی کتب اکٹھی ہوچکی تھیں بلکہ ایک چھوٹی سی لائبریری بن چکی تھی۔ میرے کچھ روحانی مسائل تھے میں نے تین دن روحانی چلہ میں شرکت کے لئے تسبیح خانہ میں قیام کیا تو وہاں ذمہ داران نے مجھے عبقری لائبریری کی خدمت کی سعادت بھی بخشی۔ اتنی بڑی لائبریری‘بے شمار کتب علم کا بہت بڑا خزانہ دیکھ کر میں دنگ رہ گیا‘وہاں مسلسل نئی کتب آتی ہیں جو کہ لوگ شیخ الوظائف کو ہدیہ بھیجتے ہیں۔ میں گھر آیا تو دل چاہا کہ میرے پاس کتابوں کی شکل میں جو علم کا قطرہ ہے وہ بھی عبقری کے سمندر میں شامل کردوں۔ میں نے اپنی تمام کتب پیک کرکے عبقری کے دفتر لاہور بھجوادیں۔ یہ کتب بھیجنا تھیں کہ میرے گھر میں جو مسائل الجھے ہوئے تھے اور کئی نفسیاتی اور روحانی مسائل تھے‘وہ حیرت انگیز طور پر حل ہوگئے۔ جو آفات اور الجھنیں تھیں وہ حل ہوگئیں اور میرے گھریلو معاملات بھی سلجھ گئے۔ (عبدالقادر‘خانیوال)

ایجنسی ہولڈر کا مشورہ گلے پڑ گیا!

میں اور میرے گھر والے عبقری کی مختلف پروڈکٹس استعمال کررہے ہیں۔ عبقری کی ادویات اور فوڈ پروڈکٹس سوفیصد خالص اور مضر اثرات سے پاک ہوتی ہیں جبکہ مارکیٹ میں ملنے والی ادویات اور فوڈ پروڈکٹس میں ایسے مضر اثرات شامل ہوتے ہیں جو انسان کو اندر ہی اندر سے کھوکھلا کردیتے ہیں۔ بعض اوقات عارضی طور پر فائدہ ہوتا ہے مگر کچھ ہی عرصہ بعد انسان مختلف بیماریوں اور مسائل کا شکار ہوجاتا ہے۔ گھر میں عبقری کی ادویات موجود ہوتی ہیں‘بیماری کی صورت میں ان کے استعمال سے شفا ملتی ہے اور صحت وتندرستی نصیب ہوتی ہے۔

جب بھی گرمی کا موسم شروع ہوتا ہے تو مشروب عبقری گھر کی زینت بن جاتا ہے۔ تمام بچے اور بڑے روزانہ دودھ میں مشروب عبقری ملا کر استعمال کرتے ہیں جس سے لذت اور صحت دونوں ملتی ہیں۔ گزشتہ سال جب گرمی کا موسم آیا تو شہر میں موجود عبقری ایجنسی سے مشروب عبقری خریدنے کے لئے گیا۔ ایجنسی ہولڈر نے بتایا کہ اس وقت مشروب عبقری موجود نہیں اور ہر طرف شارٹ ہے۔ ان دنوں ٹرانسپورٹ کا بھی مسئلہ چل رہا ہے جس وجہ سے دو ہفتوں سے پہلے ملنا مشکل ہے۔ ایجنسی ہولڈر نے بتایا کہ میرا تعلق بھی طب کے شعبہ سے ہے اور میں نے خالص اور قدرتی اجزاء سے مشروب تیار کیا ہے جس کا ذائقہ بھی لذیذ ہے اور گرمی کے موسم میں نہایت فرحت بخش ہے۔ یہ بات کہتے ہوئے انہوں اپنے کاؤنٹر کے نیچے سے ایک بوتل نکالی اور شاپر میں ڈال کر مجھے دے دی۔ میں نے انہیں پیسے دیئے اور ایجنسی ہولڈر کا تیار کیا ہوا مشروب گھر لے آیا اور دودھ میں ملا کر استعمال کیا۔ پہلے ہی دن بچوں کو موشن لگ گئے اور مجھے بھی پیٹ میں تکلیف شروع ہوگئی۔ مشروب کو جب اچھی طرح چیک کیا تو اس کے اندر سے کسی خراب چیز کی بُو آرہی تھی۔ میں نے ایجنسی ہولڈر سے جاکر شکایت کی تو اس نے مشروب واپس کرنے سے صاف انکار کردیا۔ میرا چھوٹا بیٹا جس کی عمر چار سال تھی وہ بیمار ہوگیا اور دو دن ہسپتال میں داخل رہا جس کے بعد اس کی صحت بہتر ہوئی۔ قارئین سے درخواست کرتا ہوں کہ میں نے غلطی کی اور اس کا نقصان اٹھایا اب پچھتا رہا ہوں۔ قارئین! میری درخواست ہے آپ خود کو ایجنسی ہولڈر کے دھوکہ سے بچالیں۔ عبقری ایجنسی ہولڈر سے عبقری کی ادویات اور فوڈ پروڈکٹس ہی خریدیں۔ (جمال میمن‘کراچی)

ذوالفقار احمد منڈی بہاءالدین

سات بہن بھائیوں کو کالے جادو نے کیسے برباد کیا؟

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کا سایہ ہمیشہ ہمارے اوپر قائم ودائم رکھے' آپ کو اور آپ کی نسلوں کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔ ہم سات بہن بھائی ہیں، ہمارا مسئلہ کالے جادو کا ہے۔ کالا جادو کسی غیر نے نہیں بلکہ ہمارے ایک قریبی عزیز رشتہ دار نے کروایا۔

ہر وقت پریشان اور بے سکون

انہوں نے ہم پر سخت بندش کروا دی ہے تاکہ ہم تمام بہن بھائیوں کا کہیں بھی رشتہ نہ ہو، نہ کاروبار چلے، نہ کام ملے اور نہ نوکری۔ زندگی میں ہر وقت پریشان و بے سکون اور مختلف مصائب میں الجھے رہیں۔ ہم اس کالے جادو کے علاج کے لئے جگہ جگہ نام نہاد عاملوں' پیروں، فقیروں کے پاس جا جا کر تھک گئے' پیسے دیئے مگر کہیں سے بھی فائدہ نہ ہوا۔ ہمیں کسی نے عبقری رسالہ لا کر دیا۔ ایک دن اچانک میری بہن کی نظر عبقری رسالہ کے تین روزہ روحانی چلہ کے پیکیجز پر پڑی تو ہم نے آخری کوشش کے طور پر تسبیح خانہ آنے کا فیصلہ کیا کہ شاید اللہ نے ہماری شفاء یہیں رکھی ہے۔ میں شب جمعہ کے دن تسبیح خانہ لاہور پہنچا اور چلہ میں شامل ہو گیا۔ مغرب کے بعد روحانی محفل میں شرکت کی اور محفل کے اختتام پر خوب گڑ گڑا کر دعا مانگی۔ روحانی پیکیجز شروع ہوئے' جب کپڑے کے سوٹ والا عمل شروع ہوا تو میں نے اپنی آنکھیں بند کی ہوئی تھیں۔ کچھ دیر کے بعد میں ایک کاغذ کا ٹکڑا دیکھتا ہوں جس کو آگ لگ جاتی ہے اور اس دوران مجھے حقیقت میں بہت سخت بخار ہو گیا۔ دل چاہا کہ یہاں سے چلا جاؤں لیکن اللہ کے کرم اور آپ کی نگاہ اور چلہ کے دوران ملنے والا تعویذ مجھے ہمت اور حوصلہ دیتے۔ میں اس تکلیف کو برداشت کرتا رہا۔

ڈراؤنی اور عجیب و غریب مخلوق

دوسرے دن دوبارہ عمل شروع ہوا تو میں نے دیکھا چند اشیاء ہیں جن کو آگ لگ جاتی ہے اور ختم ہو جاتی ہیں۔ مگر بخار ختم نہ ہوا۔ اتوار کو چلہ مکمل ہوا' اس دن اسم اعظم کا دَم بھی تھا' دَم کروانے کے بعد میں گھر چلا گیا۔ ہدایات کے مطابق عمل کیا۔ رات کو سوٹ پہن کر سونے سے مجھے خواب میں چند عجیب و غریب ڈراؤنی شکلیں نظر آئیں۔ دوسرے دن سوٹ استعمال کرنے سے خواب میں کسی نیک بزرگ کی زیارت ہوئی۔ حالات میں کچھ بہتری نظر آئی۔ میں چند ہفتوں بعد دوبارہ تسبیح خانہ آیا اور تین دن کا روحانی چلہ کیا۔ اس بار تمام پیکیجز کیے اور کوئی مشکل پیش نہ آئی۔ گھر میں زیادہ اثرات بہن پر تھے۔ جب میں نے اس سے حال احوال لیا تو اس نے بتایا کہ اب ڈراؤنے خواب آنا بند ہو گئے ہیں اور جسم میں جو ہر وقت درد رہتا تھا وہ بھی ختم ہو چکا ہے۔

جادو کرنے والے ظاہر ہو گئے

اپنی بہن کے اصرار پر جب تیسری بار تین روزہ روحانی چلہ کرنے کے لئے تسبیح خانہ آیا تو پہلی ہی رات خواب میں کچھ لوگ نظر آئے جنہوں نے ہم پر جادو کیا تھا۔ وہ پریشان حال کھڑے ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ روحانی چلہ کر کے تم نے ہمارے ساتھ اچھا نہیں کیا۔ یہ چلہ مکمل کر کے گھر پہنچنے کی دیر تھی کہ اللہ تعالیٰ نے تمام مسائل حل کر دیئے۔ کالا جادو اور تمام بندشیں ختم ہو گئیں۔ اللہ کا شکر ہے آج ہماری زندگی میں خوشیاں اور سکون ہے۔ تسبیح خانہ میں چند دن گزارنے کی برکت سے بہت سے روحانی اعمال ملے۔ میرا کسی کے ساتھ جھگڑا ہو گیا اور انہوں نے مجھے جان سے مار دینے کی دھمکی دی۔ میں نے اول و آخر درود شریف کے ساتھ یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ کثرت کے ساتھ پڑھا' آخر وہ لوگ صلح پر آمادہ ہو گئے۔ اس کے علاوہ میرا ایک دوست مسائل سے تنگ آ کر خودکشی کا ارادہ کر چکا تھا۔ میں نے اس کا تصور کر کے گیارہ بار یَا خَالِصُ یَا مُخْلِصُ یَا خَلَّاصُ بِحَقِّ اِبْنِ عَبَّاسٍ بِحَقِّ مِهْتَرْ اِلْيَاسْ بِهِ خَلَّاصُ پڑھ کر دم کیا۔ اللہ کا کرم ہوا دوست نے اپنا ارادہ ترک کر دیا جس سے اس کی جان بچ گئی۔

روغن بادام لگائیں چند دن میں نظر کی کمزوری کا مسئلہ حل 30 سالہ آزمودہ

تسبیح خانہ میں آئے احباب کے بتائے مشاہدات! عبقری قارئین کے نام

نظر کمزور ہو جائے تو میرا مشاہدہ آزمائیں

السلام علیکم! میں گزشتہ دو سال سے رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ تسبیح خانہ میں گزار رہا ہوں۔ جو چین اور سکون یہاں آ کر ملا ہے زندگی میں پہلے کبھی بھی کہیں نہیں ملا۔ میں نے یہاں رمضان گزارنے کی برکت سے روحانیت کے ساتھ ساتھ بہت سے جسمانی صحت کے راز بھی پائے ہیں جس سے مجھے روزمرہ کی زندگی میں بہت نفع ہو رہا ہے۔ آج اپنا ایک مجرب ٹوٹکہ بتانا چاہوں گا جو نظر کی کمزوری کے بارے میں ہے اگر قریب کی نظر خراب ہو یا دور کی خراب ہو، جالا یا موتیا ہو، یا کوئی بھی آنکھوں کا مسئلہ ہو تو جہاں عینک کا فریم آ کر ٹکتا ہے اس حصے کو بادام روغن سے پانچ بار ملیں، سات مرتبہ کان کے دائیں بائیں ملیں اور سات مرتبہ کان کے اوپر نیچے ملیں، نظر چند دن یا ہفتے کرنے سے ٹھیک ہو جائے گی۔ ڈاکٹر نے کہا کہ پیچھے سے سیل ڈیڈ ہو گئے ہیں نظر ختم ہو گئی ہے ایسا کرنے سے وہ بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ میرے والد صاحب تیس سال سے یہ عمل کر رہے ہیں ایک شخص جو نظر کی کمزوری کی وجہ سے تقریباً نابینا ہو چکا تھا اسے بھی نظر آنے لگ گیا۔ یہ نسخہ ضرور آزمائیں۔

شوگر، کینسر اور پھوڑے پھنسیوں میں مفید! میرا آزمودہ ٹوٹکہ!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے پاس شوگر اور کینسر کے امراض سے نجات پانے کا ایک نسخہ ہے جو جوڑوں کے درد اور پھوڑے پھنسیوں میں بھی بہت مفید ہے۔ میں نے یہ نسخہ پچھلے چند سال سے مذکورہ امراض میں مبتلا افراد کو استعمال کروایا ہے۔ اس نسخہ کے بہت ہی شاندار نتائج موصول ہوئے۔ ایسے بہت سے لوگ ملے جو ان امراض کے علاج کے لئے بہت مہنگی ادویات مستقل استعمال کر رہے تھے۔ اس کے علاوہ ان میں چند افراد ایسے بھی تھے جو مہنگی ادویات خریدنے سے قاصر تھے اور اس وجہ سے وہ اپنے ان امراض کے ساتھ ہی زندگی گزارنے پر مجبور ہو چکے تھے۔ ان مریضوں نے جب یہ نسخہ استعمال کیا تو اللہ کے فضل و کرم سے انہیں مکمل شفاء مل گئی یا مرض کی شدت میں کافی کمی آئی اور انہیں بہت فائدہ ہوا۔ آج بھی جب وہ لوگ ملتے ہیں تو مجھے دل سے دعائیں دیتے ہیں۔ اس نسخہ کی خاص بات یہ ہے کہ اسے استعمال کرنے کے تین طریقے ہیں، جو طریقہ بھی آسان محسوس ہو یا جس میں بھی سہولت ہو آپ استعمال کر سکتے ہیں، ان شاء اللہ یکساں فائدہ ہوگا۔ ان مذکورہ بالا امراض میں مبتلا افراد اس نسخہ کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے ضرور استعمال کریں اور شفاء پائیں۔ پہلا طریقہ: دھماسہ بوٹی کو کچھ مقدار میں لے کر پیس لیں اور رات کے وقت ایک گلاس پانی میں بھگو دیں۔ صبح کے وقت مل چھان پی لیں۔ دوسرا طریقہ۔ دھماسہ بوٹی کو باریک پیس کر کیپسول میں بھر لیں اور ایک کیپسول کو صبح، دوپہر اور شام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ تیسرا طریقہ۔ اس بوٹی کو تیل میں جلا کر ایک چمچ روزانہ پی لیں۔ یہ تمام نسخے مجرب ہیں جو بھی کر لیں، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

مرد یا عورت کے بانجھ پن کا حل

السلام علیکم! آج تک میں نے عبقری رسالہ اور تسبیح خانہ کے ذریعے بہت کچھ پایا ہے مگر کبھی اپنا ذاتی تجربہ مشاہدہ کے بارے میں نہیں لکھا اور نہ بتایا۔ شیخ الوظائف اور تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے والے معتکفین کی سخاوت کو دیکھتے ہوئے آج اپنا مشاہدہ بتا رہا ہوں۔ میری 6 سال پہلے شادی ہوئی اللہ کا کرم ہے کہ زندگی میں ہر سہولت موجود تھی مگر میں شادی کے بعد اولاد کی نعمت سے محروم تھا۔ میرے والد صاحب شہر کے ایک بڑے ہسپتال میں ڈاکٹر ہیں۔ انہوں نے علاج کے لیے بہت سے ہسپتالوں اور سینئر ڈاکٹروں سے میرا اور میری اہلیہ کا چیک اپ کروایا۔ ہمارے مختلف میڈیکل ٹیسٹ ہوئے اور کوئی بھی ایسی کی تشخیص نہ ہو سکی جس کی وجہ سے بے اولادی کا مسئلہ بنتا ہے۔ میں مسلسل چار سال بے اولادی کے مسئلے کی خاطر مختلف جگہوں پر خوار ہوا مگر کسی بھی طرح سے مسئلہ حل نہ ہو سکا اور آخر کار میں مایوس ہونے لگا۔ مجھے ایک جاننے والے حکیم نے اولاد کے لئے ایک نسخہ بتایا جسے استعمال کرتے ہوئے چند ماہ ہی ہوئے تھے کہ میری بیوی کو امید لگ گئی اور پھر اللہ نے ہمیں اولاد کی نعمت سے نواز دیا۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے۔ ریٹھے کے چھلکے پیس کر پاؤڈر بنا لیں۔ اس نسخے کو دو ماہ تک روزانہ ناشتے کے ایک گھنٹے بعد میاں بیوی دونوں آدھا آدھا چائے والا چمچ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اس ٹوٹکے کو استعمال کرنے والے کو ان شاء اللہ مایوسی نہیں ہوگی۔

چیا سیڈ کا کمال! جسم میں انقلابی تبدیلی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بڑے بھائی امریکہ میں ہوتے ہیں انہوں نے کچھ عرصہ پہلے ہمیں چیا سیڈز کے بارے میں جدید تحقیق سے آگاہ کیا کہ یہاں امریکہ میں آرگینک چیزوں کا رواج بڑھ رہا ہے اور ان میں چیا سیڈز سر فہرست ہیں۔ یہ جسم کی ہر طرح کی غذائی ضرورت کو پورا کرتے ہیں اور ان کی مدد سے موٹاپے کو بھی کنٹرول کیا جاتا ہے۔ بھائی کہنے لگے کہ یہ پاکستان میں بھی آسانی سے مل جاتے ہیں آپ کو بھی ضرور استعمال کرنے چاہئیں۔ لیکن پھر زندگی کی مصروفیات میں میں بھول گیا۔ ایک دن میں نے عبقری میگزین میں چیا سیڈز کے بارے میں پڑھا کہ عبقری پراڈکٹس میں چیا سیڈز کا ایڈیشن ہوا ہے۔ میں نے بھی لا کر ان کا استعمال شروع کیا تو پہلی ہی خوراک نے جسم میں انقلابی تبدیلی شروع کر دی۔ مجھے جسم میں ایک فٹنس کا طوفان محسوس ہوا اور میں خود کو سب سے زیادہ صحتمند محسوس کرنے لگا۔ بس میں سمجھ گیا یہ کوئی معجزاتی چیز میرے ہاتھ آگئی ہے۔ میں نے اس سے خوب دوستی کی اور شہد ملے پانی یا دودھ کے ساتھ اس کا روزانہ استعمال شروع کر دیا۔ میرا موٹاپا کم ہوا، چربی گھٹنا شروع ہو گئی۔ مجھے ہڈیوں میں پہلے سے زیادہ مضبوطی اور جسم میں ایک خوشنما تبدیلی محسوس ہو رہی ہے۔ (ظہیر احمد، کراچی)

جن کے منہ میں نہ دانت نہ پیٹ میں آنت وہ پڑھیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کی خدمت میں اپنا آزمودہ ٹوٹکہ پیش کر رہی ہوں۔

گھر میں اکثر بزرگ حضرات کے لئے روٹی کھانا کافی مشکل ہوتا ہے۔ دانت کمزور ہونے کی وجہ سے کافی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس ضمن میں میرا ایک مشاہدہ ہے۔ میرے دادا ابو بہت ضعیف ہیں اس لئے انہیں روٹی چبانا کافی مشکل ہوتا ہے۔ ان کے لئے میں روٹی توے سے اتار کر پانی کا چھینٹا مار کر تہہ کر کے رکھ دیتی ہوں جس سے روٹی نرم رہتی ہے اور دادا ابو کو روٹی چبانے میں آسانی ہوتی ہے۔ روٹی نرم رکھنے کے لئے یہ بات بھی ضروری ہے کہ کبھی ہلکے گرم توے پر نہ پکائیں بلکہ جب مکمل گرم ہو جائے تو پھر روٹی پکانا شروع کریں اور پکنے کے بعد پانی کے چھینٹے ماریں اور ڈھانپ کر رکھ دیں۔ ایسا کرنے سے روٹی کی بھاپ نہیں نکلے گی اور نہ ہی سوکھے گی بلکہ نرم رہے گی۔ (شاہدہ، گجرات)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ نوٹ: ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

بھائی پر ہنومان مسلط ہو گیا اور ہمارا جینا حرام کر دیا

(پوشیدہ)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں اللہ کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے کہ آزمائشوں اور فتنوں کے دور میں آپ جیسے راہنما اور عبقری جیسا رہبر عطا کیا۔ دنیا میں آج جہاں کہیں بھی دیکھیں تو ہر دوسرا شخص کسی نہ کسی مصیبت اور آزمائش کی وجہ سے پریشان نظر آتا ہے۔ ان حالات سے نکلنے کے لئے وہ کسی نہ کسی سہارے کو تلاش کرتا ہے جس سے اس کے دکھوں کا مداوا ہو سکے۔ میں نے بھی زندگی کے گزشتہ چند سال اسی کشمکش میں گزارے ہیں۔ ہمارے گھر کے حالات اس قدر پریشان کن ہیں کہ شاید کوئی شخص اس کا گمان بھی نہ کر سکے۔ رزق کی تنگی اور آپس کے جھگڑے تو عام تھے مگر گزشتہ کچھ عرصہ سے گھر میں عجیب سی نحوست چھا چکی تھی۔ میرے بھائی پر کچھ حاسدین نے جادو کے ذریعے ہنومان کو مسلط کر رکھا ہے۔ اس نے ہمارا جینا حرام کر دیا ہے۔ گھر میں خوف و ہراس اس قدر زیادہ ہے کہ اپنے ہی گھر میں غیر محفوظ ہوں۔ میں جب بھی ذکر اور قرآن پاک کی تلاوت کی کوشش کرتی بھائی کی شکل اچانک خوفناک صورت اختیار کر جاتی اور ڈرایا جاتا جس کے بعد میرے لئے اعمال کرنا مشکل ہو جاتا۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ میں کہاں جاؤں اور کس طرح اس اذیت سے نجات حاصل کروں۔

میں نے چند ماہ پہلے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا۔ چند صفحات پلٹنے کے بعد اچانک میری نظر ہنومان والی تحریر پر پڑی۔ یہ تحریر پڑھنے کے بعد ایسا محسوس ہوا جیسے خاص میرے لئے لکھی گئی ہے۔ میں نے اس تحریر میں موجود ہنومان سے نجات کے لئے عمل کرنا شروع کر دیا۔ چند دن کے بعد ہی اس عمل کے اثرات ملنا شروع ہو گئے ہیں۔ گھر سے خوف و ہراس کا عالم ختم ہونے لگا۔ بھائی کے اوپر جو ہنومان مسلط ہے وہ عمل کے دوران مجھے روکنے کی کوشش کرتا ہے مگر الحمدللہ محض اس رب کریم کے نام کی برکت سے اب وہ بے بس نظر آتا ہے۔ میں ہر ماہ ہنومان سے نجات کا عمل کر رہی ہوں۔ مجھے یقین ہے جلد مکمل نجات مل جائے گی۔

گھر میں آگ، بیماریاں اور دکھوں کا طوفان! سفلی عمل کا شرطیہ علاج

جنہیں ہنومان نے برباد کیا؟ کالے جادو کا ایک طاقتور وار جو ہنومان کے ذریعے ہوتا ہے جو برتن کو ریزہ ریزہ، انسان کو بوٹی بوٹی، ہڈیوں کو چورہ چورہ دکان کی اینٹ سے اینٹ بجا دیتا ہے، گھر کو برباد ویران اور قبرستان بنا دیتا ہے، نسلیں سسکتی ہیں، روحیں تڑپتی ہیں، وجود منتشر ہو جاتا ہے، کھلی کلیاں بکھر جاتی ہیں، پھول مرجھا جاتے ہیں، قہقہے سسکیوں میں بدل جاتے ہیں، کامیابیاں ناکامیوں میں بدل کر ہمیشہ کیلئے کالی مہریں لگ جاتی ہیں۔ ہنومان بندر کی شکل کا ایک وجود، جس کے اوپر بڑے بڑے بال لیکن چلتا انسانوں کی طرح ہے باقی تمام جسم بندر کی طرح ہے۔ یہ کالے جادو کا خطرناک ترین وار ہے، کیا آپ نے کبھی سوچا کہ ہم اس خطرناک وار سے کیسے بچیں۔ خاص طور پر یہ خطرناک وار 5 انسانوں پر ہوتا ہے: 1۔ نئی نویلی دلہن یا دولہا پر۔ 2۔ پیدا ہونے والے چھوٹے بچے پر۔ 3۔ ایسی بیٹی یا بیٹا جو ترقی کی راہیں، تعلیمی منازل طے کر رہا ہو اس میں رکاوٹیں۔ 4۔ چلتی روزی پر تیل ڈال کر جلا دیا جاتا ہے۔ 5۔ گھر میں آگ، جلن، بیماریاں، دکھ، تکالیف اور طوفان۔ بس یہ ہنومان کا کام ہے، اور ہنومان سے بچنا ہر بندہ کے بس کا کام نہیں لیکن شیخ الوظائف کی نگرانی میں ہم ہنومان کے وار سے سو فیصد بچ سکتے ہیں ''بس صرف اس ماہ جولائی میں ہر ہفتہ والے دن دوپہر 2 بجکر 10 منٹ سے لیکر 3 بجکر 20 منٹ کے درمیان آپ نے صرف ایک اسم یَامُهَیْمِنُ 33 مرتبہ پڑھنا ہے اور اپنی تمام مشکلات کا تصور کر کے منگل والے دن نماز عشاء کے بعد عبقری روحانی عطر گھر کے چاروں کونوں میں کسی بھی چیز پر لگانی ہے۔ آپ محسوس کریں گے کہ آپ کے کاندھوں کا بوجھ ہلکا، جسم ہلکا، پریشانیاں اور بندشیں ٹوٹ رہی ہیں، ان شاء اللہ' بس عمل مکمل ہوا۔

اسی طرح ہر بدھ کے دن صبح آٹھ بجکر دس منٹ سے لیکر دن بارہ بجکر بائیس منٹ تک کسی بھی وقت صرف 21 مرتبہ یَانَصِیْرُ یَانُوْرُ پڑھیں اور اپنی انگلی سے دل کے اوپر اس اسم کو تین مرتبہ لکھیں اور اپنے سینے پر پھونک ماریں۔ یہ عمل بظاہر چھوٹا لیکن جو شخص ہنومان کے جادو میں جکڑا ہے یا اس سے بچنا چاہتا ہے وہ آنکھوں سے جلوے دیکھے گا، کمال دیکھے گا، مظاہر اور مناظر دیکھے گا اور اپنی زندگی میں سکھ، سکون دیکھے گا۔ عبقری آپ کو ہنومان سے بچنے کا ایک عمل ہر ماہ بتاتا رہے گا۔

قارئین! اس عمل سے بے شمار لوگ فائدہ پا رہے اور اپنے مشاہدات لکھ کر بھیج رہے، اگر آپ کو بھی اس عمل سے فائدہ ہوا تو بذریعہ خط ضرور لکھیں اور تفصیل سے لکھیں۔

نیک بہو کے قدم پڑتے ہی گھر کی ویرانیاں ختم!

میں شادی کے بعد جب اپنے سسرال میں آئی تو میں نے دیکھا کہ اس گھر میں عجیب نحوست اور بے برکتی ہے۔ ہمیں لوگوں نے منع بھی کیا تھا اس گھر میں شادی نہ کریں ان کے گھر میں جادو جنات کے اثرات ہیں لیکن میرے والدین کو بیٹیوں کی شادی کی فکر تھی کیونکہ میری چار بہنیں اور بھی ہیں۔ یہ رشتہ بھی مناسب تھا اس لئے مجھے ادھر بیاہ دیا کیونکہ والد صاحب کو جادو جنات پر اتنا یقین نہیں ہے۔ میرے شوہر کا تعلق باعزت خاندان سے ہے لیکن ان پر کسی حاسد نے کالے عمل کروا کر انہیں برباد کر دیا تھا۔ اکثر لوگ جانتے تھے کہ ان کے کاروبار کو ختم کروانے کے لئے کچھ حاسدین نے بہت برا جادو کروا رکھا ہے' ان کے گھر میں رزق کی بندش لگائی ہوئی ہے۔ میری شادی بھی مشکل سے ہوئی تھی۔ شادی کے بعد میں نے محسوس کیا جو رزق گھر میں آتا ہے اس میں سے اکثر تو خراب ہو جاتا ہے' کیڑے پڑ جاتے ہیں اور کھانے کے قابل نہیں رہتا، باہر سے چیز بالکل ٹھیک لاتے ہیں جب گھر آتی ہے تو اس میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے۔ اس نحوست کی وجہ سے سب گھر والوں میں ناچاقی رہتی تھی۔ میرا عبقری سے تعارف تھا کیونکہ ہمارے گھر کئی سالوں سے ہر ماہ بہت شوق سے عبقری رسالہ پڑھا جاتا تھا۔ جب ہجویری محل میں شیخ الوظائف نے عراق سے لائے گئے تبرکات تقسیم کیے تھے اس وقت ہم بھی ہجویری محل حاضر ہوئے تھے۔ میں نے اپنے والدین کے گھر سے وہ متبرک شفائیہ پانی اور تسبیح کے دانے منگوائے اور ہر کھانے پکانے اور پینے کے پانی میں وہ متبرک پانی شامل کر دیتی۔ سب نے محسوس کیا کہ میں جو چیز بھی پکاتی یا رکھتی ہوں وہ خراب نہیں ہوتی اور اس کا ذائقہ اور لذت بہترین ہوتی ہے۔ میں نے انہیں ہجویری محل کے تبرکات کے بارے میں بتایا۔ پھر میں نے سب کو آستانہ منت مراد کے بارے میں بھی بتایا۔ میری بات سن کر میرے خاوند اور دیور ہجویری محل آستانہ منت مراد جانے کے لئے تیار ہو گئے۔ دونوں بھائی ہجویری محل کے لئے روانہ ہو گئے، ان کے جانے کے بعد گھر کے حالات میں اچانک سے تبدیلی آنا شروع ہو گئی۔ پہلے جو نحوست' رزق کی قلت اور کھانے پینے کی چیزوں کا خراب ہو جانا تھا۔ وہ سب معاملات ختم ہو گئے۔ گھر سے جادو اور بندش کے اثرات ختم ہو گئے۔ چند دن بعد میرے خاوند اور دیور واپس آئے تو بہت خوش تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ہجویری محل میں پہنچتے ہی ہمیں ایسا لگا جیسے ہمارے گرد کوئی حصار تھا جس نے ہمیں جکڑا ہوا تھا' وہ ٹوٹ گیا ہے۔ پھر وہاں آستانہ منت مراد میں موجود اعمال کرنے سے ہمیں اپنے اندر بہتری محسوس ہونے لگی۔ سب سے اہم بات جو بتائی وہ یہ کہ وہاں ذمہ داران نے فرمایا کہ یہاں سے حقیقی فیض پانا چاہتے ہیں تو جتنے دن بھی یہاں رہیں خدمت میں حصہ ملاتے رہیں۔ ایک دن ہم صفائی کی خدمت کر رہے تھے کہ وہاں ایک سفید ریش بزرگ نظر آئے اور فرمانے لگے تمہارے سارے گھر پر سخت بندش لگی ہے پھر مسکرا کر فرمایا کہ یہاں خدمت کی برکت سے بندش ختم ہو گئی ہے۔ وہ بزرگ نہ اس سے پہلے وہاں نظر آئے اور نہ اس واقعے کے بعد۔ (سائرہ بانو، ملتان)

بے اولادی کے لئے ایک دوا اور ایک دعا

سالہا سال سے شیخ الوظائف نے بے شمار بے اولاد جوڑوں کو ایک ایسی دوا اور دعا سے نوازا جس سے انہیں اولاد کی نعمت نصیب ہوئی۔ 23 نومبر 2023ء کو ہجویری محل سوا رب درود پاک کے چلہ میں شامل ہو کر آپ بھی یہ نعمت پالیں۔

نوٹ: ہجویری محل میں ترقی' کامیابی پانے' مسائل مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کیلئے چند دن' چند ہفتے وہاں عبادت اور خدمت کیلئے ہمراہ بستر جائیں۔

میں برسوں بعد آج سکون کی نیند سو سکا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے بہت کوشش کی لیکن رات کو پرسکون نیند سے محروم رہا، ڈاکٹر' سائیکالوجسٹ میرا علاج کرنے میں ناکام رہے بس ایک فرشتہ صفت انسان نے مجھے عبقری کا ڈپریشن پیکج لا کر دے دیا، اس نے ڈپریشن پیکج کا ڈبہ نہیں بلکہ مجھے میرا سکھ چین اور سکون دے دیا، میں نے گھر لا کر پہلے تو بے دلی سے رکھ دیا کہ جہاں اتنے بڑے بڑے معالج ناکام ہو گئے وہاں اس سے میرا کیا علاج ہوگا۔ انہی سوچوں میں لیٹا تھا تو پھر دماغ میں سوچوں کا ہجوم شروع ہو گیا اور وہی بے سکونی اور بے چینی شروع ہو گئی۔ میں نے اب فیصلہ کیا کہ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا، میں نے یہ ڈبہ اٹھایا اور کچن میں جا کر پانی لیا اور اس ڈبے میں سے تمام ادویات نکال کر پانی سے لینا شروع کیں، واپس آ کر بستر پر لیٹ گیا۔ آنکھیں بند کر کے سونے کی کوشش کرنے لگا، تھوڑی دیر میں میری اہلیہ کی آواز کانوں میں گونجنے لگی کہ اٹھ جائیے آپ نے کام پر بھی جانا ہے۔ میری آنکھ کھلی تو محسوس کیا عام خلاف معمول میرا جسم ایک دم فریش اور ہلکا پھلکا ہے۔ میں نے گھڑی کی طرف دیکھا تو صبح کے ساڑھے سات بج رہے تھے۔ میں سالوں کے بعد ایسی نیند سو سکا، میں فوراً کچن میں گیا اور ڈپریشن پیکج کے ڈبے کو سنبھال کر رکھا اور روزانہ اس کا استعمال شروع کر دیا، بس دن بہ دن میری صحت و سکون اور چین میں اضافہ ہوتا گیا۔ (علی رضا، لاہور)

(بقیہ: جنات کا پیدائشی دوست)

ہوئی اور کمال بھی' یہ اتنا زبردست علم ہے جو آج تک میری معلومات کیا میری سوچوں اور گمان میں بھی نہیں ہے' وہ ساری کتابیں ایسے خفیہ علوم سے بھری ہوئی تھیں جن کا دنیا میں کہیں وجود اور خیال نہیں ہے۔ کیا ایسے علم بھی ہو سکتے ہیں' ایسے طلسمات بھی ہو سکتے ہیں جنہیں ایک مرتبہ لکھنے سے زمین پھٹ جائے ایک مرتبہ سوچنے سے سینکڑوں جنات حاضر ہو جائیں' ایک مرتبہ لکھنے سے طرح طرح کے پھل میوے ملیں' یہ علوم کیا ہیں وہ صرف جنات کے پاس ہیں' انسانوں کے پاس نہیں ہیں' اگر کسی کے پاس ہوں' شاید ہوں ورنہ دعوے زیادہ' وہ علوم کچھ میں نے جنات سے سیکھے ہیں اور جنات نے مجھے سکھائے ہیں لیکن ابھی بھی اپنے آپ کو طالب علم سمجھتا ہوں اور واقعتاً اس بات کا احساس ہے کہ جنات کے علوم' جو ہم سے کہیں بڑھ کر ہیں۔ ایک جن نے مجھے ایک راز بتایا کہنے لگا: اگر آپ شہادت کی اور انگوٹھے کی انگلی پر دونوں کے پورے آپس میں ملائیں اور پھر ان کو بالکل سیدھا کرنے کی کوشش کریں اور بازو کو بھی سیدھا کریں اور ان کو آخری درجہ میں سیدھا اس طرح کریں پورے آپس میں ملے ہوئے ہوں' باقی تین انگلیاں بھی سیدھی ہوں اور بازو بھی سیدھا اکڑا ہوا اور کھچا ہوا ہو' پھر ان دونوں پوروں کو دیکھیں اور دیکھتے ہوئے قطب ستارے کا تصور کریں کہ اس سے جو روشنی اور نور آ رہا ہے اور وہ نور اللہ کا دیا ہوا ہے اور میری ان دونوں انگلیوں میں یعنی انگلی کے دونوں پوروں میں جا رہا ہے بس صرف آدھا گھنٹہ اس کو دیکھنا ہے میں نے تجربہ کیا تو چند لمحات کے بعد ہی انگلیوں اور بازو اور جسم نے ساتھ چھوڑ دیا لیکن پھر میں نے اس کی مشق کی' کرتے کرتے اس کی مشق' اس جن کے بقول جو اس کی مشق کرے گا' وہ جو وظیفہ کرے گا' جس وظیفے نے چالیس دن میں پورا ہونا ہے اور اپنی تاثیر دکھانی ہے وہ چالیس گھنٹے نہیں چالیس منٹ نہیں چالیس سیکنڈ نہیں چند سیکنڈ میں وہ وظیفہ اپنی تاثیر کمال اور حیرت انگیز طاقت دکھائے گا۔ واقعی اس جن کی بات بالکل ٹھیک تھی اس نے جو کہا تھا سچ کہا تھا اس کا تصور خیال گمان سو فیصد ٹھیک تھا یہ اس نے اپنے علم کا ایک چھوٹا سا ذرا مجھے دکھایا' ورنہ اس کے پاس یہ علم بہت زبردست ہے اور یہ چھوٹے چھوٹے علم نہیں' اس سے بڑے بڑے علوم جنات کی دنیا میں ہیں اور جنات ان علوم کے بے مثال اور باکمال بادشاہ ہیں' آئیں ہم کچھ ذرے بھی ان سے لے لیں اور وہ جنات تابع سے نہیں ہوں گے نہ کبھی جنات تابع کرنا سوچنا ہے اور نہ کبھی گمان دل میں لانا ہے بلکہ ان سے دوستی ہی اصل چیز ہوتی ہے اور اگر دوستی نہ ہوئی پھر اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے۔ (جاری ہے)

☆10،9 محرم کی خاص رحمتوں میں تسبیح خانہ میں ہونے والے اعمال سے آپ کا دل اور نظر روشن ہو جائے گی۔ مومنانہ فراست ملے گی' ایک پل میں معاملات کو پرکھ جائیں گے (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

موبائل کی وجہ سے بھائیوں کا رشتہ ختم

سید واجد حسین بخاری، احمد پور شرقیہ

آج کے جدید سائنسی دور میں ہر روز نت نئی ایجادات ہو رہی ہیں۔ ان ایجادات کا مقصد لوگوں کے لئے سہولیات اور آسانیاں پیدا کرنا ہے۔ اب ہم پر یہ منحصر ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ ان نئی ایجادات میں آج گھر گھر جس چیز کا سب سے زیادہ استعمال ہو رہا ہے وہ سمارٹ فون ہیں۔ موبائل نے جہاں رابطوں کو بہت آسان بنا دیا ہے وہیں اس کا بے جا استعمال بہت سے مسائل اور نفسیاتی الجھنوں کو جنم دے رہا ہے۔ گزشتہ شمارہ میں بھی چند مثالیں دیں، چند مزید پیش کر رہا ہوں جن کا مقصد لوگوں کو اس سنگین مسئلہ کی طرف متوجہ کرنا ہے کہ کہیں نئی نسل کو اپنے ہاتھوں برباد کرنے کا ذریعہ نہ بن جائیں۔

موبائل پر چھینا جھپٹی

ایک عزیز کے گھر گیا، ان کے بڑے بیٹے کی عمر چھ سال جب کہ چھوٹے بیٹے کی عمر ساڑھے چار سال تھی، آپس میں بہت لڑ رہے تھے۔ بڑا بھائی چھوٹے کو بہت مار رہا تھا ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ یہ بھائی نہیں بلکہ گلی کے آوارہ لڑکے ہیں۔ اتنی بدتمیزی؟ اُف! میں نے وجہ پوچھی تو ان کی والدہ نے بتایا کہ بھائی دو اور موبائل ایک ہے۔ بڑا کہتا ہے میں کارٹون دیکھوں گا، چھوٹا کہتا ہے کہ میں کارٹون دیکھوں گا اس بات پر لڑ رہے ہیں۔ دیکھیں اس موبائل کی وجہ سے آپس میں محبت والفت نہ رہی اور بھائیوں کے درمیان محبت کا رشتہ ہی ختم ہو گیا۔ **شکست کا خوف:** میرا بھتیجا جس کی عمر گیارہ سال ہے، وہ موبائل پر ایک مشہور گیم کھیلنے کا بہت شوقین ہے۔ اس نے ایک دفعہ بتایا کہ (گیم میں) اس کا ہیرو ناقابلِ شکست ہے آج تک اس کو شکست نہیں ہوئی، میں نے بات سُنی اَن سُنی کر دی۔ کچھ عرصہ بعد مجھے ان کے گھر جانا ہوا تو اس کی والدہ نے بتایا کہ بیٹا ہر وقت خوف کی کیفیت میں رہتا ہے، یہاں تک کہ اب سکول جانے سے بھی خوف کھاتا ہے۔ یہ کہتا ہے کہ اگر سبق یاد نہ ہوا تو استاد ماریں گے یا پھر کلاس میں کھڑا کر دیں گے۔ میں نے اس کو پاس بلایا، پیار سے اعتماد میں لیا اور پوچھا کہ کیا مسئلہ ہے تو اس بچے نے بتایا کہ جب سکول میں سبق یاد نہیں ہوتا یا میں گیم کھیلتے ہوئے ہار گیا تو یہ میری شکست ہوگی، میں شکست نہیں چاہتا، ہر وقت جیتنا چاہتا ہوں۔ جیسے گیم کا ہیرو ناقابلِ شکست ہے، میں بھی ناقابلِ شکست بننا چاہتا ہوں۔ اب مجھے سمجھ آئی کہ اس کے دل میں شکست کا خوف بیٹھ گیا ہے اور اسی خوف کی وجہ سے اس نے سکول جانا بھی چھوڑ دیا۔ گھر سے باہر نکلنا چھوڑ دیا، کسی دوست سے کرکٹ وغیرہ کھیلنا چھوڑ دیا۔ محض اس خوف سے کہ مجھے شکست نہ ہو جائے۔ یہ سارا کیا دھرا موبائل، انٹرنیٹ استعمال کرنے کا شاخسانہ ہے۔ میں نے بیٹھ کر سمجھایا کہ بیٹا زندگی میں ہار جیت ہوتی رہتی ہے۔ شکست سے گھبرانا نہیں چاہیے۔ شکست سے تو بندہ سیکھتا ہے مگر اس کی سمجھ میں بات نہ آئی اب مسئلہ نفسیات کے ڈاکٹر کے پاس چلا گیا ہے، دیکھیں کیا ہوتا ہے۔

رات دیر تک انٹرنیٹ کا استعمال

اپنے ایک عزیز کے گھر صبح کے وقت جانا ہوا۔ ان کا بیٹا سو رہا تھا، بہت ہی کمزور تھا۔ سکول جانے میں پندرہ منٹ رہ گئے تو میں نے پوچھا کہ بیٹا سکول نہیں جائے گا؟ تو ماں نے کہا کہ جائے گا۔ بیٹا جلدی جلدی اُٹھا منہ ہاتھ دھویا۔ اتنی دیر میں رکشہ آ گیا اور بیٹا بغیر ناشتہ، بغیر کوئی چیز کھائے پیے سکول چلا گیا۔ میں نے کہا کہ بیٹے کو جلدی اُٹھایا کریں۔ ماں نے کہا کہ وہ رات کو دیر تک موبائل پر انٹرنیٹ استعمال کرتا ہے اس لیے صبح جلدی نہیں اُٹھ سکتا اور بغیر ناشتہ کے سکول جاتا ہے۔

نام حضرت عمر رضی اللہ عنہٗ کے فوائد و کمالات صدیوں سے آزمودہ آج بھی اتنے ہی مؤثر، ہر ماہ انوکھے سچے واقعات ضرور پڑھیں!

پردیس میں شوہر کو دس سال قید کی سزا!

میں والدین کی اکلوتی بیٹی ہوں۔ والدین نے میری ہر خواہش پوری کی، اعلیٰ تعلیم دلوائی، اچھی پرورش کی اور کسی چیز کی کبھی کمی نہ آنے دی۔ چار سال پہلے میرا رشتہ آیا، والدین کو رشتہ پسند آیا۔ جب انہوں نے مجھ سے اس بارے میں مشورہ لیا تو میں نے والدین کی خوشی میں ہی اپنی خوشی سمجھی۔ رشتہ طے ہو گیا اور ٹھیک چار ماہ بعد میری شادی ہو گئی۔ شوہر کا بیرون ملک کاروبار تھا، چند ماہ بعد میں بھی شوہر کے ساتھ بیرون ملک شفٹ ہو گئی۔ ایک سال بعد اللہ تعالیٰ نے اولاد نرینہ کی نعمت سے نوازا۔ سسر اور ساس صاحبہ کا رویہ بھی میرے ساتھ والدین کی طرح تھا۔

منت سماجت کی، پاؤں پکڑے مگر ذرا ترس نہ آیا

ایک دن شوہر کو پولیس نے کسی سنگین جرم کی پاداش میں گرفتار کر لیا۔ شوہر سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ میں بے قصور ہوں، یہاں کچھ حاسدین نے میرے خلاف سازش کی ہے۔ وکیل نے بتایا کہ اگر جرم ثابت ہو گیا تو کم از کم دس سال تک کی سزا ہوگی۔ تمام ثبوت اور گواہ جعلی تھے مگر انہیں عدالت میں اس طرح پیش کیا جا رہا تھا کہ جیسے سب کچھ حقیقت ہو۔ میرے سسرال والوں نے کافی کوشش کی، مخالفین کی منت سماجت کی، پاؤں پڑے مگر انہیں ذرا ترس نہ آیا۔ میرے والدین کو بھی اس معاملے کی خبر ہو گئی اور وہ بھی سخت پریشان ہوئے اور مجھے تسلی دی۔ ہمارے گھر میں ہر ماہ عبقری رسالہ آتا تھا جسے والدہ اور میں شوق سے پڑھتے تھے۔ اپنے شوہر کی اجازت سے چند شمارے اپنے ساتھ لے آئی تھی جنہیں اکثر پڑھا کرتی تھی۔ والدہ نے مشورہ دیا کہ تمہارے پاس ستر حاجات کے تعویذ (جولائی 2022ء نقش حضرت عمرؓ) والا عبقری شمارہ موجود ہے۔ آپ وہ عمل کرو۔ میں نے والدہ کے مشورہ پر رسالہ پر موجود تفصیل کے مطابق عمل شروع کیا۔ روزانہ 200 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کی اور درخواست کی کہ جن لوگوں نے میرے شوہر کو ناجائز مقدمہ میں گرفتار کروایا ہے ان کی خبر لیں۔ مجھے یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ حضرت عمرؓ کے وسیلہ سے ہمیں اس آفت سے ضرور نکالیں گے۔

خدا کے لئے ہمیں معاف کر دیں!

مقدمہ کا فیصلہ بھی آنے والا تھا، چند ہفتوں بعد عدالت میں پیشی کے دوران کیس کے جو مدعی تھے جیسے ہی انہوں نے ہمیں دیکھا تو شوہر اور سسر کے پاؤں پکڑ کر معافی مانگنے لگے کہ ہمیں معاف کر دیں، ہم نے آپ کو ستایا ہے اور اب ہمیں اس کی سزا ملنا شروع ہو گئی ہے۔ کاروبار ختم گیا اور گھر بیماریوں کی آماجگاہ بن چکا ہے۔ رات کو خواب میں آ کر کوئی مارتا ہے جس کے زخم حقیقت میں جسم پر موجود ہیں۔ انہوں نے اپنا کیس واپس لیا اور معافیاں مانگیں۔ ہم نے اللہ کی رضا کے لئے انہیں معاف کر دیا۔ شوہر باعزت بری ہو گئے اور اللہ کا شکر ہے ستر حاجات کے تعویذ کی برکت سے ہم اس مصیبت سے نکل گئے۔ (عائشہ احمد، کینیڈا)

ناخوشگوار خبر | رشتہ میں رکاوٹ | سونے کا خوبصورت کنگن | گھر کی چھت

خواب اور شیخ الوظائف کی روشن تعبیر

ناخوشگوار خبر مل سکتی ہے!

خواب: میں نے دیکھا کہ میں بس میں جا رہی ہوں، میری قیمتی چیزیں اور موبائل گم ہو جاتا ہے تو میں گھر آ کر رونے لگتی ہوں اور اپنی بہن سے کہتی ہوں کہ بھائی کو فون کرو تاکہ وہ میرا اے۔ٹی۔ایم کارڈ بلاک کروا دیں ایسا نہ ہو کہ کوئی میرے اکاؤنٹ سے پیسے نکال لے۔ میری والدہ کہتی ہیں رونا بند کرو، ایسا کچھ نہیں ہوگا۔ (عفت خالد، ہری پور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ کوئی ناخوشگوار خبر سننے کو ملے تاہم حسب توفیق کچھ صدقہ دے دیں اور استغفار کثرت سے پڑھتی رہا کریں۔

رشتہ میں رکاوٹ

خواب: میں نے دیکھا میں بھینسوں کے باڑے میں ہوں، میں اس جگہ سے نکلنے کی کوشش کر رہی ہوں اور ڈری ہوئی ہوں جب بھی میرا رشتہ ہونے لگتا ہے یا کوئی پیش رفت ہو تو مجھے خواب میں باتھ روم اور اس کی گندگی نظر آتی ہے یا میں خود کو ڈھانپنے کی کوشش کر رہی ہوتی ہوں۔ ایسا لگتا ہے کوئی باتھ روم کے باہر سے دیکھ رہا ہے۔ (انیسہ، پشاور)

تعبیر: آپ کے خواب میں اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ پر بندش لگی ہوئی ہے جس کی وجہ سے سارے اہم کام جس میں رشتہ کا نہ ہونا بھی شامل ہے، التوا کا شکار ہیں۔ آپ اپنا حسب توفیق صدقہ دیں اور بعد نماز فجر اور بعد نماز عشا 313 مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر دعا کر لیا کریں اور پانی پر دَم کر کے پی لیا کریں۔ یہ عمل 70 دن تک کرنا ہوگا (خواہ اس دوران رشتہ بھی طے پا جائے، عمل نہ چھوڑیں) ان شاء اللہ بندش ختم ہو جائے گی۔ 70 دن کے بعد پھر حسب استطاعت صدقہ دیں، اس کے بعد آیت کریمہ صبح شام صرف 21 بار پڑھ لیا کریں۔ واللہ اعلم!

حصولِ علم میں کامیابی

خواب: میں نے دیکھا کہ میں اپنے استاد سے ملنے کیلئے جا رہا ہوں جو حافظِ قرآن ہیں۔ میں مسجد میں ان سے قرآن پاک پڑھتا تھا۔ میں ان سے ملنے کیلئے جاتا ہوں۔ ایک چھوٹا لڑکا بتاتا ہے کہ مسجد کا دروازہ اس گلی میں ہے حالانکہ مسجد کا دروازہ دو گلیاں چھوڑ کر ہے۔ میں آگے جاتا ہوں ایک کمرے کا دروازہ کھولتا ہوں وہاں پر کافی لوگ ہیں کچھ کو میں جانتا ہوں۔ میرے استاد صاحب وہاں نہیں ہوتے، ان کی جگہ خالی ہوتی ہے۔ اتنے میں میرے استاد صاحب آتے ہیں وہ دروازہ کھولتے ہیں، مجھ سے مصافحہ کرتے ہیں اور پھر دروازہ بند کر لیتے ہیں۔ (شاہد پرویز، کوئٹہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ اگر آپ کوشش کریں گے تو ان شاء اللہ نفع دینے والا علم حاصل ہوگا۔ آپ روزانہ گیارہ بار سورۂ فلق پڑھ کر اپنے سینے پر دَم کر لیا کریں۔ واللہ اعلم!

سونے کا خوبصورت کنگن

خواب: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے ہاتھوں میں سونے کا کنگن پہنا ہوا ہے، میں کار میں بیٹھی ہوں۔ دو کاریں اور بھی ہیں، ان میں سے ایک میں میرا چچا زاد بیٹھا ہے۔ کنگن بہت اچھا ہے، ڈیزائن بھی مجھے بہت پسند آتا ہے لیکن تھوڑا کھلا ہوا ہے جسے اُتارنے میں آسانی ہو۔ (جاوید، ملتان)

تعبیر: خواب میں اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو جلد ہی ایک سفر پیش آئے گا جو کہ ان شاء اللہ آپ کیلئے باعث خیر و برکت ہوگا۔ روزانہ 11 بار المبدئ یَانُوْرُ یَاهَادِیُ پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔

گھر کی چھت

خواب: میں نے دیکھا تین چار منزلہ گھر ہے اور نامعلوم جگہ ہے، پہلے میں اس کی چھت پر کھڑی ہوں وہاں کھڑی نیچے دیکھ رہی ہوں پھر میں نیچے آتی ہوں وہاں بہت ساری لڑکیاں بھی ہوتی ہیں۔ کبھی میں درمیانی منزل میں آ جاتی ہوں، میں نے فراک پہنا ہوا ہے۔ لڑکی میرے سوٹ کی طرف دیکھ رہی تھی اور حیران تھی۔ میں شیشے کی طرف دیکھتی ہوں کہ میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (نوید خاور، اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے اہم کاموں میں رکاوٹیں ہیں جس کی وجہ سے ہوتے ہوئے کام بگڑ جاتے ہیں۔ آپ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یَا فَتَّاحُ پڑھ کر دعا کر لیا کریں، دشمنوں کے شر سے ان شاء اللہ محفوظ رہیں گی۔

ٹینشن، ڈپریشن کی ادویات چھوڑیں، قہوہ پیئیں، زندگی جیئیں

میری رب تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ رب جلیل حضرت حکیم صاحب اور ان کی نسلوں اور عبقری کی پوری ٹیم کو رحمتیں، برکتیں اور دونوں جہان کی عافیت عطا فرمائے۔ آمین! میں ''عبقری'' کا نیا نیا قاری ہوں۔ میں یہ رسالہ چند ماہ سے پڑھ رہا ہوں، مجھے اس رسالہ کا شدت سے انتظار رہتا ہے۔ ہمارے گاؤں سے تقریباً تیس کلومیٹر دُور شہر سانگھڑ سے عبقری رسالہ ملتا ہے۔ میں ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو صرف یہ رسالہ لینے کے لئے ایک ہزار روپے آنے اور جانے کا کرایہ لگاتا ہوں۔ اس رسالہ کے تمام سلسلے میرے پسندیدہ ہیں۔ میں خود بھی حکیم ہوں اور قریباً انیس سال سے حکمت کر رہا ہوں۔ ماہنامہ عبقری میں جو نسخے شائع ہوتے ہیں ان کو بڑے شوق سے پڑھتا ہوں اور ان پر تجربے بھی کرتا ہوں۔ حضرت حکیم صاحب کی شہرۂ آفاق کتاب ''میرے طبی رازوں کا خزانہ'' سے میں نے کچھ نسخے آزمائے جن سے سو فیصد رزلٹ ملا ہے۔ ایک نسخہ میں نے خود پر آزمایا جو یہ تھا کہ انجیر تین دانے، آدھا چمچ سونف، ایک عدد دیسی سبز پودینہ کی شاخ تینوں چیزیں رات کو دو کپ پانی میں بھگو دیں۔ صبح اس کو اُبال لیں جب ایک کپ باقی بچے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے خوب مل چھان کر حسب ضرورت میٹھا ملائیں ورنہ ایسے ہی چسکی چسکی یا گھونٹ گھونٹ پئیں۔ یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے میرے سر کا درد اور سر چکرانے کی شکایت پانچ دن میں ختم ہو گئی۔ میں یہ ٹوٹکہ اب بھی استعمال کر رہا ہوں اور نہایت سکون میں ہوں۔ اس کے علاوہ اسی کتاب سے چند دوسرے نسخے بنا کر کئی مریضوں کو استعمال کروائے ان کا بھی فوری فائدہ ہوا۔ اس کتاب میں سے ایک نسخہ جوڑوں کے درد کے مریض کو بنا کر استعمال کروایا، اس کے جوڑوں میں درد ختم ہو گیا۔ آپ یہ جو انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں، یہ آخرت کیلئے بہت بڑا ذخیرہ ہے۔ رب کریم ہی آپ کو اس کارِ خیر کی جزا عطا فرمائیں گے۔ میں اپنے مزید تجربات لکھتا رہوں گا۔ (علی بخش، خیر پور)

کلام الٰہی میں جو عظمت، شان و شوکت اور بلندی ہے اس کے سامنے نہ کوئی طاقت ٹھہر سکتی ہے نہ شیاطین جنات اور نہ ہی جادو، 9، 10 محرم میں تسبیح خانہ سے کلام الٰہی کی تاثیر لے جایئے! (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

تم بُری موت مرو گی‘ تیرے بعد دوسری شادی کرونگا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مخلوقِ خدا کی خدمت کا سلسلہ جو آپ نے شروع کر رکھا ہے‘ بے شمار لوگ اس سے فیض پا رہے ہیں‘ اس کا اجر اللہ آپ کو بہت زیادہ دے۔ آج میں اپنے دکھی اور ٹوٹے ہوئے دل کے ساتھ اپنے شوہر کا غم بیان کر رہی ہوں‘ اس یقین کے ساتھ کہ آپ میرے اس مسئلہ کا کوئی ضرور حل بتائیں گے‘ ان شاء اللہ۔ میرے شوہر نے مجھے بہت پریشان کر رکھا ہے‘ سارا دن فارغ رہتا ہے‘ کوئی کام کاج نہیں کرتا اور مجھے کہتا ہے کہ اگر گھر میں رہنا ہے تو اپنے باپ اور بھائیوں سے جیب خرچ لے کر آؤ۔ والد صاحب کا دیا ہوا سارا زیور بھی بیچ دیا ہے۔ والد صاحب اور بھائیوں نے جہیز کی صورت میں قیمتی سامان دیا‘ جسے وہ آہستہ آہستہ کرکے بیچ رہا ہے۔ مجھے ہر وقت بُرا بھلا کہتا ہے اور بچوں کے سامنے میری بے عزتی کرتا اور کہتا ہے کہ تم میرے لئے منحوس ثابت ہوئی ہو‘ تمہارے بچے بھی منحوس ہیں اور پھر بچوں کو غلیظ جانور سے تشبیہ دیتا ہے۔ بچے بڑے ہو رہے ہیں اور انہیں سکول بھی داخل نہیں کروا رہا‘ وہ کہتا ہے کہ سکول میں داخل کروانے سے بچے خراب ہوجائیں گے۔ میں نے کہا پھر مدرسہ میں داخل کروا دیتے ہیں تاکہ بچے دینی تعلیم حاصل کریں تو پھر بھی نہیں مانتا۔ نماز ادا کرنے اور قرآن کی تلاوت کرنے پر بھی اعتراض کرتا ہے‘ کہتا ہے کہ ان اعمال سے نعوذ باللہ تمہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا اور تم بُری موت مرو گی‘ تمہارے بعد میں کسی اور سے شادی کرلوں گا۔

ہمیں ایسے گھر میں رکھا ہے جہاں لوگ مختلف نشے کرتے ہیں‘ وہ چاہتا ہے کہ بچے بھی ان برائیوں میں مبتلا ہوجائیں۔ نشے نے اسے بے حس کر دیا ہے۔ ہر وقت ڈر لگا رہتا ہے کہ کہیں بچے بھی باپ کے نقشِ قدم پر نہ چل پڑے‘ انہیں ہر روز دعاؤں کے ذریعے اللہ کی پناہ میں بطور امانت رکھتی ہوں۔ میرے ابو ریٹائرڈ آفیسر ہیں‘ اپنا خرچہ مشکل سے چلاتے ہیں‘ میری حالت دیکھ کر اکثر تھوڑے بہت پیسے دیتے ہیں‘ مگر شوہر وہ پیسے بھی مجھ سے چھین لیتا ہے۔ اُس نے مجھے ذہنی ٹارچر دے دے کر ذہنی مریض بنا دیا ہے اور مجھ پر جادو ٹونہ بھی کرواتا ہے تاکہ میرا دماغ بالکل ختم ہوجائے‘ میں باتیں اور چیزیں بھولنے لگی ہوں۔ شوہر کی خرابیوں کی وجہ سے لوگوں سے بات کرتے ہوئے بھی ڈر لگتا ہے۔ جب بھی موقع ملتا ہے بچوں کو اور مجھے مارتا اور میرے گھر والوں کو گندی گالیاں دیتا ہے۔ دل چاہتا ہے کہ خودکشی کرلوں لیکن بچوں کی فکر کی وجہ سے ایسا نہیں کرسکتی۔ بچوں کو مشکل سے ایک وقت کا کھانا نصیب ہوتا ہے۔ ان تمام باتوں کے باوجود بھی میں نے صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا کہ شاید اس کا دل بدل جائے۔ اب کچھ عرصہ سے بات بات پر طلاق کی دھمکیاں دے رہا ہے۔ میرے لاکھ منع کرنے کے باوجود بھی اُس نے زیور اور گھر کی چیزیں بیچ کر پیسے سود پر دے دیئے ہیں۔ میں نے جب زیادہ بات کی تو اس نے آخر کار مجھے ایک طلاق دے دی۔ کوئی ایسا عمل بتائیں شوہر کا دل بدل جائے‘ وہ رجوع کرلے‘ اس کے اندر اپنے بیوی بچوں کے لئے محبت اور احساس پیدا ہوجائے۔

ایسے نازک اور سنگین مسائل سے نکلنے کا وظیفہ

روزانہ اول و آخر تین بار درود شریف کے ساتھ 313 مرتبہ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ اپنے مسائل کا سخت تصور کرکے پڑھیں۔ دن میں کسی بھی وقت ایک تسبیح درود پاک کی پڑھ کر شوہر کے دل کو ہدیہ کریں۔ نوٹ: جو لوگ ان مسائل میں مبتلا ہوں وہ اس عمل کو ہر حالت میں کرسکتا ہیں۔ عمل کا ہدیہ: 41 دن بعد حسب استطاعت سفید رنگ کی شیرینی تقسیم کردیں۔

مکئی کے سٹے سے گردے کی پتھری ختم

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ 2013ء سے میرے گھر میں زیر مطالعہ ہے، اس رسالہ میں شائع ہونے والے ٹوٹکوں اور عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ادویات سے بھی بھرپور استفادہ کر رہے ہیں۔ اپنے چند مشاہدات تحریر کر رہا ہوں۔

سر میں موجود پھنسیوں کے لئے: اگر کسی کے سر میں پھنسیاں ہوں اور پیپ نکلتی ہو، ایسے مرض میں مبتلا افراد کے لئے بہت مفید ٹوٹکہ ہے۔ نیم کے کچھ پتے لے کر پانی میں ڈال کر اچھی طرح ابال لیں۔ جب یہ پانی ٹھنڈا ہوجائے تو اس سے اپنے سر کو دھولیں یا نہالیں۔ دو سے تین مرتبہ یہ نسخہ استعمال کریں‘ ان شاء اللہ ہر قسم کی پھنسیاں اور خارش ختم ہوجائے گی۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

بواسیر کیلئے: اگر کوئی شخص بواسیر کے مرض میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ نیم کے پتے ایک ٹب کے برابر پانی میں ابال لے۔ جب پانی نارمل ہوجائے تو اسے نہانے والے ٹب میں ڈال کر اس میں بیٹھ جائے۔ یہ عمل چند دن مسلسل کریں‘ ان شاء اللہ بواسیر ختم ہوجائے گی۔

گردے میں پتھری: گردے میں ریت کے ذرات یا پتھریاں ہوں تو چار عدد مکئی کی چھلی (سٹے) کے بال لے کر ایک گلاس کے برابر پانی میں ڈال کر ابال لیں۔ اس نیم گرم پانی کو گھونٹ گھونٹ کرکے پی لیں۔ ان شاء اللہ یہ نسخہ مسلسل چند دن استعمال کرنے سے گردے صاف ہوجائیں گے اور اگر گردے میں پتھری ہے تو وہ بھی ختم ہوجائے گی۔ گردے کی پتھری کو ختم کرنے کے لئے ایک اور مجرب نسخہ ہے۔ باتھو جو کہ ساگ میں ڈالا جاتا ہے‘ جسے الگ سے بطور سالن بھی کھایا جاتا ہے‘ اسے کچھ مقدار میں لے کر اچھی طرح ابال کر مل چھان لیں اور اس میں ایک چمچ زیتون کا تیل ڈال کر نہار منہ پئیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد پتھری ریزہ ریزہ ہوکر باہر نکل جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

پیشاب کی تکلیف کا علاج: بعض لوگوں کا کسی آپریشن کے بعد پیشاب بند ہوجاتا یا اس دوران سخت تکلیف ہوتی ہے۔ زیادہ تر عورتوں کو ڈلیوری کے بعد اس مسئلہ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس بیماری سے نجات کے لئے چند چھلیوں کے بال اچھی طرح ابال کر مریض کو چند دن یہ پانی ٹھنڈا ہونے کے بعد پلا دیں‘ ان شاء اللہ جلد یہ تکلیف ختم ہوگی اور پیشاب جاری ہوجائے گا۔ یہ تمام ٹوٹکے میں نے اپنے گھر میں کئی دفعہ آزمائے ہوئے ہیں۔ (محمد سلیم انور، بورے والا)

ایسا خوش ذائقہ کھانا کہ سب انگلیاں چاٹنے پر مجبور!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند ماہ پہلے کی بات ہے میں فیملی کے ساتھ اپنی بھتیجی کی شادی کے سلسلہ میں چند دن بھائی کے گھر مہمان رہا۔ بھائی نے ہماری خوب خدمت کی اور اچھے سے اچھے کھانے پیش کیے۔ ان کھانوں کی جو خوبی تھی وہ یہ کہ خالص دیسی گھی سے سالن تیار کیا جاتا جسے میرے شوہر اور بچوں نے بھی بہت پسند کیا۔ شادی میں مہمانوں کو جو کھانا پیش کیا‘ اس کی سب لوگوں نے تعریف کی۔ میرے استفسار پر بھائی نے بتایا کہ یہ عبقری کا خالص دیسی گھی ہے جو میں کافی عرصہ سے استعمال کر رہا ہوں۔ گھر واپس آنے کے بعد میں نے بھی اپنے شوہر کے ذریعے عبقری ایجنسی سے عبقری دیسی گھی منگوایا اور تب سے ہم اپنے کھانوں میں اسی کا استعمال کر رہے ہیں۔ الحمدللہ بچے صحت مند رہتے ہیں اور کھانا بھی خوش ذائقہ اور لاجواب تیار ہوتا ہے۔ (صالحہ، ملتان)

قسط نمبر 8 — میرے خاندانی حالات — ایڈیٹر کے قلم سے

جڑی بوٹی کی تلاش میں وقت کے ولی کی چوکھٹ چوم لی!

بڑودہ انڈیا کا ایک مشہور شہر ہے' وہاں کے ایک پروفیسر جن کا نام پروفیسر مانک راؤ تھا' وہ ایک ہندی رسالہ نکالتے تھے' جو طب جڑی بوٹیوں اور حکمت کے ٹوٹکے اوران کے خواص پر تھا' اس کا نام ''ویدک دھرم'' تھا۔ ان کا اصول تھا کہ ہر مہینے کسی طبیب' معالج' مسلم' ہندو سکھ' کسی بھی مذہب کا ہو اس کا ایک تعارف چھاپتے تھے' انہوں نے ایک مرتبہ ایک تعارف چھاپا جو کہ میرے پڑدادا حاجی فتح محمد چغتائی رحمۃ اللہ علیہ کے والد حاجی ولی محمد چغتائی رحمۃ اللہ علیہ کا تھا' ساتھ ان کے طبی تجربات' آزمودہ مشاہدات اور کمالات بھی لکھے' وہ لکھتے ہیں کہ مجھے طب میں ایک بوٹی کی تلاش تھی کالا بھنگرہ تو عام ملتا ہے مجھے سفید بھنگرہ چاہیے تھا' اس کی تلاش میں مجھے پتہ چلا کہ ریاست بہاولپور کے ساتھ شہر اوچ ہے' وہاں کے دریا ستلج کے کنارے یہ بھنگرہ ملتا ہے۔ میں بوٹی کی تلاش میں مارا مارا پھرتا تھا اور میرے ذہن میں ایک لفظ آتا تھا ''بوٹی کا پارسدا خوار'' کیونکہ مجھے سونا بنانے کا شوق تھا اور مجھے کسی نے کہا کہ سفید پھولوں والا بھنگرہ اگر تجھے مل جائے اور اس کا رس اور تین عدد کالے بچھو تو پھر تم زندگی میں اعلیٰ قسم کا کیمیا گر بن جاؤ گے۔ مجھے یہ شوق لیے لیے پھرتا رہا اور میں اس شوق کو ہر وقت اپنے ذہن میں رکھتا تھا' شوق کیا تھا میرا وجدان تھا' میرا پاگل پن تھا اور میرے اندر ایک سچی طلب تھی' سچی تڑپ تھی' میں اس شوق میں چلتے چلتے آخر ریاست بہاولپور پہنچا جہاں مجھے بوٹی کی تلاش تھی' وہاں مجھے ایسے بندوں کی بھی تلاش تھی جو طب کے فن میں ماہر ہوں۔

باکمال ولی اور طب وحکمت کے اعلیٰ نباض

مجھے کسی نے بتایا کہ یہاں ایک شخصیت ہے جن کے والد یعنی حاجی ولی محمد رحمۃ اللہ علیہ کے والد کا نام حاجی عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ تھا میرے پڑدادا رحمۃ اللہ علیہ کے پڑدادا رحمۃ اللہ علیہ وہ بہت صاحب کمال ولی بھی ہیں روحانیت کے بہترین مشہور بزرگ اور طب وحکمت کے اعلیٰ قسم کے نباض ہیں' پھر ان کے بیٹے ولی محمد کے تذکرے بھی میں نے سنے' پتہ چلا کہ وہ یعنی حاجی عبدالحق بہت بوڑھے ہوچکے ہیں اور اب وہ اپنا وقت زیادہ مصلیٰ تسبیح کو دیتے ہیں لوگوں سے ملاقات نہیں کرتے' ان کی جگہ ان کا بیٹا حاجی ولی محمد رحمۃ اللہ علیہ ملاقاتیں اور لوگوں کو دعائیں اور فیض دیتے ہیں یہی شوق تھا جو مجھے ان کی طرف لیے لیے گیا۔

محبت بھرا انداز اور نورانی چہرہ

جب میں پہنچا تو دیکھا کہ ایک بہت بڑا گھر تھا' جس میں مہمان نوازی کا بہترین نظام' گھر کیا تھا ایک حویلی تھی' ایک طرف گھوڑے بندھے ہوئے' اعلیٰ قسم کا اصطبل' دوسری طرف جانور' جس میں صفائی سلیقے کا بہترین نظام' پھول کیاریاں' خوشبو محسوس یہ ہوتا تھا کہ گھوڑے اور جانور ہیں ہی نہیں' کیونکہ گھوڑے اور جانوروں کی اپنی ایک بو ہوتی ہے صفائی سلیقہ ستھرائی ایک ایسی رچی بسی ہوئی تھی مجھے حیرت ہوئی۔ لوگوں کا بہت ہجوم تھا سائلین دکھ درد کیلئے دوا دعا لینے آئے تھے اور دوا دعا کے متلاشی تھے' میں بھی جا کر بیٹھ گیا میں ان کا انداز دیکھتا رہا' نہایت شفقت بڑا انداز' محبت بھرا لہجہ اور نورانی چہرہ چہرے سے خون ٹپکتا تھا' اور مخلوق خدا آتی تھی کسی کو پڑیا' کسی کو تعویذ' کسی کو دم کوئی پیسے نہیں' کوئی اجرت نہیں' پینے کو ٹھنڈا پانی اور لنگر بھی ملتا تھا (باقی صفحہ 63)

تجربات رومی قسط 41 — رومی احمد پوری

شیخ الوظائف کی ابتدائی قربانیاں

قارئین السلام علیکم! جب شیخ الوظائف نے شروع اور ابتدا میں روحانیت کے سفر کا آغاز کیا تو آوازیں اُٹھنے لگیں، مخالفتوں کا پہاڑ بننا شروع ہوگیا۔ خلقِ خدا حوصلہ افزائی کے بجائے حوصلہ شکنی پر آ گئی۔ آج سے 30 برس پہلے سوشل میڈیا نہ ہونے کی وجہ سے رسائل، کتابوں کا خوب دور تھا تو شیخ الوظائف 1996ء میں اپنی کتاب ''سنتِ نبویؐ اور جدید سائنس'' لکھی جس کتاب نے عالمی شہرت پائی اور آج بھی بڑی بڑی لائبریریوں میں موجود ہے چونکہ شیخ الوظائف کے مرشد ومربیؒ نے مقابلے کا سبق نہیں سکھایا تھا، برداشت کرنے کا پیغام دیا تھا اس لیے کسی شخص سے نہ ٹکرائے اور اپنے غم کو چند الفاظ میں بند کردیا۔

لوگ ہر موڑ پر رُک رُک کے سمجھتے کیوں ہیں؟
اتنا ڈر ہے تو پھر گھر سے نکلتے کیوں ہیں؟
نیند سے میرا تعلق برسوں سے نہیں ہے
خواب آ آ کے میرے چھت پر ٹہلتے کیوں ہیں؟
نہ میں جگنو ہوں، نہ میں دیا ہوں، نہ میں تارا ہوں
روشنی والے میرے نام سے جلتے کیوں ہیں؟

یہ اشعار کہیں نشر بھی نہ کیے گئے بس اپنی ذاتی ڈائری میں قلم بند کردیئے۔ نہ رشتے داروں نے ساتھ دیا، نہ شہر داروں نے ساتھ دیا۔ دوسرے شہروں والے شیخ الوظائف سے استفادہ کرنے لگے۔ اپنے شہر داروں اور رشتے داروں پر خوب محنت کی لیکن وہ اعتراض کے علاوہ کچھ نہ کرسکے چونکہ اللہ نے اس عظیم کام وخدمت کو قبول کرلیا تھا تو اللہ نے مقبولیت دینے کیلئے ہجرت کروائی۔ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ فرماتے ہیں: ''جو کام لاہور سے اُٹھتا ہے وہ پورے عالم میں پھیلتا ہے''۔ اس کام کی چند بنیادوں میں سے دو بنیادیں یہ ہیں: (۱) والدین کی دعائیں (۲) دن رات روحانیت کے سفر کیلئے محنت اور فکر۔ قارئین! جو لوگ ''عبقری'' تسبیح خانہ سے وابستہ ہیں اور اپنے اس فکر اور مشن کو بڑھانا چاہتے ہیں تو وہ تسبیح خانہ کا غم اپنے اوپر سوار کرلیں۔ شیخ الوظائف فرماتے ہیں ''جب میں نے ''سنتِ نبویؐ اور جدید سائنس'' کتاب لکھی تو کسی نے میری حوصلہ افزائی نہ کی بلکہ یہ آوازیں آنے لگیں کہ بچوں کا کام کتاب لکھنا نہیں۔ لیکن شیخ الوظائف ہمت نہ ہارے اور یہاں تک کہ ''سنت نبویؐ اور جدید سائنس'' کے دنیا کے کئی زبانوں میں ترجمے ہو گئے اور دوسری قومیں بھی اس کتاب سے استفادہ کرنے لگیں۔

آیت ہے: ''اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ۔'' مفہوم یہ ہے کہ ''اللہ لوگوں میں سے چنتا ہے اور ایک شرط ساتھ رکھی ہے اس کو جو محنت کرے''۔ نوجوانوں کیلئے خاص طور پر یہ آیت موضوع ہے کیونکہ نوجوان اُمید بادشاہ بننے کی لگاتے ہیں لیکن جوانی اور زندگی ضائع کردیتے ہیں۔ جتنے بھی آج بڑے لوگ آپ کو نظر آتے ہیں انہوں نے کبھی اپنی جوانی ضائع نہیں کی۔ دن رات محنت کی، لگن کے ساتھ والد کے کام میں ہاتھ بٹایا اور پھر تاریخ نے ان کو اپنے حرفوں میں آنے کی اجازت دی ہے۔ تاریخ کے کتابوں میں آتا ہے ''جو شخص مایوس ہوتا ہے وہ کبھی کچھ نہیں کر پاتا''۔ راقم ہر وقت کوشش میں رہتا ہے کہ اپنی جوانی کو کارآمد بنائے۔ سب سے پہلے اللہ اور اس کے حبیب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی خدمت کرے اور مزید اپنے والد صاحب کا ہاتھ بٹاؤں تاکہ چار دنوں کی دنیاوی زندگی کو کارآمد بناسکوں اور آخرت کا کچھ ساماں کرسکوں۔ مکتب میں امتحانات کی ترتیب ہوتی ہے، اعمال، تسبیحات اور بڑوں کی دعاؤں کی وجہ سے کم وقت، زیادہ محنت کرکے اللہ کامیابی سے نوازتا ہے۔ اللہ ہمیشہ آپ کو اور راقم کو کامیاب وسرفراز کرتا رہے۔ آمین!

دُنیا کا ایسا بازار جہاں جادو بکتا ہے (قسط 2)

قارئین! گزشتہ قسط میں آپ نے ایک جرمنی سے تعلق رکھنے والی لڑکی کی سچی کہانی پڑھی جس پر جنات نے قبضہ کیا ہوا تھا اورآخر کار جادو جنات کی وجہ سے اس کی موت واقع ہوگی۔ آج ہم آپ کو بتائیں گے کہ جادو جنات پر صرف ہم ہی نہیں بلکہ انگریز اور دوسری اقوام بھی ان پر یقین رکھتی ہیں اور متاثر ہیں' مغربی ممالک میں اس کا چرچہ عام ہے۔

دلچسپ و عجیب بازار اور طلسماتی دنیا

جادو ٹونہ یوں تو ہر جگہ کسی نہ کسی صورت میں پایا جاتا ہے۔ لیکن میکسیکو سٹی میں جادو ٹونے کا یہ کام بہت بڑے کاروبار کی شکل اختیار کرگیا ہے۔ اس شہر کے عین مرکز میں ایک ایسا بازار بھی موجود ہے جہاں سینکڑوں دکانوں پر صرف جادو ٹونے کی اشیاء فروخت کی جاتی ہیں۔ اس بازار کا نام Sonora Market ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق یہ دلچسپ و عجیب بازار دارالحکومت میں واقع شہر کی سب سے بڑی مارکیٹ مرکاڈو مرسیڈ (mercado merced) کے مرکز میں واقع ہے اور پورے ملک میں مرکاڈو سنورا کے نام سے مشہور ہے۔ یہاں داخل ہوتے ہی یوں محسوس ہوتا ہے کہ آپ کسی طلسماتی دنیا میں آگئے ہیں، جہاں ہر طرف دھواں، جنتر منتر، ہڈیاں، کھوپڑیاں اور عامل نظر آتے ہیں۔ یہاں آپ کو جگہ جگہ بورڈ لگے نظر آتے ہیں جن پر دنیا کے ہر مرض اور آسیب کا مکمل علاج کرنے کے دعوے تحریر نظر آتے ہیں۔ اس بازار میں موت کی دیوی، منشیات کی دیوی اور شیطان کے مجسمے بھی نظر آتے ہیں جبکہ جادو ٹونے میں استعمال ہونے والی جڑی بوٹیاں، ہڈیاں، کھوپڑیاں' کالے اور سفید جادو کے دیگر لوازمات بھی نظر آتے ہیں۔ اس آسیبی بازار میں کم از کم 400 ایسے عامل موجود ہیں جو سپین، مصر اور افریقی ممالک کے جادوئی عملیات کے ماہر سمجھے جاتے ہیں اور ان کے گاہک ان ممالک سے بھی آتے ہیں۔

ایک جادوگرنی کا انکشاف

یہاں موجود ایک جادوگرنی نے بتایا کہ اس کے پاس سب سے زیادہ گاہک محبت اور ازدواجی زندگی میں کامیابی کے لئے آتے ہیں۔ یہاں ایسے گاہک کو رنگ برنگے تعویذ، محلول اور لوشن دیئے جاتے ہیں۔ جادو کے لوازمات کے علاوہ اس بازار میں تمباکو، موم بتیاں، شیمپو، صابن، چائے اور مختلف قسم کے آلات بھی فروخت کئے جاتے ہیں۔ صحت کے مسائل ہوں یا محبت میں ناکامی کا سامنا ہو، کاروبار نہ چل رہا ہو یا شریک حیات خوش نہ ہو، یا طاقتور جادوئی موم بتی اور صابن خریدنا ہو، اگر کسی کو ان تمام مسائل کا حل ایک ہی جگہ چاہیے تو ان کے مطابق اس بازار کے علاوہ کہیں اور ممکن نہیں' دنیا میں بسنے والے بے شمار لوگ ان جادو جنات کے واروں سے متاثر ہیں۔

اہم نوٹ: واقعی انگریز جادو جنات نظر بد اور پراسرار دنیا کو مانتے ہیں' کون کہتا ہے نہیں مانتے؟ مزید تفصیلات جاننے کیلئے عبقری ویب سائٹ پر موجود ''جادوئی لائبریری'' کا وزٹ کیجئے۔ www.ubqari.org کا وزٹ کیجئے اور مین بار پر (اوپر والی لائن) موجود بٹن ''جادوئی لائبریری'' پر کلک کیجئے اور پراسرار جادوئی دنیا میں داخل ہوجائیں۔

بزرگ کے تحفے نے مجھے پھر سے زندہ و تابندہ کردیا

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری دواخانہ کا املی آلو بخارہ کا لذت اور فرحت سے بھرپور مشروب استعمال کرنا شروع کیا ہے۔ مجھے اس کے بے حد صحت مند شفائی فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ میرے جگر اور معدے میں گرمی تھی جس کی وجہ سے جسم میں تیزابیت اور ہر وقت دل گھبراتا اور سینے میں جلن رہتی تھی۔ اس کیفیت کی وجہ سے میں نہ گھر میں سکون سے رہتا تھا اور نہ ہی کاروبار میں صحیح طریقے سے توجہ کر پاتا۔ گرمی کے دنوں میں تو میری حالت غیر ہوجاتی۔ بچوں کی بیماریوں سے الگ پریشان ہوتا۔ مجھے کوئی حل کوئی علاج نہیں مل رہا تھا۔ ایک دن میری دکان پر ایک بزرگ تشریف لائے۔ وہ قریب ایک گاؤں میں رہتے ہیں جب بھی بازار آتے ہیں تو کچھ دیر ہماری دکان پر آجاتے ہیں ان سے ہمارا خاندانی تعلق ہے۔ انہوں نے مجھے عبقری کے املی آلو بخارہ کے مشروب کا ایک کارٹن ہدیہ دیا۔ وہ مسلسل مجھے اس مشروب کے فائدے گنوا رہے تھے۔ میں نے ان سے احتراماً کہا کہ آپ پورا کارٹن لے آئے' ایک بوتل کافی تھی۔ وہ میری بات سن کر مسکرائے اور کہا کہ آپ یہ شربت پینا شروع کریں آپ کو یہ کارٹن بھی کم لگے گا۔ ان بابا جی کو ہم بچپن سے دیکھتے آئے ہیں۔ وہ ہمارے والد صاحب کے پاس بھی آتے تھے۔ وہ جب بھی بازار آتے تو ہمارے لئے گاؤں سے کچھ لے آتے' وہ حکمت بھی کرتے ہیں۔ جب پچھلی مرتبہ آئے تھے تو میں نے ان سے اپنے مسئلے کا ذکر کیا کہ جسم میں بہت گرمی ہے' پیشاب میں جلن اور زرد رنگ کا پیشاب ہوتا ہے۔ جسم میں ہر وقت سستی اور کاہلی چھائی رہتی ہے۔ انہوں نے اس وقت تو مجھے ایک ٹوٹکہ لکھ کر دیا تھا جو میں نہ بنا سکا لیکن اس بار وہ یہ تحفہ لے آئے اور ساتھ ہی کچھ عبقری رسالے تھے۔ املی آلو بخارہ کے شربت کو پینا شروع کیا تو میرے انگ انگ سے سستی اور کاہلی دور ہوگئی اور طبیعت میں نشاط پیدا ہوا۔ میری دماغی صلاحیت میں بہت بہتری آئی اور جسم میں پھرتی اور چستی پیدا ہوئی۔ جسم میں گرمی اور گھبراہٹ رہتی تھی اس سے نجات ملی' پیشاب میں جو جلن تھی اور مثانے میں گرمی تھی سب ختم ہوگئی۔ میری اہلیہ نے بھی یہ مشروب استعمال کیا اسے بھی بہت فائدہ ہوا۔ ہم گرمی کے دنوں میں یہ شربت گھر سے ختم نہیں ہونے دیتے اور گھر میں سب بہت شوق سے استعمال کرتے ہیں۔ اس سے جسم میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا ہوئی ہے، پہلے بچے بھی بہت جلد بیمار ہوجاتے تھے لیکن جب سے گھر میں اس مشروب کا استعمال ہورہا ہے بچے بیمار نہیں ہوتے۔

(امتیاز ثاقب، مظفر گڑھ)

(بقیہ: چائے کی دکان سے اب کوٹھی کا مالک)

وعدہ کیا کہ میں ان شاء اللہ روحانی محفل میں ضرور شرکت کروں گا۔ چند ماہ بعد دوبارہ ملاقات ہوئی تو اس بار اس کے چہرے پر خوشی کے آثار تھے۔ مجھے دیکھتے ہی خوشی سے گلے لگا لیا اور کہنے لگا کہ میں شیخ کی ہر روحانی محفل میں شرکت کرتا ہوں، اس کی برکت سے میرے حالات کافی بہتر ہوگئے ہیں۔ میں نے ذاتی کار لے لی ہے اور مجھے شب جمعہ کی روحانی محفل اور دعا کی برکت سے پلاٹ مل گیا ہے جس میں دو منزلہ کوٹھی شروع کروا دی ہے۔ حالانکہ بظاہر کوئی اسباب نہ تھے مگر اللہ تعالیٰ کی مدد اور حضرت صاحب کی دعائیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد میرے ساتھ شامل حال ہوگئی ہے۔ (ملک محمد اکمل، سرگودھا)

(بقیہ: پرندے اور بکری ڈپریشن کا علاج تحقیق سے ثابت)

ہو جائیں گے اور مایوسی کے گھپ اندھیرے میں چراغ جل اُٹھیں گے جن کی روشنی میں جلد یا بدیر صحیح راہِ عمل دکھائی دینے لگے گی۔ ویسے یقین رکھیے کہ اس کے کرم میں دیر نہیں لگتی۔ دیر اسے وصول کرنے کیلئے ہماری تیاری میں لگتی ہے۔ قلب و ذہن کی ٹیوننگ جوں ہی ٹھیک ہوگی، نالوں اور فریادوں کے جواب وصول ہونے لگیں گے۔ اضمحلال کا ایک اہم سبب ایک ہی وقت میں کئی اہم فیصلے کرنا بھی ہوتا ہے۔ ایک وقت میں ایک فیصلہ کر کے اس پر عمل پیرا ہوئیے۔ مثلاً شادی کا فیصلہ کرنا ہو تو اسی کے ساتھ نئی ملازمت کا منصوبہ نہ بنائیے، ترجیح کے لحاظ سے فیصلوں پر عمل کیجیے۔ کیونکہ ہر فیصلہ توجہ چاہتا ہے۔ ذہن اور قوتِ عمل کو منتشر کرنے سے ذہنی دباؤ بڑھے گا جو آخرکار پستی کا سبب بن جائے گا۔ یہی بات چھوٹے کاموں میں بھی پیش نظر رکھنی چاہیے۔ مثلاً آپ کسی اتوار کو سیر و تفریح کا ارادہ رکھتے ہیں تو اس روز کی دوسری مصروفیات اپنے پروگرام سے یکسر خارج کر دیجیے اور سیر و تفریح کو اہمیت دے کر اپنی پوری توجہ اس پر مرکوز کر دیجیے۔ اس صورت میں آپ صحیح معنوں میں لطف اُٹھا سکیں گے۔

(بقیہ: بدبخت اور نحوست زدہ چہرہ دیکھنا ہے تو اِدھر آئیے!)

ہیں۔ جسم صحت یابی کی طرف گامزن ہونے لگا۔ چہرے پر وہی حسن و جمال کی بہاریں لوٹ رہی ہیں۔ اگلے ماہ میری شادی ہے، بڑے بھائی نے میرا رشتہ طے کیا ہے۔ الحمدللہ! آج رب کریم کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے۔ میری حالت اُس وقت اس طرح تھی کہ جب حضرت یونسؑ اپنی قوم پر ان کی نافرمانیوں اور سرکشی کے باعث عذاب الٰہی کی وعید سنانے آئے تو ان کے خاندان کے ایک فرد روبیلؒ نے عرض کی کہ اللہ کے نبی علیہ السلام اللہ سے اپنی قوم کے لیے عذاب ٹلوانے کی دُعا کیجئے۔ عذاب ان کے سروں اور کندھوں تک آ پہنچا تھا۔ پھر کائنات نے دیکھا کہ آیا ہوا عذاب بھی ٹلا‘ ان کو امن اور سلامتی بھی ملی اور اُن کو خیر بھی لوٹا دی گئی۔ آپ بھی میری زندگی میں حضرت روبیلؒ جیسے راہبر و راہنما بن کر آئے۔ آپ کی وجہ سے مجھے توبہ کی توفیق نصیب ہوئی۔ میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ مجھ جیسی گنہگار بھی نیک راہوں پر چل سکتی ہے۔ آپ اگر نہ ہوتے تو مجھ جیسی گناہگار کا کیا بنتا؟

(بقیہ: ہم پیسوں سے کھیلتے کنگال ہوگئے)

کبھی مسجد میں نہ دیکھا تھا۔ وہ تکلیف کی وجہ سے تڑپ کر مسلسل رو رہا تھا اور بھیانک آواز کے ساتھ چلا رہا تھا۔ میں نے کامل یقین کے ساتھ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر دم کیا تو اللہ کا کرم ہوا‘ زہر نکل گیا اور وہ شخص کہنے لگا حافظ صاحب میں بالکل ٹھیک ہوگیا ہوں۔ آپ کی بات سچ ہوگئی ہے آج میں مسجد میں بھی آگیا ہوں۔ میں نے اسے کہا فوراً وضو کرو اور نماز پڑھو۔ تلاوت کلام پاک اور بالخصوص سورۂ فاتحہ کی برکت سے وہ تائب ہوگیا۔ اس کا اثر گھر کے دوسرے افراد پر بھی پڑنا شروع ہوا اور آہستہ آہستہ تمام گھر والے راہ راست پر آگئے۔ گھر میں تلاوت کلام پاک معمول بن گیا جس کی برکت سے اس کی بیٹیوں کی اچھے گھرانوں میں شادی ہوگئی اور شریر جنات سے نجات بھی مل گئی۔

(بقیہ: ایک جوان کی توبہ کا سچا اور انوکھا واقعہ)

